4876 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الرُّومِيِّ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا بِنْتُ سِتِّ سِنِينَ، وَبَنَى بِي وَأَنَا بِنْتُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میری عمر چھ سال تھی' مجھ سے رسول کریم ﷺ نے نکاح کیا' نو سال کی عمر میں رخصتی ہوئی' پس ہم مدینے آئے تو میں ایک ماہ ٹھہری' میرے بال جمیمہ ہو گئے' حضرت اُم رومان

4876- الحديث سبق برقم: **4654,4581** فراجعه .

تِسْعِ سِنِينَ، فَقَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فَوُعِكْتُ شَهْرًا، فَوَفَى شَعْرِي جُمَيْمَةً، فَأَتَتْنِي أُمُّ رُومَانَ، وَأَنَا عَلَى أُرْجُوحَةٍ، فَصَرَخَتْ بِي فَأَتَيْتُهَا، وَمَا أَدْرِي مَاذَا يُرَادُ مِنِّي، فَأَخَذَتْ بِيَدِي فَأَوْقَفَتْنِي عَلَى الْبَابِ، فَقُلْتُ: هَهْ هَهْ حَتَّى ذَهَبَ نَفَسِي، فَأَدْخَلَتْنِي بَيْتًا فَإِذَا نِسْوَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقُلْنَ لِي: عَلَى الْخَيْرِ وَالْبَرَكَةِ عَلَى خَيْرِ طَائِرٍ، فَأَسْلَمَتْنِي إِلَيْهِنَّ فَغَسَلْنَ رَأْسِي وَأَصْلَحْنَنِي، فَلَمْ يَرُعْنِي إِلَّا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمَنِي

میرے پاس آئیں اس حال میں کہ میں جھولے پر تھی۔ پس اس نے میرے نام سے بلند آواز لگائی' پس میں اس کے پاس آئی' مجھے اندازہ نہ ہو سکا کہ مجھ سے کیا مقصود تھا' پس اس نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے دروازے پر لا کر کھڑا کر دیا' میرے منہ سے افسوسناک آواز نکلی حتیٰ کہ میری جان نکلنے پہ آ گئی' وہ مجھے کمرے کے اندر لے گئی' اچانک میری نگاہ پڑی تو وہاں انصاری عورتیں موجود تھیں' پس اُنہوں نے میرے لیے کہا: خیر و برکت پر اور نیک شگون پر۔ پس اُم رومان نے مجھے ان کے حوالے کر دیا' انہوں نے میرا سر دھویا اور میری حالت درست کی۔ پس رسول کریم ﷺ سے ہی ڈر اور رعب محسوس ہو' پس اُنہوں نے مجھے (آپ ﷺ) کے سپرد کر دیا۔

4877 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوسَى، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَائِشَةَ ابْنَةِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ: وَاللَّهِ إِنِّي لَفِي بَيْتِي ذَاتَ يَوْمٍ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ فِي الْفِنَاءِ، وَالسِّتْرُ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ إِذْ أَقْبَلَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ يَمْشِي عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ قَدْ قَضَى نَحْبَهُ فَلْيَنْظُرْ إِلَى طَلْحَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں ایک دن اپنے گھر میں تھی کہ حضور ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام) صحن میں تھے۔ میرے اور ان کے درمیان پردہ تھا۔ اچانک طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ آئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو ایسے آدمی کو دیکھے جو زمین پر چلتا ہے اس کا فیصلہ ہو چکا ہے وہ طلحہ کی طرف دیکھے۔

4878 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اللہ کی قسم! میں

4877- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1348** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **148** وقال: رواه أبو يعلى والطبرانى فى الأوسط' وفيه: صالح بن موسى وهو متروك .

4878- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1296** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **40** وقال: قلت:

صَالِحُ بْنُ مُوسَى، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ: وَاللَّهِ إِنِّي لَفِي بَيْتِي ذَاتَ يَوْمٍ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْفِنَاءِ وَأَصْحَابُهُ، وَالسِّتْرُ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ إِذْ أَقْبَلَ أَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى عَتِيقٍ مِنَ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى أَبِي بَكْرٍ . وَإِنَّ اسْمَهُ الَّذِي سَمَّاهُ أَهْلُهُ لَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُثْمَانَ، فَغَلَبَ عَلَيْهِ اسْمُ عَتِيقٍ

اپنے گھر میں تھی ایک دن رسول اللہ ﷺ صحن میں تھے۔ میرے اور ان کے درمیان پردہ تھا۔ اچانک حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے تو حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ وہ جہنم سے آزاد آدمی کی طرف دیکھے وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھ لے۔ حضرت ابوبکر کا نام آپ کے گھر والوں نے عبداللہ بن عثمان رکھا تھا' آپ کا عتیق نام زیادہ مشہور ہو گیا۔

4879 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ هَذِهِ الْآيَةِ الَّتِي فِيهَا الرُّؤْيَةُ، فَقَالَتْ: أَنَا أَعْلَمُ هَذِهِ الْأُمَّةِ بِهَذِهِ، وَأَنَا سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ . قَالَ: رَأَيْتُ جِبْرِيلَ . ثُمَّ قَالَتْ: مَنْ زَعَمَ أَنَّ مُحَمَّدًا رَأَى رَبَّهُ فَقَدْ أَعْظَمَ الْكَذِبَ عَلَى اللَّهِ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس آیت کے متعلق پوچھا جس میں دیکھنے کا ذکر ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں زیادہ جانتی ہوں اس امت سے اس کو۔ میں نے حضور ﷺ سے پوچھا، اس کے متعلق۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے جبرائیل علیہ السلام کو دیکھا ہے۔ پھر فرمایا: جس کا گمان نہ ہو کہ آپ نے اللہ کو دیکھا ہے، اس نے اللہ پر بہت بڑا جھوٹ بولا ہے۔

4880 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ: قُلْتُ لَهَا: يَا أُمَّتَاهُ- يَعْنِي عَائِشَةَ - هَلْ رَأَى مُحَمَّدٌ رَبَّهُ؟ فَقَالَتْ: لَقَدْ قَفَّ شَعْرِي مِمَّا قُلْتَ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے ماں! یعنی حضرت عائشہ' کیا محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا؟ تو اُنہوں نے کہا: جو تُو نے کہا اس کے ڈر سے میرے بال کھڑے ہو گئے۔

4881 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے

بعضه رواه الترمذي . رواه أبو يعلى' وفيه: صالح بن موسى بن طلحة وهو ضعيف .

4879- أخرجه أحمد جلد6صفحه236 قال: حدثنا يزيد . قال: أخبرنا داؤد عن عامر .

4880- أخرجه مسلم رقم الحديث: 289 من طريق ابن نمير حدثني أبي' حدثنا اسماعيل..... به .

إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: رَأَى جِبْرِيلَ فِي صُورَتِهِ مَرَّتَيْنِ

حضرت جبرائیل علیہ السلام کو اصل صورت میں دو مرتبہ دیکھا۔

4882 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ: سَأَلْتُ الزُّهْرِيَّ: أَيُّ أَزْوَاجِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعَاذَتْ مِنْهُ؟ قَالَ: أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ بِنْتَ الْجَوْنِ الْكِلَابِيَّةَ لَمَّا أُدْخِلَتْ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَنَا مِنْهَا قَالَتْ: أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْكَ قَالَ: لَقَدْ عُذْتِ بِمُعَاذٍ الْحَقِي بِأَهْلِكِ

حضرت امام اوزاعی فرماتے ہیں: میں نے امام زہری سے سوال کیا: رسول کریم ﷺ کی ازواج مطہرات میں سے کس زوجہ محترمہ نے آپ ﷺ کی پناہ مانگی؟ انہوں نے کہا: مجھے عروہ نے خبر دی' اُنہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ جون کلابیہ کی بیٹی جب رسول کریم ﷺ پر داخل کی گئی تو آپ ﷺ اس کے قریب ہوئے' اس نے کہا: میں آپ کے واسطے سے' اللہ کی پناہ مانگتی ہوں' آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے اپنے اہل کے ساتھ حقیقی پناہ گاہ کی پناہ لی ہے۔

4883 - حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرِ بْنِ الْخَمِيسِ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنَّا نَضَعُ سِوَاكَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ طُهُورِهِ. قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا تَدَعُ السِّوَاكَ. قَالَ: أَجَلْ لَوْ أَنِّي أَقْدِرُ عَلَى أَنْ يَكُونَ ذَلِكَ مِنِّي عِنْدَ كُلِّ شَفْعٍ مِنْ صَلَاتِي لَفَعَلْتُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے لیے مسواک رکھتے تھیں وضو کے پانی کے ساتھ۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ مسواک نہیں چھوڑتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اگر میں قادر ہوتا کہ میری نماز کی ہر دو رکعت کے وقت مسواک موجود ہو تو میں ضرور کرتا۔

4884 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے

4882- أخرجه البخاری جلد7صفحه53 قال: حدثنا الحمیدی . وابن ماجة رقم الحدیث: 2050 قال: حدثنا عبد الرحمٰن بن ابراهیم الدمشقی .

4883- الحدیث فی المقصد العلی برقم: 402 . وأورده الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد2صفحه98 وقال: رواه أبو یعلٰی وفیه السری بن اسماعیل وهو متروك .

4884- أخرجه الحمیدی رقم الحدیث: 250 قال: حدثنا سفیان . قال: حدثنا الزهری' عن عروة' فذكره .

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا نَفَعَنَا مَالٌ مَا نَفَعَنَا مَالُ أَبِي بَكْرٍ

فرمایا: مجھے کسی کے مال نے نفع نہیں دیا جتنا ابوبکر کے مال نے دیا ہے۔

4885 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ . قَالَ هُشَيْمٌ: وَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ولی کی اجازت کے بغیر نکاح نہیں ہے۔ حضرت ہشیم فرماتے ہیں کہ بادشاہ اس کا ولی ہے جس کا کوئی ولی نہیں۔

4886 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ، وَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ولی کی اجازت کے بغیر نکاح نہیں ہے اور بادشاہ اس کا ولی ہے جس کا کوئی ولی نہیں ہے۔

4887 - حَدَّثَنَا أَبُو رَبِيعٍ الْعَتَكِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: إِنْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَدْخُلُ عَلَيَّ وَأَنَا أَلْعَبُ بِاللُّعَبِ فَيَجْلِسُ عِنْدِي يَنْظُرُ إِلَيَّ طَوِيلًا ثُمَّ يَقُومُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس آتے اس حالت میں کہ میں اپنے کھلونوں کے ساتھ کھیل رہی ہوتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس بیٹھ جاتے دیر تک میری طرف دیکھتے رہتے پھر آپ کھڑے ہو جاتے۔

4888 - حَدَّثَنَا أَبُو رَبِيعٍ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

4885- الحديث سبق برقم: **4673** فراجعه .

4886- الحديث سبق برقم: **4885,4673** فراجعه .

4887- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **260** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد**6**صفحه**57** قال: حدثنا ابن نمير . وفى جلد**6**صفحه**166** قال: حدثنا عبد الرزاق . قال: حدثنا معمر .

4888- أخرجه أحمد جلد **6**صفحه**30** . ومسلم جلد **7**صفحه**17** قال: حدثنا يحيى بن يحيى . والبخارى جلد **7** صفحه**171** قال: حدثنا موسى بن اسماعيل . قال: حدثنا عبد الواحد .

شِهَابٍ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: رَخَّصَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرُّقَى مِنَ الْحُمَةِ

بخار کے دم کی رخصت دی۔

4889 - أَخْبَرَنِي أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُسْلِمٍ قَالَ: قَالَ مَسْرُوقٌ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: صَنَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّةً أَمْرًا فَرَخَّصَ فِيهِ، فَبَلَغَهُ أَنَّ رِجَالًا تَنَزَّهُوا عَنْهُ، فَقَامَ فَخَطَبَ فَقَالَ: مَا بَالُ رِجَالٍ عَلِمُوا أَنِّي قَدْ صَنَعْتُ شَيْئًا فَتَرَخَّصْتُ فِيهِ فَتَنَزَّهُوا عَنْهُ، وَاللَّهِ لَأَنَا أَعْلَمُهُمْ بِاللَّهِ، وَأَشَدُّهُمْ لَهُ خَشْيَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک مرتبہ ایک حکم دے کر آپ ﷺ نے اس میں رخصت دی۔ آپ ﷺ تک یہ بات پہنچی کہ کچھ لوگ اس سے پرہیز کرتے ہیں۔ آپ ﷺ کھڑے ہوئے اور یہ خطبہ دیا، فرمایا: کیا حال ہوگا ان مردوں کا جن کو معلوم ہوا کہ میں نے ایک کام کیا ہے' پھر اس میں رخصت دی وہ اس سے پرہیز کرتے ہیں۔ اللہ کی قسم! میں اللہ کو ان سب سے زیادہ جانتا ہوں ان کی نسبت زیادہ ڈرتا ہوں۔

4890 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ طَرِيفٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُمْ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ كُلَّهُ. قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَحَبُّ الشُّهُورِ إِلَيْكَ أَنْ تَصُومَهُ شَعْبَانُ. قَالَ: إِنَّ اللَّهَ يَكْتُبُ عَلَى كُلِّ نَفْسٍ مَيِّتَةٍ تِلْكَ السَّنَةَ، فَأُحِبُّ أَنْ يَأْتِيَنِي أَجَلِي وَأَنَا صَائِمٌ .

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ شعبان کے مکمل روزے رکھتے تھے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کو شعبان کا مہینہ زیادہ پسند کیوں ہے باقی مہینوں سے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس سال جس نے مرنا ہوتا ہے' اس کے متعلق لکھ دیتا ہے' میں پسند کرتا ہوں میری موت اس حالت میں آئے کہ میں سے ہوں۔

4891 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ

4889- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 45 قال: حدثنا أبو معاوية . وفي جلد 6 صفحه 181 قال: حدثنا عبد الرحمٰن' عن سفيان . والبخاري جلد 8 صفحه 31 وجلد 9 صفحه 120 .

4890- الحديث في المقصد العلي برقم: 540 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 192 وقال: قلت: في الصحيح طرف منه . رواه أبو يعلى وفيه: مسلم بن خالد الزنجي وفيه كلام وقد وثق .

الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَعْتَكِفَ صَلَّى الصُّبْحَ فَدَخَلَ مُعْتَكَفَهُ، فَلَمَّا كَانَ صَبِيحَةَ إِحْدَى وَعِشْرِينَ انْصَرَفَ مِنَ الصُّبْحِ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَرَأَى أَخْبِيَةً: خِبَاءَ عَائِشَةَ وَكَانَتِ اسْتَأْذَنَتْهُ وَحَفْصَةَ وَزَيْنَبَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آلْبِرَّ تُرِدْنَ بِهِنَّ؟ فَأَخَّرَ اعْتِكَافَهُ إِلَى شَوَّالٍ

جب اعتکاف بیٹھنے کا ارادہ فرماتے تو صبح کی نماز پڑھ کر اپنی اعتکاف والی جگہ میں تشریف لے آتے' پس جب آپ ﷺ نے اکیس کی صبح کی تو نماز کے بعد مسجد میں داخل ہوئے تو آپ ﷺ نے خیمے دیکھے' حضرت عائشہ کا خیمہ' اُنہوں نے اجازت مانگ لی تھی' حضرت حفصہ اور حضرت زینب کے خیمے' پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم نے ان کے ساتھ کس نیکی کا ارادہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے اپنا اعتکاف ہی شوال تک مؤخر کر دیا۔

4892 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الِالْتِفَاتِ فِي الصَّلَاةِ فَقَالَ: هُوَ اخْتِلَاسٌ يَخْتَلِسُهُ الشَّيْطَانُ مِنْ صَلَاةِ الْعَبْدِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے پوچھا نماز میں ادھر اُدھر متوجہ ہونے کے متعلق؟ آپ ﷺ فرمایا: وہ اُچکنا ہے' شیطان بندہ کی نماز سے اپنا حصہ اُچک لیتا ہے۔

4893 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ هَانِءٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: نَاوِلِينِي رِدَائِي . فَنَاوَلَتْهُ فَخَرَجَ فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، وَاجْتَمَعَ النَّاسُ إِلَيْهِ فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ اللَّهَ يَقُولُ: لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ قَبْلَ أَنْ تُجْدِبُوا فَتَسْتَسْقُونَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے چادر دو! میں نے اس کو پکڑا اور آپ کو دی۔ آپ ﷺ نکلے منبر پر چڑھے۔ صحابہ کرام آپ ﷺ کے پاس جمع ہو گئے، آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تم ضرور نیکی کا حکم دو اور برائی سے منع کرو۔ اس سے پہلے کہ تم بارش مانگو اور بارش نہ ہو، تم ضرور نیکی کا حکم دو اور برائی سے منع کرو اس سے پہلے کہ تم دعا کرو اور تمہاری دعا قبول نہ ہو۔

4892- الحديث سبق برقم: **4614** فراجعه .

4893- أخرج بعضه ابن ماجة رقم الحديث: **4004** من طريق أبي بكر' حدثنا معاوية بن هشام' عن هشام ابن سعد' عن عمر بن عثمان بن هانئ' عن عاصم بهذا السند .

فَلا تُسْقَوْنَ . أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ اللَّهَ يَقُولُ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ قَبْلَ أَنْ تَدْعُوا فَلا يُسْتَجَابُ لَكُمْ

4894 - قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ الْأَعْلَى عَنْ حَدِيثِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ فَقَالَ: هَذَا خَطَأٌ، وَحَدَّثَنِي بِهِ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي عَتِيقٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسواک منہ کے لیے پاک کرنے کا ذریعہ ہے اور رب کی رضا حاصل کرنے کا بھی ذریعہ ہے۔

4895 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا أَيْضًا الدَّرَاوَرْدِيُّ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي عَتِيقٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسواک منہ کو پاک کرنے والی اور رب کو راضی کرنے والی ہے۔

4896 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ: (وَالَّذِينَ يُؤْتُونَ مَا آتَوْا وَقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلَى رَبِّهِمْ رَاجِعُونَ) (المؤمنون: 60) قَالَ: قَالَ: يَا بِنْتَ الصِّدِّيقِ - أَوْ يَا بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ - الَّذِينَ يُصَلُّونَ وَيَصُومُونَ وَهُمْ يَفْرَقُونَ أَنْ لا تُتَقَبَّلَ مِنْهُمْ، وَيَتَصَدَّقُونَ وَيَفْرَقُونَ أَنْ لا تُتَقَبَّلَ مِنْهُمْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں فرمایا: ''اور وہ لوگ جنہوں نے (اللہ کے راستے میں) جو کچھ دیا اس حال میں دیتے ہیں کہ ان کے دل ڈر رہے ہیں (اسی لیے) کہ وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں'' راوی کا بیان ہے: فرمایا: اے صدیق کی بیٹی! یا فرمایا: اے ابوبکر کی بیٹی! اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو نماز پڑھتے ہیں، روزے رکھتے ہیں جبکہ وہ ڈرتے ہیں کہ ان

4894- الحديث سبق في مسند أبي بكر رضي الله عنه برقم: **105,104** فراجعه .

4895- الحديث سبق برقم: **4579** فراجعه .

4896- الحديث سبق برقم: **4579,4551** فراجعه .

سے ممکن ہے قبول نہ ہو اور صدقہ اس حال میں کرتے ہیں کہ وہ ڈرتے ہیں کہ شاید ان سے قبول نہ ہو۔

4897 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حَصِينٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُلاثَةَ، حَدَّثَنِي الأَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَامَ بَعْدَ الْعَصْرِ فَاخْتُلِسَ عَقْلُهُ فَلا يَلُومَنَّ إِلَّا نَفْسَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عصر کے بعد سوئے اس کی عقل چلی جائے وہ صرف اپنے آپ کو ملامت کرے۔

4898 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: إِنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الأَسْلَمِيَّ سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَصُومُ فِي السَّفَرِ؟ قَالَ: إِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حمزہ بن عمرو الاسلمی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر چاہے تو روزہ رکھ اگر چاہے تو افطار کر۔

4899 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَائِشَةُ لَوْ شِئْتُ لَسَارَتْ مَعِي جِبَالُ الذَّهَبِ. جَاءَنِي مَلَكٌ إِنَّ حُجْزَتَهُ لَتُسَاوِي الْكَعْبَةَ فَقَالَ: إِنَّ رَبَّكَ يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلامَ، وَيَقُولُ لَكَ: إِنْ شِئْتَ نَبِيًّا عَبْدًا، وَإِنْ شِئْتَ نَبِيًّا مَلِكًا. قَالَ: فَنَظَرْتُ إِلَى جِبْرِيلَ قَالَ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! اگر میں چاہتا تو سونے کے پہاڑ میرے ساتھ چلتے، میرے پاس فرشتہ آیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا گھر کعبہ کے برابر کر دوں اور عرض کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام بھیجتا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتا ہے کہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاہیں تو نبی عبد بنیں، اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاہیں تو بادشاہ نبی بنیں' آپ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام

4897- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1584** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **116** وقال: رواه أبو يعلى عن شيخه عمرو بن الحصين' وهو متروك .

4898- الحديث سبق برقم: **4635** فراجعه .

4899- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1258** .

فَأَشَارَ إِلَيَّ أَنْ ضَعْ نَفْسَكَ قَالَ: فَقُلْتُ: نَبِيًّا عَبْدًا ـ قَالَ: فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِكَ لَا يَأْكُلُ مُتَّكِئًا يَقُولُ: آكُلُ كَمَا يَأْكُلُ الْعَبْدُ، وَأَجْلِسُ كَمَا يَجْلِسُ الْعَبْدُ

کی طرف دیکھا، انہوں نے میری طرف اشارہ کیا کہ اپنے آپ کو عاجز بنا دیں۔ میں نے کہا میں نبی عبد ہوں۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ ٹیک لگا کر نہیں کھاتے تھے اور فرماتے تھے میں ایسے ہی کھاتا ہوں جس طرح ایک بندہ کھاتا ہے اور ایسے ہی بیٹھتا ہوں جس طرح ایک بندہ بیٹھتا ہے۔

4900 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ عِدَّةَ بَرِيرَةَ حِينَ فَارَقَهَا زَوْجُهَا عِدَّةَ الْمُطَلَّقَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت بریرہ کی عدت طلاق یافتہ عورت والی بنائی حضور ﷺ نے، جس وقت ان کو جدا کیا ان کے شوہر نے۔

4901 - حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَطَاءٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَعِيذُ فِي صَلَاتِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو سنا کہ نماز میں آپ ﷺ مسیح الدجال کے فتنہ سے پناہ مانگتے تھے۔

4902 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عِبَادَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: أُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِظَبْيَةٍ فِيهَا خَرَزٌ فَقَسَمَهَا لِلْحُرِّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ڈبیہ لائی گئی اس میں موتی تھے۔ آپ ﷺ نے اس کو تقسیم کیا آزاد اور لونڈی کے درمیان۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے باپ رضی اللہ عنہ بھی آزاد اور لونڈی کے درمیان تقسیم کرتے تھے۔

4900- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 3 وقال: رواه البزار، وفيه حميد بن الربيع وثقه أحمد وغيره، وضعفه جماعة.

4901- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 270 من طريق يعقوب.

4902- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 238,159,156 من طريق أبي النضر، وعثمان بن عمر، ويزيد.

وَالْأَمَةِ . قَالَتْ: وَكَانَ أَبِي يَقْسِمُ لِلْحُرِّ وَالْعَبْدِ

4903 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةُ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَمَ سُورَةَ الْبَقَرَةِ فِي رَكْعَتَيْنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ بقرہ دو رکعتوں میں تقسیم کی تھی، یعنی دو رکعتوں میں پڑھی۔

4904 - حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ أَبِي مُسْلِمٍ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ أَنَّهَا ذُكِرَ لَهَا أَنَّ قَوْمًا يَقُولُونَ: لَا غُسْلَ إِلَّا مِنَ الْمَاءِ . فَقَالَتْ: قَدْ فَعَلْتُ ذَلِكَ أَنَا وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاغْتَسَلْنَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ان کے پاس ذکر ہوا کہ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ غسل صرف پانی سے ہوتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کرتے تھے ہم دونوں غسل کرتے تھے۔

4905 - حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا مَخْلَدٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: تَذَاكَرُوا فِي حَلْقَةٍ أَنَا فِيهَا مَا يُوجِبُ الْغُسْلَ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِذَا خَالَطَ الرَّجُلُ . وَقَالَ بَعْضُهُمْ: حَتَّى يَنْزِلَ الْمَاءُ . قَالَ: فَقُلْتُ: أَنَا آتِيكُمْ بِعِلْمِ ذَلِكَ، فَأَتَيْتُ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ فَقُلْتُ لَهَا: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَكِ عَنْ شَيْءٍ، وَأَنَا أَسْتَحِي أَنْ أَسْأَلَكِ عَنْهُ، فَقَالَتْ: لَا تَسْتَحِي أَنْ

حضرت ہشام، ابن سیرین ابوہریرہ رضی اللہ عنہم ایک حلقہ میں اس بات کا مذاکرہ کرنے لگے کہ غسل کب واجب ہوتا ہے؟ ان میں سے بعض کہنے لگے: جب آدمی اپنی بیوی سے ملے، بعض کہنے لگے: جب منی اترے۔ حضرت مخلد کہتے ہیں کہ میں نے کہا: میں اس کا علم لے کر آتا ہوں میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا۔ میں نے عرض کی: اے ام المومنین! میں آپ سے کسی شے کے متعلق پوچھنے آیا ہوں۔ میں آپ رضی اللہ عنہا سے پوچھنے میں

4903- الحديث في المقصد العلى برقم: **408** . وأورده الهيثمي جلد **2** صفحه **274** وقال: رواه أبو يعلىٰ، ورجاله ثقات .

4904- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **161** . وابن ماجة رقم الحديث: **608** قال: حدثنا علي بن محمد الطنافسي وعبد الرحمٰن بن ابراهيم الدمشقي .

4905- أخرجه مسلم جلد **1** صفحه **186** قال: حدثنا محمد بن المثنىٰ . قال: حدثنا محمد بن عبد الله الأنصاري (ح) وحدثنا محمد بن المثنىٰ . قال: حدثنا عبد الأعلىٰ .

تَسْأَلَنِي عَمَّا كُنْتَ سَائِلًا عَنْهُ أُمَّكَ، فَإِنَّمَا أَنَا أُمُّكَ . فَقُلْتُ: يَا أُمَّهْ مَا يُوجِبُ الْغُسْلَ؟ فَقَالَتْ: عَلَى الْخَبِيرِ سَقَطْتَ إِذَا قَعَدَ بَيْنَ شُعَبِهَا الْأَرْبَعِ وَالْتَقَى الْخِتَانَانِ فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ

شرم محسوس کرتا ہوں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ حیاء نہ کریں آپ اپنی امی سے پوچھ رہے ہیں، میں تیری ماں ہوں۔ میں نے عرض کی: اے ام المومنین! غسل کب واجب ہوتا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جب آدمی اپنی بیوی کے چارکونوں کے درمیان بیٹھ جائے اور دونوں شرمگاہیں مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

4906 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَدَنِيُّ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيِّ، وَعُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الْإِفْكِ مَا قَالُوا، فَبَرَّأَهَا اللَّهُ مِنْهُ - قَالَ الزُّهْرِيُّ - وَكُلُّهُمْ حَدَّثَنِي طَائِفَةً مِنْ حَدِيثِهَا، وَبَعْضُهُمْ أَوْعَى لَهُ مِنْ بَعْضٍ، وَأَثْبَتُ لَهُ مِنْ بَعْضٍ، وَأَثْبَتُ لَهُ اقْتِصَاصًا، وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْ كُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمُ الْحَدِيثَ الَّذِي حَدَّثَنِي بِهِ عَنْ عَائِشَةَ، وَبَعْضُ حَدِيثِهِمْ يُصَدِّقُ بَعْضًا: زَعَمُوا أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ أَزْوَاجِهِ، فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا مَعَهُ . قَالَتْ: فَأَقْرَعَ بَيْنَنَا فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا، فَخَرَجَ سَهْمِي فَخَرَجْتُ مَعَهُ بَعْدَمَا أُنْزِلَ الْحِجَابُ، فَأَنَا أُحْمَلُ فِي هَوْدَجٍ وَأُنْزَلُ فِيهِ، فَسِرْنَا حَتَّى إِذَا فَرَغَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ اس وقت جب بہتان لگانے والوں نے ان کیلئے کہا جو کچھ کہا اور اللہ تعالیٰ نے ان کی برأت کا اعلان فرما دیا۔ حضرت امام زہری کا قول ہے: راویوں میں سے ہر ایک راوی نے ان کی حدیث کا ایک ٹکڑا مجھ سے بیان کیا' ان میں سے بعض دوسرے بعض سے زیادہ یاد رکھنے والے' دوسرے سے زیادہ ثابت کرنے والے اور قصہ بیان کرنے میں زیادہ تجربہ رکھنے والے تھے اور ان میں سے ہر ایک سے میں نے اس حدیث کو یاد کر لیا' جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کر کے مجھے بیان کی گئی اور اس حدیث کا کچھ حصہ دوسرے کی تصدیق کرنے والا تھا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' فرماتی ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنی بیویوں کے درمیان قرعہ اندازی فرماتے تو ان میں سے جس کا قرعہ نکلتا اسے ساتھ لے جاتے' پس آپ نے ایک غزوہ کے موقع پر قرعہ اندازی فرمائی تو میرا قرعہ نکلا تو میں آپ کے ساتھ

4906- الحديث سبق برقم: 4380 فراجعه .

غَزْوَتِهِ تِلْكَ وَقَفَلَ وَدَنَوْنَا مِنَ الْمَدِينَةِ، آذَنَ لَيْلَةً بِالرَّحِيلِ، فَقُمْتُ حِينَ آذَنُوا بِالرَّحِيلِ فَمَشَيْتُ حَتَّى جَاوَزْتُ الْجَيْشَ، فَلَمَّا قَضَيْتُ شَأْنِي أَقْبَلْتُ إِلَى الرَّحْلِ فَلَمَسْتُ صَدْرِي، فَإِذَا عِقْدٌ لِي مِنْ جَزْعِ أَظْفَارٍ قَدِ انْقَطَعَ، فَرَجَعْتُ فَالْتَمَسْتُ عِقْدِي فَحَبَسَنِي ابْتِغَاؤُهُ، فَأَقْبَلَ الَّذِينَ يَرْحَلُونَ بِي فَاحْتَمَلُوا هَوْدَجِي فَرَحَلُوهُ عَلَى بَعِيرِي الَّذِي كُنْتُ أَرْكَبُ، وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنِّي فِيهِ . وَكَانَ النِّسَاءُ إِذْ ذَاكَ خِفَافًا لَمْ يَثْقُلْنَ وَلَمْ يَغْشَهُنَّ اللَّحْمُ، وَإِنَّمَا يَأْكُلْنَ الْعُلْقَةَ مِنَ الطَّعَامِ، فَلَمْ يَسْتَنْكِرِ الْقَوْمُ حِينَ رَفَعُوا ثِقَلَ الْهَوْدَجِ، وَاحْتَمَلُوهُ وَكُنْتُ جَارِيَةً حَدِيثَةَ السِّنِّ، فَبَعَثُوا الْجَمَلَ وَسَارُوا، فَوَجَدْتُ عِقْدِي بَعْدَمَا اسْتَمَرَّ الْجَيْشُ، فَجِئْتُ مَنْزِلَهُمْ وَلَيْسَ فِيهِ أَحَدٌ، فَأَمَّمْتُ مَنْزِلِيَ الَّذِي كُنْتُ فِيهِ، وَظَنَنْتُ أَنَّهُمْ سَيَفْقِدُونَنِي فَيَرْجِعُونَ إِلَيَّ، فَبَيْنَا أَنَا جَالِسَةٌ فِي مَنْزِلِي غَلَبَتْنِي عَيْنَايَ فَنِمْتُ، وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ مِنْ وَرَاءِ الْجَيْشِ، فَأَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِي فَرَأَى سَوَادَ إِنْسَانٍ فَأَتَانِي، وَكَانَ يَرَانِي قَبْلَ الْحِجَابِ، فَاسْتَيْقَظْتُ بِاسْتِرْجَاعِهِ حِينَ عَرَفَنِي، فَخَمَّرْتُ وَجْهِي بِجِلْبَابِي، وَاللَّهِ مَا تَكَلَّمْتُ بِكَلِمَةٍ، وَلَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَيْرَ اسْتِرْجَاعِهِ حَتَّى أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ فَوَطِءَ يَدَهَا فَرَكِبْتُهَا، فَانْطَلَقَ يَقُودُ بِي الرَّاحِلَةَ حَتَّى أَتَيْنَا الْجَيْشَ مُعَرِّسِينَ فِي نَحْرِ الظَّهِيرَةِ، فَهَلَكَ مَنْ

نکلی' پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد۔ میں ہودج میں اُٹھائی اور اُتاری جاتی' پس ہم چلے یہاں تک کہ جب رسول اللہ ﷺ اپنے غزوہ سے فارغ ہوئے اور واپس لوٹے اور ہم مدینہ منورہ کے قریب تھے تو آپ نے ایک رات کوچ کا حکم ارشاد فرمایا' تو میں اس وقت کھڑی ہوئی جب کوچ کا حکم دیا' پس میں چلی حتیٰ کہ لشکر سے باہر آ گئی تو جب میں قضاء حاجت کر چکی تو میں واپس اپنی سواری کی طرف بڑھی' اتنے میں میں نے اپنے سینے کو چھوا تو اچانک میرا سیپیوں کا ہار ٹوٹ چکا تھا' میں اپنا ہار ڈھونڈنے واپس لوٹی' پس مجھے اس کی تلاش نے روکے رکھا' پس جو لوگ میری سواری کو لے کر چلتے تھے وہ آگے بڑھے' اُنہوں نے میرا ہودج اُٹھایا اور اسے اونٹ پر رکھ کر چل دیئے جس پر میں سوار ہوتی تھی اور وہ سمجھ رہے تھے کہ میں اس میں ہوں اور عورتیں ان دنوں ہلکی ہوتی تھیں' بھاری نہیں تھیں اور نہ اُن پر گوشت چڑھا ہوا ہوتا تھا' وہ تھوڑا کھانا کھاتیں' پس جب اُنہوں نے ہودج کا بوجھ اُٹھایا تو انہیں وہ خلافِ معمول نہ لگا اور میں کم عمر لڑکی تھی' انہوں نے اونٹ کو اُٹھایا اور روانہ ہو گئے' ادھر لشکر کے چلے جانے کے بعد مجھے ہار مل گیا تو میں پڑاؤ کی جگہ آ گئی' وہاں کوئی نہیں تھا تو میں نے اس جگہ کا ارادہ کیا جہاں میں پہلے ٹھہری ہوئی تھی اور میں نے گمان کیا کہ عنقریب وہ مجھے گم پائیں گے تو میری طرف لوٹیں گے' اسی دوران کہ میں اپنی جگہ بیٹھی ہوئی تھی کہ مجھے نیند نے آ گھیرا تو میں سو گئی اور صفوان بن معطل سلمی ذکوانی

هَلَكَ، وَكَانَ الَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيِّ بْنِ سَلُولٍ، فَقَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فَاشْتَكَيْتُ بِهَا شَهْرًا، وَالنَّاسُ يُفِيضُونَ فِي قَوْلِ أَصْحَابِ الْإِفْكِ لَا أَشْعُرُ بِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ، وَيَرِيبُنِي فِي وَجَعِي أَنِّي لَا أَعْرِفُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللُّطْفَ الَّذِي أَرَى مِنْهُ حِينَ أَمْرَضُ، إِنَّمَا يَدْخُلُ فَيُسَلِّمُ ثُمَّ يَقُولُ: كَيْفَ تِيكُمْ؟ فَذَلِكَ يَرِيبُنِي، وَلَا أَشْعُرُ حَتَّى نَقَهْتُ، فَخَرَجْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ بِنْتُ أَبِي رُهْمٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ مُتَبَرَّزَنَا لَا نَخْرُجُ إِلَّا لَيْلًا إِلَى لَيْلٍ وَذَلِكَ قَبْلَ أَنْ نَتَّخِذَ الْكُنُفَ قَرِيبًا مِنْ بُيُوتِنَا، وَأَمْرُنَا أَمْرُ الْعَرَبِ الْأُوَلِ فِي الْبَرِّيَّةِ أَوْ فِي التَّنَزُّهِ، فَأَقْبَلْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ بِنْتُ أَبِي رُهْمٍ نَمْشِي فَعَثَرَتْ فِي مِرْطِهَا، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ لَهَا: بِئْسَ مَا قُلْتِ أَتَسُبِّينَ رَجُلًا شَهِدَ بَدْرًا؟ قَالَتْ: يَا هَنْتَاهُ أَلَمْ تَسْمَعِي مَا قَالُوا؟ قَالَتْ: قُلْتُ: وَمَا قَالُوا؟ فَأَخْبَرَتْنِي بِقَوْلِ أَهْلِ الْإِفْكِ، فَازْدَدْتُ مَرَضًا عَلَى مَرَضِي، فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلَى بَيْتِي دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كَيْفَ تِيكُمْ؟ فَقُلْتُ: ائْذَنْ لِي آتِ أَبَوَيَّ. قَالَتْ: وَأَنَا حِينَئِذٍ أُرِيدُ أَنْ أَسْتَيْقِنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا. قَالَتْ: فَأَذِنَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْتُ أَبَوَيَّ، فَقُلْتُ لِأُمِّي: مَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ؟ فَقَالَتْ: يَا بُنَيَّةُ هَوِّنِي عَلَى نَفْسِكِ الشَّأْنَ، فَوَاللّٰهِ لَقَلَّمَا كَانَتِ امْرَأَةٌ قَطُّ وَضِيئَةٌ عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا وَلَهَا ضَرَائِرُ إِلَّا

لشکر کے پیچھے تھے' وہ میرے قریب صبح کے وقت پہنچے تو اُنہوں نے سایۂ انسان کو دیکھا تو وہ میرے پاس آئے' اُنہوں نے پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے مجھے دیکھا ہوا تھا تو جب اُنہوں نے مجھے پہچانا تو انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا تو میں ان کی آواز سن کر جاگی۔ پس میں نے اپنا چہرہ اپنی چادر سے چھپایا' بخدا! نہ میں نے کوئی بات کہی اور نہ ہی میں نے ان سے کلمہ استرجاع کے علاوہ کوئی بات سنی حتیٰ کہ انہوں نے اپنی سواری بٹھائی' پس میں اس پر سوار ہوئی' پس وہ سواری کو پکڑ کر آگے چلے یہاں تک کہ ہم لشکر سے آملے درانحالیکہ وہ دوپہر کے وقت سائے میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھے' پس ہلاک ہوا جس کے مقدر میں ہلاک ہونا لکھا تھا اور جس نے اس تہمت کو پھیلانے میں زیادہ حصہ لیا وہ عبداللہ بن اُبی بن سلول تھا' پس جب ہم مدینہ طیبہ پہنچے تو میں وہاں ایک ماہ بیمار رہی اور لوگوں میں اس تہمت کا چرچا ہو گیا' مجھے اس بارے میں کچھ پتا نہ تھا اور میری تکلیف اس سے بڑھی کہ میں رسول اللہ ﷺ کی وہ توجہ محسوس نہیں کر رہی تھی جو آپ بیماری کے دنوں میں فرمایا کرتے تھے' آپ تشریف لاتے' سلام کرتے پھر پوچھتے: تمہارا کیا حال ہے؟ یہ بات مجھے تکلیف دیتی اور مجھے کچھ معلوم نہ تھا یہاں تک کہ میں کمزور پڑ گئی' (ایک رات) میں اور اُم مسطح بنت ابی رھم قضاء حاجت کے لیے نکلیں اور ہم رات کے وقت ہی نکلا کرتی تھیں اور یہ معاملہ ہمارے گھروں کے قریب بیت الخلاء بننے سے پہلا کا ہے اور

أَكْثَرْنَ عَلَيْهَا ۔ قَالَتْ: فَقُلْتُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَقَدْ تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهٰذَا؟ فَبِتُّ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتَّى أَصْبَحْتُ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ، وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ، ثُمَّ أَصْبَحْتُ وَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ حِينَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ يَسْتَشِيرُهُمَا فِي فِرَاقِ أَهْلِهِ ۔ قَالَتْ: فَأَمَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَأَشَارَ عَلَيْهِ بِالَّذِي يَعْلَمُ مِنْ بَرَاءَةِ أَهْلِهِ، وَبِالَّذِي يَعْلَمُ فِي نَفْسِهِ مِنَ الْوُدِّ لَهَا فَقَالَ أُسَامَةُ: أَهْلَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَلَا نَعْلَمُ وَاللّٰهِ إِلَّا خَيْرًا ۔ وَأَمَّا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيرٌ وَسَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ ۔ قَالَتْ: فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيرَةَ فَقَالَ: يَا بَرِيرَةُ هَلْ رَأَيْتِ مِنْهَا شَيْئًا يَرِيبُكِ؟ فَقَالَتْ بَرِيرَةُ: لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ ۔ إِنْ رَأَيْتُ مِنْهَا أَمْرًا أَغْمِصُهُ عَلَيْهَا أَكْثَرَ مِنْ أَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنِ الْعَجِينِ فَتَأْتِي الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُهُ ۔ قَالَتْ: فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ يَوْمِهِ فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ ابْنِ سَلُولَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَعْذِرُنِي مِنْ رَجُلٍ بَلَغَ أَذَاهُ فِي أَهْلِي، فَوَاللّٰهِ فَوَاللّٰهِ فَوَاللّٰهِ- ثَلَاثَ مَرَّاتٍ- مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِي إِلَّا خَيْرًا، وَقَدْ ذَكَرُوا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ إِلَّا خَيْرًا، وَمَا كَانَ يَدْخُلُ عَلَى أَهْلِي إِلَّا مَعِي ۔ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ

ہمارا معاملہ پہلے عربوں تھا قضاء حاجت یا پاکیزگی کے حصول میں' پس میں اور اُم مسطح چلیں تو اُم مسطح چادر میں اُلجھ کر لڑکھڑا گئیں تو وہ بولیں: مسطح ہلاک ہو! تو میں نے ان سے کہا: آپ نے بُری بات کہی' کیا آپ ایسے شخص کو بُرا کہہ رہی ہیں جو اصحابِ بدر میں سے ہے؟ تو وہ بولیں: اے بی بی! کیا آپ نے نہیں سنا کہ وہ کیا کہتا ہے؟ تو میں نے پوچھا: وہ کیا کہتا ہے؟ تب اُنہوں نے مجھے تہمت لگانے والوں کی بات بتائی تو میری بیماری اور بڑھ گئی' جب میں اپنے گھر لوٹی تو رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور پوچھا: تمہارا کیا حال ہے؟ تو میں نے عرض کی: آپ مجھے میرے ماں باپ کے گھر جانے کی اجازت مرحمت فرمائیں۔ فرماتی ہیں: اس وقت میرا ارادہ تھا کہ ان سے جا کر اس بات کی تحقیق کروں گی۔ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے اجازت عطا فرمائی تو میں اپنے والدین کے پاس آ گئی' میں نے اپنی والدہ سے پوچھا کہ یہ لوگ کیسی باتیں کر رہے ہیں؟ انہوں نے کہا: اے بیٹی! حوصلہ رکھو! اللہ کی قسم! کم ہی کوئی حسین عورت ہو گی جس سے اس کا شوہر محبت کرتا ہو گا اور اس کی سوکنیں بھی ہوں گی مگر یہ کہ وہ اس پر غالب آنے کی کوشش کریں گی۔ فرماتی ہیں: تو میں نے سبحان اللہ کہا کہ کیا لوگ واقعی ایسی باتیں کرتے ہیں؟ پس میں نے اس طرح یہ رات گزاری کہ صبح تک میرے آنسو نہ تھمے اور نہ ہی میں سو سکی' پھر میں نے صبح کی درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابو طالب اور اسامہ بن زید کو

أَنَا وَاللّٰهِ أَعْذِرُكَ مِنْهُ، إِنْ كَانَ مِنَ الْأَوْسِ ضَرَبْنَا عُنُقَهُ، وَإِنْ كَانَ مِنْ إِخْوَانِنَا الْخَزْرَجِ أَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا فِيهِ أَمْرَكَ . فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَهُوَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ، وَكَانَ قَبْلَ ذَلِكَ رَجُلًا صَالِحًا وَلَكِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ، فَقَالَ: كَذَبْتَ - لَعَمْرُ اللّٰهِ- وَاللّٰهِ لَا تَقْتُلُهُ وَلَا تَقْدِرُ عَلَى قَتْلِهِ . فَقَامَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ فَقَالَ: كَذَبْتَ - لَعَمْرُ اللّٰهِ- وَاللّٰهِ لَنَقْتُلَنَّهُ؛ فَإِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِينَ . قَالَتْ: فَثَارَ الْحَيَّانِ الْأَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتَّى مَضَوْا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ . قَالَتْ: فَنَزَلَ فَخَفَّضَهُمْ حَتَّى سَكَتُوا وَسَكَتَ . قَالَتْ: وَبَكَيْتُ يَوْمِي لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ، وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ، فَأَصْبَحَ عِنْدِي أَبَوَايَ وَقَدْ بَكَيْتُ لَيْلَتَيْنِ وَيَوْمًا حَتَّى أَظُنَّ أَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقٌ كَبِدِي . قَالَتْ: فَبَيْنَا هُمَا جَالِسَانِ عِنْدِي وَأَنَا أَبْكِي، إِذِ اسْتَأْذَنَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَأَذِنْتُ لَهَا، فَجَلَسَتْ تَبْكِي مَعِي، فَبَيْنَا نَحْنُ كَذَلِكَ إِذْ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ، وَلَمْ يَجْلِسْ عِنْدِي مِنْ يَوْمِ قِيلَ مَا قِيلَ قَبْلَهَا، وَقَدْ مَكَثَ شَهْرًا لَا يُوحَى إِلَيْهِ فِي شَأْنِي . قَالَتْ: فَتَشَهَّدَ ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ، يَا عَائِشَةُ فَإِنَّهُ بَلَغَنِي عَنْكِ كَذَا وَكَذَا، فَإِنْ كُنْتِ بَرِيئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللّٰهُ، وَإِنْ كُنْتِ أَلْمَمْتِ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ؛ فَإِنَّ الْعَبْدَ إِذَا اعْتَرَفَ بِذَنْبِهِ ثُمَّ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ . فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

بلوایا جبکہ وحی میں تاخیر ہوئی' آپ اُن سے اپنے اہل سے الگ ہونے کے بارے میں مشورہ کر رہے تھے۔ فرماتی ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید نے تو اس بات کی طرف اشارہ کیا جو انہیں معلوم تھا آپ کے اہل کی برأت کے بارے میں اور اس بارے میں جو وہ جانتے تھے کہ آپ کے دل میں ان کی کتنی محبت ہے' پس حضرت اسامہ نے کہا: یارسول اللہ! آپ کے اہل بخدا! ہم ان کے بارے میں سوائے بھلائی کے کچھ نہیں جانتے اور رہے حضرت علی بن ابوطالب تو اُنہوں نے کہا: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ پر کوئی تنگی نہیں فرمائی' حضرت عائشہ کے سوا اور بہت سی عورتیں ہیں (آپ ان سے نکاح فرمائیں) اور آپ ان کی باندی سے پوچھیں وہ آپ کو سچ سچ بتائے گی۔ فرماتی ہیں کہ پھر رسول اللہ ﷺ نے حضرت بریرہ کو بلایا' ارشاد فرمایا: اے بریرہ! کیا تم نے ان میں کوئی ایسی شی دیکھی ہے جو تمہیں شک میں مبتلا کرے۔ تو حضرت بریرہ نے عرض کیا: نہیں! مجھے قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا' اگر میں ان کا کوئی معاملہ دیکھتی تو میں اس پر ان کو اچھا نہ جانتی' زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ وہ کم عمر لڑکی ہیں' آٹا گوندھ کر سو جاتی ہیں اور بکری آ کر آٹا کھا جاتی ہے۔ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور اس دن آپ نے عبداللہ بن ابی بن سلول کی شکایت کی' پس رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! اس شخص کے خلاف میری کون مدد کرے گا جس کی ایذاء رسانی

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهُ قَلَصَ دَمْعِي حَتَّى مَا أُحِسُّ مِنْهُ قَطْرَةً، فَقُلْتُ لِأَبِي: أَجِبْ عَنِّي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا قَالَ ۔ قَالَتْ: فَقَالَ: وَاللَّهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لِأُمِّي: أَجِيبِي عَنِّي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا قَالَ قَالَتْ: وَاللَّهِ مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ قَالَتْ: وَأَنَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ لَا أَقْرَأُ كَثِيرًا مِنَ الْقُرْآنِ فَقُلْتُ: إِنِّي وَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّكُمْ سَمِعْتُمْ بِمَا تُحُدِّثَ بِهِ، وَقَدْ قَرَّ فِي أَنْفُسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهِ، وَلَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ: إِنِّي بَرِيئَةٌ - وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنِّي لَبَرِيئَةٌ - لَا تُصَدِّقُونَنِي بِذَلِكَ، وَلَئِنِ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ بِأَمْرٍ اللَّهُ يَعْلَمُ أَنِّي مِنْهُ بَرِيئَةٌ لَتُصَدِّقُنِّي، وَاللَّهِ مَا أَجِدُ لِي وَلَكُمْ مَثَلًا إِلَّا أَبَا يُوسُفَ إِذْ قَالَ: (فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ) (يوسف:18) ۔ قَالَتْ: ثُمَّ تَحَوَّلْتُ عَلَى فِرَاشِي، وَأَنَا أَرْجُو أَنْ يُبَرِّئَنِي اللَّهُ، وَلَكِنْ وَاللَّهِ مَا ظَنَنْتُ أَنْ يَنْزِلَ فِي شَأْنِي وَحْيٌ يُتْلَى، وَأَنَا أَحْقَرُ فِي نَفْسِي مِنْ أَنْ يُتَكَلَّمَ بِالْقُرْآنِ فِي أَمْرِي، وَلَكِنْ كُنْتُ أَرْجُو أَنْ يَرَى نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّوْمِ رُؤْيَا تُبَرِّئُنِي ۔ قَالَتْ: فَوَاللَّهِ مَا رَامَ مَجْلِسَهُ، وَلَا خَرَجَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ حَتَّى أُنْزِلَ عَلَيْهِ، فَأَخَذَهُ مَا كَانَ يَأْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ، حَتَّى إِنَّهُ يَتَحَدَّرُ مِنْهُ مِثْلُ الْجُمَانِ مِنَ الْعَرَقِ فِي يَوْمٍ شَاتٍ ۔ قَالَتْ: فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْ

میرے گھر تک آ پہنچی ہے' پس اللہ کی قسم! پس اللہ کی قسم! پس اللہ کی قسم! تین مرتبہ فرمایا: میں اپنے اہل کے بارے میں سوائے بھلائی کے کچھ نہیں جانتا اور جس شخص کا اُنہوں نے ذکر کیا ہے' میں اس کے بارے میں بھی بھلائی ہی جانتا ہوں اور وہ شخص میرے ساتھ ہی میرے گھر والوں پر داخل ہوا۔ تو حضرت سعد بن معاذ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! قسم بخدا! آپ کی مدد کروں گا' اگر وہ قبیلہ اوس سے تعلق رکھتا ہے تو ہم اس کی گردن اُڑا دیں گے اور اگر وہ ہمارے بھائی خزرج قبیلہ سے ہے تو آپ ہمیں حکم دیں' ہم آپ کے حکم کی تعمیل کریں گے۔ پس خزرج قبیلہ کے سردار حضرت سعد بن عبادہ کھڑے ہوئے' اس سے پہلے کہ وہ ایک نیک شخص تھے' لیکن عصبیت نے انہیں بھڑکا دیا' اُنہوں نے کہا: تم جھوٹ بولتے ہو' اللہ کی قسم! تم اس کو قتل نہیں کر سکتے اور نہ ہی تم اس کو قتل کرنے پر قادر ہو۔ پھر حضرت اُسید بن حضیر کھڑے ہوئے اور بولے: تم جھوٹ بولتے ہو' واللہ! اللہ کی قسم! ہم اسے ضرور بالضرور قتل کریں گے' پس بے شک آپ منافق ہیں اور منافقوں کی طرف سے جھگڑتے ہیں۔ فرماتی ہیں کہ پھر دونوں قبیلے اوس وخزرج جوش میں آ گئے حتیٰ کہ وہ ڈٹ گئے حالانکہ ان کے سامنے رسول اللہ ﷺ منبر پر کھڑے تھے۔ ص فرماتی ہیں: آپ منبر سے نیچے تشریف لائے اور انہیں ٹھنڈا کرنا شروع کیا حتیٰ کہ وہ خاموش ہو گئے اور رسول اللہ ﷺ بھی خاموش ہوئے۔ فرماتی ہیں کہ اس دن میں روتی

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَضْحَكُ، فَكَانَ أَوَّلَ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا أَنْ قَالَ: يَا عَائِشَةُ احْمَدِي اللّٰهَ فَقَدْ بَرَّأَكِ . قَالَتْ لِي أُمِّي: قُومِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَا أَقُومُ إِلَيْهِ، وَلَا أَحْمَدُ إِلَّا اللّٰهَ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ (إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ) الْآيَاتِ كُلَّهَا، فَلَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ هَذَا فِي بَرَاءَتِي قَالَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَكَانَ يُنْفِقُ عَلَى مِسْطَحِ بْنِ أُثَاثَةَ لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ: وَاللّٰهِ لَا أُنْفِقُ عَلَى مِسْطَحٍ شَيْئًا أَبَدًا بَعْدَمَا قَالَ لِعَائِشَةَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ هَذِهِ الْآيَةَ (وَلَا يَأْتَلِ أُولُو الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَى وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ، وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ) . قَالَ أَبُو بَكْرٍ: بَلَى وَاللّٰهِ إِنِّي لَأُحِبُّ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لِي، فَرَجَعَ إِلَى مِسْطَحٍ الَّذِي كَانَ يُجْرِي عَلَيْهِ . وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ عَنْ أَمْرِي فَقَالَ: يَا زَيْنَبُ، مَا عَلِمْتِ وَمَا رَأَيْتِ؟ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَحْمِي سَمْعِي وَبَصَرِي، فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهَا إِلَّا خَيْرًا . قَالَتْ عَائِشَةُ: وَهِيَ الَّتِي تُسَامِينِي فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِالْوَرَعِ

رہی میرے آنسو خشک نہ ہوئے اور نہ ہی میں سوئی۔ پس میرے والدین نے میرے پاس صبح کی اور میں دو رات اور ایک دن سے روتی رہی یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ رونا میرے جگر کو پاش پاش کر دے گا۔ فرماتی ہیں: اسی اثناء میں کہ میرے ماں باپ میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور میں رو رہی تھی' ایک انصاری عورت نے اندر آنے کی اجازت چاہی' میں نے اسے آنے کی اجازت دی تو وہ میرے ساتھ رونے بیٹھ گئی' ہم اسی کیفیت میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور بیٹھ گئے حالانکہ اس سے پہلے جب سے یہ تہمت لگی تھی' آپ میرے پاس تشریف فرما نہیں ہوئے تھے اور ایک مہینہ گزرا' آپ پر میرے بارے میں کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ فرماتی ہیں: آپ نے کلمہ شہادت پڑھا' پھر فرمایا: حمد وصلوٰۃ کے بعد! اے عائشہ! مجھے تمہارے بارے میں ایسی ایسی بات پہنچی ہے' اگر تم بری ہو تو عنقریب اللہ تعالیٰ تمہاری برأت ظاہر فرمائے گا اور اگر (بالفرض) تم سے یہ ہو گیا ہے تو تم استغفار کرو اور اللہ کی طرف توبہ کرو' پس بے شک بندہ جب اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے' پس جب رسول اللہ ﷺ نے اپنی بات مکمل کر لی تو میرے آنسو خشک ہو گئے حتیٰ کہ میں نے ایک قطرہ آنسو کا بھی محسوس نہیں کیا۔ میں نے اپنے والد سے کہا: آپ میری طرف سے رسول اللہ ﷺ کی بات کا جواب دیں! تو فرماتی ہیں کہ انہوں نے کہا: واللہ!

میں نہیں جانتا کہ میں رسول اللہ ﷺ سے کیا کہوں! تو میں نے اپنی ماں سے کہا: آپ میری طرف سے رسول اللہ ﷺ کو جواب دیں! تو اُنہوں نے بھی کہا کہ میں نہیں جانتی کہ میں رسول اللہ ﷺ کو کیا کہوں؟ تو آپ نے عرض کیا: میں کم عمر لڑکی ہوں' بہت زیادہ قرآن نہیں پڑھتی' پس میں نے کہا: بخدا! میں جانتی ہوں کہ جو کچھ بیان کیا گیا تم نے اسے سن لیا اور وہ تمہارے دلوں میں گھر کر گیا اور تم اس کی تصدیق کرتے ہو اور اگر میں تم سے کہوں کہ میں اس سے بَری ہوں اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں اس سے بَری ہوں تو آپ لوگ اس کی تصدیق نہیں کریں گے اور اگر میں کسی (ناکردہ) کام کا اعتراف کروں اور اللہ خوب جانتا ہے کہ میں اس سے بَری ہوں تو تم ضرور میری تصدیق کرو گے' واللہ! میں اپنے اور تمہارے لیے حضرت یوسف علیہ السلام کے والد کی مثال کے سوا نہیں پاتی ہوں' اُنہوں نے کہا: ''پس صبر جمیل کرنا ہی بہتر ہے اور جو کچھ تم بیان کرتے ہو اس پر اللہ سے ہی مدد مطلوب ہے''۔ فرماتی ہیں کہ پھر میں وہاں سے اپنے بستر پر چلی گئی اور مجھے اُمید تھی کہ اللہ تعالیٰ میری برأت ظاہر فرمائے گا لیکن واللہ! میں یہ گمان نہیں کرتی تھی کہ وہ میرے حق میں ایسی وحی نازل فرمائے گا جس کی تلاوت کی جائے گی اور میرے نزدیک میری حیثیت اس سے بہت کم تھی کہ میرا معاملہ قرآن کریم میں بیان کیا جائے لیکن میرا خیال تھا کہ نبی کریم ﷺ سوتے میں ایسا خواب دیکھیں گے جس میں

میری برأت کا اظہار ہو گا۔ فرماتی ہیں: واللہ! ابھی حضور ﷺ نے اُٹھنے کا قصد نہ کیا تھا اور نہ ہی گھر کا کوئی فرد گھر سے باہر گیا کہ آپ پر وحی کا نازل ہوا' پھر آپ کو سخت مشقت نے آلیا جو آپ کو لیا کرتی تھی حتیٰ کہ آپ کو موتیوں کی طرح پسینہ آ گیا سردی کے دن میں۔ فرماتی ہیں: پس جب آپ سے یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ مسکرائے اور جو پہلی بات آپ نے ارشاد فرمائی' وہ یہ تھی: اے عائشہ! اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرو' بے شک اس نے تمہاری برأت ظاہر فرمائی ہے' تو مجھ سے میری والدہ نے کہا: کھڑی ہو جاؤ رسول اللہ ﷺ کے لیے! تو میں نے کہا: واللہ! میں آپ کی طرف کھڑی نہیں ہوں گی اور نہ ہی خدا کے سوا کسی کی تعریف کروں گی اور اللہ تعالیٰ نے (ان الذین.....) تمام آیتیں نازل فرمائیں' پس جب اللہ تعالیٰ نے میری برأت میں یہ آیات نازل فرمائیں تو حضرت ابوبکر صدیق' مسطح بن اُثاثہ پر جو قرابت کی وجہ سے خرچ کرتے تھے تو اُنہوں نے کہا: واللہ! جو کچھ اس نے عائشہ کے بارے میں کہا ہے' میں اس پر کبھی خرچ نہیں کروں گا' تو اللہ تعالیٰ نے (ولا یاتل.....غفور رحیم) نازل فرمائی' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے: کیوں نہیں! جی ہاں! واللہ! میں ضرور پسند کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میری مغفرت فرمائے تو آپ مسطح پر اسی طرح خرچ کرنے لگے جس طرح کیا کرتے تھے اور رسول اللہ ﷺ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے بھی میرے بارے میں پوچھا تھا کہ اے

زینب! کیا تمہیں کسی بات کا علم ہے اور تم نے کچھ دیکھا ہے؟ تو اُنہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں اپنی آنکھوں اور کانوں کی حفاظت کرتی ہوں' واللہ! میں تو ان میں سوائے بھلائی کے کچھ نہیں جانتی۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں: یہ وہی تھی جو مجھ سے فائق رہنا چاہتی تھیں' پس اللہ تعالیٰ نے انہیں ان کے تقویٰ کی وجہ سے محفوظ رکھا۔

4907 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَيَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ بِمِثْلِهِ .

یحییٰ بن سعید' قاسم بن محمد بن ابوبکر سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

4908 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، وَعَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ بِمِثْلِهِ

ہشام بن عروہ اپنے والد سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

4909 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ قَالَ: قَالَ فُلَيْحٌ: سَمِعْتُ نَاسًا مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ يَقُولُونَ: إِنَّ أَصْحَابَ الْإِفْكِ جُلِدُوا الْحَدَّ، وَلَا نَعْلَمُ ذَلِكَ

فلیح کہتے ہیں کہ میں نے اہل علم کو کہتے ہوئے سنا کہ اصحابِ افک کو کوڑوں کی حد لگائی گئی اور ہم اسے نہیں جانتے۔

4910 - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَقَدْ تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهَذَا الْأَمْرِ وَشَاعَ فِيهِمْ، وَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيبًا وَمَا أَشْعُرُ بِهِ . قَالَتْ: فَخَرَجْتُ ذَاتَ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' فرماتی ہیں: بے شک لوگوں میں اس معاملہ کی گفتگو ہوئی اور یہ معاملہ ان میں پھیل گیا اور رسول اللہ ﷺ ان میں خطاب فرماتے ہوئے کھڑے ہوئے اور مجھے اس معاملہ کا کچھ پتا نہ تھا۔ فرماتی ہیں کہ میں ایک رات قضاء

4907- انظر رقم: 4906,4380 .

4908- انظر رقم: 4906,4380 .

4909- انظر رقم: 4906,4380 .

4910- انظر رقم: 4906,4380 .

لَيْلَةٍ مَعَ أُمِّ مِسْطَحٍ لِأَقْضِيَ حَاجَةً، فَعَثَرَتْ فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَلَامَ تَسُبِّينَ ابْنَكِ وَهُوَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ الْأَوَّلِينَ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا؟ فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا أَسُبُّهُ إِلَّا فِيكِ. قُلْتُ: وَمَا شَأْنِي؟ فَأَخْبَرَتْنِي بِالْأَمْرِ، فَذَهَبَتْ حَاجَتِي فَمَا أَجِدُ مِنْهَا شَيْئًا، وَحُمِمْتُ فَأَتَيْتُ الْمَنْزِلَ، فَإِذَا أُمِّي أَسْفَلُ وَإِذَا أَبِي فَوْقَ الْبَيْتِ يُصَلِّي، فَالْتَزَمَتْنِي فَبَكَتْ وَبَكَيْتُ، فَسَمِعَ أَبُو بَكْرٍ بُكَاءَنَا فَقَالَ: مَا شَأْنُ ابْنَتِي؟ قَالَتْ أُمِّي: سَمِعَتْ بِذَاكَ الْخَبَرِ. قَالَ: مَكَانَكِ حَتَّى نَغْدُوَ مَعَكِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَغَدَوْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَمَا مَنَعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَانُهَا أَنْ تَكَلَّمَ فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ إِنْ كُنْتِ أَسَأْتِ أَوْ أَخْطَأْتِ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ. فَقُلْتُ لِأَبِي: تَكَلَّمْ. فَقَالَ: بِمَ أَتَكَلَّمُ؟ فَقُلْتُ لِأُمِّي: تَكَلَّمِي. فَقَالَتْ: بِمَ أَتَكَلَّمُ؟ فَحَمِدْتُ اللّٰهَ وَأَثْنَيْتُ عَلَيْهِ ثُمَّ قُلْتُ: وَاللّٰهِ لَئِنْ قُلْتُ: قَدْ فَعَلْتُ- وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فَعَلْتُ- لَتَقُولُنَّ: قَدْ أَقَرَّتْ، وَلَئِنْ قُلْتُ: مَا فَعَلْتُ - وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فَعَلْتُ - لَتَقُولُنَّ: كَذَبَتْ، فَمَا أَجِدُ لِي وَلَكُمْ مَثَلًا إِلَّا مَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ- فَنَسِيتُ اسْمَهُ فَقُلْتُ: أَبُو يُوسُفَ- : (صَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ). فَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جَارِيَةٍ نُوبِيَّةٍ فَقَالَ: يَا

حاجت کے لیے اُن مسطح کے ہمراہ نکلی تو وہ لڑکھڑائیں اور بولیں: مسطح ہلاک ہو! تو میں نے کہا: سبحان اللہ! آپ اپنے بیٹے کو کیوں گالی دے رہی ہیں' وہ مہاجرین اوّلین میں سے ہیں اور غزوۂ بدر میں شریک ہوئے ہیں۔ تو اُنہوں نے کہا کہ واللہ! میں انہیں آپ کی وجہ سے گالی دے رہی ہوں' تو میں نے پوچھا: میرا معاملہ کیا ہے؟ تو اُنہوں نے مجھے اس معاملہ کی خبر دی تو میری قضاء حاجت جاتی رہی' میں نے اس میں کچھ نہ پایا اور مجھے بخار ہو گیا' میں گھر آئی تو میری والدہ نیچے گھر میں اور میرے والد گھر کی اوپری منزل میں نماز ادا کر رہے تھے تو اُنہوں نے مجھے اپنے ساتھ لپٹا لیا اور روئیں' میں بھی روئی تو حضرت ابوبکر نے ہمارے رونے کی آواز سنی تو پوچھا: میری بیٹی کو کیا ہوا؟ تو میری والدہ بولیں: انہوں نے بھی خبر سن لی ہے' تو اُنہوں نے کہا: تم ٹھہرو! ہم صبح تمہارے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت اطہر میں چلیں گے۔ ہم صبح رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے' آپ کے پاس ایک انصاری عورت موجود تھی' پس اس کے ہونے نے رسول اللہ ﷺ کو گفتگو سے نہ روکا' آپ نے فرمایا: اے عائشہ! اگر تم سے خطاء یا غلطی ہوئی ہے تو اللہ سے استغفار و توبہ کر لیں' میں نے اپنے والد سے کہا: آپ بات کریں! تو اُنہوں نے کہا: کیا بات کروں؟ تو میں نے اپنی والدہ سے کہا کہ آپ بات کریں' تو اُنہوں نے بھی کہا کہ میں کیا بات کروں؟ تو میں نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی' پھر میں نے کہا کہ بخدا! اگر میں کہوں کہ میں

فُلَانَةُ، مَاذَا تَعْلَمِينَ مِنْ عَائِشَةَ؟ فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ عَلَى عَائِشَةَ عَيْبًا إِلَّا أَنَّهَا تَنَامُ وَتَدْخُلُ الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُ خَمِيرَهَا وَعَجِينَهَا، فَلَمَّا فَطِنَتْ لِمَا يُرِيدُ قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ مِنْ عَائِشَةَ إِلَّا مَا يَعْلَمُ الصَّائِغُ مِنَ التِّبْرِ الْأَحْمَرِ . فَصَعِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ: أَشِيرُوا عَلَيَّ يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ فِي قَوْمٍ أَبَنُوا أَهْلِي، وَايْمُ اللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِي سُوءًا قَطُّ وَأَبَنُوهُمْ بِمَنْ؟ وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ مِنْ سُوءٍ قَطُّ، وَمَا دَخَلَ بَيْتِي إِلَّا وَأَنَا شَاهِدٌ، وَلَا سَافَرْتُ إِلَّا وَهُوَ مَعِي . فَقَالَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ: أَرَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنْ تَضْرِبَ أَعْنَاقَهُمْ، فَقَامَ رِجَالٌ مِنَ الْخَزْرَجِ فَقَالُوا: وَاللّٰهِ لَوْ كَانُوا مِنْ رَهْطِكَ الْأَوْسِ مَا أَمَرْتَ بِضَرْبِ أَعْنَاقِهِمْ، حَتَّى كَادَ أَنْ يَكُونَ بَيْنَ الْأَوْسِ وَالْخَزْرَجِ كَوْنٌ، وَنَزَلَ الْوَحْيُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَتْ عَائِشَةُ: فَمَا سُرِّيَ عَنْهُ حَتَّى رَأَيْتُ السُّرُورَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ . فَقَالَ: أَبْشِرِي يَا عَائِشَةُ فَقَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ عُذْرَكِ فَقَالَ أَبَوَايَ: قُومِي فَقَبِّلِي رَأْسَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: أَحْمَدُ اللّٰهَ لَا إِيَّاكُمَا، وَتَلَا عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ: (إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَكُمْ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ مَا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ وَالَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ) ، (لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُمْ مَا يَكُونُ لَنَا أَنْ نَتَكَلَّمَ بِهَذَا

نے یہ کام کیا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ میں نے یہ کام نہیں کیا تو آپ کہیں گے کہ بے شک اس نے اقرار کرلیا اور اگر میں کہوں کہ میں نے یہ کام نہیں کیا اور اللہ خوب جانتا ہے کہ میں نے یہ کام نہیں کیا تو آپ کہیں گے: اس نے جھوٹ بولا' پس میں اپنے اور آپ کے لیے بطور مثال وہی پاتی ہوں جو ایک نیک بندے نے کہا' مجھے ان کا نام بھولا' پھر میں نے کہا: حضرت یوسف علیہ السلام کے والد نے (صبر جمیل.....) تو رسول اللہ ﷺ ایک حبشی لونڈی کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: اے فلانی! تم عائشہ کے بارے میں کیا جانتی ہو؟ تو اس نے کہا: میں عائشہ میں سوائے اس کے کوئی عیب نہیں جانتی کہ وہ سو جاتی ہیں اور بکری داخل ہو کر ان کا آٹا اور چٹائی کھا جاتی ہے۔ پس جب وہ سمجھی کہ رسول اللہ ﷺ کا کیا ارادہ ہے' تو وہ بولی: واللہ! میں عائشہ کے بارے میں اتنا ہی جانتی ہوں جتنا سنار سرخ سونے کی ڈلیوں کے بارے میں جانتا ہے تو حضور ﷺ منبر پر جلوہ گر ہوئے اور ارشاد فرمایا: اے مسلمان جماعت! مجھے مشورہ دو ان لوگوں کے بارے میں جنہوں نے میرے اہل پر بہتان لگایا' واللہ! میں اپنے اہل میں کچھ خرابی بھی نہیں جانتا' واللہ! میں ان پر کوئی خرابی بھی نہیں جانتا' وہ میرے گھر میں داخل نہیں ہوا مگر وہاں موجود تھا اور میں نے سفر کیا تو وہ میرے ساتھ تھا۔ تو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں سمجھتا ہوں کہ آپ ان کو قتل فرمائیں تو قبیلہ خزرج کے لوگ کھڑے ہو کر بولنے

سُبْحَانَكَ هَذَا بُهْتَانٌ عَظِيمٌ) (النور:16) .
وَكَانَ مِمَّنْ تَوَلَّى كِبْرَهُ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ وَمِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ وَحَمْنَةُ بِنْتُ جَحْشٍ، وَكَانَ يُتَحَدَّثُ بِهِ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ فَيَسْمَعُهُ وَيَسْتَوْشِيهِ وَيُذِيعُهُ، وَكَانَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ إِذَا سُبَّ عِنْدَ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَا تَسُبُّوا حَسَّانَ؛ فَإِنَّهُ كَانَ يُكَافِحُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ تَقُولُ: أَيُّ عَذَابٍ أَعْظَمُ مِنْ ذَهَابِ عَيْنَيْهِ؟ وَقَالَ الَّذِي قِيلَ لَهُ مَا قِيلَ: وَاللّٰهِ إِنْ كَشَفْتُ عَنْ كَنَفِ أُنْثَى قَطُّ . وَقُتِلَ شَهِيدًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَقَالَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ يُكَذِّبُ نَفْسَهُ:

(البحر الطويل)

حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِيبَةٍ . . . وَتُصْبِحُ خَمْصَى مِنْ لُحُومِ الْغَوَافِلِ

فَإِنْ كُنْتُ قَدْ قُلْتُ الَّذِي قَدْ زَعَمْتُمْ . . . فَلَا حَمَلَتْ سَوْطِي إِلَيَّ أَنَامِلِي

وَكَيْفَ؟ وَوُدِّي مَا حَيِيتُ وَنُصْرَتِي . . . لِآلِ رَسُولِ اللّٰهِ زَيْنِ الْمَحَافِلِ

أَأَشْتُمُ خَيْرَ النَّاسِ بَعْلًا وَوَالِدًا . . . وَنَفْسًا؟ لَقَدْ أُنْزِلْتُ شَرَّ الْمَنَازِلِ

لگے کہ بخدا! اگر وہ تمہارے قبیلہ اوس میں سے ہوتے تو تم ان کے قتل کا حکم نہ دیتے یہاں تک کہ اوس وخزرج کے درمیان گرما گرمی ہونے لگی اور رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل ہونے لگی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب آپ سے وحی کے نزول کی کیفیت ختم ہوئی تو میں نے آپ کو بہت خوش دیکھا تو آپ نے فرمایا: اے عائشہ! خوشخبری ہو! اللہ تعالیٰ نے آپ کو معذور فرمایا ہے اور یہ وحی نازل فرمائی ہے' تو میرے والدین نے مجھ سے کہا کہ کھڑی ہو جاؤ اور رسول اللہ ﷺ کے سر اقدس کو بوسہ دو! تو میں نے کہا: میں اللہ تعالیٰ کی حمد کرتی ہوں نہ کہ تم دونوں کی اور رسول اللہ ﷺ نے (ان الذین..... بھتان عظیم) والی آیات لوگوں کے سامنے تلاوت فرمائیں اور جن لوگوں نے اس تہمت میں بڑا حصہ لیا' ان میں حسان بن ثابت' مسطح بن اثاثہ اور حمنہ بنت جحش تھیں اور یہ بات عبداللہ بن اُبی کے پاس بیان کی گئی تو اس نے اسے سنا اور اسے خوب بڑھا چڑھا کر پھیلایا اور جب حسان بن ثابت جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بُرا بھلا کہا جاتا تو آپ فرماتی: حسان کو بُرا بھلا مت کہو' وہ رسول اللہ ﷺ کا دفاع کرتا ہے' پھر فرماتیں کہ آنکھوں کی بینائی کے جانے سے بڑی تکلیف کیا ہے؟ ان کے لیے کہا گیا جو کہا گیا' اُنہوں نے کہا: قسم بخدا! میں نے کبھی عورتوں کے اندرون خانہ حالات سے پردہ نہیں اُٹھایا اور وہ اللہ کی راہ میں شہید کیے گئے۔ پس حضرت حسان بن ثابت اپنے آپ کو جھٹلاتے ہوئے فرماتے

ہیں:

''پس اگر میں نے وہ کام کیا ہے جو تم نے گمان کیا تو میری انگلیاں' میرا کوڑا نہ اُٹھا سکیں'

اور یہ کیسے ممکن ہے جبکہ میری محبت جب تک میں زندہ ہوں اور میری مدد وقت ہے رسول کریم ﷺ کی آل کیلئے جو محافل کی زینت ہیں'

کیا میں اس کو بُرا بھلا کہہ سکتا ہوں جن کے شوہر' والد اور وہ خود سب لوگوں سے بہتر ہیں' یقیناً لوگوں نے مجھے بُرے مقام پر رکھا ہے''۔

4911 - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَدَ الَّذِينَ قَالُوا لِعَائِشَةَ مَا قَالُوا ثَمَانِينَ ثَمَانِينَ: حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ وَمِسْطَحَ بْنَ أُثَاثَةَ وَحَمْنَةَ بِنْتَ جَحْشٍ

عروہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں باتیں بنانے والوں کو اسّی اسّی کوڑے لگائے یعنی حسان بن ثابت' مسطح بن اثاثہ اور حمنہ بنت جحش کو۔

4912 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، وَالْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيُّ الطَّحَّانُ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الْوَاسِطِيِّ، حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَالَ فِيهَا أَهْلُ الْإِفْكِ مَا قَالُوا فَبَرَّأَهَا اللّٰهُ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' فرماتی ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کسی سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنی بیویوں کے درمیان قرعہ اندازی فرماتے تو ان میں سے جس کا قرعہ نکلتا اسے ساتھ لے جاتے' پس آپ نے ایک غزوہ کے موقع پر قرعہ اندازی فرمائی تو میرا قرعہ نکلا تو میں آپ کے ساتھ نکلی' پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد۔ میں ہودج میں اُٹھائی اور اُتاری جاتی' پس ہم چلے یہاں تک کہ جب رسول اللہ ﷺ اپنے غزوہ سے فارغ

4911- أخرجه أحمد جلد6صفحه61,35 . وأبو داؤد رقم الحديث: **4474** قال: حدثنا قتيبة بن سعيد الثقفي ومالك بن عبد الواحد المسمعي .

4912- الحديث سبق برقم: **4910-4906,4380** فراجعه .

وَكُلُّهُمْ حَدَّثَنِي طَائِفَةً مِنْ حَدِيثِهَا، وَبَعْضُهُمْ كَانَ أَوْعَى لِحَدِيثِهَا مِنْ بَعْضٍ وَأَثْبَتَ لَهُ اقْتِصَاصًا، وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمُ الْحَدِيثَ الَّذِي حَدَّثَنِي عَنْ عَائِشَةَ . قَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ أَزْوَاجِهِ، فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا أَخْرَجَهَا مَعَهُ . قَالَتْ عَائِشَةُ: فَأَقْرَعَ بَيْنَنَا فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا فَخَرَجَ فِيهَا سَهْمِي، فَخَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَمَا أُنْزِلَ الْحِجَابُ، فَكُنْتُ أُحْمَلُ فِي هَوْدَجٍ وَأُنْزَلُ فِيهِ، فَسِرْنَا حَتَّى إِذَا فَرَغَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَتِهِ تِلْكَ، وَقَفَلَ وَدَنَوْنَا مِنَ الْمَدِينَةِ قَافِلِينَ أَذِنَ لَنَا بِالرَّحِيلِ، فَقُمْتُ حِينَ أَذِنَ بِالرَّحِيلِ فَمَشَيْتُ حَتَّى جَاوَزْتُ الْجَيْشَ، فَلَمَّا قَضَيْتُ شَأْنِي أَقْبَلْتُ إِلَى رَحْلِي فَلَمَسْتُ صَدْرِي، فَإِذَا عِقْدٌ لِي مِنْ جَزْعِ أَظْفَارٍ قَدِ انْقَطَعَ، فَرَجَعْتُ فَالْتَمَسْتُ عِقْدِي فَحَبَسَنِي ابْتِغَاؤُهُ . قَالَتْ: وَأَقْبَلَ الرَّهْطُ الَّذِينَ كَانُوا يَرْحَلُونَ لِي، فَاحْتَمَلُوا هَوْدَجِي فَرَحَلُوهُ عَلَى بَعِيرِي الَّذِي كُنْتُ أَرْكَبُ، وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنِّي فِيهِ، وَكَانَ النِّسَاءُ إِذْ ذَاكَ خِفَافًا لَمْ يَغْشَهُنَّ اللَّحْمُ، وَإِنَّا نَأْكُلُ الْعُلْقَةَ مِنَ الطَّعَامِ، فَلَمْ يَسْتَنْكِرِ الْقَوْمُ خِفَّةَ الْهَوْدَجِ، رَفَعُوهُ وَرَحَلُوهُ وَكُنْتُ جَارِيَةً حَدِيثَةَ السِّنِّ فَبَعَثُوا وَسَارُوا، وَوَجَدْتُ عِقْدِي بَعْدَمَا اسْتَمَرَّ الْجَيْشُ، فَجِئْتُ مَنَازِلَهُمْ وَلَيْسَ بِهَا دَاعٍ وَلَا مُجِيبٌ،

ہوئے اور واپس لوٹے اور ہم مدینہ منورہ کے قریب تھے تو آپ نے ایک رات کوچ کا حکم ارشاد فرمایا' تو میں اس وقت کھڑی ہوئی جب کوچ کا حکم دیا' پس میں چلی حتیٰ کہ لشکر سے باہر آ گئی تو جب میں قضاء حاجت کر چکی تو میں واپس اپنی سواری کی طرف بڑھی' اتنے میں میں نے اپنے سینے کو چھوا تو اچانک میرا سیپیوں کا ہار ٹوٹ چکا تھا' میں اپنا ہار ڈھونڈنے واپس لوٹی' پس مجھے اس کی تلاش نے روکے رکھا' پس جو لوگ میری سواری کو لے کر چلتے تھے وہ آگے بڑھے' اُنہوں نے میرا ھودج اُٹھایا اور اسے اونٹ پر رکھ کر چل دیئے جس پر میں سوار ہوتی تھی اور وہ سمجھ رہے تھے کہ میں اس میں ہوں اور عورتیں ان دنوں ہلکی ہوتی تھیں' بھاری نہیں تھیں اور نہ اُن پر گوشت چڑھا ہوا ہوتا تھا' وہ تھوڑا کھانا کھاتیں' پس جب اُنہوں نے ھودج کا بوجھ اُٹھایا تو انہیں وہ خلافِ معمول نہ لگا اور میں کم عمر لڑکی تھی' انہوں نے اونٹ کو اُٹھایا اور روانہ ہو گئے' ادھر لشکر کے چلے جانے کے بعد مجھے ہار مل گیا تو میں پڑاؤ کی جگہ آ گئی' وہاں کوئی نہیں تھا تو میں نے اس جگہ کا ارادہ کیا جہاں میں پہلے ٹھہری ہوئی تھی اور میں نے گمان کیا کہ عنقریب وہ مجھے گم پائیں گے تو میری طرف لوٹیں گے' اسی دوران کہ میں اپنی جگہ بیٹھی ہوئی تھی کہ مجھے نیند نے آ گھیرا تو میں سو گئی اور صفوان بن معطل سلمی ذکوانی لشکر کے پیچھے تھے' وہ میرے قریب صبح کے وقت پہنچے تو اُنہوں نے سایۂ انسان کو دیکھا تو وہ میرے پاس آئے' اُنہوں نے پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے مجھے

فَيَمَّمْتُ مَنْزِلِي الَّذِي كُنْتُ بِهِ وَظَنَنْتُ أَنَّهُمْ سَيَفْقِدُونَنِي فَيَرْجِعُونَ إِلَيَّ . فَبَيْنَا أَنَا جَالِسَةٌ فِي مَنْزِلِي غَلَبَتْنِي عَيْنِي فَنِمْتُ، وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ مِنْ وَرَاءِ الْجَيْشِ، فَأَدْلَجَ فَأَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِي، فَرَأَى سَوَادَ إِنْسَانٍ نَائِمٍ فَعَرَفَنِي حِينَ رَآنِي، وَكَانَ يَرَانِي قَبْلَ الْحِجَابِ، فَاسْتَيْقَظْتُ بِاسْتِرْجَاعِهِ حِينَ عَرَفَنِي فَخَمَّرْتُ وَجْهِي بِجِلْبَابِي، وَاللّٰهِ مَا تَكَلَّمْتُ بِكَلِمَةٍ، وَلَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَيْرَ اسْتِرْجَاعِهِ حِينَ أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ فَوَطِءَ عَلَى يَدِهَا، وَقُمْتُ فَرَكِبْتُهَا، فَانْطَلَقَ يَقُودُ بِي الرَّاحِلَةَ حَتَّى أَتَيْنَا الْجَيْشَ وَهُمْ نُزُولٌ . قَالَتْ: فَهَلَكَ مَنْ هَلَكَ وَكَانَ الَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ: الْأَوَّلُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيِّ ابْنُ سَلُولٍ . قَالَ عُرْوَةُ: أُخْبِرْتُ أَنَّهُ كَانَ يُشَاعُ وَيُحَدَّثُ بِهِ عِنْدَهُ فَيُقِرُّهُ وَيُشِيعُهُ وَيَسْتَوْشِيهِ . قَالَ إِبْرَاهِيمُ: يَعْنِي يَسْتَوْشِيهِ . قَالَ عُرْوَةُ: إِنَّمَا لَمْ يُسَمَّ مِنْ أَهْلِ الْإِفْكِ إِلَّا مِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ وَحَمْنَةُ بِنْتُ جَحْشٍ فِي أُنَاسٍ آخَرِينَ لَا عِلْمَ لِي بِهِمْ، غَيْرَ أَنَّهُمْ عُصْبَةٌ كَمَا قَالَ اللّٰهُ، وَإِنَّ كِبْرَ ذَلِكَ كَانَ يُقَالُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيِّ ابْنِ سَلُولَ . قَالَ عُرْوَةُ: كَانَتْ عَائِشَةُ تَكْرَهُ أَنْ يُسَبَّ عِنْدَهَا حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ وَتَقُولُ: إِنَّهُ الَّذِي قَالَ: فَإِنَّ أَبِي وَوَالِدَهُ وَعِرْضِي لِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِنْكُمْ وِقَاءُ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَاشْتَكَيْتُ حِينَ قَدِمْتُ شَهْرًا، وَالنَّاسُ يُفِيضُونَ فِي

دیکھا ہوا تھا تو جب اُنہوں نے مجھے پہچانا تو انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا تو میں ان کی آواز سن کر جاگی۔ پس میں نے اپنا چہرہ اپنی چادر سے چھپایا' بخدا! نہ میں نے کوئی بات کہی اور نہ ہی میں نے ان سے کلمہ استرجاع کے علاوہ کوئی بات سنی حتیٰ کہ انہوں نے اپنی سواری بٹھائی' پس میں اس پر سوار ہوئی' پس وہ سواری کو پکڑ کر آگے چلے یہاں تک کہ ہم لشکر سے آملے درانحالیکہ وہ دوپہر کے وقت سائے میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھے' پس ہلاک ہوا جس کے مقدر میں ہلاک ہونا لکھا تھا اور جس نے اس تہمت کو پھیلانے میں زیادہ حصہ لیا وہ عبداللہ بن اُبی بن سلول تھا' پس جب ہم مدینہ طیبہ پہنچے تو میں وہاں ایک ماہ بیمار رہی اور لوگوں میں اس تہمت کا چرچا ہو گیا' مجھے اس بارے میں کچھ پتا نہ تھا اور میری تکلیف اس سے بڑھی کہ میں رسول اللہ ﷺ کی وہ توجہ محسوس نہیں کر رہی تھی جو آپ بیماری کے دنوں میں فرمایا کرتے تھے' آپ تشریف لاتے' سلام کرتے پھر پوچھتے: تمہارا کیا حال ہے؟ یہ بات مجھے تکلیف دیتی اور مجھے کچھ معلوم نہ تھا یہاں تک کہ میں کمزور پڑ گئی' (ایک رات) میں اور اُم مسطح بنت ابی رھم قضاء حاجت کے لیے نکلیں اور ہم رات کے وقت ہی نکلا کرتی تھیں اور یہ معاملہ ہمارے گھروں کے قریب بیت الخلاء بننے سے پہلا کا ہے اور ہمارا معاملہ پہلے عربوں تھا قضاء حاجت یا پاکیزگی کے حصول میں' پس میں اور اُم مسطح چلیں تو اُم مسطح چادر میں اُلجھ کر لڑکھڑا گئیں تو وہ بولیں: مسطح ہلاک ہو! تو میں نے

قَوْلِ أَصْحَابِ الْإِفْكِ، لَا أَشْعُرُ بِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ، وَهُوَ يَرِيبُنِي فِي وَجَعِي أَنِّي لَا أَعْرِفُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللُّطْفَ الَّذِي كُنْتُ أَرَى حِينَ أَشْتَكِي، إِنَّمَا يَدْخُلُ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُولُ: كَيْفَ تِيكُمْ؟ وَيَنْصَرِفُ فَذَلِكَ الَّذِي يَرِيبُنِي وَلَا أَشْعُرُ حَتَّى خَرَجْتُ بَعْدَمَا نَقَهْتُ فَخَرَجْتُ مَعَ أُمِّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ، وَكَانَ مُتَبَرَّزَنَا، أَمْرُنَا أَمْرُ الْعَرَبِ الْأُوَلِ فِي التَّنَزِيهِ قِبَلَ الْغَائِطِ، كُنَّا نَتَأَذَّى بِالْكُنُفِ أَنْ نَتَّخِذَهَا عِنْدَ بُيُوتِنَا . قَالَتْ: فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ - وَهِيَ بِنْتُ أَبِي رُهْمِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، وَأُمُّهَا بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ خَالَةُ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، وَابْنُهَا مِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ - فَأَقْبَلْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ بَيْتِي حِينَ فَرَغْنَا مِنْ شَأْنِنَا، فَعَثَرَتْ أُمُّ مِسْطَحٍ فِي مِرْطِهَا فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ لَهَا: بِئْسَ مَا قُلْتِ أَتَسُبِّينَ رَجُلًا شَهِدَ بَدْرًا؟ قَالَتْ: أَيْ هَنْتَاهُ أَوَلَمْ تَسْمَعِي مَا قَالَ؟ قُلْتُ: وَمَا قَالَ؟ فَأَخْبَرَتْنِي بِقَوْلِ أَهْلِ الْإِفْكِ . قَالَتْ: فَازْدَدْتُ مَرَضًا عَلَى مَرَضِي، فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلَى بَيْتِي دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كَيْفَ تِيكُمْ؟ فَقُلْتُ: ائْذَنْ لِي آتِ أَبَوَيَّ، قَالَتْ: وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ أَسْتَيْقِنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا، فَأَذِنَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَيْتُهُمَا فَقُلْتُ لِأُمِّي: يَا أُمَّتَاهُ مَاذَا يَتَحَدَّثُ

ان سے کہا: آپ نے بُری بات کہی' کیا آپ ایسے شخص کو بُرا کہہ رہی ہیں جو اصحابِ بدر میں سے ہے؟ تو وہ بولیں: اے بی بی! کیا آپ نے نہیں سنا کہ وہ کیا کہتا ہے؟ تو میں نے پوچھا: وہ کیا کہتا ہے؟ تب اُنہوں نے مجھے تہمت لگانے والوں کی بات بتائی تو میری بیماری اور بڑھ گئی' جب میں اپنے گھر لوٹی تو رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور پوچھا: تمہارا کیا حال ہے؟ تو میں نے عرض کی: آپ مجھے میرے ماں باپ کے گھر جانے کی اجازت مرحمت فرمائیں۔ فرماتی ہیں: اس وقت میرا ارادہ تھا کہ ان سے جا کر اس بات کی تحقیق کروں گی۔ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے اجازت عطا فرمائی تو میں اپنے والدین کے پاس آ گئی' میں نے اپنی والدہ سے پوچھا کہ یہ لوگ کیسی باتیں کر رہے ہیں؟ انہوں نے کہا: اے بیٹی! حوصلہ رکھو! اللہ کی قسم! کم ہی کوئی حسین عورت ہو گی جس سے اس کا شوہر محبت کرتا ہو گا اور اس کی سوکنیں بھی ہوں گی مگر یہ کہ وہ اس پر غالب آنے کی کوشش کریں گی۔ فرماتی ہیں: تو میں نے سبحان اللہ کہا کہ کیا لوگ واقعی ایسی باتیں کرتے ہیں؟ پس میں نے اس طرح یہ رات گزاری کہ صبح تک میرے آنسو نہ تھمے اور نہ ہی میں سو سکی' پھر میں نے صبح کی درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابو طالب اور اسامہ بن زید کو بلوایا جبکہ وحی میں تاخیر ہوئی' آپ اُن سے اپنے اہل سے الگ ہونے کے بارے میں مشورہ کر رہے تھے۔ فرماتی ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید نے تو اس بات کی

النَّاسُ؟ قَالَتْ: هَوِّنِي عَلَيْكِ . فَوَاللّٰهِ لَقَلَّمَا كَانَتِ امْرَأَةٌ قَطُّ وَضِيئَةٌ عِنْدَ زَوْجِهَا يُحِبُّهَا لَهَا ضَرَائِرُ إِلَّا أَكْثَرْنَ عَلَيْهَا . قَالَتْ: فَقُلْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ أَوَلَقَدْ تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهَذَا؟ قَالَتْ: فَبَكَيْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتَّى أَصْبَحْتُ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ، وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ . قَالَتْ: ثُمَّ أَصْبَحْتُ أَبْكِي . قَالَتْ: وَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ يَسْتَشِيرُهُمَا فِي فِرَاقِ أَهْلِهِ . قَالَتْ: فَأَمَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَأَشَارَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالَّذِي يَعْلَمُ مِنْ بَرَاءَةِ أَهْلِهِ، وَبِالَّذِي يَعْلَمُ لَهُمْ فِي نَفْسِهِ، فَقَالَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَهْلَكَ وَلَا نَعْلَمُ إِلَّا خَيْرًا . وَأَمَّا عَلِيٌّ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ النِّسَاءَ، وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيرٌ، وَسَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ . قَالَتْ: فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيرَةَ فَقَالَ: أَيْ بَرِيرَةُ هَلْ رَأَيْتِ شَيْئًا يُرِيبُكِ؟ قَالَتْ لَهُ بَرِيرَةُ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا رَأَيْتُ عَلَيْهَا أَمْرًا قَطُّ أَغْمِصُهُ أَكْثَرَ مِنْ أَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنْ عَجِينِ أَهْلِهَا فَتَأْتِي الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُهُ، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ يَوْمِهِ فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ ابْنِ سَلُولَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ مَنْ يَعْذِرُنِي مِنْ رَجُلٍ قَدْ بَلَغَنِي أَذَاهُ فِي أَهْلِي، وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِي إِلَّا خَيْرًا، وَلَقَدْ ذَكَرُوا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ مِنْهُ

طرف اشارہ کیا جو انہیں معلوم تھا آپ کے اہل کی برأت کے بارے میں اور اس بارے میں جو وہ جانتے تھے کہ آپ کے دل میں ان کی کتنی محبت ہے' پس حضرت اسامہ نے کہا: یارسول اللہ! آپ کے اہل بخدا! ہم ان کے بارے میں سوائے بھلائی کے کچھ نہیں جانتے اور رہے حضرت علی بن ابوطالب تو اُنہوں نے کہا: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ پر کوئی تنگی نہیں فرمائی' حضرت عائشہ کے سوا اور بہت سی عورتیں ہیں (آپ ان سے نکاح فرمائیں) اور آپ ان کی باندی سے پوچھیں وہ آپ کو سچ سچ بتائے گی۔ فرماتی ہیں کہ پھر رسول اللہ ﷺ نے حضرت بریرہ کو بلایا' ارشاد فرمایا: اے بریرہ! کیا تم نے ان میں کوئی ایسی شی دیکھی ہے جو تمہیں شک میں مبتلا کرے۔ تو حضرت بریرہ نے عرض کیا: نہیں! مجھے قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا' اگر میں ان کا کوئی معاملہ دیکھتی تو میں اس پر ان کو اچھا نہ جانتی' زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ وہ کم عمر لڑکی ہیں' آٹا گوندھ کر سو جاتی ہیں اور بکری آ کر آٹا کھا جاتی ہے۔ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور اس دن آپ نے عبداللہ بن ابی بن سلول کی شکایت کی' پس رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! اس شخص کے خلاف میری کون مدد کرے گا جس کی ایذاء رسانی میرے گھر تک آ پہنچی ہے' پس اللہ کی قسم! پس اللہ کی قسم! پس اللہ کی قسم! تین مرتبہ فرمایا: میں اپنے اہل کے بارے میں سوائے بھلائی کے کچھ نہیں جانتا اور جس شخص کا

إِلَّا خَيْرًا، وَمَا دَخَلَ عَلَى أَهْلِي إِلَّا مَعِي . فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ أَحَدُ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنَا أَعْذِرُكَ مِنْهُ، فَإِنْ كَانَ مِنَ الْأَوْسِ ضَرَبْتُ عُنُقَهُ، وَإِنْ كَانَ مِنْ إِخْوَانِنَا مِنَ الْخَزْرَجِ أَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا مَا أَمَرْتَنَا بِهِ . قَالَ: فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْخَزْرَجِ - وَكَانَتْ أُمُّ حَسَّانَ بِنْتَ عَمِّهِ مِنْ فَخِذِهِ - وَهُوَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ، وَكَانَ رَجُلًا صَالِحًا وَلَكِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ: كَذَبْتَ - لَعَمْرُ اللّٰهِ - لَا تَقْتُلُهُ وَلَا تَقْدِرُ عَلَى قَتْلِهِ، وَلَوْ كَانَ مِنْ رَهْطِكَ مَا أَحْبَبْتَ أَنْ تَقْتُلَهُ . فَقَامَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ - وَهُوَ ابْنُ عَمِّ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ - فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ: كَذَبْتَ - لَعَمْرُ اللّٰهِ - لَنَقْتُلَنَّهُ فَإِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِينَ . قَالَتْ: فَثَارَ الْحَيَّانِ الْأَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتَّى هَمُّوا أَنْ يَقْتَتِلُوا، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ حَتَّى سَكَتُوا وَسَكَتَ . قَالَتْ: وَبَكَيْتُ يَوْمِي ذَلِكَ كُلَّهُ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ، وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ . قَالَتْ: وَأَصْبَحَ أَبَوَايَ عِنْدِي، بَكَيْتُ يَوْمِي وَلَيْلَتِي لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ . قَالَتْ: حَتَّى أَظُنَّ أَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقٌ كَبِدِي . قَالَتْ: فَبَيْنَمَا أَبَوَايَ جَالِسَانِ عِنْدِي وَأَنَا أَبْكِي اسْتَأْذَنَتْ عَلَيَّ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَأَذِنْتُ لَهَا فَجَلَسَتْ تَبْكِي مَعِي . قَالَتْ: فَبَيْنَمَا نَحْنُ عَلَى ذَلِكَ، إِذْ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اُنہوں نے ذکر کیا ہے' میں اس کے بارے میں بھی بھلائی ہی جانتا ہوں اور وہ شخص میرے ساتھ ہی میرے گھر والوں پر داخل ہوا۔ تو حضرت سعد بن معاذ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! قسم بخدا! آپ کی مدد کروں گا' اگر وہ قبیلہ اوس سے تعلق رکھتا ہے تو ہم اس کی گردن اُڑا دیں گے اور اگر وہ ہمارے بھائی خزرج قبیلہ سے ہے تو آپ ہمیں حکم دیں' ہم آپ کے حکم کی تعمیل کریں گے۔ پس خزرج قبیلہ کے سردار حضرت سعد بن عبادہ کھڑے ہوئے' اس سے پہلے کہ وہ ایک نیک شخص تھے' لیکن عصبیت نے انہیں بھڑکا دیا' اُنہوں نے کہا: تم جھوٹ بولتے ہو' اللہ کی قسم! تم اس کو قتل نہیں کر سکتے اور نہ ہی تم اس کو قتل کرنے پر قادر ہو۔ پھر حضرت اُسید بن حضیر کھڑے ہوئے اور بولے: تم جھوٹ بولتے ہو' واللہ! اللہ کی قسم! ہم اسے ضرور بالضرور قتل کریں گے' پس بے شک آپ منافق ہیں اور منافقوں کی طرف سے جھگڑتے ہیں۔ فرماتی ہیں کہ پھر دونوں قبیلے اوس وخزرج جوش میں آ گئے حتیٰ کہ وہ ڈٹ گئے حالانکہ ان کے سامنے رسول اللہ ﷺ منبر پر کھڑے تھے۔ ص فرماتی ہیں: آپ منبر سے نیچے تشریف لائے اور انہیں ٹھنڈا کرنا شروع کیا حتیٰ کہ وہ خاموش ہو گئے اور رسول اللہ ﷺ بھی خاموش ہوئے۔ فرماتی ہیں کہ اس دن میں روتی رہی میرے آنسو خشک نہ ہوئے اور نہ ہی میں سوئی۔ پس میرے والدین نے میرے پاس صبح کی اور میں دو رات اور ایک دن سے روتی رہی یہاں تک کہ میں نے گمان

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ . قَالَتْ: وَلَمْ يَجْلِسْ عِنْدِي مُنْذُ قِيلَ لِي مَا قِيلَ قَبْلَهَا، وَلَقَدْ لَبِثَ شَهْرًا لَا يُوحَى إِلَيْهِ فِي شَأْنِي شَيْءٌ . قَالَتْ: فَتَشَهَّدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ جَلَسَ ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ يَا عَائِشَةُ، فَإِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِي عَنْكِ كَذَا وَكَذَا، فَإِنْ كُنْتِ بَرِيئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللَّهُ، وَإِنْ كُنْتِ أَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِي اللَّهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ؛ فَإِنَّ الْعَبْدَ إِذَا اعْتَرَفَ وَتَابَ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِ . قَالَتْ: فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهُ قَلَصَ دَمْعِي حَتَّى مَا أُحِسُّ مِنْهُ قَطْرَةً فَقُلْتُ لِأَبِي: أَجِبْ عَنِّي رَسُولَ اللَّهِ فِيمَا قَالَ . فَقَالَ: وَاللَّهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَتْ: فَقُلْتُ لِأُمِّي: أَجِيبِي عَنِّي رَسُولَ اللَّهِ فِيمَا قَالَ . فَقَالَتْ: وَاللَّهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَتْ: فَقُلْتُ وَأَنَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ لَا أَقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ كَثِيرًا: إِنِّي وَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُ وَلَقَدْ سَمِعْتُمْ حَتَّى اسْتَقَرَّ فِي أَنْفُسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهِ، فَإِنْ قُلْتُ لَكُمْ: إِنِّي بَرِيئَةٌ لَا تُصَدِّقُونَنِي بِذَلِكَ، وَلَئِنِ اعْتَرَفْتُ بِأَمْرٍ - وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَنِّي مِنْهُ بَرِيئَةٌ - لَتُصَدِّقُنِّي، وَاللَّهِ مَا أَجِدُ لِي وَلَا لَكُمْ مَثَلًا إِلَّا أَبَا يُوسُفَ حِينَ يَقُولُ: (فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ) (يوسف: 18) . قَالَتْ: فَتَحَوَّلْتُ فَاضْطَجَعْتُ عَلَى فِرَاشِي، وَاللَّهُ يَعْلَمُ حِينَئِذٍ أَنِّي بَرِيئَةٌ، وَاللَّهُ يُبَرِّئُنِي بِبَرَاءَ

کیا کہ رونا میرے جگر کو پاش پاش کر دے گا۔ فرماتی ہیں: اسی اثناء میں کہ میرے ماں باپ میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور میں رو رہی تھی' ایک انصاری عورت نے اندر آنے کی اجازت چاہی' میں نے اسے آنے کی اجازت دی تو وہ میرے ساتھ رونے بیٹھ گئی' ہم اسی کیفیت میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور بیٹھ گئے حالانکہ اس سے پہلے جب سے یہ تہمت لگی تھی' آپ میرے پاس تشریف فرما نہیں ہوئے تھے اور ایک مہینہ گزرا' آپ پر میرے بارے میں کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ فرماتی ہیں: آپ نے کلمہ شہادت پڑھا' پھر فرمایا: حمد وصلوٰۃ کے بعد! اے عائشہ! مجھے تمہارے بارے میں ایسی ایسی بات پہنچی ہے' اگر تم بری ہو تو عنقریب اللہ تعالیٰ تمہاری برأت ظاہر فرمائے گا اور اگر (بالفرض) تم سے یہ ہو گیا ہے تو تم استغفار کرو اور اللہ کی طرف توبہ کرو' پس بے شک بندہ جب اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے' پس جب رسول اللہ ﷺ نے اپنی بات مکمل کر لی تو میرے آنسو خشک ہو گئے حتیٰ کہ میں نے ایک قطرہ آنسو کا بھی محسوس نہیں کیا۔ میں نے اپنے والد سے کہا: آپ میری طرف سے رسول اللہ ﷺ کی بات کا جواب دیں! تو فرماتی ہیں کہ اُنہوں نے کہا: واللہ! میں نہیں جانتا کہ میں رسول اللہ ﷺ سے کیا کہوں! تو میں نے اپنی ماں سے کہا: آپ میری طرف سے رسول اللہ ﷺ کو جواب دیں! تو اُنہوں نے بھی کہا کہ میں

تِي، وَلَكِنْ وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنَّ اللّٰهَ يُنْزِلُ فِي شَأْنِي وَحْيًا، لَشَأْنِي أَحْقَرُ فِي نَفْسِي مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ اللّٰهُ فِيَّ بِأَمْرِ بَيَانٍ، وَلَكِنْ كُنْتُ أَرْجُو أَنْ يَرَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّوْمِ رُؤْيَا يُبَرِّئُنِي اللّٰهُ بِهَا . قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ مَا قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَجْلِسِهِ، وَلَا خَرَجَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ حَتَّى أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَأَخَذَهُ مَا كَانَ يَأْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ حَتَّى إِنَّهُ لَيَتَحَدَّرُ مِنْهُ مِنَ الْعَرَقِ مِثْلَ الْجُمَانِ وَهُوَ فِي يَوْمٍ شَاتٍ مِنْ ثِقَلِ الْقُرْآنِ الَّذِي أُنْزِلَ عَلَيْهِ . قَالَتْ: فَسُرِّيَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَضْحَكُ، وَكَانَ أَوَّلُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا أَنْ قَالَ: يَا عَائِشَةُ أَمَّا اللّٰهُ فَقَدْ بَرَّأَكِ . قَالَتْ: فَقَالَتْ أُمِّي: قُومِي إِلَيْهِ . فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَا أَقُومُ إِلَيْهِ، وَإِنِّي لَا أَحْمَدُ إِلَّا اللّٰهَ . وَأَنْزَلَ اللّٰهُ (إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَكُمْ) فَلَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ هَذَا فِي بَرَاءَتِي قَالَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ وَهُوَ يُنْفِقُ عَلَى مِسْطَحِ بْنِ أُثَاثَةَ لِقَرَابَتِهِ وَفَقْرِهِ: وَاللّٰهِ لَا أُنْفِقُ عَلَى مِسْطَحٍ شَيْئًا بَعْدَ الَّذِي قَالَ لِعَائِشَةَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (وَلَا يَأْتَلِ أُولُو الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَى) إِلَى قَوْلِهِ: (وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ) (البقرة:218) فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: بَلَى وَاللّٰهِ إِنِّي لَأُحِبُّ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لِي، فَرَجَعَ إِلَى مِسْطَحٍ النَّفَقَةَ الَّتِي كَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِ قَالَ: وَاللّٰهِ لَا أَنْزِعُهَا مِنْهُ أَبَدًا . قَالَتْ: وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

نہیں جانتی کہ میں رسول اللہ ﷺ کو کیا کہوں؟ تو آپ نے عرض کیا: میں کم عمر لڑکی ہوں' بہت زیادہ قرآن نہیں پڑھتی' پس میں نے کہا: بخدا! میں جانتی ہوں کہ جو کچھ بیان کیا گیا تم نے اسے سن لیا اور وہ تمہارے دلوں میں گھر کر گیا اور تم اس کی تصدیق کرتے ہو اور اگر میں تم سے کہوں کہ میں اس سے بَری ہوں اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں اس سے بَری ہوں تو آپ لوگ اس کی تصدیق نہیں کریں گے اور اگر میں کسی (ناکردہ) کام کا اعتراف کروں اور اللہ خوب جانتا ہے کہ میں اس سے بَری ہوں تو تم ضرور میری تصدیق کرو گے' واللہ! میں اپنے اور تمہارے لیے حضرت یوسف علیہ السلام کے والد کی مثال کے سوا نہیں پاتی ہوں' اُنہوں نے کہا: ''پس صبر جمیل کرنا ہی بہتر ہے اور جو کچھ تم بیان کرتے ہو اس پر اللہ سے ہی مدد مطلوب ہے''۔ فرماتی ہیں کہ پھر میں وہاں سے اپنے بستر پر چلی گئی اور مجھے اُمید تھی کہ اللہ تعالیٰ میری برأت ظاہر فرمائے گا لیکن واللہ! میں یہ گمان نہیں کرتی تھی کہ وہ میرے حق میں ایسی وحی نازل فرمائے گا جس کی تلاوت کی جائے گی اور میرے نزدیک میری حیثیت اس سے بہت کم تھی کہ میرا معاملہ قرآن کریم میں بیان کیا جائے لیکن میرا خیال تھا کہ نبی کریم ﷺ سوتے میں ایسا خواب دیکھیں گے جس میں میری برأت کا اظہار ہو گا۔ فرماتی ہیں: واللہ! ابھی حضور ﷺ نے اُٹھنے کا قصد نہ کیا تھا اور نہ ہی گھر کا کوئی فرد گھر سے باہر گیا کہ آپ پر وحی کا نازل ہوا' پھر آپ کو

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ عَنْ أَمْرِي، فَقَالَ لِزَيْنَبَ: مَاذَا عَلِمْتِ أَوْ رَأَيْتِ؟ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَحْمِي سَمْعِي وَبَصَرِي، وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ إِلَّا خَيْرًا . قَالَتْ عَائِشَةُ: وَهِيَ الَّتِي كَانَتْ تُسَامِينِي مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِالْوَرَعِ، وَطَفِقَتْ أُخْتُهَا حَمْنَةُ تُحَارِبُ فَهَلَكَتْ فِيمَنْ هَلَكَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَهَذَا الَّذِي بَلَغَنِي مِنْ حَدِيثِ هَؤُلَاءِ الرَّهْطِ

سخت مشقت نے آلیا جو آپ کو لیا کرتی تھی حتیٰ کہ آپ کو موتیوں کی طرح پسینہ آ گیا سردی کے دن میں۔ فرماتی ہیں: پس جب آپ سے یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ مسکرائے اور جو پہلی بات آپ نے ارشاد فرمائی' وہ یہ تھی: اے عائشہ! اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرو' بے شک اس نے تمہاری برأت ظاہر فرمائی ہے' تو مجھ سے میری والدہ نے کہا: کھڑی ہو جاؤ رسول اللہ ﷺ کے لیے! تو میں نے کہا: واللہ! میں آپ کی طرف کھڑی نہیں ہوں گی اور نہ ہی خدا کے سوا کسی کی تعریف کروں گی اور اللہ تعالیٰ نے (ان الذین.....) تمام آیتیں نازل فرمائیں' پس جب اللہ تعالیٰ نے میری برأت میں یہ آیات نازل فرمائیں تو حضرت ابوبکر صدیق' مسطح بن اُثاثہ پر جو قرابت کی وجہ سے خرچ کرتے تھے تو اُنہوں نے کہا: واللہ! جو کچھ اس نے عائشہ کے بارے میں کہا ہے' میں اس پر کبھی خرچ نہیں کروں گا' تو اللہ تعالیٰ نے (ولا یاتل.....غفور رحیم) نازل فرمائی' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے: کیوں نہیں! جی ہاں! واللہ! میں ضرور پسند کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میری مغفرت فرمائے تو آپ مسطح پر اسی طرح خرچ کرنے لگے جس طرح کیا کرتے تھے اور رسول اللہ ﷺ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے بھی میرے بارے میں پوچھا تھا' فرمایا حضرت زینب سے کہ آپ ان کے بارے میں کیا جانتی ہیں یا آپ نے ان کو کیسا دیکھا ہے؟ تو اُنہوں نے عرض کیا کہ میں اپنی نگاہ وسماعت کی حفاظت کرتی ہوں' اللہ کی

قسم! میں نے ان کے بارے میں سوائے بھلائی کے کچھ نہیں جانا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ وہی تھیں جو ازواجِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے مجھ پر فائق رہنا چاہتی تھیں تو ان کو اللہ تعالیٰ نے ان کے تقویٰ کی وجہ سے محفوظ رکھا' اور ان کی بہن حمنہ محاسبہ کرنے لگی تو وہ بھی ہلاک ہوئی اسی کام میں جس وہ لوگ ہلاک ہوئے۔ ابن شہاب زہری فرماتے ہیں کہ یہ وہ حدیث ہے جو مجھے اس گروہ والوں سے پہنچی ہے۔

4913 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: وَقَالَتْ عَائِشَةُ: وَاللّٰهِ إِنَّ الرَّجُلَ الَّذِي قِيلَ لَهُ مَا قِيلَ لَيَقُولُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا كَشَفْتُ عَنْ كَنَفِ أُنْثَى قَطُّ ۔ قَالَتْ: ثُمَّ قُتِلَ بَعْدَ ذَلِكَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

ابن شہاب سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: واللہ! وہ شخص جس کے بارے میں وہ کچھ کہا گیا جو کہا گیا' وہ کہتا ہے: سبحان اللہ! واللہ! میں نے کبھی کسی عورت کے بارے میں نازیبا بات نہیں کہی' فرماتی ہیں: پھر وہ اس کے بعد اللہ کی راہ میں شہید کیے گئے۔

4914 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الْإِفْكِ مَا قَالُوا فَبَرَّأَهَا اللّٰهُ قَالَ: وَكُلُّهُمْ قَدْ حَدَّثَنِي طَائِفَةً مِنْ حَدِيثِهَا، وَبَعْضُهُمْ كَانَ أَوْعَى لَهُ مِنْ بَعْضٍ وَأَثْبَتَ لَهُ اقْتِصَاصًا، وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْ كُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمُ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ جب ان کے بارے میں بہتان لگانے والوں نے کہا جو کچھ کہا' اس کے بعد اللہ نے ان کی برأت کا اعلان فرما دیا اور ان میں سے ہر ایک نے آپ کی حدیث کا ایک حصہ روایت کیا ہے جبکہ ان میں سے بعض بعض سے زیادہ یاد رکھنے والے اور قصہ کو زیادہ مضبوط انداز میں بیان کرنے والے تھے' ان میں سے ہر آدمی سے میں نے یہ حدیث یاد کر لی جو اس نے حضرت

4913- الحديث سبق برقم: 4912,4910-4906,4380 فراجعه .

4914- الحديث سبق برقم: 4913,4912,4910-4906,4380 فراجعه .

الْحَدِيثَ الَّذِي حَدَّثَنِي عَنْ عَائِشَةَ، وَبَعْضُ حَدِيثِهِمْ يُصَدِّقُ بَعْضًا، وَإِنْ كَانَ بَعْضُهُمْ أَوْعَى لَهُ مِنْ بَعْضٍ قَالُوا: قَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ أَزْوَاجِهِ، فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ، فَلَمَّا كَانَتْ غَزْوَةُ بَنِي الْمُصْطَلِقِ أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ كَمَا كَانَ يَصْنَعُ فَخَرَجَ سَهْمِي عَلَيْهِنَّ، فَخَرَجَ بِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ . قَالَتْ: وَكَانَ النِّسَاءُ إِذْ ذَاكَ إِنَّمَا يَأْكُلْنَ الْعُلْقَةَ، لَمْ يَهْبُلْنَ بِاللَّحْمِ فَيَثْقُلْنَ، وَكُنْتُ إِذَا رُحِلَ لِي بَعِيرٌ وَجَلَسْتُ فِي هَوْدَجِي ثُمَّ يَأْتِي الْقَوْمُ الَّذِينَ يَرْحَلُونَ لِي يَحْمِلُونَنِي فَيَأْخُذُونِي بِأَسْفَلِ الْهَوْدَجِ فَيَرْفَعُونَهُ وَيَضَعُونَهُ عَلَى ظَهْرِ الْبَعِيرِ فَيَشُدُّونَهُ بِحِبَالِهِ ثُمَّ يَأْخُذُونَ بِرَأْسِ الْبَعِيرِ فَيَنْطَلِقُونَ . قَالَتْ: فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَفَرِهِ ذَلِكَ، وَجَّهَ قَافِلًا حَتَّى إِذَا جَاءَ قَرِيبًا مِنَ الْمَدِينَةِ نَزَلَ مَنْزِلًا فَبَاتَ بِهِ بَعْضَ اللَّيْلِ، ثُمَّ أُذِّنَ فِي النَّاسِ بِالرَّحِيلِ فَارْتَحَلَ النَّاسُ، وَخَرَجْتُ لِبَعْضِ حَاجَتِي وَفِي عُنُقِي عِقْدٌ لِي مِنْ جَزْعِ ظَفَارٍ، فَلَمَّا فَرَغْتُ انْسَلَّ مِنْ عُنُقِي وَلَا أَدْرِي، فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلَى الرَّحْلِ ذَهَبْتُ أَلْتَمِسُهُ فِي عُنُقِي فَلَمْ أَجِدْهُ، وَقَدْ أَخَذَ النَّاسُ فِي الرَّحِيلِ، فَرَجَعْتُ إِلَى مَكَانِي الَّذِي ذَهَبْتُ مِنْهُ فَالْتَمَسْتُهُ حَتَّى وَجَدْتُهُ، وَجَاءَ الْقَوْمُ خِلَافِي الَّذِينَ كَانُوا

عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں مجھے بیان کی تھی' ان کی حدیث کا بعض بعض کی تصدیق کرتا ہے' اگر ان میں سے بعض بعض سے زیادہ یاد رکھنے والے تھے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' فرماتی ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی کرتے جس کا قرعہ ان میں سے نکلتا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسے اپنے ساتھ لے جاتے' پس جب غزوۂ بنی مصطلق ہوا تو آپ نے اپنی بیویوں کے درمیان قرعہ اندازی فرمائی جس طرح آپ فرمایا کرتے تھے تو ان میں سے میرا قرعہ نکلا تو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھ لے کر نکلے اور عورتیں ان دنوں کم کھانا کھاتی تھیں' ان پر گوشت چڑھا ہوا نہیں ہوتا تھا کہ وہ بھاری جسامت والی ہوں اور میرے لیے جب اونٹ تیار کیا جاتا اور میں ہودج میں بیٹھتی پھر وہ لوگ آتے جو میری سواری کو لے کر چلتے' وہ ہودج کو نیچے سے پکڑتے' اسے اوپر اُٹھاتے اور اسے اونٹ کی پشت پر رکھتے اور اسے اونٹ کی رسیوں کے ساتھ باندھتے پھر وہ لوگ اونٹ کی مہار پکڑ کر چلتے۔ فرماتی ہیں: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اس سفر سے فارغ ہوئے تو آپ واپسی کی طرف متوجہ ہوئے یہاں تک کہ آپ مدینہ منورہ کے قریب آ پہنچے تو آپ نے پڑاؤ کیا' وہاں رات کا کچھ حصہ گزارا' پھر لوگوں کو کوچ کا حکم دے دیا گیا تو لوگ کوچ کرنے لگے اور میں اپنی ضرورت کے لیے نکلی اور میرے گلے میں سیپیوں کا ہار تھا' پس جب میں فارغ ہوئی تو وہ میری گردن سے گر گیا اور مجھے پتا نہ

يَرْحَلُونَ لِيَ الْبَعِيرَ وَقَدْ فَرَغُوا مِنْ رَحْلَتِهِ فَأَخَذُوا الْهَوْدَجَ وَهُمْ يَظُنُّونَ أَنِّي فِيهِ كَمَا كُنْتُ أَصْنَعُ، فَاحْتَمَلُوهُ فَشَدُّوا عَلَى الْبَعِيرِ وَلَمْ يَشُكُّوا أَنِّي فِيهِ، ثُمَّ أَخَذُوا بِرَأْسِ الْبَعِيرِ فَانْطَلَقُوا بِهِ، فَرَجَعْتُ إِلَى الْعَسْكَرِ وَمَا فِيهِ دَاعٍ وَلَا مُجِيبٌ، قَدِ انْطَلَقَ النَّاسُ . قَالَتْ: فَتَلَفَّعْتُ بِجِلْبَابِي ثُمَّ اضْطَجَعْتُ فِي مَكَانِي، وَعَرَفْتُ أَنْ لَوِ افْتُقِدْتُ قَدْ رَجَعَ إِلَيَّ . قَالَتْ: فَوَاللَّهِ إِنِّي لَمُضْطَجِعَةٌ إِذْ مَرَّ بِي صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ، وَقَدْ كَانَ تَخَلَّفَ عَنِ الْعَسْكَرِ لِبَعْضِ حَاجَتِهِ فَلَمْ يَتْبَعِ النَّاسَ، فَرَأَى سَوَادِي فَأَقْبَلَ حَتَّى وَقَفَ عَلَيَّ وَقَدْ كَانَ يَرَانِي قَبْلَ أَنْ يُضْرَبَ الْحِجَابُ، فَلَمَّا رَآنِي قَالَ: إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ظَعِينَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مُتَلَفِّعَةٌ فِي ثِيَابِي . وَقَالَ: مَا خَلَّفَكِ رَحِمَكِ اللَّهُ؟ قَالَتْ: فَمَا كَلَّمْتُهُ ثُمَّ قَرَّبَ الْبَعِيرَ فَقَالَ: ارْكَبِي وَاسْتَأْخَرَ عَنِّي . قَالَتْ: فَرَكِبْتُ وَأَخَذَ بِرَأْسِ الْبَعِيرِ فَانْطَلَقَ سَرِيعًا يَطْلُبُ النَّاسَ، فَوَاللَّهِ مَا أَدْرَكْنَا النَّاسَ وَمَا افْتُقِدْتُ حَتَّى أَصْبَحْنَا وَنَزَلَ النَّاسُ، فَلَمَّا اطْمَأَنُّوا طَلَعَ الرَّجُلُ يَقُودُ بِي . فَقَالَ أَهْلُ الْإِفْكِ مَا قَالُوا فَارْتَجَّ الْعَسْكَرُ وَاللَّهِ مَا أَعْلَمُ بِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ، ثُمَّ قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فَلَمْ أَلْبَثْ أَنِ اشْتَكَيْتُ شَكْوَى شَدِيدَةً، لَمْ يَبْلُغْنِي مِنْ ذَلِكَ شَيْءٌ، وَقَدِ انْتَهَى الْحَدِيثُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِلَى أَبَوَيَّ، لَا يَذْكُرُونَ مِنْهُ قَلِيلًا وَلَا كَثِيرًا

چلا' پس جب میں اپنی سواری کی طرف لوٹی تو اسے اپنی گردن میں تلاش کرنے لگی' میں نے اسے نہ پایا اور لوگ کوچ کی تیاری میں تھے' پس میں اس جگہ کی طرف لوٹی جہاں میں گئی تھی' میں نے اسے تلاش کیا حتیٰ کہ میں نے اسے پالیا اور میرے بعد وہ لوگ آئے جو میرے اونٹ کو لے کر چلتے تھے' وہ اپنی سواریوں کی تیاری سے فارغ ہو چکے تھے' اُنہوں نے ہودج کو پکڑا اس خیال میں کہ میں اس میں ہوں جس طرح کہ میں کرتی تھی' پس انہوں نے اسے اُٹھا کر اونٹ پر رکھا اور اونٹ پر باندھ دیا اور انہیں یہ شک نہ ہوا کہ میں اس میں نہیں ہوں' پھر اُنہوں نے اونٹ کی مہار پکڑی اور چل دیئے' میں لشکر کی طرف لوٹی تو وہاں نہ پکارنے والا تھا اور نہ ہی کوئی جواب دینے والا' لوگ جا چکے تھے۔ فرماتی ہیں کہ میں نے سر چادر سے ڈھانپا' پھر میں اپنی جگہ لیٹ گئی اور میں نے سمجھا کہ جب میں مفقود پائی گئی تو کوئی میری طرف لوٹے گا۔ فرماتی ہیں: واللہ! میں لیٹی ہوئی تھی کہ اچانک میرے پاس سے صفوان بن معطل سلمی گزرے' وہ لشکر کی ضرورت کے پیش نظر لشکر سے پیچھے رہا کرتے تھے' وہ لوگوں کے پیچھے نہ چلا کرتے تو انہوں نے میری پر چھائی دیکھی' وہ میری طرف بڑھے حتیٰ کہ اُنہوں نے مجھے پہچان لیا جبکہ انہوں نے پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے مجھے دیکھ رکھا تھا۔ پس جب اُنہوں نے مجھے دیکھا تو انا للہ وانا الیہ راجعون کہا' رسول اللہ ﷺ کی زوجہ اور میں اپنے کپڑوں میں چھپی ہوئی تھی اور اُنہوں نے

إِلَّا أَنِّي قَدْ أَنْكَرْتُ ذَلِكَ مِنْهُ: كَانَ إِذَا دَخَلَ عَلَيَّ وَعِنْدِي أُمِّي تُمَرِّضُنِي قَالَ: كَيْفَ تِيكُمْ؟ لَا يَزِيدُ عَلَى ذَلِكَ . قَالَتْ: حَتَّى وَجَدْتُ فِي نَفْسِي فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ- حِينَ رَأَيْتُ مَا رَأَيْتُ مِنْ جَفَائِهِ- لَوْ أَذِنْتَ لِي فَانْتَقَلْتُ إِلَى أُمِّي فَمَرَّضَتْنِي . قَالَ: لَا عَلَيْكِ . قَالَتْ: فَانْتَقَلْتُ إِلَى أُمِّي وَلَا أَعْلَمُ بِشَيْءٍ مِمَّا كَانَ حَتَّى نَقَهْتُ مِنْ وَجَعِي بَعْدَ بِضْعٍ وَعِشْرِينَ لَيْلَةً، وَكُنَّا قَوْمًا عَرَبًا لَا نَتَّخِذُ فِي بُيُوتِنَا هَذِهِ الْكُنُفَ الَّتِي يَتَّخِذُهَا الْأَعَاجِمُ نَعَافُهَا وَنَكْرَهُهَا، إِنَّمَا كُنَّا نَذْهَبُ فِي سَبَخِ الْمَدِينَةِ، وَإِنَّمَا كَانَ النِّسَاءُ يَخْرُجْنَ كُلَّ لَيْلَةٍ فِي حَوَائِجِهِنَّ، فَخَرَجْتُ لَيْلَةً لِبَعْضِ حَاجَتِي وَمَعِي أُمُّ مِسْطَحٍ بِنْتُ أَبِي رُهْمِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ وَكَانَتْ أُمُّهَا بِنْتَ صَخْرِ بْنِ عَامِرِ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمٍ، خَالَةَ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ . قَالَتْ: فَوَاللَّهِ إِنَّهَا لَتَمْشِي مَعِي إِذْ عَثَرَتْ فِي مِرْطِهَا فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ قَالَتْ: قُلْتُ: بِئْسَ- لَعَمْرُ اللَّهِ- مَا قُلْتِ لِرَجُلٍ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا قَالَتْ: وَمَا بَلَغَكِ الْخَبَرُ يَا بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ؟ قَالَتْ: قُلْتُ: وَمَا الْخَبَرُ؟ فَأَخْبَرَتْنِي بِالَّذِي كَانَ مِنْ قَوْلِ أَهْلِ الْإِفْكِ . قَالَتْ: قُلْتُ: وَقَدْ كَانَ هَذَا؟ قَالَتْ: نَعَمْ . وَاللَّهِ لَقَدْ كَانَ . قَالَتْ: فَوَاللَّهِ مَا قَدَرْتُ عَلَى أَنْ أَقْضِيَ حَاجَتِي وَرَجَعْتُ، فَوَاللَّهِ مَا زِلْتُ أَبْكِي حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّ الْبُكَاءَ سَيَصْدَعُ كَبِدِي . قَالَتْ: وَقُلْتُ

پوچھا: اللہ آپ پر رحم فرمائے! کس چیز نے آپ کو لشکر سے پیچھے رکھا؟ فرماتی ہیں: میں نے کوئی لفظ نہ بولا' پھر انہوں نے اونٹ میرے قریب کیا اور کہا: اس پر سوار ہو جائیں! اور وہ مجھ سے پیچھے رہا۔ فرماتی ہیں: پس میں سوار ہوئی اور اس نے اونٹ کی رسّی پکڑی' وہ لوگوں کو تلاش کرتے ہوئے جلدی جلدی چلا' واللہ! نہ ہی ہم نے لوگوں کو پایا اور نہ ہی اُنہوں نے مجھے گم پایا یہاں تک کہ ہم نے صبح کی اور لوگوں نے پڑاؤ کیا ہوا تھا' پس جب وہ مطمئن ہو گئے تو ایک شخص میری سواری کو کھینچتے ہوئے ظاہر ہوا تو اہل افک نے کہا جو کچھ انہوں نے کہا' واللہ! مجھے اس میں سے کسی بات کا پتا نہ تھا' پھر ہم مدینہ آئے' مجھے فوراً سخت بیماری نے آ گھیرا' مجھے اس میں سے کوئی بات بھی نہ پہنچی اور بات رسول اللہ ﷺ اور میرے والدین تک جا پہنچی' اُنہوں نے اس میں سے نہ کم نہ زیادہ کچھ کا تذکرہ نہ کیا کہ میں ان کا انکار کرتی' آپ جب میرے پاس تشریف لائے تو میری ماں میری بیمار پرسی کر رہی تھیں' آپ نے فرمایا: تم کیسی ہو؟ اس سے کچھ زیادہ نہ فرمایا۔ فرماتی ہیں: حتیٰ کہ میں دل ہی دل میں غصے ہوئی' میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! (جب میں نے آپ کی بے التفاتی دیکھی) اگر آپ اجازت دیں تو میں اپنی ماں کے پاس چلی جاؤں' وہ میری تیمارداری کریں گی' تو آپ نے فرمایا: تم پر کوئی حرج نہیں۔ فرماتی ہیں: تو میں اپنی ماں کے پاس منتقل ہو گئی اور مجھے جو معاملہ تھا اس کا کچھ پتا نہ چلا حتیٰ کہ بیس سے

لِأُمِّي: يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكِ . تَحَدَّثَ النَّاسُ بِمَا تَحَدَّثُوا بِهِ وَلَا تَذْكُرِينَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا؟ قَالَتْ: أَيْ بُنَيَّةُ خَفِّفِي عَلَيْكِ الشَّأْنَ، فَوَاللّٰهِ لَقَلَّ مَا كَانَتِ امْرَأَةٌ حَسْنَاءُ عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا لَهَا ضَرَائِرُ إِلَّا كَثَّرْنَ وَكَثَّرَ النَّاسُ عَلَيْهَا ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ بِتَمَامِهِ عَلَى نَحْوِ مَا حَدَّثَنَا بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ

کچھ اوپر دن گزرنے پر میں تکلیف کی وجہ سے کمزور پڑ گئی اور ہم عرب لوگ اپنے گھروں میں یہ بیت الخلاء نہیں بناتے تھے جو عجمی لوگ بناتے ہیں' ہم اسے ناپسند کرتے ہیں' ہم شہر کی شومیلی زمین میں جاتے اور عورتیں ہر رات قضاء حاجت کے لیے نکلتی تھیں' پس میں اُم مسطح بنت ابی رھم بن عبدالمطلب بن عبدمناف کے ساتھ ایک رات قضائے حاجت کے لیے نکلی' ان کی والدہ صخر بن عامر بن کعب بن سعد بن تیم کی بیٹی تھیں جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خالہ تھیں۔ فرماتی ہیں: واللہ! وہ میرے ساتھ چل رہی تھیں کہ اچانک اپنی چادر میں اُلجھ کر لڑکھڑائیں تو بولیں: مسطح ہلاک ہو! تو میں نے کہا: بُری بات' اللہ کی قسم! کیا آپ یہ بات ایک ایسے مہاجر شخص کے بارے میں کہہ رہی ہیں جو غزوۂ بدر میں شریک ہوا۔ تو وہ بولیں: اے ابوبکر کی بیٹی! آپ کو بات کی خبر نہیں پہنچی ہے' کیا؟ فرماتی ہیں کہ میں نے کہا: کس بات کی خبر؟ تو اُنہوں نے مجھے اہل افک کی باتوں کے بارے میں بتایا۔ فرماتی ہیں: میں نے کہا: تو معاملہ یہ ہے؟ تو اُنہوں نے کہا: جی ہاں! واللہ! معاملہ اسی طرح ہے۔ فرماتی ہیں: واللہ! مجھ میں اتنی طاقت نہ رہی کہ میں قضائے حاجت کروں اور لوٹوں' بخدا! میں روتی رہی یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ رونا میرے جگر کے ٹکڑے کر دے گا۔ فرماتی ہیں کہ میں نے اپنی والدہ سے کہا: اللہ آپ کی بخشش فرمائے! لوگ ایسی باتیں کرتے رہے اور آپ نے مجھے کچھ بھی نہیں بتایا؟ تو اُنہوں نے

کہا: اے بیٹی! حوصلہ رکھو' واللہ! بہت کم ہوتا ہے کہ کوئی حسین عورت اپنے شوہر کو محبوب ہو' اس کی سوکنیں بھی ہوں مگر یہ کہ اس پر غالب آنا چاہیں اور لوگ اس پر غالب آنا چاہیں' پھر تمام حدیث اُنہوں نے صالح بن کیسان والی بیان کی۔

4915 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ لِي أَبِي إِنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ لَهُ: يَا ابْنَ أُخْتِي لَقَدْ رَأَيْتُ مِنْ تَعْظِيمِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَبَّاسَ أَمْرًا عَجَبًا؛ وَذَلِكَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ تَأْخُذُهُ الْخَاصِرَةُ فَتَشْتَدُّ بِهِ جِدًّا . قَالَتْ: وَكُنَّا نَقُولُ أَخَذَتْ رَسُولَ اللَّهِ عِرْقُ الْكُلْيَةِ وَلَا نَهْتَدِي لِلْخَاصِرَةِ . فَأَخَذَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَاصِرَةُ يَوْمًا مِنْ ذَلِكَ فَاشْتَدَّتْ بِهِ جِدًّا حَتَّى أُغْمِيَ عَلَيْهِ، فَخِفْنَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفَزِعَ النَّاسُ إِلَيْهِ . قَالَتْ: فَظَنَنَّا أَنَّ بِهِ ذَاتَ الْجَنْبِ فَلَدَدْنَاهُ . قَالَتْ: ثُمَّ سُرِّيَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَفَاقَ . قَالَتْ: فَعَرَفَ أَنْ قَدْ لَدَدْنَاهُ فَوَجَدَ أَثَرَ اللَّدِّ فَقَالَ: أَظَنَنْتُمْ أَنَّ اللَّهَ سَلَّطَهَا عَلَيَّ؟ مَا كَانَ اللَّهُ لِيُسَلِّطَهَا عَلَيَّ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يَبْقَى أَحَدٌ فِي الْبَيْتِ إِلَّا لُدَّ إِلَّا عَمِّي . قَالَتْ عَائِشَةُ: فَلَقَدْ رَأَيْتُهُمْ يَوْمَئِذٍ يُلَدُّونَ رَجُلًا رَجُلًا . قَالَتْ

ہشام بن عروہ روایت کرتے ہیں اپنے والد سے کہ انہوں نے مجھ سے کہا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان سے کہا: اے بھانجے! رسول اللہ ﷺ کو حضرت عباس کی تعظیم کرتے ہوئے عجیب معاملہ میں نے دیکھا' وہ یہ کہ رسول اللہ ﷺ کے پہلو میں درد ہو جاتا تھا اور انتہائی سخت ہوتا' پس ہم کہتے تھے: رسول کریم ﷺ کو گردے کا درد ہے' ہم خاصرہ سے واقف نہ تھے' پس ایک دن رسول کریم ﷺ کو پھر سے پہلو کا درد ہو گیا اور اس قدر شدید و سخت ہوا' حتیٰ کہ آپ پر بے ہوشی طاری ہو گئی' تو ہم نے رسول اللہ ﷺ کے بارے میں خوف کیا اور لوگ آپ کی طرف گھبرا کر آئے۔ فرماتی ہیں کہ ہم نے گمان کیا کہ آپ کو نمونیہ ہو گیا ہے تو ہم نے آپ کے منہ کے کناروں سے دوا پلائی۔ فرماتی ہیں کہ پھر جب رسول اللہ ﷺ سے یہ کیفیت دور ہوئی' آپ کو افاقہ ہوا۔ فرماتی ہیں کہ آپ نے جانا کہ ہم نے آپ کو دوا پلائی ہے' آپ نے دوا کا اثر محسوس کیا تو فرمایا: کیا تم یہ گمان کرتے تھے کہ اللہ نے اس بیماری کو مجھ پر مسلط کر دیا ہے' اللہ کے شایانِ شان نہیں کہ وہ اس کو میرے اوپر غالب فرما

4915- اخرجه أحمد جلد6صفحه53 . والبخاري جلد 6صفحه17 وجلد 7صفحه164 قال: حدثنا علي بن عبد الله . وفي جلد9صفحه8 قال: حدثنا عمرو بن علي .

AlHidayah - الهداية

عَائِشَةُ: وَمَنْ فِي الْبَيْتِ يَوْمَئِذٍ يُذْكَرُ فَضْلُهُمْ . قَالَتْ: فَلُدَّ الرِّجَالُ أَجْمَعِينَ . قَالَتْ: ثُمَّ بَلَغَنَا وَاللَّهِ اللَّدُودُ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلُدِدْنَا وَاللَّهِ امْرَأَةً امْرَأَةً . قَالَتْ: حَتَّى بَلَغَ اللَّدُودُ امْرَأَةً مِنَّا قَالَتْ: إِنِّي وَاللَّهِ صَائِمَةٌ، فَقُلْنَا لَهَا: بِئْسَ مَا ظَنَنْتِ أَنْ نَتْرُكَكِ وَقَدْ أَقْسَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَتْ: فَلَدَدْنَاهَا وَاللَّهِ يَا ابْنَ أُخْتِي وَإِنَّهَا لَصَائِمَةٌ قَالَ: وَقَالَ عُرْوَةُ: عَبَّاسٌ وَاللَّهِ أَخَذَ بِيَدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أَتَاهُ السَّبْعُونَ مِنَ الْأَنْصَارِ الْعَقَبَةَ، فَأَخَذَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ وَشَرَطَ عَلَيْهِمْ، وَذَلِكَ فِي غُرَّةِ الْإِسْلَامِ وَأَوَّلِهِ قَبْلَ أَنْ يَعْبُدَ أَحَدٌ اللَّهَ عَلَانِيَةً

دے' اس ذات کی قسم جس کے قبضے م یں میری جان ہے! گھر میں دوائی اور میرے چچا کے علاوہ کوئی نہ رہے۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں: تحقیق میں نے اس دن ان کو دیکھا کہ دوا پی رہے تھے' ایک ایک آدمی یعنی سب۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں: اُس دن جو بھی گھر میں تھا اس کی فضیلت بیان کی جا رہی تھی۔ آپ فرماتی ہیں: تمام لوگوں نے دوا پی لی تھی' فرماتی ہیں: پھر قسم بخدا! یہ دوا ہم نبی کریم ﷺ کی بیوی تک پہنچی' قسم بخدا! ہم عورتیں ایک ایک کر کے دوا پینے لگیں۔ فرماتی ہیں: حتیٰ کہ یہ دوا ہم میں سے ایک عورت (میمونہ) تک پہنچی' جس نے کہا: میرا روزہ ہے۔ پس ہم نے اس سے کہا: کتنا بُرا تُو نے گمان کیا ہے' ہم آپ کو چھوڑ دیں حالانکہ رسول کریم ﷺ نے اسے تقسیم فرمایا ہے۔ فرماتی ہیں: پس ہم نے اس کو بھی وہ دوا پلائی' قسم بخدا! اے میرے بھانجے! وہ یقیناً روزے سے تھیں۔ وہ فرماتے اور حضرت عروہ نے کہا: اللہ کی قسم! حضرت عباس نے حضور ﷺ کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا' جب عقبہ کے مقام پر آپ کے ساتھ ستر انصاری آئے' پس رسول کریم ﷺ کے لیے بیعت لیں اور شرطیں بتائیں اور ابتدائے اسلام کی بات ہے' اس سے پہلے کہ کوئی آدمی کھلے بندے اللہ کی عبادت کرتا ہو۔

4916 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ الْأَزْرَقِ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ أَبِي زَائِدَةَ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ہر وقت ذکر کرتے تھے۔

4916- الحديث سبق برقم: 4680 فراجعه .

عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْبَهِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَذْكُرُ اللَّهَ فِي كُلِّ أَحْيَانِهِ

4917 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ رُقْيَةِ الْحُمَةِ قَالَتْ: رَخَّصَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرُّقْيَةِ مِنْ كُلِّ ذِي حُمَةٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن اسود اپنے والد کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بخار کے دَم کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بخار کے دم کی رخصت دی۔

4918 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ ذَكَرَ أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّهَا كَانَتْ إِذَا عَرَكَتْ قَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ اشْدُدِي عَلَى وَسَطِكِ . وَكَانَ يُبَاشِرُهَا مِنَ اللَّيْلِ مَا شَاءَ اللَّهُ، وَكَانَ يُكَبِّرُ لِصَلَاتِهِ، وَقَلَّ مَا كَانَ يَنَامُ مِنَ اللَّيْلِ لَمَّا قَالَ اللَّهُ: (قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا) (المزمل:2)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب ان کو حیض آتا تھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کو کہتے اے بنت صدیق رضی اللہ عنہ درمیان میں کپڑا باندھ لے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو ان کے ساتھ لیٹتے تھے جتنا اللہ چاہتا تھا اور نماز کے لیے اللہ اکبر کہتے رات کو بہت کم سوتے تھے جب سے اللہ نے فرمایا کہ رات کو اٹھیں مگر تھوڑا۔

4919 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: صَلَاتَانِ مَا تَرَكَهُمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِرًّا وَلَا عَلَانِيَةً: رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دو نفل نمازیں نہیں چھوڑیں پوشیدگی میں اور نہ کھلے بندوں۔ دو رکعتیں فجر سے پہلے اور دو رکعتیں عصر کے بعد۔

4917- الحديث سبق برقم: **4888** فراجعه .

4918- الحديث في المقصد العلي برقم: **407** . وأورده السيوطي في الدر المنثور جلد **6** صفحه **276** ونسبه الى عبد الله بن أحمد في الزوائد على المسند والى محمد بن نصر في كتاب الصلاة .

4919- أخرجه مسلم رقم الحديث: **835** من طريق أبي بكر بن أبي شيبة به .

4920 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أَخْبَرَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، أَنَّ السَّائِبَ سَأَلَ عَائِشَةَ فَقَالَ: إِنِّي قَدْ كَبِرْتُ، وَإِنِّي لَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أُصَلِّيَ إِلَّا جَالِسًا، فَكَيْفَ تَرَيْنَ؟ فَقَالَتْ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ - أَوْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ- صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ الْجَالِسِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ صَلَاتِهِ قَائِمًا

حضرت سائب نے سوال کیا کہ اے ام المومنین! میں بوڑھا ہو گیا ہوں۔ میں نماز صرف بیٹھ کر ہی پڑھنے کی طاقت رکھتا ہوں؟ آپ رضی اللہ عنہا اس کے متعلق کیا رائے دیتی ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیٹھ کر پڑھنے والے کی نماز کا ثواب آدھا ہے اور کھڑے ہو کر پڑھنے والے کی نماز کا پورا ثواب ہے۔

4921 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ أَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَبْعَثُ بِهَا ثُمَّ لَا يَجْتَنِبُ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُهُ الْمُحْرِمُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قربانی کے جانوروں کی رسیاں بٹتی تھی' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم قربانیاں بھیج دیتے تھے پھر اس قدر پرہیز نہیں کرتے تھے جس قدر ایک احرام والا کرتا ہے۔

4922 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى عَائِشَةَ فَأَخْرَجَتْ إِلَيْنَا إِزَارًا غَلِيظًا مِمَّا يُصْنَعُ بِالْيَمَنِ، وَكِسَاءً مِنْ هَذِهِ الَّتِي تَدْعُونَهَا الْمُلَبَّدَةَ . قَالَتْ: قُبِضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَيْنِ الثَّوْبَيْنِ

حضرت ابو بردہ فرماتے ہیں: ہم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوئے' پس وہ ہماری طرف نکال کر لے آئیں ایک یمن کی بُنی ہوئی موٹی چادر اور اسی ایک اور جسے ملبّدہ کہا جاتا تھا' فرمایا: انہیں دو کپڑوں میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا۔

4923 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

حضرت سلیمان بن مغیرہ اپنی سند کے ساتھ اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

4924 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت

4920- أخرجه أحمد جلد6صفحه61 قال: حدثنا أسباط .

4921- الحديث سبق برقم: 4488,4377 فراجعه .

4922- الحديث سبق برقم: 4415 فراجعه .

4923- الحديث سبق برقم: 4922 فراجعه .

الْوَلِيدُ بْنُ أَبِي ثَوْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَمَثَّلُ شِعْرًا قَطُّ؟ قَالَتْ: كَانَ أَحْيَانًا إِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ يَقُولُ:

(البحر الطويل)

وَيَأْتِيكَ بِالْأَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ

عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا کیا حضور ﷺ شعر کے ساتھ کبھی مثال دیتے تھے؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کبھی کرتے تھے جب گھر میں داخل ہوتے تھے۔ کہتے تھے:

''اور آپ کے پاس خبریں وہ لاتا ہے جو زادِ راہ نہیں لیتا ہے''۔

4925 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي مَعْشَرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: عَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا أَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: قُلِ: الْحَمْدُ لِلَّهِ . قَالَ الْقَوْمُ: مَا نَقُولُ لَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: قُولُوا: رَحِمَكَ اللَّهُ . قَالَ الرَّجُلُ: مَا أَرُدُّ عَلَيْهِمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: قُلْ يَهْدِيكُمُ اللَّهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک آدمی کو حضور ﷺ کے پاس چھینک آئی۔ اس نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ میں کیا کہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کہو ''الحمد للہ''۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم کیا کہیں؟ فرمایا: تم ''رحمک اللہ'' کہو۔ اس آدمی نے عرض کی کہ میں ان کو کیا جواب دوں یا رسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: تم کہو ''یھدیکم اللہ ویصلح بالکم''۔

4926 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاشِيَ وَالْمُرْتَشِيَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رشوت لینے والے اور رشوت دینے والے دونوں پر رسول کریم ﷺ نے لعنت فرمائی ہے۔

4927 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ الْوَلِيدِ الْمَدَنِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مغرب اور عشاء کے درمیان بیس رکعتیں

4925- الحديث في المقصد العلي برقم: 1082 .

4926- الحديث سبق برقم: 4582 فراجعه .

4927- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 1373 من طريق أحمد بن منيع بهذا السند .

عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ عِشْرِينَ رَكْعَةً بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

ادا کیں اس کے لیے جنت میں گھر بنا دیا جائے گا۔

4928 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ - إِنْ شَاءَ اللَّهُ هَكَذَا أَمْلَاهُ عَلَيْنَا عَبْدُ الْأَعْلَى - أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَبْرِدُوا بِالظُّهْرِ فِي شِدَّةِ الْحَرِّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اگر اللہ نے چاہا تو ہم پر عبدالاعلیٰ نے اس طرح اس کو املاء کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سخت گرمیوں میں ظہر ٹھنڈی کر کے پڑھو۔

4929 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَسْبِقَ الدَّائِبَ الْمُجْتَهِدَ فَلْيَكُفَّ عَنِ الذُّنُوبِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ جو نیکیوں کے عادی' بہت کوشش کرنے والے سے سبقت لے جائے' اسے چاہیے کہ وہ گناہوں سے رک جائے۔

4930 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْهُذَلِيُّ، حَدَّثَنَا أَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زُبَيْدٍ الْأَيَامِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْغِي الْإِنَاءَ لِلسِّنَّوْرِ فَتَشْرَبُ مِنْهُ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ لِلصَّلَاةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بلی کے لیے برتن کو جھکا دیتے تھے، وہ اس سے پیتی تھی اور آپ اس سے نماز کے لیے وضوء کرتے تھے۔

4931 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

4928- الحديث سبق برقم: 4637 فراجعه .

4929- الحديث في المقصد العلي برقم: 1748 .

4930- أخرجه البزار رقم الحديث: 275 من طريق يوسف بن موسىٰ' حدثنا أحمد بن عبد الله' حدثنا مندل ابن علي' عن عبد الله بن سعيد' عن أبيه' عن عروة' عن عائشة .

4931- أخرجه مسلم جلد6صفحه28 قال: حدثنا محمد بن عبد الله بن نُمير .

بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَبِيبٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي حُسَيْنٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ وَلَكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا

فرمایا: فتح کے بعد ہجرت نہیں ہے لیکن جہاد، نیت سے جب تم کو نکلنے کا حکم دیا جائے تو نکلو۔

4932 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ، مَوْلَى آلِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، قَالَ: قَالَتْ عَمْرَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَقِيلُوا ذَوِي الْهَيْئَاتِ زَلَّاتِهِمْ قَالَ: فَحَضَرْتُ أَبَا بَكْرِ بْنَ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ قَضَى بِذَلِكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت ابوبکر بن عمرو بن حزم حاضر ہوئے اس کے ساتھ فیصلہ فرمایا۔

4933 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ، عَنْ رَزِينٍ الْبَكْرِيِّ، حَدَّثَتْنَا مَوْلَاةٌ لَنَا يُقَالُ لَهَا سَلْمَى مِنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ تَقُولُ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ هَلْ مِنْ كِسْرَةٍ؟ فَأَتَيْتُهُ بِقُرْصٍ فَوَضَعَ عَلَى فِيهِ وَقَالَ: يَا عَائِشَةُ هَلْ دَخَلَ بَطْنِي مِنْهُ شَيْءٌ؟ كَذَلِكَ قُبْلَةُ الصَّائِمِ، إِنَّمَا الْإِفْطَارُ مِمَّا دَخَلَ وَلَيْسَ مِمَّا خَرَجَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضور ﷺ میرے پاس آئے اور فرمایا: اے عائشہ! کیا تیرے پاس روٹی کے ٹکڑے ہیں۔ میں آپ ﷺ کے پاس ایک ٹکڑا لے آئی۔ آپ ﷺ نے اپنے منہ پر رکھا لیا اور فرمایا: اے عائشہ! کیا میرے پیٹ میں کوئی چیز داخل ہوئی ہے؟ اس طرح بوسہ ہے روزہ اس وقت توڑتا ہے جو داخل ہوا کے نکلے اس سے نہیں توڑتا جو باہر ہو۔

4934 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے پاس حضور ﷺ تشریف لائے اس حالت میں کہ میں رو رہی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! تو کیوں رو رہی

4932- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**181** . والنسائي في الكبرى (تحفة الأشراف) جلد**12**صفحه**17956** عن عمرو ابن علي .

4933- الحديث سبق برقم: **4583** فراجعه .

4934- الحديث في المقصد العلي برقم: **1380** .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبْكِي فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ؟ قُلْتُ: سَبَّتْنِي فَاطِمَةُ فَدَعَا فَاطِمَةَ فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ سَبَبْتِ عَائِشَةَ؟ قَالَتْ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ـ قَالَ: يَا فَاطِمَةُ، أَلَيْسَ تُحِبِّينَ مِنْ أُحِبُّ؟ قَالَتْ: نَعَمْ ـ وَتُبْغِضِينَ مَنْ أُبْغِضُ؟ قَالَتْ: بَلَى ـ قَالَ: فَإِنِّي أُحِبُّ عَائِشَةَ فَأَحِبِّيهَا ـ قَالَتْ فَاطِمَةُ: لَا أَقُولُ لِعَائِشَةَ شَيْئًا يُؤْذِيهَا أَبَدًا

ہے؟ میں نے عرض کی: مجھے فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کوئی ناپسند بات کہی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلوایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے پوچھا: اے فاطمہ! تُو نے عائشہ رضی اللہ عنہا کو ناپسند بات کہی ہے؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: جی ہاں! یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو اس سے محبت نہیں کرتی جس سے میں محبت کرتا ہوں؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو اس سے بغض نہیں رکھتی جس سے میں بغض رکھتا ہوں؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں عائشہ سے پیار کرتا ہوں، تُو بھی اس سے پیار کر۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی میں عائشہ رضی اللہ عنہا کو کبھی بھی تکلیف نہیں دوں گی۔

4935 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى الْحَمَّالُ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم شہد اور میٹھی شی پسند کرتے تھے۔

4936 - حَدَّثَنَا هَارُونُ الْحَمَّالُ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الْعَصْرَ دَارَ عَلَى نِسَائِهِ فَيَدْنُو مِنْهُنَّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنی ازواج کے گھروں میں داخل ہوتے تو اُن کے قریب ہوتے تھے۔

4937 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى أَيْضًا، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بستر مبارک جس میں آرام کرتے تھے اس میں کھجور کی چھال

4935- الحديث سبق برقم: **4871,4722,4875** فراجعه .

4936- الحديث سبق برقم: **4935,4871,4722,4875** فراجعه .

4937- الحديث سبق برقم: **4387** فراجعه .

قَالَتْ: كَانَ فِرَاشُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي نَرْقُدُ فِيهِ مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهُ لِيفٌ

بھری ہوتی تھی۔

4938 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ مِنْ أَعْلَى مَكَّةَ، وَدَخَلَ فِي الْعُمْرَةِ مِنْ كُدًا. قَالَ: فَكَانَ عُرْوَةُ يَدْخُلُ مِنْهُمَا جَمِيعًا، وَكَانَ أَكْثَرَ مَا يَدْخُلُ مِنْ كَدَاءٍ، وَكَانَ أَقْرَبَهُمَا إِلَى مَنْزِلِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ فتح کے سال اوپر والی طرف کدائے مکہ سے داخل ہوئے اور عمرہ میں کدا سے آئے۔ حضرت عروہ بھی ان دونوں سے داخل ہوتے تھے زیادہ تر کداء سے داخل ہوتے کیونکہ وہ آپ کے گھر کے قریب پڑتا تھا۔

4939 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْتَدُّ عَلَيْهِ أَنْ يُوجَدَ مِنْهُ. قَالَ أَبُو يَعْلَى: يَعْنِي رِيحَ الثُّومِ وَالْبَصَلِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ اس پر سختی کرتے تھے جس سے پاتے تھے۔ امام ابویعلیٰ فرماتے ہیں: جس سے لہسن اور پیاز کی بو آتی تھی۔

4940 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا عَوْبَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ يَكُونُ لِي جَارَانِ، أَحَدُهُمَا بَابُهُ قُبَالَةَ بَابِي، وَالْآخَرُ شَاسِعٌ عَنْ بَابِي وَهُوَ أَقْرَبُ فِي الْجِدَارِ، فَبِأَيِّهِمَا أَبْدَأُ؟ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْدَئِي بِالَّذِي بَابُهُ قُبَالَةَ بَابِكِ قَالَ: عَبْدُ الْمَلِكِ هُوَ أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرے دو پڑوسی ہیں۔ ایک میرے گھر کے سامنے ہے، دوسرا میرے دروازے سے دور ہے۔ وہ اس دیوار کے زیادہ قریب ہے۔ میں ہمیشہ کس سے ابتداء کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس سے جو تیرے دروازے کے بالکل سامنے ہے۔ امام ابویعلیٰ فرماتے ہیں: عبدالملک سے مراد ابوعمران الجونی ہے۔

4941 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا عَوْبَدُ، عَنْ

حضرت بابنوس فرماتے ہیں: میں اور دو دیگر آدمی

4938- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 40 قال: حدثنا سفيان . وفي جلد 6 صفحه 201,58 قال: حدثنا أبو أسامة حماد ابن أسامة .

4939- الحديث سبق برقم: 4935,4875,4871,4722 فراجعه .

4940- الحديث في المقصد العلي برقم: 1008 .

4941- الحديث في المقصد العلي برقم: 460 .

أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ بَابِنُوسَ قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَرَجُلَانِ آخَرَانِ عَلَى عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ، فَقَالَ لَهَا رَجُلٌ مِنَّا: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ مَا تَقُولِينَ فِي الْعِرَاكِ؟ قَالَتْ: وَمَا الْعِرَاكُ؟ الْمَحِيضُ هُوَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَتْ: فَهُوَ الْمَحِيضُ كَمَا سَمَّاهُ اللَّهُ. قَالَتْ: كَأَنِّي إِذَا كَانَ ذَاكَ اتَّزَرْتُ بِإِزَارِي، فَكَانَ لَهُ مَا فَوْقَ الْإِزَارِ. فَأَنْشَأَتْ تُحَدِّثُنَا قَالَتْ: مَا مَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَابِي يَوْمًا قَطُّ إِلَّا قَدْ قَالَ كَلِمَةً تَقَرُّ بِهَا عَيْنِي. قَالَتْ: فَمَرَّ يَوْمًا فَلَمْ يُكَلِّمْنِي، وَمَرَّ مِنَ الْغَدِ فَلَمْ يُكَلِّمْنِي قَالَتْ: وَمَرَّ مِنَ الْغَدِ فَلَمْ يُكَلِّمْنِي، وَمَرَّ مِنَ الْغَدِ فَلَمْ يُكَلِّمْنِي قُلْتُ: وَجِدَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَيْءٍ. قَالَتْ: فَعَصَبْتُ رَأْسِي وَصَفَّرْتُ وَجْهِي، وَأَلْقَيْتُ وِسَادَةً قُبَالَةَ بَابِ الدَّارِ فَاجْتَنَحْتُ عَلَيْهَا. قَالَتْ: فَمَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ إِلَيَّ فَقَالَ: مَا لَكِ يَا عَائِشَةُ؟ قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ اشْتَكَيْتُ وَصُدِّعْتُ. قَالَ: يَقُولُ: بَلْ، وَارَأْسَاهُ. قَالَتْ: فَمَا لَبِثْتُ إِلَّا قَلِيلًا حَتَّى أُتِيتُ بِهِ يُحْمَلُ فِي كِسَاءٍ. قَالَتْ: فَمَرَّضْتُهُ وَلَمْ أُمَرِّضْ مَرِيضًا قَطُّ، وَلَا رَأَيْتُ مَيِّتًا قَطُّ. قَالَتْ: فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَأَخَذْتُهُ فَأَسْنَدْتُهُ إِلَى صَدْرِي. قَالَتْ: فَدَخَلَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَبِيَدِهِ سِوَاكٌ أَرَاكٍ رَطِبٌ. قَالَتْ: فَلَحَظَ إِلَيْهِ. قَالَتْ: فَظَنَنْتُ أَنَّهُ يُرِيدُهُ، فَأَخَذْتُهُ فَنَكَتُّهُ بِفِي فَدَفَعْتُهُ إِلَيْهِ. قَالَتْ: فَأَخَذَهُ فَأَهْوَاهُ إِلَى فِيهِ.

مؤمنوں کی ماں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے' ہم میں سے ایک آدمی نے عرض کی: عراک کے بارے آپ کیا فرماتی ہیں؟ اُنہوں نے فرمایا: عراک سے تمہاری مراد کیا ہے؟ کیا وہ حیض ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! فرمانے لگیں: پس حیض اسی طرح ہی ہے جس طرح اللہ نے اس کا نام رکھا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: گویا مجھے جب وہ ہوتا تو میں اپنی چادر مضبوطی سے باندھ لیتی' پس چادر کے اوپر سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق ہوتا' پس آپ رضی اللہ عنہا نے ہم سے حدیث بیان کرنا شروع کی۔ فرمانے لگیں: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم میرے دروازے سے گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے پیارے کلمات فرمائے جن سے میری آنکھیں ٹھنڈی ہو گئیں' فرمایا: ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم گزرے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کوئی کلمہ نہ کہا۔ فرماتی ہیں: دوسرے دن گزرے تو مجھ سے کلام نہ فرمایا۔ اس سے اگلے دن گزرے لیکن میرے لیے کوئی بات نہ کی' میں نے کہا: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر ناراض ہو گئے ہیں۔ فرماتی ہیں: پس میں نے اپنے سر کو باندھ لیا' اپنے چہرے کو زرد بنا لیا اور دروازے کے سامنے تکیہ ڈال کر لیٹ گئی۔ فرماتی ہیں: پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم گزرے' پس میری طرف دیکھا تو فرمایا: اے عائشہ! تجھے کیا ہے؟ فرماتی ہیں: میں نے عرض کی کہ اے اللہ کے رسول! بخار کی شکایت ہے اور سر درد کر رہا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہتے ہوئے فرمایا: بلکہ ہائے میرا سر۔ فرماتی ہیں: پس میں تھوڑی دیر ٹھہرنے کے بعد

قَالَتْ: فَخَفَقَتْ يَدُهُ فَسَقَطَ مِنْ يَدِهِ، ثُمَّ أَقْبَلَ بِوَجْهِهِ إِلَيَّ حَتَّى إِذَا كَانَ فَاهُ فِي ثَغْرِي سَالَ مِنْ فِيهِ نُقْطَةٌ بَارِدَةٌ اقْشَعَرَّ مِنْهَا جِلْدِي، وَثَارَ رِيحُ الْمِسْكِ فِي وَجْهِي، فَمَالَ رَأْسُهُ فَظَنَنْتُ أَنَّهُ غُشِيَ عَلَيْهِ. قَالَتْ: فَأَخَذْتُهُ فَنَوَّمْتُهُ عَلَى الْفِرَاشِ وَغَطَّيْتُ وَجْهَهُ. قَالَتْ: فَدَخَلَ أَبِي أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ: كَيْفَ تَرَيْنَ؟ فَقُلْتُ: غُشِيَ عَلَيْهِ فَدَنَا مِنْهُ فَكَشَفَ عَنْ وَجْهِهِ فَقَالَ: يَا غَشْيَاهُ مَا أَكْوَنَ هَذَا بِغَشْيٍ ثُمَّ كَشَفَ عَنْ وَجْهِهِ فَعَرَفَ الْمَوْتَ، فَقَالَ: إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ثُمَّ بَكَى- فَقُلْتُ: فِي سَبِيلِ اللَّهِ انْقِطَاعُ الْوَحْيِ وَدُخُولُ جِبْرِيلَ بَيْتِي- ثُمَّ وَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى صُدْغَيْهِ، وَوَضَعَ فَاهُ عَلَى جَبِينِهِ، فَبَكَى حَتَّى سَالَ دُمُوعُهُ عَلَى وَجْهِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ غَطَّى وَجْهَهُ وَخَرَجَ إِلَى النَّاسِ وَهُوَ يَبْكِي فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ، هَلْ عِنْدَ أَحَدٍ مِنْكُمْ عَهْدٌ بِوَفَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالُوا: لَا. ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى عُمَرَ فَقَالَ: يَا عُمَرُ أَعِنْدَكَ عَهْدٌ بِوَفَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ لَقَدْ ذَاقَ الْمَوْتَ، وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ: إِنِّي مَيِّتٌ، وَإِنَّكُمْ مَيِّتُونَ فَضَجَّ النَّاسُ وَبَكَوْا بُكَاءً شَدِيدًا، ثُمَّ خَلَّوْا بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَهْلِ بَيْتِهِ، فَغَسَّلَهُ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ يَصُبُّ عَلَيْهِ الْمَاءَ. فَقَالَ عَلِيٌّ: مَا نَسِيتُ مِنْهُ شَيْئًا لَمْ أُغَسِّلْهُ إِلَّا قُلِبَ لِي حَتَّى أَرَى أَحَدًا

آپ کو لائی ایک چادر ڈال کر۔ فرماتی ہیں: میں نے آپ ﷺ کو بیمار سمجھا' جتنا کہ شاید کبھی اتنی میں نے بیمار دیکھا ہو اور نہ ہی کبھی میں نے کوئی میت دیکھا۔ فرماتی ہیں: آپ ﷺ نے اپنا سر مبارک اُٹھایا تو میں نے اپنے ہاتھوں میں لے کر آپ کو اپنے سینے سے ٹیک لگا دی۔ فرماتی ہیں: پس حضرت اسامہ بن زید داخل ہوئے جبکہ ان کے ہاتھ میں تر پیلو کی مسواک تھی۔ فرماتی ہیں: پس آپ نے اس کی طرف توجہ فرمائی' پس میں نے گمان کیا کہ آپ اسکی خواہش کر رہے ہیں' پس میں نے اسے پکڑ کر اپنے منہ سے خوب چبایا۔ اس کے بعد آپ ﷺ کو دے دیا۔ فرماتی ہیں: پس آپ ﷺ نے اسے پکڑ کر اپنے منہ کی طرف کیا۔ فرماتی ہیں: آپ ﷺ کا ہاتھ کانپ گیا اور وہ آپ ﷺ کے ہاتھ سے گر گیا' پھر آپ نے اپنا چہرۂ مبارک میری طرف کیا حتیٰ کہ آپ کا منہ (ہونٹ) میرے ہونٹوں کے درمیان تھا' جس سے میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے اور کستوری کی خوشبو میرے چہرے میں اُٹھنے لگی' آپ ﷺ کا سر مبارک جھک گیا جس سے میں سمجھی کہ آپ ﷺ پر غشی طاری ہو گئی ہے۔ فرماتی ہیں: پس میرے والد گرامی حضرت ابوبکر تشریف لائے تو آپ نے فرمایا: کیسے محسوس کرتی ہو؟ پس میں نے عرض کی: آپ ﷺ پر غشی کا عالم طاری ہے۔ آپ نے قریب ہو کر آپ ﷺ کے چہرے سے کپڑا ہٹایا اور بولے: ہائے یہ غشی! کتنی سخت غشی ہے۔ دوبارہ آپ کے مبارک چہرے سے کپڑا ہٹایا تو آثارِ موت پہچان لیے

فَأُغَسِّلُهُ مِنْ غَيْرِ أَنْ أَرَى أَحَدًا، حَتَّى فَرَغْتُ مِنْهُ، ثُمَّ كَفَّنُوهُ بِبُرْدٍ يَمَانِيٍّ أَحْمَرَ وَرِيطَتَيْنِ قَدْ نِيلَ مِنْهُمَا ثُمَّ غُسِلَا، ثُمَّ أُضْجِعَ عَلَى السَّرِيرِ، ثُمَّ أَذِنُوا لِلنَّاسِ فَدَخَلُوا عَلَيْهِ فَوْجًا فَوْجًا يُصَلُّونَ عَلَيْهِ بِغَيْرِ إِمَامٍ، حَتَّى لَمْ يَبْقَ أَحَدٌ بِالْمَدِينَةِ حُرٌّ وَلَا عَبْدٌ إِلَّا صَلَّى عَلَيْهِ، ثُمَّ تَشَاجَرُوا فِي دَفْنِهِ: أَيْنَ يُدْفَنُ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: عِنْدَ الْعُودِ الَّذِي كَانَ يُمْسِكُ بِيَدِهِ وَتَحْتَ مِنْبَرِهِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: فِي الْبَقِيعِ حَيْثُ كَانَ يَدْفِنُ مَوْتَاهُ ـ فَقَالُوا: لَا نَفْعَلُ ذَلِكَ ـ إِذًا لَا يَزَالُ عَبْدُ أَحَدِكُمْ وَوَلِيدَتُهُ قَدْ غَضِبَ عَلَيْهِ مَوْلَاهُ فَيَلُوذُ بِقَبْرِهِ، فَيَكُونُ سُنَّةً ـ فَاسْتَقَامَ رَأْيُهُمْ عَلَى أَنْ يُدْفَنَ فِي بَيْتِهِ تَحْتَ فِرَاشِهِ حَيْثُ قُبِضَ رُوحُهُ فَلَمَّا مَاتَ أَبُو بَكْرٍ دُفِنَ مَعَهُ ـ فَلَمَّا حَضَرَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ الْمَوْتُ أَوْصَى قَالَ: إِذَا مَا مُتُّ فَاحْمِلُونِي إِلَى بَابِ بَيْتِ عَائِشَةَ فَقُولُوا لَهَا: هَذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ وَيَقُولُ: أَدْخُلُ أَوْ أَخْرُجُ؟ قَالَ: فَسَكَتَتْ سَاعَةً ثُمَّ قَالَتْ: أَدْخِلُوهُ فَادْفِنُوهُ مَعَهُ ـ أَبُو بَكْرٍ عَنْ يَمِينِهِ، وَعُمَرُ عَنْ يَسَارِهِ ـ قَالَتْ: فَلَمَّا دُفِنَ عُمَرُ أَخَذْتُ الْجِلْبَابَ فَتَجَلْبَبْتُ بِهِ ـ قَالَ: فَقِيلَ لَهَا: مَالَكِ وَلِلْجِلْبَابِ؟ قَالَتْ: كَانَ هَذَا زَوْجِي، وَهَذَا أَبِي، فَلَمَّا دُفِنَ عُمَرُ تَجَلْبَبْتُ

اور فرمایا: انا اللہ (ہم اللہ کے لیے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں) پھر روئے۔ میں نے کہا: اللہ کی راہ میں وحی منقطع ہوگئی اور میرے گھر میں جبریل کا آنا بند ہوگیا' پھر اپنے ہاتھوں کو حضور ﷺ کی کنپٹیوں پر رکھا اور اپنا منہ رسول کریم ﷺ کی پیشانی پر رکھا' اس کے بعد خوب روئے حتیٰ کہ آپ کے آنسو نبی کریم ﷺ کے چہرے پر بہہ گئے' پھر آپ کے چہرے کو ڈھانپ کر لوگوں کی طرف تشریف لے گئے اس حال میں کہ آپ رو رہے تھے' فرمایا: اے مسلمانوں کے گروہ! کیا تم میں سے کسی کے پاس رسول کریم ﷺ کی وفات کا عہد ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی نہیں! پھر آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا: اے عمر! کیا آپ کے پاس' وفاتِ رسول ﷺ کا عہد ہے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں! فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں! تحقیق رسول کریم ﷺ نے موت کو چکھ لیا ہے جبکہ آپ ﷺ لوگوں سے فرما چکے تھے' میں بھی اس دنیا سے رخصت ہونے والا ہوں اور تم پر موت آئے گی۔ پس لوگوں میں شور مچ گیا' وہ بہت زیادہ رونے لگے' پھر آپ ﷺ کو اپنے اہل بیت سے الگ کر دیا گیا۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے غسل دیا اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ پانی ڈال رہے تھے۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں آپ ﷺ سے کوئی شی نہیں بھولا جس کو میں نے غسل نہ دیا ہو مگر میرے لیے قلب ہوا حتیٰ کہ میں کسی ایک کو دیکھتا ہوں' پس میں اسے غسل دیتا ہوں سوائے اس کے

کہ میں کسی کو دیکھوں حتیٰ کہ میں غسل سے فارغ ہو گیا۔ پھر آپ ﷺ کو سرخ یمنی چادر میں کفن دیا گیا اور دو چادریں ان سے کچھ پایا گیا پھر انہیں دھویا گیا' پھر آپ ﷺ کو چارپائی پر رکھا گیا' پھر لوگوں کو اجازت دی گئی' پس لوگ گروہ در گروہ آپ ﷺ کے پاس داخل ہوئے' بغیر کسی امام کے درود (یا نماز) پڑھتے تھے حتیٰ کہ مدینہ میں کوئی باقی نہ رہ گیا۔ نہ کوئی آزاد نہ غلام مگر اس نے آپ ﷺ پر حاضر ہو کر درود پڑھ لیا' پھر آپ ﷺ کے دفن (کس مقام پر) کے بارے اختلاف ہوا کہ کہاں دفن کیا جائے؟ بعض نے رائے دی کہ اس لکڑی کے پاس جس پر آپ ﷺ ٹیک لگایا کرتے تھے اور وہ آپ کے منبر کے نیچے ہے اور بعض نے کہا: جنت البقیع میں جہاں آپ ﷺ خود مردوں کو دفن کیا کرتے تھے۔ صحابہ نے کہا: ہم یہ نہیں کریں گے' پھر تو ہمیشہ تم میں سے جس آدمی کے غلام یا بیٹے پر اس کا آقا یا والد ناراض ہو گا تو وہ آپ کی قبر کی پناہ لے گا۔ پس رائے اس پر پکی ہوئی کہ آپ ﷺ کو آپ ﷺ کے گھر میں اپنے بستر والی جگہ دفن کیا جائے جس جگہ آپ ﷺ کی روح قبض ہوئی ہے۔ پس جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو انہیں آپ ﷺ کے ساتھ دفن کیا گیا پس جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وصال ہونے لگا تو آپ نے وصیت کی' فرمایا: جب میں فوت ہو جاؤں تو مجھے اُٹھا کر حضرت عائشہ کے دروازے پر رکھ کر یہ کہنا: یہ عمر ہے! آپ پر سلام عرض کرتا ہے اور کہتا ہے: کیا مجھے داخل ہونے کی اجازت

ہے یا چلے جانے کا حکم ہے؟ راوی کا بیان ہے: پس آپ ایک گھڑی خاموش رہیں' پھر گویا ہوئیں: ان کو لاؤ۔ پس انہوں نے حضرت ابوبکر کو آپ ﷺ کے دائیں طرف دفن کیا تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بائیں طرف دفن کیا۔ آپ فرماتی ہیں: پس جب حضرت عمر دفن ہوئے تو میں برقعہ لے کر پہنتی تھی۔ راوی کہتا ہے: آپ سے عرض کی گئی: اب آپ پردہ کیوں کرتی ہیں؟ فرمایا: پہلے میرے خاوند تھے اور دوسرے میرے والد گرامی تو جب حضرت عمر کو دفن کیا گیا تو میں نے پردہ کیا۔

4942 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: جَاءَتْ جُوَيْرِيَةُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: إِنِّي وَقَعْتُ فِي السَّهْمِ لِثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ - أَوْ لِابْنِ عَمٍّ لَهُ - فَكَاتَبْتُهُ عَلَى نَفْسِي، فَجِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْتَعِينُهُ عَلَى كِتَابِي. فَقَالَ: هَلْ لَكِ فِي خَيْرٍ مِنْ ذَلِكَ أَقْضِي كِتَابَكِ وَأَتَزَوَّجُكِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ. قَالَ: فَقَدْ فَعَلْتُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: حضرت جویریہ' رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آئیں اور عرض کی: ثابت بن قیس بن شماس یا اس کے چچا کے بیٹے سے مجھے حصہ ملا ہے' پس میں نے اپنے آپ کو آزاد کرانے پر مال دینے کا وعدہ کیا ہے۔ پس میں اللہ کے رسول کی بارگاہ میں اپنے مالِ کتابت کی ادائیگی پر مدد مانگنے کیلئے حاضر ہوئی ہوں۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: کیا اس میں تجھے کوئی بھلائی نظر آتی ہے کہ میں تیرا مالِ کتابت ادا کر کے تجھ سے نکاح کرلوں؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: میں ادا کرتا ہوں۔

4943 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ عُبَيْدِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک آدمی کے بارے میں رسول کریم ﷺ سے پوچھا گیا جس نے اپنی

4942- أخرجه أحمد جلد6صفحه277 من طريق يعقوب' حدثنا أبي .

4943- الحديث سبق برقم: **4406** فراجعه .

اللّٰهِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ الْبَتَّةَ - يَعْنِي ثَلَاثًا - فَتَزَوَّجَتْ رَجُلًا فَطَلَّقَهَا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا، أَتَرْجِعُ إِلَى الْأَوَّلِ؟ فَقَالَ: لَا - حَتَّى يَذُوقَ مِنْ عُسَيْلَتِهَا مَا ذَاقَ صَاحِبُهُ

بیوی کو طلاقِ بائنہ دے دی تھی' یعنی تین طلاقیں (مغلظہ) پس اس عورت نے آگے ایک مرد سے نکاح کیا لیکن اس نے ہم بستری سے پہلے اسے طلاق دے دی ہے' کیا وہ پہلے خاوند سے نکاح کر سکتی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! یہاں تک کہ وہ اس کا شہد چکھ لے' جو اس کے ساتھی نے چکھا تھا۔

4944 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اسی کی مثل روایت ہے۔

4945 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِثْلَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اسی کی مثل روایت ہے۔

مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ

مسند حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

4946 - أخبرنا أبو يعلى أحمد بن علي بن المثنى الموصلي حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد حرام میں داخل ہوئے کعبہ کے اردگرد تین سو ساٹھ بت تھے۔ اپنی چھڑی کے ساتھ ان کو مارتے تھے جو آپ ﷺ کے پاس تھی اور فرمایا: ''حق آ گیا باطل چلا گیا، بے شک باطل نے جانا ہی تھا''۔

4944- الحديث سبق برقم: **4943,4406** فراجعه .

4945- الحديث فى المقصد العلى برقم: **807** .

4946- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **86** . وأحمد جلد **1** صفحه **377** رقم الحديث: **3584** . والبخارى جلد **3** صفحه **178** قال: حدثنا على بن عبد الله .

الْمَسْجِدَ وَحَوْلَ الْكَعْبَةِ ثَلاثُ مِائَةٍ وَسِتُّونَ صَنَمًا فَجَعَلَ يَطْعُنُهَا بِعُودٍ كَانَ مَعَهُ وَيَقُولُ: (جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا) (الإسراء: 81)

4947 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِقَّتَيْنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْهَدُوا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں چاند دو مرتبہ شق ہوا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: گواہ رہنا۔

4948 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيُّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَعْقِلٍ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِي عَلَى عَبْدِ اللَّهِ فَقَالَ: سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: النَّدَمُ تَوْبَةٌ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ندامت توبہ ہی ہے؟ عرض کی: جی ہاں۔

4949 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَارٍ فَنَزَلَتْ عَلَيْهِ (وَالْمُرْسَلاتِ عُرْفًا) (المرسلات: 1) فَأَخَذْتُهَا مِنْ فِيهِ، وَإِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ، فَمَا أَدْرِي بِأَيِّهَا خُتِمَ (فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ) (المرسلات:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ غار میں تھے۔ آپ ﷺ پہ سورۂ مرسلات نازل ہوئی۔ میں نے آپ ﷺ کے منہ مبارک سے سن کر یاد کر لی۔ آپ ﷺ کا منہ مبارک تروتازہ تھا میں نہیں جانتا ہوں کس پر آپ نے ختم کیا۔ اس پر ''پھر اس کے بعد کون سی بات پر ایمان لائیں گے'' یا اس پر

4947- أخرجه الحميدى . وأحمد جلد 1 صفحه 377 رقم الحديث: 3583 . والبخارى جلد 4 صفحه 251 قال: حدثنا صدقة ابن الفضل .

4948- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 105 قال: حدثنا سفيان، قال: حدثنا عبد الكريم الجزرى، عن زياد بن أبى مريم (ح) قال سفيان: وحدثنا أبو سعد .

4949- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 106 . وأحمد جلد 1 صفحه 377 رقم الحديث: 3574 قالا: حدثنا سفيان .

50) أَوْ (وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ ارْكَعُوا لَا يَرْكَعُونَ) (المرسلات: 48) فَسَبَقَتْنَا حَيَّةٌ فَدَخَلَتْ فِي جُحْرٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وُقِيتُمْ شَرَّهَا وَوُقِيَتْ شَرَّكُمْ

''پھران سے کہا جائے کہ نماز پڑھوتو نماز نہیں پڑھتے ہیں'' ہم پر سانپ سبقت لے گیا وہ اپنے بل میں چلا گیا۔حضور ﷺ نے فرمایا: تم اس کے شر سے بچ گئے' وہ تمہارے شر سے بچالیا گیا۔

4950 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَرُدُّ عَلَيْنَا - يَعْنِي فِي الصَّلَاةِ- فَلَمَّا أَنْ جِئْنَا مِنْ أَرْضِ الْحَبَشَةِ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ، فَأَخَذَنِي مَا بَعُدَ وَمَا قَرُبَ، فَجَلَسْتُ حَتَّى إِذَا قَضَى الصَّلَاةَ قُلْتُ لَهُ: إِنَّكَ كُنْتَ تَرُدُّ عَلَيْنَا. فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ يُحْدِثُ مَا شَاءَ وَقَدْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِهِ قَضَاءً: أَنْ لَا تَتَكَلَّمُوا فِي الصَّلَاةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کو سلام کرتے، آپ ﷺ ہم کو جواب دیتے یعنی نماز میں' جب حبشہ کی سرزمین سے واپس آنے پر میں نے آپ ﷺ کو سلام کیا۔ آپ ﷺ نے جواب نہیں دیا۔ میں نے پکڑا اور تھا جو قریب تھا۔ یہاں تک کہ جب نماز انور سے فارغ ہوئے تو آپ ﷺ سے میں نے عرض کی آپ ﷺ ہمارے سلام کا جواب دیتے (تھے نماز کے دوران بھی) آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ جو چاہتا ہے' حکم فرماتا ہے' اس نے نیا حکم نازل فرمایا ہے کہ نماز میں گفتگو نہ کیا کرو۔

4951 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ، حَدَّثَنَا مُغِيرَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: رَأَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِي، فَقَالَ: هَذَا وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ مَقَامُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ

عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو دیکھا جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارتے ہوئے' بطن وادی سے۔فرمایا: یہ وہ مقام ہے جس جگہ سورۂ بقرہ نازل ہوئی تھی۔

4952 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4950- اخرجه الحميدى رقم الحديث: 94 قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد 1صفحه377 رقم الحديث: 3575 قال: حدثنا سفيان .

4951- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 111 قال: حدثنا سفيان' قال: سمعت الأعمش . وأحمد جلد 1صفحه374 رقم الحديث: 3548 قال: حدثنا هُشيم' قال: حدثنا مغيرة .

مُغِيرَةَ، عَنْ شِبَاكٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هُنَيِّ بْنِ نُوَيْرَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعَفُّ النَّاسِ قِتْلَةً أَهْلُ الْإِيمَانِ

حضور ﷺ نے فرمایا: قتل کرنے' اعتبار سے' سب لوگوں سے زیادہ پاکیزہ ایمان والے ہیں'

4953 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ شِبَاكٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هُنَيِّ بْنِ نُوَيْرَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَعَفُّ النَّاسِ قِتْلَةً أَهْلُ الْإِيمَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قتل کرنے کے لحاظ سے سب لوگوں سے پاک دامن' اہل ایمان ہیں۔

4954 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيبًا وَسَيَعُودُ كَمَا بَدَأَ، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ . قَالَ: قِيلَ: وَمَا الْغُرَبَاءُ؟ قَالَ: النُّزَّاعُ مِنَ الْقَبَائِلِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام غریبوں سے شروع ہوا تھا انہی میں واپس آجائے گا جس طرح غریبوں سے شروع ہوا تھا۔ غریبوں کے لیے خوشخبری ہے۔ عرض کی گئی: غرباء کون ہیں؟ فرمایا: جو قبائل سے نکالے گئے ہیں۔

4955 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَابِعُوا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ؛ فَإِنَّهُمَا يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوبَ كَمَا يَنْفِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حج اور عمرہ لگاتار کیا کرو۔ یہ دونوں محتاجی اور گناہ کو دور کر دیتے ہیں جس طرح بھٹی صاف کرتی ہے۔ لوہے اور سونے اور چاندی کو، حج مبرور کی جزاء صرف جنت ہے۔

4953- الحديث سبق برقم: **4952** فراجعه .

4954- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **398** رقم الحديث: **3784** قال: حدثنا عبد الله بن محمد بن أبي شيبة (قال عبد الله ابن أحمد: وسمعته أنا من ابن أبي شيبة) .

4955- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **378** رقم الحديث: **3669** . والترمذي رقم الحديث: **810** قال: حدثنا قتيبة' وأبو سعيد الأشج .

الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ وَالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَلَيْسَ لِلْحَجَّةِ الْمَبْرُورَةِ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةُ

4956 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ حِينَ تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ قَالَ: فَكُنَّا نُنْهَى عَنِ الصَّلَاةِ عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَعِنْدَ غُرُوبِهَا وَنِصْفَ النَّهَارِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورج شیطان کے دوسینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے۔ ہم کو نماز سے منع کیا گیا طلوع شمس کے وقت اور نصف النہار کے وقت۔

4957 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَةٍ، فَقَالَ: ائْتِنِي بِشَيْءٍ أَسْتَنْجِي بِهِ، وَلَا تُقْرِبْنِي حَائِلًا وَلَا رَجِيعًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلا۔ کسی کام کیلئے آپ نے مجھے فرمایا: کوئی شے لے کر آؤ میں اس کے ساتھ استنجا کروں۔ ہڈی' لید میرے قریب نہ لانا۔

4958 - حَدَّثَنَا أَبُو نَصْرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ حَدَّثَهُمْ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَكُونُ فِي النَّارِ قَوْمٌ مَا شَاءَ اللَّهُ، ثُمَّ يَرْحَمُهُمُ اللَّهُ فَيُخْرِجُهُمْ، فَيَكُونُونَ فِي أَدْنَى الْجَنَّةِ، فَيَغْتَسِلُونَ فِي نَهَرِ الْحَيَاةِ، وَيُسَمِّيهِمْ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَهَنَّمِيِّينَ، لَوْ أَضَافَ أَحَدُهُمْ أَهْلَ الدُّنْيَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک قوم جتنا اللہ چاہے گا جہنم میں رہے گی پھر اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرما کر ان کو نکالے گا' پس وہ قریب کی جنت میں ہوں گے' پس وہ نہر حیات میں غسل کریں گے اور جہنمی ان کا نام رکھیں گے: جنتی۔ ان میں سے کسی ایک کو دنیا والوں کی نسبت دیکھا جائے تو وہ تمام اہل دنیا کو کھلا' پلا اور اوڑھنا' بچھونا دے۔ راوی کا بیان ہے: اور میرا گمان ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

4956- الحديث في المقصد العلي برقم: 350 .

4957- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 418 رقم الحديث: 3966 قال: حدثنا يحيى بن آدم .

4958- الحديث في المقصد العلي برقم: 1950 .

لَأَطْعَمَهُمْ وَسَقَاهُمْ، وَلَحَفَهُمْ وَفَرَشَهُمْ قَالَ: وَأَحْسَبُهُ قَالَ: وَزَوَّجَهُمْ لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِمَّا عِنْدَهُ شَيْئًا

اور ان سب کی شادی کا انتظام کر لے تو بھی اس کے پاس جو کچھ ہے' اس میں سے کوئی شی کم نہ ہو۔

4959 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ آخِرَ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ رَجُلٌ يَمْشِي عَلَى الصِّرَاطِ مَرَّةً، وَيَكْبُو مَرَّةً وَتَسْفَعُهُ النَّارُ مَرَّةً، فَإِذَا الْتَفَتَ إِلَيْهَا قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانِي مِنْكِ، لَقَدْ أَعْطَانِيَ اللَّهُ شَيْئًا لَمْ يُعْطِهِ أَحَدًا مِنَ الْأَوَّلِينَ، وَلَمْ يُعْطِهِ أَحَدًا مِنَ الْآخِرِينَ، فَتُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا . فَيَقُولُ اللَّهُ: يَا ابْنَ آدَمَ لَعَلِّي إِنْ أَدْنَيْتُكَ مِنْهَا أَنْ تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا، فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَسْأَلَهُ - وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَسْأَلُهُ غَيْرَهَا، لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ - فَيُدْنِيهِ اللَّهُ مِنْهَا فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ أُخْرَى هِيَ أَحْسَنُ مِنْ تِلْكَ الشَّجَرَةِ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا . فَيَقُولُ اللَّهُ: يَا ابْنَ آدَمَ أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا؟ فَيَقُولُ: بَلَى أَيْ رَبِّ، وَلَكِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةُ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا،

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک جو سب سے آخر میں جنت میں داخل ہوگا' وہ آدمی ہوگا جو کبھی پل صراط پر سیدھے چلے گا کبھی منہ کے بل گر پڑے گا اور کبھی جہنم کی آگ اس کا منہ جھلسا دے گی۔ پس جب وہ آگ کی طرف متوجہ ہوگا تو اس سے یوں خطاب کرے گا: تمام تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جس نے تجھ سے مجھے نجات عطا فرمائی' تحقیق مجھے اللہ تعالیٰ نے وہ کچھ عطا فرمایا ہے جو اوّلین و آخرین میں سے کسی کو عطا نہیں کیا' پس اس کے لیے ایک درخت بلند کیا جائے گا' وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے اس درخت کے قریب فرما دے' میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کا پانی نوش کروں۔ پس اللہ فرمائے گا: اے آدمی! ممکن ہے اگر میں تجھے اس کے قریب کر دوں تو تُو اس کے علاوہ کوئی سوال کرے۔ پس وہ کوئی اور سوال نہ کرنے کا وعدہ کرے گا' حالانکہ اس کا رب جانتا ہے کہ وہ اس سے اس کے علاوہ بھی سوال کرے گا کیونکہ وہ ایسی چیز دیکھے گا جس پر وہ صبر نہیں کر سکے گا۔ پس اللہ تعالیٰ اسے اس درخت کے قریب فرما دے گا۔ پس وہ

4959- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 391 رقم الحديث: 3714 قال: حدثنا يزيد . وفي جلد 1 صفحه 410 رقم الحديث: 3899 قال: حدثنا عفان .

فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَسْأَلَهُ، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَسْأَلُهُ غَيْرَهَا، وَرَبُّهُ يَعْذُرُهُ لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ، فَيُدْنِيهِ اللَّهُ مِنْهَا فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ هِيَ أَحْسَنُ مِنْ تِلْكَ الشَّجَرَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ، فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُولُ اللَّهُ: يَا ابْنَ آدَمَ أَلَمْ تُعَاهِدْ أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا؟ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا ۔ فَيَقُولُ اللَّهُ لَهُ: لَعَلِّي إِنْ أَدْنَيْتُكَ مِنْهَا أَنْ تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا، فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَسْأَلَهُ غَيْرَهَا- وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَسْأَلُهُ غَيْرَهَا، وَرَبُّهُ يَعْذُرُهُ لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ - فَيُدْنِيهِ مِنْهَا فَيَسْمَعُ أَصْوَاتَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ أَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ ۔ فَيَقُولُ اللَّهُ: أَيَسُرُّكَ أَنْ أُعْطِيَكَ الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا مَعَهَا؟ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ أَتَسْتَهْزِئُ بِي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ؟ قَالَ: إِنِّي لَا أَسْتَهْزِئُ بِكَ وَلَكِنِّي عَلَى مَا أَشَاءُ قَادِرٌ

اس کا سایہ حاصل کرے گا' پانی پیئے گا پھر اس کیلئے ایک اور درخت بلند کیا جائے گا جو اس درخت سے زیادہ خوبصورت ہو گا۔ پس وہ آدمی عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے اس درخت کے قریب فرما دے تا کہ میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کا پانی نوشِ جاں کروں۔ پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تُو نے اے ابن آدم! مجھ سے وعدہ نہیں کیا تھا کہ میں اس کے علاوہ سوال نہیں کروں؟ پس وہ عرض کرے گا: جی ہاں! لیکن بس یہی درخت' اس کے علاوہ نہیں مانگوں گا۔ پس وہ اللہ سے معاہدہ کرے گا کہ وہ اس سے سوال نہیں کرے گا حالانکہ اس کا رب پہلے ہی جانتا ہے کہ وہ اس سے سوال کرے گا اور اس کا رب اسے معذور جانے گا کیونکہ وہ آدمی دیکھے گا وہ کچھ جس پر وہ صبر نہیں کر پائے گا۔ پس اللہ اسے اس کے قریب فرما دے گا' وہ اس کا سایہ حاصل کرے گا' پانی پیئے گا' پھر جنت کے دروازے پر اس کے لیے ایک درخت بلند ہو گا جو پہلے دونوں درختوں سے زیادہ خوبصورت ہو گا۔ پس وہ بندہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے اس کے قریب کر دے' میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کا پانی پیوں۔ پس اللہ فرمائے گا: اے آدم کے بیٹے! کیا تُو نے معاہدہ نہیں کیا تھا کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ نہیں مانگے گا؟ پس وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! ب اسکے قریب فرما دے تا کہ میں س کا سایہ حاصل کروں اور اس کا پانی پیوں۔ تو اللہ فرمائے گا: ممکن ہے میں تجھے اس کے قریب کر دوں تو تُو مجھ سے

اس کے علاوہ کا سوال کرنے لگے۔ پس وہ پختہ وعدہ کرے گا کہ میں سوال نہ کروں گا' حالانکہ اس کا رب جانتا ہے کہ وہ اس کے علاوہ کا بھی سوال کرے گا اور اس کا رب اسے معذور قرار دے گا کیونکہ وہ ایسی چیز دیکھے گا جس پر وہ صبر نہیں کر سکے گا۔ پس اللہ تعالیٰ اسے اس درخت کے قریب فرما دے گا تو وہ آدمی جنتیوں کی آوازیں سنے گا' عرض کرے گا: اے میرے رب! اب مجھے جنت میں داخل فرما! پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تجھے یہ بات خوش کرے گی کہ میں تجھے دنیا اور اس کے برابر اس کے ساتھ اور (جنت) دے دوں؟ پس بندہ عرض کرے گا: اے میرے رب! تُو رب العالمین ہو کر مجھ سے مذاق کرتا ہے؟ اللہ فرمائے گا: میں تیرے ساتھ مذاق نہیں کرتا بلکہ میں جو چاہوں اس پر قادر ہوں۔

4960 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لُعِنَ آكِلُ الرِّبَا، وَمُوكِلُهُ وَشَاهِدَاهُ وَكَاتِبُهُ . وَقَالَ: مَا ظَهَرَ فِي قَوْمٍ الزِّنَى وَالرِّبَا إِلَّا أَحَلُّوا بِأَنْفُسِهِمْ عِقَابَ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی سود کھانے اور کھلوانے، گواہ اور لکھنے والوں پر اور فرمایا: جس قوم میں زنا اور سود ظاہر ہو جائے انہوں نے اپنے لیے اللہ کا عذاب حلال کر لیا۔

4961 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کافر کو قیامت کے دن پسینے کی لگام دی جائے گی۔ وہ کہے گا: مجھے اس سے راحت دو اگرچہ

4960- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 393 رقم الحديث: 3725 قال: حدثنا محمد' قال: حدثنا شعبة .

4961- الحديث في المقصد العلي برقم: 1888 .

الْكَافِرَ لَيُلْجِمُهُ الْعَرَقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَقُولُ: أَرِحْنِي وَلَوْ إِلَى النَّارِ

آگ میں ڈال دو۔

4962 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَاتِمٍ، حَدَّثَنَا خَلَفُ يَعْنِي ابْنَ خَلِيفَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ يَعْنِي الْأَعْرَجَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَلَّمَ اللَّهُ مُوسَى وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ مِنْ صُوفٍ، وَكِسَاءٌ مِنْ صُوفٍ، وَسَرَاوِيلُ مِنْ صُوفٍ، وَكُمَّةُ صُوفٍ، وَنَعْلَاهُ مِنْ جِلْدِ حِمَارٍ غَيْرِ ذَكِيٍّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ کلام فرمایا: آپ علیہ السلام پہ اُون کی چادر تھی اور اُون کی شلوار تھی۔ اُون کی آستین تھی آپ کے جوتے گدھے کی کھال کے تھے بغیر ذبح کیے ہوئے یعنی مردار۔

4963 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ إِسْمَاعِيلُ الْهُذَلِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ الْأَشْعَثَ بْنَ قَيْسٍ اشْتَرَى رَقِيقًا مِنْ رَقِيقِ الْإِمَارَةِ فَاخْتَلَفَا فِي الثَّمَنِ، فَقَالَا ابْنُ مَسْعُودٍ: بِعْتُكَ بِعِشْرِينَ أَلْفًا. وَقَالَ الْأَشْعَثُ: إِنَّمَا اشْتَرَيْتُ مِنْكَ بِعَشَرَةِ آلَافٍ. فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنْ شِئْتَ حَدَّثْتُكَ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: هَاتِ. قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا اخْتَلَفَ الْبَيِّعَانِ وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا بَيِّنَةٌ فَالْقَوْلُ قَوْلُ الْبَائِعِ، أَوْ يَتَرَادَّانِ الْبَيْعَ قَالَ: فَإِنِّي أَرُدُّ الْبَيْعَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ نے ایک حکومت کا ایک غلام خریدا دونوں کا ثمن میں اختلاف ہو گیا ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے دونوں کو فرمایا: میں نے آپ دونوں کو بیس ہزار کا دیا ہے۔ اشعث کہنے لگے میں نے آپ سے دس ہزار کا خریدا ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر آپ چاہیں تو میں تم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سناتا ہوں جو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔ اشعث نے کہا: لاؤ۔ آپ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب دو بیع کرنے والوں کا اختلاف ہو جائے ان دونوں کے درمیان کوئی گواہ نہ ہو تو بات بائع کی قابل قبول ہوگی۔ یا وہ بیع کو توڑ دیں۔ فرمایا: کیونکہ میں بیع کو توڑتا ہوں۔

4962- أخرجه الترمذی رقم الحديث: **1734** من طريق علی بن حجر . والحاكم جلد **1** صفحه **28** من طريق سعيد بن منصور كلاهما حدثنا خلف بن خليفة به .

4963- أخرجه الدارمی رقم الحديث: **2552** قال: أخبرنا عثمان بن محمد . وأبو داؤد رقم الحديث: **3512** قال: حدثنا عبد الله بن محمد النفيلی .

4964 - حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنْتُ غُلَامًا يَافِعًا فِي غَنَمٍ لِعُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ أَرْعَاهَا، فَأَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ مَعَهُ فَقَالَ: يَا غُلَامُ هَلْ مَعَكَ مِنْ لَبَنٍ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ. وَلَكِنِّي مُؤْتَمَنٌ. فَقَالَ: ائْتِنِي بِشَاةٍ لَمْ يَنْزُ عَلَيْهَا الْفَحْلُ. فَأَتَيْتُهُ بِعَنَاقٍ أَوْ جَذَعَةٍ، فَاعْتَقَلَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جَعَلَ يَمْسَحُ الضَّرْعَ وَيَدْعُو حَتَّى أَنْزَلَتْ، فَأَتَاهُ أَبُو بَكْرٍ بِصَخْرَةٍ فَاحْتَلَبَ فِيهَا، ثُمَّ قَالَ لِأَبِي بَكْرٍ: اشْرَبْ. فَشَرِبَ أَبُو بَكْرٍ ثُمَّ شَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلضَّرْعِ: اقْلِصْ، فَقَلَصَ فَعَادَ كَمَا كَانَ. قَالَ: ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدُ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ عَلِّمْنِي مِنْ هَذَا الْكَلَامِ - أَوْ مِنْ هَذَا الْقُرْآنِ - فَمَسَحَ رَأْسِي وَقَالَ: إِنَّكَ غُلَامٌ مُعَلَّمٌ. قَالَ: فَلَقَدْ أَخَذْتُ مِنْ فِيهِ سَبْعِينَ سُورَةً مَا نَازَعَنِي فِيهَا بِشْرٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں قریب البلوغ لڑکا تھا' عقبہ بن ابی معیط کی بکریوں کو چراتا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے غلام کیا تیرے پاس دودھ ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! لیکن میں امین ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس وہ بکری لاؤ۔ جو دودھ دینے والی نہ ہو۔ میں سال یا نو ماہ کی بکری لایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ٹانگیں پکڑیں۔ پھر اس کے تھنوں کو چھونے لگے اور دعا کی یہاں تک کہ دودھ اُتر آیا۔ حضرت ابوبکر صدیق ایک پتھر کا برتن لے کر آئے اس میں دودھ دوہا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر سے کہا کہ تم پیو۔ حضرت ابوبکر صدیق نے پیا۔ پھر اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نوش فرمایا۔ پھر تھن کو فرمایا: سکڑ جاؤ۔ وہ سکڑ گیا جس طرح پہلی حالت میں تھا۔ پھر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اس کلام سے یا قرآن سے کچھ سکھائیں' آپ نے اپنا دست مبارک میرے سر پر پھیرا اور فرمایا: تُو پڑھا ہوا لڑکا ہے۔ میں نے آپ کے منہ مبارک سے ستر سورتیں یاد کی ہیں۔ میرے ساتھ اس معاملہ میں کوئی بشر نہیں جھگڑا۔

4965 - حَدَّثَنَا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الْأَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی: ''من ذا الذی یقرض اللّٰہ قرضًا

4964- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 379 رقم الحديث: 3598 قال: حدثنا أبو بكر بن عياش .

4965- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1425 .

بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ (مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا) (البقرة: 245) قَالَ أَبُو الدَّحْدَاحِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ يُرِيدُ مِنَّا الْقَرْضَ؟ قَالَ: نَعَمْ يَا أَبَا الدَّحْدَاحِ. قَالَ: أَرِنَا يَدَكَ. قَالَ: فَنَاوَلَهُ يَدَهُ قَالَ: قَدْ أَقْرَضْتُ رَبِّي حَائِطِي - وَحَائِطُهُ فِيهِ سِتُّ مِائَةِ نَخْلَةٍ - فَجَاءَ يَمْشِي حَتَّى أَتَى الْحَائِطَ، وَأُمُّ الدَّحْدَاحِ فِيهَا وَعِيَالُهَا فَنَادَى: يَا أُمَّ الدَّحْدَاحِ قَالَتْ: لَبَّيْكَ. فَقَالَ: اخْرُجِي فَقَدْ أَقْرَضْتُهُ رَبِّي

حسنًا'' ابودحداح نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! واقعی اللہ تعالیٰ نے ہم سے قرض مانگا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی ہاں! اے ابودحداح! اس نے عرض کی: آپ ہمیں اپنا ہاتھ دکھائیں۔ راوی کا بیان ہے: پس آپ ﷺ نے اسے اپنا ہاتھ دیا۔ اس نے عرض کی: میں نے اپنے رب کو اپنا باغ قرض دیا جبکہ اس میں چھ سو کھجور کے درخت تھے' پس وہ وہاں سے چلتا ہوا آیا حتیٰ کہ اپنے باغ میں آیا جبکہ دحداح کی ماں اور اس کے بچے اس میں موجود تھے' پس آواز دی: اے اُم دحداح! اس نے کہا: حاضر ہوں! اس نے کہا: نکلو! میں نے یہ باغ اپنے رب کو قرض دے دیا ہے۔

4966 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو حَفْصٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ، فَأَوْتِرُوا يَا أَهْلَ الْقُرْآنِ فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ: مَا تَقُولُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَيْسَ لَكَ وَلَا لِأَصْحَابِكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ طاق ہے اور طاق کو پسند کرتا ہے' اے اہل قرآن! وتر کرو۔ ایک دیہاتی نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کے لیے اور آپ کے صحابہ کرام کے لیے نہیں۔

4967 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو حَفْصٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَمَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قِتَالُ الْمُؤْمِنِ كُفْرٌ، وَسِبَابُهُ فُسُوقٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مومن کو قتل کرنا کفر ہے اور اس کو گالی دینا فسق ہے۔

4968 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4966- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **1417** . وابن ماجة رقم الحديث: **1170** قالا: حدثنا عثمان بن أبي شيبة' قال: حدثنا أبو حفص الأبار' عن الأعمش' عن عمرو بن مُرة' عن أبي عُبيدة' فذكره .

5080 - وَعَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ گویا اب بھی (میری آنکھوں میں وہ منظر) میں حضور ﷺ کے چہرے مبارک کی سفیدی دیکھ رہا ہوں کہ دائیں

5079- اخرجه أحمد جلد **1** صفحه **387** رقم الحديث: **3660** قال: حدثنا يحيى .

5080- الحديث سبق برقم: **5029** فراجعه .

شِمَالِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ حَتَّى يُرَى بَيَاضُ خَدَّيْهِ

جانب آپ ﷺ سلام پھیرتے تھے السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ اور بائیں طرف السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔

5081 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَبِيدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ أُمَّتِي الْقَرْنُ الَّذِينَ يَلُونِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَجِيءُ قَوْمٌ تَسْبِقُ شَهَادَةُ أَحَدِهِمْ يَمِينَهُ، وَيَمِينُهُ شَهَادَتَهُ، قَالَ: فَقَالَ إِبْرَاهِيمُ: كُنَّا نُنْهَى أَنْ نَحْلِفَ بِالْعَهْدِ وَالشَّهَادَاتِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین زمانہ میرا ہے، اس کے بعد تابعین کا، اس کے بعد تبع تابعین کا، پھر کچھ لوگ آئیں گے ان کی گواہی قسم سے آگے نکل جائے گی اور قسم ان کی گواہی سے۔ راوی کا بیان ہے: پس ابراہیم نے کہا: ہمیں وعدے اور گواہی کے ساتھ قسم اُٹھانے سے منع کیا جاتا تھا۔

5082 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي غَنِيَّةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اشعار میں کچھ حکمت والے ہوتے ہیں۔

5083 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْجَوَّابِ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَجُلٌ كَثِيرُ الْمَالِ، لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ، قَالَ لِأَهْلِهِ: إِنْ فَعَلْتُمْ مَا أَمَرْتُكُمْ بِهِ، أَوْرَثْتُكُمْ مَالًا كَثِيرًا، قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: إِذَا مِتُّ فَأَحْرِقُونِي، ثُمَّ اطْحَنُونِي، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ رِيحٍ، فَارْتَقُوا فَوْقَ قُلَّةِ جَبَلٍ فَاذْرُونِي، فَإِنَّ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک آدمی بہت زیادہ مال کا مالک تھا' جب اس کی موت کا وقت آیا تو اس نے اپنے گھر والوں سے کہا: جو میں تمہیں حکم دوں اگر تم وہ کرو تو میں تمہیں کثیر مال کا مالک بناؤں گا۔ انہوں نے کہا: ٹھیک ہے! (بتاؤ) اس نے کہا: جب میں مر جاؤں تو مجھے جلاؤ پھر مجھے راکھ کرو۔ پس جب آندھی و تیز ہوا والا دن ہو تو مجھے پہاڑ کی چوٹی پر لے جاؤ اور

5081- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 378 رقم الحديث: 3594 قال: حدثنا أبو معاوية .

5082- أخرجه الترمذي رقم الحديث: 2855 قال: حدثنا أبو سعيد الأشج' قال: حدثنا يحيى بن عبد الملك بن أبي غنية' قال: حدثني أبي' عن عاصم' عن زرّ' فذكره .

5083- الحديث سبق برقم: 5034,5033,997 فراجعه .

اللّٰهَ إِنْ قَدَرَ عَلَيَّ لَمْ يَغْفِرْ لِي، فَفُعِلَ ذَلِكَ بِهِ، فَاجْتَمَعَ فِي يَدَيِ اللّٰهِ، فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: يَا رَبِّ مَخَافَتُكَ، قَالَ: فَاذْهَبْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكَ

میری راکھ کو اُڑا دو کیونکہ اللہ تعالیٰ اگر مجھ پر قادر ہوا تو مجھے نہیں بخشے گا' پس اس کے ساتھ وہی کچھ کیا گیا جو اس نے حکم دیا تھا' پس وہ اللہ کے سامنے حاضر ہوا' اللہ نے فرمایا: تُو نے یہ کیوں کیا؟ اس نے عرض کیا: اے میرے رب! تیرے خوف سے۔ اللہ نے فرمایا: جا! تجھے معاف کیا۔

5084 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ فُلَانًا نَامَ الْبَارِحَةَ عَنِ الصَّلَاةِ، قَالَ: بَالَ الشَّيْطَانُ فِي أُذُنِهِ- أَوْ أُذُنَيْهِ-

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ذکر کیا گیا کہ ایک آدمی رات کو سویا رہا ہے یہاں تک کہ صبح ہو گئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے کان میں شیطان نے پیشاب کر دیا ہے۔

5085 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْمُصَوِّرُونَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے زیادہ عذاب تصویریں بنانے والے کو دیا جائے گا۔

5086 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلٍ، أَنَّ أَبَا مُوسَى، وَسَلْمَانَ بْنَ رَبِيعَةَ، سُئِلَا عَنِ ابْنَةٍ، وَابْنَةِ ابْنٍ، وَأُخْتٍ، فَقَالَا: لِلْأُخْتِ النِّصْفُ، وَلِلابْنَةِ النِّصْفُ، فَسُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ، فَقَالَ: لَقَدْ

حضرت ہزیل فرماتے ہیں کہ سلمان بن ربیعہ اور ابو موسیٰ دونوں سے بیٹی، پوتی اور بہن کی وراثت کے متعلق پوچھا گیا۔ دونوں نے کہا: بہن کے لیے نصف، بیٹی کے لیے نصف۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا' آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں گمراہ تھا، میں ہدایت یافتہ

5084- الحديث سبق برقم: 5069 فراجعه .

5085- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 117 قال: حدثنا سفيان' قال: حدثنا الأعمش .

5086- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 389 رقم الحديث: 3691 قال: حدثنا وكيع' قال: حدثنا سفيان .

ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ، أَقُولُ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلابْنَةِ الِابْنِ السُّدُسُ تَكْمِلَةُ الثُّلُثَيْنِ، وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ

نہیں تھا۔ میں وہی کہوں گا جو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیٹی کے لیے نصف، پوتی کے لیے سری روشلت مکمل ہو گئے جو باقی ہے وہ بہن کے لیے۔

5087 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ فِطْرِ بْنِ خَلِيفَةَ، عَنْ عَطَاءٍ قَالَ: قَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ: لَقَدْ تَرَكَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا فِي السَّمَاءِ طَيْرٌ يَطِيرُ بِجَنَاحِهِ إِلَّا ذَكَّرَنَا مِنْهُ عِلْمًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں اس حال میں الوداع کہا ہے کہ آسمان میں کوئی پرندہ جو اپنے پروں سے اڑتا ہے' اس کے متعلق بھی بتایا ہے' اس کا علم دیا ہے۔

5088 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: قَدِمْنَا مَعَ عَبْدِ اللَّهِ عَلَى عُثْمَانَ، فَقَالَ عُثْمَانُ لِعَبْدِ اللَّهِ: مَا بَقِيَ مِنْكَ لِلنِّسَاءِ؟ قَالَ: ادْنُ يَا عَلْقَمَةَ - وَكُنْتُ شَابًّا - فَدَنَوْتُ، فَقَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى فِتْيَةٍ عُزَّابٍ، فَقَالَ: مَنْ كَانَ مِنْكُمْ ذَا طَوْلٍ فَلْيَتَزَوَّجْ، فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ، وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ، وَمَنْ لَا، فَالصَّوْمُ لَهُ وِجَاءٌ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ رضی اللہ عنہ کی عورتوں میں سے کوئی باقی نہیں ہے؟ اے علقمہ! قریب ہو۔ فرماتے: میں نوجوان تھا میں قریب ہوا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ نوجوانوں کے گروہ کے پاس آئے اور آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جو شادی کرنے کی طاقت رکھتا ہے وہ کرے کیونکہ یہ نکاح آنکھوں کو جھکاتا ہے اور شرمگاہ کی حفاظت کرتا ہے جو طاقت نہیں رکھتا وہ روزہ رکھے، یہ اس کے لیے اس کی شہوت کو کم کرنے والا ہے یا خفی کرنے والا ہے۔

5089 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5087- الحديث في المقصد العلي برقم: **60** .

5088- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **378** رقم الحديث: **3592** قال: حدثنا أبو معاوية .

5089- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **457** رقم الحديث: **4373** قال: حدثنا يونس .

يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِيَلِنِي مِنْكُمْ أُولُو الْأَحْلَامِ وَالنُّهَى، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، وَلَا تَخْتَلِفُوا فَتَخْتَلِفَ قُلُوبُكُمْ، وَإِيَّاكُمْ وَهَيْشَاتِ الْأَسْوَاقِ

حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے میرے قریب کھڑے ہوں جو عاقل اور سمجھ دار ہوں۔ پھر اس کے بعد دوسرے اپنے دلوں کو مختلف نہ کرو، بازاروں میں بیٹھنے سے بچو۔

5090 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ وَائِلِ بْنِ مَهَانَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَصَدَّقْنَ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ، فَإِنَّكُنَّ أَكْثَرُ أَهْلِ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَتِ امْرَأَةٌ لَيْسَتْ مِنْ عِلْيَةِ النِّسَاءِ: وَلِمَ نَحْنُ أَكْثَرُ أَهْلِ جَهَنَّمَ؟ قَالَ: إِنَّكُنَّ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ، قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: مَا وَجَدْتُ نَاقِصَ الْعَقْلِ وَالدِّينِ أَغْلَبَ عَلَى الرِّجَالِ ذَوِي الْأَحْلَامِ عَلَى أُمُورِهِنَّ مِنْ هَذِهِ النِّسَاءِ، قِيلَ: يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، وَمَا نَقْصُ عُقُولِهِنَّ وَدِينِهِنَّ؟ قَالَ: أَمَّا نَقْصُ عُقُولِهِنَّ: فَشَهَادَةُ امْرَأَتَيْنِ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ، وَأَمَّا نَقْصُ دِينِهِنَّ: فَإِنَّهُ يَأْتِي عَلَى إِحْدَاهُنَّ مَا شَاءَ اللَّهُ مِنْ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ لَا تَسْجُدُ لِلَّهِ فِيهِ سَجْدَةً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عورتوں کے گروہ! صدقہ کیا کرو، تم میں اکثر قیامت کے دن جہنم میں ہوں گی۔ ایک عورت نے عرض کی: جس عورت کے پاس سونا نہیں اور ہم جہنم میں نہیں جائیں گی؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لعنت زیادہ کرتی ہو، شوہروں کی ناشکری کرتی ہو۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ناقص العقل و ناقص الدین کو اپنے معاملات میں سمجھ دار مردوں پر غالب آنا زیادہ ان عورتوں سے پایا۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی، ناقص العقل اور دین میں کس طرح ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ناقص العقل یہ ہے کہ دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہے اور ناقص الدین یہ ہے کہ ان میں سے کسی پر کوئی دن اور رات ایسا بھی آتا ہے کہ یہ اللہ کے لیے کوئی سجدہ نہیں ادا کر سکتی ہیں۔

5091 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، وَسُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: جَاءَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا ہم زمانہ جاہلیت والے کام کی وجہ سے پکڑے جائیں گے؟ آپ ﷺ نے

5090- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **92** . وأحمد جلد **1** صفحه **376** رقم الحديث: **3569** قالا: حدثنا سفيان، قال: حدثنا منصور .

5091- الحديث سبق برقم: **5049** فراجعه .

رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَنُؤَاخَذُ بِمَا عَمِلْنَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ؟ فَقَالَ: إِنْ أَحْسَنْتَ فِي الْإِسْلَامِ لَمْ تُؤَاخَذْ بِهِ، وَإِنْ أَسَأْتَ فِي الْإِسْلَامِ أُخِذْتَ بِالْأَوَّلِ وَالْآخِرِ

فرمایا: اسلام میں اچھے عمل کی وجہ سے زمانہ جاہلیت والے برے عمل میں نہیں پکڑیں جائیں گے۔ اسلام میں برے عمل کرنے کی وجہ سے اول آخر میں پکڑے جائیں گے۔

5092 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُبَاشِرِ الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ تَنْعَتُهَا لِزَوْجِهَا - أَوْ تَصِفُهَا لِلرَّجُلِ - حَتَّى كَأَنَّهُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا وَإِنْ كَانَ ثَلَاثَةٌ فَلَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ صَاحِبِهِمَا فَإِنَّ ذَلِكَ يُحْزِنُهُ وَمَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ كَاذِبًا لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ أَخِيهِ أَوْ مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ، لَقِيَ اللَّهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ ، قَالَ: فَسَمِعَ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ ابْنَ مَسْعُودٍ يَذْكُرُ هَذَا الْحَدِيثَ، فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا فِي بِئْرٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی عورت دوسری عورت سے مباشرت نہ کرے کہ اپنے خاوند کے سامنے اس کی تعریف کرے یا اپنے شوہر کی تعریف کرے اس طرح کہ گویا وہ اس کو دیکھ رہا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تین آدمی ہوں دو آدمی آپس میں سرگوشی نہ کریں تیسرے کو چھوڑ کر کیونکہ یہ اس کی پریشانی ہے جس نے کوئی جھوٹی قسم اٹھائی تا کہ دوسرے مسلمان بھائی کا مال لے۔ وہ اللہ سے ملے گا اس حال میں کہ اللہ اس پر ناراض ہوگا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: یہ فیصلہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دو آدمیوں کے متعلق فرمایا جو دونوں کنواں میں لڑ رہے تھے۔

5093 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: تُوُفِّيَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ، فَتَرَكَ دِينَارَيْنِ، فَذُكِرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَيَّتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے صفہ والوں میں سے ایک آدمی فوت ہو گیا۔ اس نے دو دینار چھوڑے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اس کا ذکر ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے دو سانپ چھوڑے ہیں۔

5092- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 109 قال: حدثنا سفيان، عن الأعمش .

5093- الحديث سبق برقم: 5015,4976 فراجعه .

5094 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي مُحَمَّدٍ، مَوْلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَدَّمَ ثَلاثَةً لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ كَانُوا لَهُ حِصْنًا حَصِينًا مِنَ النَّارِ ، قَالَ أَبُو ذَرٍّ: قَدَّمْتُ اثْنَيْنِ يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: وَاثْنَيْنِ ، قَالَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ أَبُو الْمُنْذِرِ سَيِّدُ الْقُرَّاءِ: قَدَّمْتُ وَاحِدًا يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَقَالَ: وَوَاحِدًا ، قَالَ: وَلَكِنَّ ذَاكَ فِي أَوَّلِ صَدْمَةٍ

حضرت ابوعبیدہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے تین نابالغ بچے آگے بھیجے (فوت ہوئے) وہ اس کے لیے آگ سے مضبوط قلعہ کی مانند ہوں گے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے دو بھیجے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: دو بھی؟ ابومنذر سیّدالقراء حضرت ابی بن کعب نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے ایک آگے بھیجا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اور ایک بھی' فرمایا: لیکن صبر' صدمہ کی ابتداء میں ہو' تب یہ اجر ہوگا۔

5095 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحْسَنَ الصَّلاةَ حَيْثُ يَرَاهَا النَّاسُ، وَأَسَاءَهَا حَيْثُ يَخْلُو، فَتِلْكَ اسْتِهَانَةٌ اسْتَهَانَ بِهَا رَبَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو نماز اچھی پڑھے جب لوگ اس کی نماز کو دیکھیں، جب اکیلا پڑھے تو اچھے طریقہ سے نہ پڑھے یہ (معاذ اللہ) رب تعالیٰ سے مذاق کر رہا ہے۔

5096 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، - قَالَ أَبُو يَعْلَى: أَحْسِبُهُ - عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمِسْكِينُ لَيْسَ الطَّوَّافُ عَلَيْكُمُ الَّذِي تَرُدُّهُ اللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ، وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ ، قُلْنَا: فَمَا الْمِسْكِينُ يَا رَسُولَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسکین وہ نہیں ہے کہ جو تم پر طواف کرتا رہے اس کو ایک لقمہ یا دو لقمے چاہئیں۔ ایک پھل یا دو پھل دینے چاہئیں۔ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! مسکین کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص وہ چیز نہ پائے جو اس کو غنی کر دے اور لوگوں کے سامنے مانگنے

5094- الحديث سبق برقم: 5063 فراجعه .

5095- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1715 .

5096- أورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد3صفحه92 وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيحين .

اللّٰهِ؟ قَالَ: الَّذِي لَا يَجِدُ مَا يُغْنِيهِ، وَيَسْتَحِي أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ، وَلَا يُفْطَنُ لَهُ فَيُتَصَدَّقُ عَلَيْهِ

سے حیاء کرے، اس کی محتاجی کو کوئی نہ سمجھے کہ اس پر صدقہ کیا جائے۔

5097 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ أَخَاهُ فُسُوقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ، وَحُرْمَةُ مَالِهِ كَحُرْمَةِ دَمِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کا اپنے مسلمان بھائی کو گالی دینا فسق (وگناہ) اسے قتل کرنا گویا کہ کفر ہے اور اس کے مال کی عزت اس کے خون کی عزت کی طرح ہے۔

5098 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَتَى أَحَدَكُمْ خَادِمُهُ بِطَعَامِهِ فَلْيَبْدَأْ فَلْيُلْقِمْهُ أَوْ لِيُجْلِسْهُ مَعَهُ، فَإِنَّهُ وَلِيَ حَرَّهُ وَدُخَانَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارا خادم تمہارا کھانا لے کر آئے تو ابتداء اس کو لقمہ دینے سے کرے۔ یا اس کو ساتھ بٹھالے کیونکہ اس نے گرمی کا دھواں لیا ہے۔

5099 - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَلْ تَدْرُونَ أَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ ، قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: الْمِنْحَةُ، أَنْ تَمْنَحَ أَخَاكَ الدَّنَانِيرَ، أَوِ الدَّرَاهِمَ، أَوِ الْبَقَرَةَ، أَوِ الشَّاةَ، أَوِ ظَهْرَ الدَّابَّةِ، أَوْ لَبَنَ الشَّاةِ، أَوْ لَبَنَ الْبَقَرَةِ ، وَلَمْ يَقُلِ: الْبَقَرَةَ وَالشَّاةَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے صحابہ تم جانتے ہو کون سا صدقہ افضل ہے؟ عرض کی: اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم بہتر جانتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عطیہ یہ کہ تم اپنے بھائی کو دینار یا دراہم دو یا گائے یا بکری یا جانور کی سواری یا بکری کا دودھ یا گائے کا دودھ۔ صرف گائے اور بکری نہیں فرمایا۔

5100 - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ يَئِسَ أَنْ تُعْبَدَ الْأَصْنَامُ فِي أَرْضِ الْعَرَبِ، وَلَكِنَّهُ سَيَرْضَى

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان عرب کی سرزمین میں بتوں کی عبادت کروانے سے مایوس ہو گیا ہے۔ لیکن تم

5097- الحديث سبق برقم: 4970,4967 فراجعه .

5098- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 388 رقم الحديث: 3680 قال: حدثنا عمار بن محمد .

5099- الحديث في المقصد العلي برقم: 1051 .

5100- الحديث في المقصد العلي برقم: 1744 .

مِنْكُمْ بِدُونِ ذَلِكَ بِالْمُحَقِّرَاتِ، وَهِيَ: الْمُوبِقَاتُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اتَّقُوا الْمَظَالِمَ مَا اسْتَطَعْتُمْ، فَإِنَّ الْعَبْدَ يَجِيءُ بِالْحَسَنَاتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَرَى أَنَّهُ سَتُنْجِيهِ، فَمَا زَالَ عَبْدٌ يَقُومُ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ ظَلَمَنِي عَبْدُكَ مَظْلَمَةً، فَيَقُولُ امْحُوا مِنْ حَسَنَاتِهِ، مَا يَزَالُ كَذَلِكَ، حَتَّى مَا يَبْقَى لَهُ حَسَنَةٌ مِنَ الذُّنُوبِ، وَإِنَّ مِثْلَ ذَلِكَ كَسَفْرٍ نَزَلُوا بِفَلَاةٍ مِنَ الْأَرْضِ، لَيْسَ مَعَهُمْ حَطَبٌ، فَتَفَرَّقَ الْقَوْمُ لِيَحْتَطِبُوا، فَلَمْ يَلْبَثُوا أَنْ حَطَبُوا، فَأَعْظَمُوا النَّارَ، وَطَبَخُوا مَا أَرَادُوا، وَكَذَلِكَ الذُّنُوبُ

میں سے کچھ اس سے کم پر عنقریب راضی ہو جائیں گے' ذلیل کرنے والی چیزوں کے ساتھ اور وہی قیامت کے دن ہلاک کرنے والی ہیں' ظلم کرنے سے بچو جتنی طاقت رکھتے ہو۔ کیونکہ ایک بندہ قیامت کے دن نیکیوں کے ساتھ آئے گا۔ وہ خیال کرے گا کہ کامیاب ہے۔قوم میں سے ایک آدمی مسلسل عرض کرے گا، اے رب تیرے فلاں بندے نے مجھ پر ظلم کیا اللہ فرمائے گا اس کی نیکیوں کو ختم کرو۔ مسلسل یہاں تک کہ اس کے لیے نیکی باقی نہیں رہے گی گناہوں سے اور اس کی مثال اس سفر کی ہے جس میں وہ جنگل کی زمین میں اتریں' ان کے ساتھ کوئی لکڑی نہ ہو۔ قوم بکھر جائے تا کہ لکڑیاں چن لیں وہ نہ ٹھہریں کہ لکڑیاں اکٹھی کریں اور بہت بڑی آگ جلا کر وہ سب کچھ پکالیں جس کا انہوں نے ارادہ کیا ہے اور اسی طرح گناہ۔

5101 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: مَا أَحَدٌ أَغْيَرَ مِنَ اللَّهِ، وَمِنْ غَيْرَتِهِ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت والا کوئی نہیں ہے اس کی غیرت ہے کہ فواحش کو حرام جانا وہ ظاہر ہوں یا باطن۔

5102 - وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُ مُنَادِيًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ: يَا آدَمُ قُمْ فَابْعَثْ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ بَعْثًا إِلَى النَّارِ، فَيَقُومُ آدَمُ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ، مِنْ كُلِّ كَمْ؟ فَيَقُولُ:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل قیامت کے دن یہ اعلان کرنے کا حکم دے گا۔ اے آدم! کھڑے ہو جاؤ اور اپنی اولاد میں سے ایک گروہ کو جہنم کی طرف بھیج دو۔

5101- أخرجه أحمد جلد1صفحه381 رقم الحديث:3616 قال: حدثنا أبو معاوية .

5102- الحديث في المقصد العلي برقم:1936 .

مِنْ كُلِّ مِائَةٍ تِسْعَةَ وَتِسْعِينَ إِلَى النَّارِ، وَوَاحِدًا إِلَى الْجَنَّةِ ، فَشَقَّ ذَلِكَ عَلَى مَنْ سَمِعَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا لَهُ: مَنِ النَّاجِي مِنَّا بَعْدَ هَذَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ فِي خَلِيقَتَيْنِ مِنَ النَّاسِ: يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ، وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُونَ، وَمَا أَنْتُمْ فِي الدُّنْيَا إِلَّا كَالرَّقْمَةِ فِي ذِرَاعِ الدَّابَّةِ، أَوْ كَالشَّعَرَةِ فِي جَنْبِ الْبَعِيرِ

حضرت آدم علیہ السلام کھڑے ہوں گے اور عرض کریں گے: اے رب! تمام میں سے کتنے؟ اللہ عزوجل فرمائے گا سو میں سے ۹۹۔ ایک جنت میں اصحاب رسول ﷺ میں ہے جس نے سنا اس پر دشوار گزرا۔ عرض کی: یارسول اللہ! ہم میں سے اس کے بعد کون ناجی ہوگا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں میں سے دو مخلوق میں ہو یاجوج ماجوج وہ ہر دیوار سے نکلیں گے تم دنیا میں ان کے مقابلہ نشان کی طرح ہو جو جانور کی پسلی میں ہوتی ہے یا اونٹ کے پہلو میں بال کی طرح ہو۔

5103 - وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْأَيْدِي ثَلَاثَةٌ: فَيَدُ اللَّهِ تَعَالَى الْعُلْيَا، وَيَدُ الْمُعْطِي الَّتِي تَلِيهَا، وَيَدُ السَّائِلِ السُّفْلَى إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَاسْتَعِفَّ عَنِ السُّؤَالِ وَعَنِ الْمَسْأَلَةِ مَا اسْتَطَعْتَ، فَإِنْ أُعْطِيتَ شَيْئًا- أَوْ قَالَ: خَيْرًا- فَلْيُرَ عَلَيْكَ، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ، وَارْضَخْ مِنَ الْفَضْلِ، وَلَا تُلَامُ عَلَى الْعَفَافِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہاتھ تین طرح کے ہیں۔ اللہ کا دست قدرت جو اس کی شان کے لائق ہے۔ وہ اوپر والا ہے دینے والا ہاتھ وہ ہے جو اس کے ساتھ ملا ہوا ہے۔ مانگنے والے کا ہاتھ نیچے والا ہی ہے قیامت تک۔ سوال سے بچو۔ سوال مت کر جہاں تک تُو طاقت رکھتا ہے اگر تجھے کوئی دیا جائے یا کہا: بھلائی ملے۔ اگر دینا ہے تو ابتداء اس سے کرے جو تیرا قریبی ہے۔

5104 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَضَّرَ اللَّهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا فَحَفِظَهُ حَتَّى يُبَلِّغَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ خوش رکھے اس کو جو ہماری حدیث سنے، اس کو یاد کرے اور اس کو آگے پہنچائے۔

5103- الحديث فى المقصد العلى برقم: 493 .

5104- اخرجه الحميدى رقم الحديث: 88 . وأحمد جلد 1 صفحه 436 رقم الحديث: 4157 .

5105 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَى الْغَائِطَ، فَقَالَ: الْتَمِسُوا لِي ثَلَاثَةَ أَحْجَارٍ، فَلَمْ أَجِدْ إِلَّا حَجَرَيْنِ وَرَوْثَةً، فَأَخَذَ الْحَجَرَيْنِ وَرَدَّ الرَّوْثَةَ وَقَالَ: هَذِهِ رِجْسٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا' آپ قضائے حاجت کیلئے آئے' فرمایا: تین پتھر تلاش کر کے میرے پاس لاؤ' مجھے دو پتھر اور ایک گوبر کا ٹکڑا ہی ملا' پس میں لایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو پتھر لے لیے اور گوبر رد کر دی اور فرمایا: یہ رجس (پلیدی) ہے۔

5106 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، وَمُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، عَنْ زُهَيْرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، وَعَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ فِي كُلِّ خَفْضٍ، وَرَفْعٍ، وَقِيَامٍ، وَقُعُودٍ، وَيُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللَّهِ، السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللَّهِ، حَتَّى يُرَى بَيَاضُ خَدِّهِ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ يَفْعَلَانِ ذَلِكَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہا کرتے تھے جب قیام سے نیچے آئے' سر اوپر کرے' قیام کرے اور قعدہ کرے' دائیں طرف سلام پھیرتے' بائیں طرف سلام پھیرتے تو کہتے: السلام علیکم ورحمۃ اللہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ! حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار کی سفیدی نظر آتی۔ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما دونوں بھی یہ کرتے تھے۔

5107 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيُّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَعْقِلٍ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِي عَلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ: أَنْتَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: النَّدَمُ تَوْبَةٌ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت عبداللہ بن معقل فرماتے ہیں کہ میں اپنے باپ کی معیت میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوا' انہوں نے عرض کی: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ندامت ہی توبہ ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں!

5105- الحديث سبق برقم: 4957 فراجعه .

5106- الحديث سبق برقم: 5079,5029 فراجعه .

5107- الحديث سبق برقم: 5059,4948 فراجعه .

5108 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الذَّنْبِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللَّهِ؟ قَالَ: أَنْ تَجْعَلَ لِلَّهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ ، قَالَ: قُلْتُ: إِنَّ ذَلِكَ لَعَظِيمٌ، قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: أَنْ تُقْتَلَ وَلَدَكَ مَخَافَةَ أَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ ، قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: أَنْ تُزَانِيَ حَلِيلَةَ جَارِكَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: اللہ کے ہاں کون سا گناہ بڑا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا مدمقابل بنانا حالانکہ اس نے تجھے پیدا کیا۔ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: بے شک یہ بڑا ہے۔ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: پھر کون سا ہے؟ فرمایا: تُو اپنی اولاد کو قتل کرے اس خوف سے کہ وہ میرے ساتھ کھائے گا۔ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: پھر کون سا؟ فرمایا: اپنے پڑوسی کی بیوی سے زنا کرنا۔

5109 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ أُنَاسٌ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنُؤَاخَذُ بِمَا عَمِلْنَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ؟ قَالَ: أَمَّا مَنْ أَحْسَنَ مِنْكُمْ فِي الْإِسْلَامِ فَلَا يُؤَاخَذُ بِهَا، وَمَنْ أَسَاءَ أُخِذَ بِعَمَلِهِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَالْإِسْلَامِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بعض لوگوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کی: کیا ہم ان اعمال کی وجہ سے پکڑے جائیں گے جو ہم نے زمانۂ جاہلیت میں کیے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہرحال تم میں سے جس نے نیک اعمال کیے تو وہ سابقہ اعمال کے بدلے نہیں پکڑا جائے گا اور جس نے بُرے عمل کیے تو اس سے اسلام اور زمانۂ جاہلیت میں کیے گئے اعمال کا مؤاخذہ ہو گا۔

5110 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فَلَا يَتَنَاجَى رَجُلَانِ دُونَ الْآخَرِ حَتَّى تَخْتَلِطُوا بِالنَّاسِ، مِنْ أَجْلِ أَنَّ ذَلِكَ يُحْزِنُهُ وَلَا تُبَاشِرِ الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ فَتَصِفَهَا لِزَوْجِهَا، حَتَّى كَأَنَّهُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم تین آدمی ہو تو ایک کو چھوڑ کر دو آدمی سرگوشی نہ کریں حتیٰ کہ تم لوگوں کے ساتھ مل جاؤ اس وجہ سے کہ وہ پریشان ہو گا۔ عورت، عورت سے مباشرت نہ کرے ایسا نہ ہو کہ وہ اس کی اس انداز میں تعریف کرے کہ مرد کو لگے کہ وہ گویا اسے دیکھ رہا ہے۔

5108- الحديث سبق برقم: 5076 فراجعه .

5109- الحديث سبق برقم: 5091,5049 فراجعه .

5110- الحديث سبق برقم: 5092,5061 فراجعه .

5111 - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ آثَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْغَنِيمَةِ، فَأَعْطَى الْأَقْرَعَ بْنَ حَابِسَ مِائَةً مِنَ الْإِبِلِ، وَأَعْطَى عُيَيْنَةَ مِثْلَ ذَلِكَ، وَأَعْطَى نَاسًا مِنْ أَشْرَافِ الْعَرَبِ، وَآثَرَهُمْ فِي الْقِسْمَةِ، فَقَالَ رَجُلٌ: وَاللّٰهِ إِنَّ هَذِهِ لَقِسْمَةٌ مَا عُدِلَ فِيهَا، وَمَا أُرِيدَ بِهَا وَجْهُ اللّٰهِ، قَالَ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَأُخْبِرَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَيْتُهُ فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَ الرَّجُلُ، قَالَ: فَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ حَتَّى كَانَ كَالصِّرْفِ، ثُمَّ قَالَ: فَمَنْ يَعْدِلُ إِذَا لَمْ يَعْدِلْ رَسُولُ اللّٰهِ؟ ، ثُمَّ قَالَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ مُوسَى، لَقَدْ أُوذِيَ بِأَكْثَرَ مِنْ هَذَا فَصَبَرَ ، فَقُلْتُ: لَا جَرَمَ، لَا أَرْفَعُ إِلَيْهِ بَعْدَ هَذَا شَيْئًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حنین کے دن مالِ غنیمت دینے میں ترجیح کا قانون جاری فرمایا۔ اقرع بن حابس کو سو اونٹ دیئے۔ عیینہ کو بھی سو اونٹ دیئے۔ عرب کے سرداروں کو بھی دیا اور تقسیم میں بظاہر اُن کو ترجیح دی۔ ایک آدمی (منافق) نے کہا: اللہ کی قسم! اس تقسیم میں عدل نہیں کیا گیا، اس میں اللہ کی رضا کو مدنظر نہیں رکھا گیا۔ میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ضرور خبر دوں گا۔ میں آیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خبر دی۔ جس آدمی نے کہا تھا اس کے بارے میں سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک تبدیل ہو گیا یہاں تک کہ خالص سونے کی طرح ہو گیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم عدل نہیں کرے گا تو کون عدل کرے گا؟ اللہ پاک موسیٰ علیہ السلام پر رحم کرے ان کو بہت زیادہ تکلیفیں دی گئیں۔ انہوں نے اس پر صبر کیا، میں نے پکا ارادہ کر لیا کہ آئندہ کے بعد کوئی بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح کی نہیں کروں گا۔

5112 - وَعَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَقَدْ أَتَانِي الْيَوْمَ رَجُلٌ، فَسَأَلَنِي عَنْ أَمْرٍ مَا دَرَيْتُ مَا أَرُدُّ عَلَيْهِ، فَقَالَ: أَرَأَيْتَ رَجُلًا مُؤْدِيًا نَشِيطًا، يَخْرُجُ فِي الْمَغَازِي، فَيَغْزُمُونَ عَلَيْنَا فِي أَشْيَاءَ لَا نَجِدُ مِنْهَا بُدًّا، قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تحقیق آج میرے پاس ایک آدمی آیا' اس نے مجھ سے سوال کیا ایک ایسے امر کے بارے میں' میں نہ سمجھ سکا کہ میں اسے کیا جواب دوں' پس اس نے کہا: کیا آپ نے ایسا آدمی دیکھا ہے جو چست ہے' مغازی میں نکلتا ہے' پس وہ کئی

5111- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 110' أحمد جلد 1 صفحه 380 رقم الحديث: 3608 .

5112- أخرجه البخاري جلد 4 صفحه 62 قال: حدثنا عثمان بن أبي شيبة قال: حدثنا جرير' عن منصور' عن أبي وائل' فذكره .

لَكَ، إِلَّا أَنَّا كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَسَى أَنْ لَا يَعْزِمَ عَلَيْنَا فِي الْأَمْرِ إِلَّا مَرَّةً حَتَّى نَفْعَلَهُ ، وَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَنْ يَزَالَ بِخَيْرٍ مَا اتَّقَى اللَّهَ، وَإِذَا شَكَّ فِي نَفْسِهِ شَيْئًا سَأَلَ رَجُلًا فَشَفَاهُ، وَأَوْشَكَ أَنْ لَا تَجِدُوهُ، وَالَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ مَا أَذْكُرُ مَا غَبَرَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا كَالثَّغَبِ، شُرِبَ صَفْوُهُ وَبَقِيَ كَدَرُهُ

چیزوں میں ہم پر قسم ڈالتے ہیں' جس سے نکلنے کا چارہ ہم نہیں پاتے۔راوی کا بیان ہے: میں نے اس سے کہا: قسم بخدا! میری عقل مجھے نہیں بتا رہی ہے کہ میں تیرے لیے کیا بات کروں' مگر یہ بات ہے کہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ ہوتے تھے تو آپ ﷺ صرف ایک بار ہی کسی کام پر قسم دیتے تو ہم اسے کر گزرتے تھے' تم میں سے کوئی ایک ہمیشہ خیر پر رہے گا جب تک وہ اللہ سے ڈرے اور جب وہ اپنے دل میں کوئی شک پائے تو کسی آدمی سے پوچھ لے۔ پس وہ شافی جواب پائے گا اور قریب ہے تم ایسا آدمی نہ پاؤ' قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں' میں دنیا کی گرد کا ذکر کرتا ہوں مگر پہاڑ کے دامن میں موجود تالاب کی طرح جس کا صاف پانی پی لیا جاتا ہے اور گدلا پانی چھوڑ دیا جاتا ہے۔

5113 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنَّا نَقُولُ فِي الصَّلَاةِ خَلْفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلَامٌ عَلَى فُلَانٍ، فَقَالَ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ: إِنَّ اللَّهَ هُوَ السَّلَامُ، فَإِذَا قَعَدَ أَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ فَلْيَقُلِ: التَّحِيَّاتُ لِلَّهِ، وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللَّهِ، سَلَامٌ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللَّهِ الصَّالِحِينَ - فَإِذَا قَالَهَا أَصَابَتْ كُلَّ عَبْدٍ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ صَالِحٍ-

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ کے پیچھے ہم نماز میں کہا کرتے تھے: فلاں پر سلام! رسول کریم ﷺ نے ایک دن ہمیں فرمایا: بے شک اللہ کی صفت سلام ہے' پس جب تم میں سے کوئی ایک نماز میں بیٹھ جائے تو یوں کہے: تمام مالی و بدنی عبادات' اللہ کے لیے ہیں' سلام ہو آپ پر اے نبی ﷺ اور اس کی رحمتیں' ہم پر سلام ہو اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو' پس جب یہ کلمات کہے گا تو آسمان و زمین میں ہر نیک بندے تک سلام پہنچے' میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ

5113- الحديث سبق برقم: 5080,5060 فراجعه .

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، ثُمَّ يَتَخَيَّرُ مِنَ الْمَسْأَلَةِ مَا شَاءَ

کے خاص بندے اور اس کے رسول ہیں' پھر جو دعا چاہے مانگ سکتا ہے' اسے اختیار ہے۔

5114 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بِئْسَ مَا لِأَحَدِكُمْ أَنْ يَقُولَ نَسِيتُ آيَةً كَذَا وَكَيْتَ، بَلْ هُوَ نُسِّيَ، اسْتَذْكِرُوا الْقُرْآنَ فَلَهُوَ أَشَدُّ تَفَصِّيًا مِنْ صُدُورِ الرِّجَالِ مِنَ النَّعَمِ لِعُقُلِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برا ہے تم میں سے کسی کے لیے کہ وہ یہ کہے کہ میں فلاں آیت بھول گیا ہوں بلکہ وہ کہے مجھے بھلا دی گئی' قرآن کو یاد رکھا کرو۔ وہ سینوں سے نکل جائے' اس طرح سے جس طرح جانور اپنی رسی (ڈھنگا) سے بھاگ جاتا ہے۔

5115 - وَعَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُذَكِّرُ النَّاسَ فِي كُلِّ يَوْمِ خَمِيسٍ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، لَوَدِدْنَا أَنَّكَ ذَكَّرْتَنَا فِي كُلِّ يَوْمٍ؟ قَالَ: أَمَّا إِنَّهُ يَمْنَعُنِي مِنْ ذٰلِكَ أَنْ أَكْرَهَ أَنْ أُمِلَّكُمْ، وَإِنِّي أَتَخَوَّلُكُمْ بِالْمَوْعِظَةِ كَمَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْأَيَّامِ مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ہر جمعرات کے دن لوگوں کو نصیحت کرتے' آپ سے ایک آدمی نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! اگر آپ ہمیں ہر دن نصیحت کریں؟ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تمہارے پاس آنے کی کوئی رکاوٹ نہیں تھی مگر میں ناپسند کرتا ہوں تمہاری اکتاہٹ کا بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو مخصوص ایام میں وعظ کرتے تھے اکتاہٹ کے خوف کی وجہ سے۔

5116 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ، وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتَّى يُكْتَبَ صِدِّيقًا، وَإِنَّ الْكَذِبَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سچائی نیکی کی طرف راہنمائی کرتی ہے اور نیکی جنت کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔ بے شک آدمی سچ بولتا ہے یہاں تک کہ سچ لکھا جاتا ہے، بے شک جھوٹ برائی کی طرف لے جاتا ہے اور برائی جہنم کی

5114- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **91** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **1** صفحه **417** رقم الحديث: **3960** قال: حدثنا سليمان بن داؤد' قال: حدثنا شعبة .

5115- الحديث سبق برقم: **5010** فراجعه .

5116- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **384** رقم الحديث: **3638** قال: حدثنا أبو معاوية .

يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ، وَإِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللَّهِ كَذَّابًا

طرف لے جاتی ہے بے شک آدمی جھوٹ بولتا ہے حتیٰ کہ اللہ کے ہاں جھوٹا لکھا جاتا ہے۔

5117 - وَعَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْلَمُ آخِرَ أَهْلِ النَّارِ خُرُوجًا مِنْهَا، وَآخِرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُولًا الْجَنَّةَ، رَجُلًا يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ حَبْوًا، فَيَقُولُ اللَّهُ: اذْهَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَيَأْتِيهَا فَيُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّهَا مَلْأَى، فَيَقُولُ اللَّهُ: ادْخُلْ فَإِنَّ لَكَ مِثْلَ الدُّنْيَا عَشْرَ أَمْثَالِهَا، قَالَ: فَيَقُولُ: أَتَسْخَرُ بِي- أَوْ تَضْحَكُ بِي - وَأَنْتَ الْمَلِكُ؟ ، قَالَ: ثُمَّ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، قَالَ: فَكَانَ يُقَالُ: ذَاكَ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس بات میں ذرّہ برابر شک نہیں ہے کہ میں جانتا ہوں جو سب سے آخر میں جہنم سے نکالا جائے گا اور سب سے آخر میں جنت میں داخل کیا جائے گا' وہ آدمی ہوگا جو دوزخ سے اس حال میں نکلے گا کہ وہ منہ کے بل گر رہا ہوگا' پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جا! جنت میں داخل ہو جا! پس وہ آئے گا' خیال ہوگا کہ جنت بھر چکی ہوگی (میری جگہ اب کہاں ہوگی) پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا: داخل ہو! تیرے لیے پوری دنیا کے دس گنا کے برابر جنت ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ عرض کرے گا: تُو بادشاہ ہو کر مجھ سے مذاق کرتا ہے' یا میرے ساتھ ہنسی کرتا ہے؟ راوی کہتا ہے: پھر میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' وہ ہنسے حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھیں دکھائی دینے لگیں۔ راوی کا بیان ہے: پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے: یہ وہ جنتی ہوگا جس کا سب سے چھوٹا گھر ہوگا۔

5118 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبِيدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: قَرْنِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَجِيءُ قَوْمٌ تَبْدُرُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: لوگوں میں کون بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا: میرا زمانہ پھر جو ان سے ملے ہوئے ہیں' پھر جو ان سے ملے ہوئے ہیں' پھر کچھ ایسے لوگ آئیں گے کہ ان میں کسی کی گواہی اس کی قسم سے پہلے ہوگی اور

5117- الحديث سبق برقم: 4959 فراجعه .

5118- الحديث سبق برقم: 5081 فراجعه .

شَهَادَةُ أَحَدِهِمْ يَمِينَهُ وَيَمِينُهُ شَهَادَتَهُ ، قَالَ إِبْرَاهِيمُ: كَانُوا يَنْهَوْنَنَا وَنَحْنُ صِبْيَانٌ عَنِ الْعَهْدِ وَالشَّهَادَاتِ

ان کی قسم ان کی گواہی سے جلدی ہوگی۔ ابراہیم فرماتے ہیں: ہمیں منع کیا جاتا تھا جب ہم بچے ہوتے تھے وعدہ اور گواہی دینے سے۔

5119 - وَعَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَعَنَ اللَّهُ الْوَاشِمَاتِ، وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ، وَالْمُتَنَمِّصَاتِ، وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحَسَنِ، الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللَّهِ ، قَالَ: فَبَلَغَ ذَلِكَ امْرَأَةً مِنْ بَنِي أَسَدٍ يُقَالُ لَهَا: أُمُّ يَعْقُوبَ كَانَتْ تَقْرَأُ الْقُرْآنَ، فَأَتَتْ فَقَالَتْ: مَا حَدِيثٌ بَلَغَنِي عَنْكَ أَنَّكَ لَعَنْتَ الْوَاشِمَاتِ، وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ، وَالْمُتَنَمِّصَاتِ، وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحَسَنِ، الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللَّهِ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَالِي لَا أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ فِي كِتَابِ اللَّهِ؟ قَالَتِ الْمَرْأَةُ: لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ لَوْحَيِ الْمُصْحَفِ فَمَا وَجَدْتُهُ، فَقَالَ: وَاللَّهِ لَئِنْ كُنْتِ قَرَأْتِهِ لَقَدْ وَجَدْتِهِ، ثُمَّ قَالَ: (مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا) (الحشر: 7) قَالَتِ الْمَرْأَةُ: فَإِنِّي أَرَى مِنْ هَذَا شَيْئًا عَلَى امْرَأَتِكَ، قَالَ: فَاذْهَبِي فَانْظُرِي، قَالَ: فَدَخَلَتْ عَلَى امْرَأَةِ عَبْدِ اللَّهِ فَلَمْ تَرَ شَيْئًا، فَجَاءَتْ إِلَيْهِ فَقَالَتْ: مَا رَأَيْتُ شَيْئًا، قَالَ: أَمَا لَوْ كَانَ ذَلِكَ لَمْ نُجَامِعْهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے جسم کی کھال چھیل کر سوئی سے گود کر نیل چھڑکنے والیوں پر، یعنی گودنے والیوں پر، گدوانے والیوں پر، دھاگے کے ذریعے اپنی پیشانی کے بال اکھاڑنے والیوں پر اور بطور زینت دانتوں کو الگ الگ کرنے والیوں یعنی فاصلہ ڈالنے والیوں پر، یعنی اللہ کی تخلیق کو بدل ڈالنے والیوں پر۔ پس بنواسد قبیلے کی ایک عورت تک یہ بات پہنچی، جسے اُم یعقوب کہا جاتا تھا، وہ عورت باقاعدگی سے قرآن کی تلاوت کیا کرتی تھی۔ پس وہ آئی اور اس نے کہا: کیا حدیث ہے جو آپ سے مجھے پہنچی ہے کہ آپ نے لعنت فرمائی ہے، گودنے والیوں، گدوانے والیوں، پیشانی کے بال اکھاڑنے والیوں، خوبصورتی کیلئے اپنے دانتوں میں فاصلے ڈالنے والیوں یعنی اللہ کی بناوٹ کو بدل ڈالنے والیوں پر؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے کیا ہے کہ میں لعنت نہ کروں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لعنت سے اور یہ تو اللہ کی کتاب میں ہے؟ اس عورت نے کہا: میں نے تو اپنے قرآن کے درمیان جو کچھ ہے سب کو پڑھا ہے، میں نے تو اس میں نہیں پایا۔ آپ نے فرمایا: قسم بخدا! اگر تو قرآن پڑھتی تو اسے پالیتی۔ پھر فرمایا: (فرمان ہے:) ''جو کچھ تمہیں اللہ

5119- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **97** قال: حدثنا سفيان (ابن عيينة) .

کے رسول دیں تو اسے لے لو اور جس سے منع کریں تو (اس سے) رُک جاؤ''۔عورت نے کہا: اس میں کچھ چیز تو میں آپ کی بیوی پر بھی دیکھتی ہوں۔آپ نے فرمایا: جا! اب دیکھ۔ راوی کا بیان ہے: وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی بیوی کے پاس داخل ہوئی تو کوئی چیز نظر نہ آئی (یعنی نہ تھی) پس وہ آپ کے پاس آئی اور عرض کی: میں نے تو کوئی شی نہیں دیکھی۔فرمایا: اگر کوئی چیز ہوتی تو میں اس سے جماع نہ کرتا۔

5120 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً- قَالَ إِبْرَاهِيمُ: لَا أَدْرِي أَزَادَ أَمْ نَقَصَ- فَلَمَّا سَلَّمَ قِيلَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَحَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَا، وَمَا ذَاكَ؟ ، قَالُوا: صَلَّيْتَ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فَثَنَى رِجْلَهُ، وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، فَلَمَّا سَلَّمَ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ فَقَالَ: إِنَّهُ لَوْ حَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ أَنْبَأْتُكُمْ بِهِ، وَلَكِنِّي إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ، أَنْسَى كَمَا تَنْسَوْنَ، فَإِذَا نَسِيتُ فَذَكِّرُونِي، وَإِذَا شَكَّ أَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ فَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ يُسَلِّمُ، ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رکعت زیادہ یا کم پڑھائی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا۔تو عرض کی گئی: یا رسول اللہ! کیا نماز کے متعلق نیا حکم نازل ہوا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! کیا ہوا ہے؟ عرض کی: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنی اتنی رکعتیں پڑھائی ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاؤں پر پلٹے اور دو سجدے کیے۔پھر سلام پھیر کر ہماری طرف اپنا چہرہ مبارک کیا۔فرمایا: اگر نماز میں کوئی شے پیش آئے میں اس کے متعلق تم کو سجدہ سہو کرنے کا حکم دیتا ہوں۔ میں تمہاری طرح کا (بظاہر) انسان ہوں اور بھول جاتا ہوں جیسے تم بھول جاتے ہو۔ جب میں بھول جاؤں تو تم مجھ کو بتا دیا کرو۔ جب تم کو نماز میں ایسا معاملہ پیش آئے وہ غور وفکر کرے۔اس پر بنا کرے پھر سلام پھیرے، پھر دو سجدے کرے۔

5121 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5120- اخرجه الحميدى رقم الحديث: 96 . وأحمد جلد 1 صفحه 376 رقم الحديث: 3570 .

عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ وُكِّلَ بِهِ قَرِينٌ مِنَ الْجِنِّ ، قَالُوا: وَإِيَّاكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: وَإِيَّايَ، إِلَّا أَنَّ اللَّهَ أَعَانَنِي عَلَيْهِ فَأَسْلَمَ، فَلَا يَأْمُرُنِي إِلَّا بِخَيْرٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک شیاطین اور جنوں میں سے وکیل ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کے ساتھ بھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے ساتھ بھی مگر اللہ نے میری اس پر مدد فرمائی۔ وہ مسلمان ہو گیا وہ مجھے صرف نیکی کا حکم دیتا ہے۔

5122 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ وَائِلِ بْنِ مَهَانَةَ، - مِنَ التَّيْمِ- عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ، تَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ، فَإِنَّكُنَّ أَكْثَرُ أَهْلِ جَهَنَّمَ ، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ لَيْسَتْ مِنْ عِلْيَةِ النِّسَاءِ: وَلِمَ نَحْنُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَكْثَرُ أَهْلِ جَهَنَّمَ؟ قَالَ: مِنْ أَجْلِ أَنَّكُنَّ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عورتوں کے گروہ! صدقہ کیا کرو، اگرچہ سونے کی ایک ڈلی ہی ہو تمہاری اکثریت جہنم میں ہوگی۔ ایک عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! جہنم میں کثرت کیوں ہے؟ آپ نے فرمایا: اس وجہ سے کہ تم لعنت زیادہ کرتی ہو اور شوہروں کی نافرمان ہوتی ہو۔

5123 - وَعَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَأَى مِنَ النَّاسِ إِدْبَارًا قَالَ: اللَّهُمَّ سَبْعٌ كَسَبْعِ يُوسُفَ ، فَأَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ حَصَّتْ كُلَّ شَيْءٍ، حَتَّى أَكَلُوا لَحْمَ الْمَيْتَةِ وَالْجُلُودَ وَالْجِيَفَ، وَيَنْظُرُ إِلَى السَّمَاءِ أَحَدُهُمْ فَيَرَى الدُّخَانَ مِنَ الْجُوعِ، فَأَتَاهُ أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنَّكَ جِئْتَ تَأْمُرُ بِطَاعَةِ اللَّهِ، وَبِصِلَةِ الرَّحِمِ، فَإِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوا، فَادْعُ اللَّهَ لَهُمْ، قَالَ اللَّهُ: (فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے لوگوں سے اِدبار دیکھا آپ ﷺ نے دعا فرمائی: اے اللہ! ان پر یوسف علیہ السلام جیسا قحط نازل فرما، ان کو ایک سال قحط نے پکڑا۔ ان سے ہر شے ختم ہو گئی۔ یہاں تک کہ انہوں نے مردار کھانا شروع کر دیئے۔ ان میں سے کچھ آسمان کی طرف دیکھتے وہ بھوک کی وجہ سے دھواں نظر آتا۔ ابوسفیان آیا، اس نے عرض کی، اے محمد! آپ ﷺ کے پاس آئے ہیں، آپ ﷺ اللہ کی اطاعت کا حکم دیتے ہیں اور صلہ رحمی کا۔ آپ ﷺ کی قوم ہلاک ہو رہی ہے۔ ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے

5122- الحديث سبق برقم: 5090 فراجعه .

5123- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 116 . وأحمد جلد 1 صفحه 380 رقم الحديث: 3613 .

(الدخان: 10) إِلَى قَوْلِهِ (إِنَّا مُنْتَقِمُونَ) (الدخان: 16)

دعا کریں۔ اللہ نے فرمایا: ''فَارْتَقِبْ يَوْمَ الى قَوْلِهِ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ''۔

5124 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ قَالَ: ذَكَرَ شِبَاكٌ لِإِبْرَاهِيمَ قَالَ: سَأَلْنَا عَلْقَمَةَ، عَنْ ذَلِكَ، فَحَدَّثَنَا عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آكِلَ الرِّبَا، وَمُوكِلَهُ، قَالَ: فَقُلْتُ: وَشَاهِدَيْهِ وَكَاتِبَهُ، قَالَ: إِنَّمَا نُحَدِّثُ مَا سَمِعْنَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کھانے، کھلوانے والے پر لعنت فرمائی۔ میں نے عرض کی: گواہ اور لکھنے والے پر۔ انہوں نے فرمایا: ہم صرف وہی بات بیان کرتے ہیں جو ہم نے سنی ہو۔

5125 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: قَالَ هُنَيُّ الضَّبِّيُّ: لَقِينَا عَلْقَمَةَ- وَقَدْ مَثَّلَ زِيَادٌ بِرَجُلٍ صَلَبَهُ- فَقَالَ لَنَا: عَلَامَ اجْتَمَعَ هَؤُلَاءِ؟ قُلْتُ: مَثَّلَ زِيَادٌ بِرَجُلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -فِيمَا أَحْسَبُ- : إِنَّ أَعَفَّ النَّاسِ قِتْلَةً أَهْلُ الْإِيمَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک لوگوں میں سے قتل کرنے کے اعتبار سے سب سے عفیف و پاک اہل ایمان ہیں۔

5126 - وَعَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوَلَدُ لِصَاحِبِ الْفِرَاشِ، وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بچہ بستر والے کا ہے اور زانی کے لیے پتھر (رجم) ہے۔

5127 - وَعَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں کسی کو زمین میں دوست

5124- أخرجه مسلم جلد 5 صفحه 50 قال: حدثنا عثمان بن أبي شيبة، واسحاق بن ابراهيم، قال: اسحاق: أخبرنا، وقال عثمان: حدثنا جرير، عن مغيرة، قال: سأل شباك ابراهيم، فحدثنا عن علقمة فذكره .

5125- الحديث سبق برقم: 4952 فراجعه .

5126- أخرجه النسائي جلد 6 صفحه 181 قال: أخبرنا اسحاق بن ابراهيم، قال: حدثنا جرير، عن مغيرة، عن أبي وائل، فذكره .

5127- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 113 قال: حدثنا سفيان .

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرِ بْنَ أَبِي قُحَافَةَ خَلِيلًا، وَلَكِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيلُ اللّٰهِ، وَإِنَّ الْقُرْآنَ نَزَلَ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ، لِكُلِّ آيَةٍ مِنْهَا ظَهْرٌ وَبَطْنٌ، وَلِكُلِّ حَدٍّ مَطْلَعٌ

بناتا تو ضرور ابوبکر رضی اللہ عنہ ہی کو بناتا لیکن تمہارے صاحب اللہ کے دوست ہیں اور قرآن سات قراُتوں پر اترا ہے ہر آیت کا ایک ظاہر ہے اور ہر ایک کا ایک باطن بھی ہے۔

5128 - وَعَنْ جَرِيرٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَأْ عَلَيَّ ، قُلْتُ: أَلَيْسَ تَعَلَّمْتُ مِنْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِي ، فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ سُورَةَ النِّسَاءِ حَتَّى إِذَا بَلَغْتُ: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء : 41) ، فَاضَتْ عَيْنَاهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے سامنے قرآن پڑھ۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں نے آپ سے ہی نہیں سیکھا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں پسند کرتا ہوں کہ اپنے علاوہ کسی اور سے سنوں، پس میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سورۂ نساء پڑھی حتیٰ کہ میں اس آیت پر پہنچا: ''فکیف اذا جئنا الیٰ آخرہٖ'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو برسنے لگے۔

5129 - وَعَنْ جَرِيرٍ قَالَ: وَحَدَّثَنَا الرُّكَيْنُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ عُمَيْلَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ عَشْرَ خِلَالٍ: التَّخَتُّمُ بِالذَّهَبِ، وَجَرُّ الْإِزَارِ، وَالصُّفْرَةُ- يَعْنِي الْخَلُوقَ - ، وَتَغْيِيرُ الشَّيْبِ،- قَالَ جَرِيرٌ: يَعْنِي نَتْفَهُ- وَالرُّقَى إِلَا بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ، وَعَقْدُ التَّمَائِمِ، وَالضَّرْبُ بِالْكِعَابِ، وَالتَّبَرُّجُ بِالزِّينَةِ لِغَيْرِ مَحَلِّهَا، وَعَزْلُ الْمَاءِ عَنْ مَحَلِّهِ، وَإِفْسَادُ الصَّبِيِّ غَيْرُ مُحَرِّمِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دس باتوں کو ناپسند کرتے تھے: (۱) خلوق (خوشبو کا نام)، (۲) تہبند کو لٹکانے کو (۳) سونا پہننے کو (۴) بڑھاپے کو جوانی میں بدلنا۔ حضرت جریر فرماتے ہیں: کالے بالوں سے سفید بال اُکھاڑنا (۶) دَم صرف معوذتین کے ساتھ کرنا (۷) تمائم باندھنا (۸) عورتوں کا غیر محل میں زینت کرنا (۹) زنا کرنا (۱۰) بچہ ضائع کرنا۔

5128- الحديث سبق برقم: 4998 فراجعه .

5129- الحديث سبق برقم: 5052 فراجعه .

5130 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ أَبِي سَعْدٍ الْأَزْدِيِّ، عَنْ أَبِي الْكَنُودِ قَالَ: أَصَبْتُ رَجُلًا مِنْ عُظَمَاءِ فَارِسَ يَوْمَ مِهْرَانَ، قَالَ: فَرَفَعْتُ سَلَبَهُ إِلَى السُّلْطَانِ، قَالَ: فَأَخَذْتُ خَاتَمًا لَهُ مِنْ ذَهَبٍ، قَالَ: وَكَانَ قَدْ رُئِيَ فِي يَدِي، قَالَ: قُلْتُ: إِذَا خَرَجْتُ إِلَى أَرْضِ الْعَجَمِ فَأَصَابَنِي شَيْءٌ فَإِنَّهُ نَافِقٌ، فَدَخَلْتُ عَلَى عَبْدِ اللَّهِ وَهُوَ فِي يَدِي، فَقَالَ: مَا هَذَا الْخَاتَمُ؟ فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَأَخَذَهُ مِنِّي، فَجَعَلَهُ فِي فِيهِ ثُمَّ مَضَغَهُ، ثُمَّ طَرَحَهُ إِلَيَّ، ثُمَّ قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَلْقَةِ الذَّهَبِ

حضرت ابی الکنود فرماتے ہیں کہ مجھے فارس کے بڑے لوگوں میں سے مہران (کے دن) ایک آدمی کو قتل کیا' میں اس کے جملہ سامان کو اٹھا کر بادشاہ کے پاس لایا۔ میں نے اس کی سونے کی انگوٹھی لی۔ جو میرے ہاتھ میں دیکھی گئی تھی۔ فرماتے ہیں جب عجموں کے ملک میں آیا مجھے اس سے کوئی شے ملی کیونکہ وہ ختم ہونے والی تھی۔ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا۔ وہ انگوٹھی میرے ہاتھ میں تھی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ انگوٹھی کیا ہے؟ میں نے سارا قصہ آپ رضی اللہ عنہ کو بیان کیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے لی اور اپنے منہ میں رکھی اس کو چبایا پھر میری طرف پھینک دی اور فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا۔

5131 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ يَقُولُ: مِنْ كُلِّ شَيْءٍ قَدْ أُوتِيَ نَبِيُّكُمْ، إِلَّا مَفَاتِيحَ الْخَمْسِ: (إِنَّ اللَّهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ) (لقمان: 34) الْآيَةُ كُلُّهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر چیز کا علم دیا ہے مگر پانچ کی چابیاں عطا کیں، بے شک اللہ کے پاس ہے قیامت کا علم، بارش کے نازل کرنے کا علم، جو ماں کے پیٹ میں ہے اس کا علم۔

5132 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَحْيَى الْجَابِرِ، عَنْ أَبِي مَاجِدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: سَأَلْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ السَّيْرِ بِالْجَنَازَةِ، فَقَالَ: السَّيْرُ مَا دُونَ الْخَبَبِ، فَإِنْ يَكُنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز جنازہ کو لے چلنے کی چال یا رفتار کے متعلق پوچھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسے چلنا ہے کہ میت کو جھٹکے نہ لگیں' اگر وہ نیک ہو تو وہ کہتا ہے: جلدی

5130- أخرجه الطيالسي رقم الحديث: 1814 . وأحمد جلد 1 صفحه 401,392 .

5131- الحديث في المقصد العلي برقم: 57 .

5132- الحديث سبق برقم: 5016 فراجعه .

خَيْرًا يُعَجَّلُ إِلَيْهِ، وَإِنْ يَكُ سِوَى ذَلِكَ فَبُعْدًا لِأَهْلِ النَّارِ، الْجَنَازَةُ مَتْبُوعَةٌ، وَلَيْسَ مِنَّا مِنْ تَقَدَّمَهَا

لے چلو۔ اگر برا ہے تو اہل النار سے دوری حاصل کرو۔ جنازہ متبوع ہوتا ہے' وہ ہم میں سے نہیں ہے جو آگے بڑھے۔

5133 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَحْيَى الْجَابِرِ، عَنْ أَبِي مَاجِدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ أَنْشَأَ يُحَدِّثُ قَالَ: إِنَّ أَوَّلَ رَجُلٍ قُطِعَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ - أَوْ فِي الْمُسْلِمِينَ - رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، أُتِيَ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ: سَرَقَ، فَقَالَ: اذْهَبُوا بِصَاحِبِكُمْ فَاقْطَعُوهُ، فَكَأَنَّمَا أُسْفِيَ وَجْهُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَادًا، فَقَالَ لَهُ بَعْضُ جُلَسَائِهِ: كَأَنَّ هَذَا قَدْ شَقَّ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: وَمَا يَنْبَغِي أَنْ تَكُونُوا أَعْوَانًا لِلشَّيْطَانِ أَوْ لِإِبْلِيسَ، إِنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِوَالِي أَمْرٍ أَنْ يُؤْتَى بِحَدٍّ إِلَّا أَقَامَهُ، وَاللَّهُ عَفُوٌّ يُحِبُّ الْعَفْوَ، ثُمَّ قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ : (وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ) (النور:22)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے مسلمانوں میں جس کا ایک ہاتھ کاٹا گیا وہ انصار کا ایک آدمی تھا، اس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا اور عرض کی گئی کہ اس نے چوری کی ہے۔ فرمایا: اپنے ساتھی کو لے جاؤ اور اس کا ہاتھ کاٹ دو۔ گویا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ پھیکا پڑ گیا' ہمنشینوں میں سے ایک نے عرض کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ معاملہ دشوار گزرا پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہتر نہیں ہے کہ تم شیطان کی مدد کرو' کسی بادشاہ کے لیے جائز نہیں ہے کہ حد اس کے پاس لائی جائے' لیکن وہ حد قائم نہ کرے' اللہ عفو ہے اور عفو کو پسند کرتا ہے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''معاف کرو' درگزر کرو' کیا تم پسند نہیں کرتے ہو کہ اللہ تم کو معاف کرے''۔

5134 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهَا سَتَكُونُ بَعْدِي أَثَرَةٌ وَأُمُورٌ تُنْكِرُونَهَا، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ تَأْمُرُ مَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنَّا؟ قَالَ: تُؤَدُّونَ الْحَقَّ الَّذِي عَلَيْكُمْ، وَتَسْأَلُونَ اللَّهَ الَّذِي لَكُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب تم میرے بعد ناحق کو حق والے پر ترجیح دیتے ہوئے دیکھو گے اور کام ناپسند دیکھو گے۔ عرض کی: یا رسول اللہ! اس کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنا حق ادا کرتے رہو جو تم پر ضروری ہے اللہ سے اپنے لیے تم مانگتے رہو۔

5133- الحديث في المقصد العلي برقم: 829 .

5134- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 384 رقم الحديث: 3640 قال: حدثنا أبو معاوية .

5135 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوقُ: إِنَّ خَلْقَ أَحَدِكُمْ لَيُجْمَعُ فِي بَطْنِ أُمِّهِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا، ثُمَّ يَكُونُ عَلَقَةً مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ يَكُونُ مُضْغَةً مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللَّهُ الْمَلَكَ بِأَرْبَعِ كَلِمَاتٍ: رِزْقُهُ، وَعَمَلُهُ، وَأَجَلُهُ، وَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ حَتَّى مَا يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلَّا ذِرَاعٌ، ثُمَّ يُدْرِكُهُ مَا سُبِقَ لَهُ فِي الْكِتَابِ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُهَا، وَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ حَتَّى مَا يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلَّا ذِرَاعٌ، ثُمَّ يُدْرِكُهُ مَا سُبِقَ لَهُ فِي الْكِتَابِ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک جو صادق و مصدوق ہیں بے شک تم میں سے ہر کسی کو اللہ عزوجل تمہاری ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک جمع کرتا ہے۔ پھر چالیس دن علقہ ہو جاتا ہے پھر وہ چالیس دن میں مضغہ ہو جاتا ہے، پھر اللہ عزوجل فرشتہ بھیجتا ہے چار باتوں کا حکم دے کر' اس کا رزق، اس کا عمل، اس کی موت، اس کا متقی یا نیک ہونا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ تم میں سے کوئی آدمی جنتیوں والے عمل کرتا ہے یہاں تک کہ جنت اور اس کے درمیان ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے پھر اس پر تقدیر کا لکھا ہوا غالب آجاتا ہے وہ جہنمیوں والے عمل کرتا ہے' جہنم میں داخل ہوتا ہے۔ تم میں سے کوئی جہنمیوں والے عمل کرتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور جہنم کے درمیان ایک ہاتھ کا فاصلہ رہا تھا کہ اس پر لکھا ہوا غالب آجاتا ہے جو کتاب میں ہے وہ جنتیوں والے عمل کرتا ہے' جنتی ہو جاتا ہے۔

5136 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَارٍ إِذْ نَزَلَتْ عَلَيْهِ: وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا، فَتَلَقَّفْنَاهَا مِنْ فِيهِ، وَإِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ بِهَا، إِذْ خَرَجَتْ حَيَّةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غار میں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہ سورۃ والمرسلات عرفاً نازل ہوئی۔ ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ مبارک سے سن کر یاد کر لی۔ ابھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا منہ مبارک اس سے تر تھا' یعنی آپ پڑھ رہے تھے' اچانک ایک سانپ نکلا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو قتل کرو! ہم

5135- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 126 قال: حدثنا محمد بن عبيد الطنافسى .

5136- الحديث سبق برقم: 4949 فراجعه .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْتُلُوهَا ، قَالَ: فَابْتَدَرْنَاهَا، فَسَبَقَتْنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وُقِيَتْ شَرَّكُمْ وَوُقِيتُمْ شَرَّهَا

نے اسے مارنے کے لیے جلدی کی' پس وہ ہم سے نکل گیا' حضور ﷺ نے فرمایا: تم کو اس کے شر سے بچا لیا گیا ہے۔

5137 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ) (الأنعام:82) ، شَقَّ عَلَى أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: أَيُّنَا لَمْ يَلْبِسْ إِيمَانَهُ بِظُلْمٍ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ بِذَلِكَ، أَلَمْ تَسْمَعُوا إِلَى قَوْلِ لُقْمَانَ : (إِنَّ الشِّرْكَ) (لقمان:13) لَظُلْمٌ عَظِيمٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی وہ لوگ جو ایمان لائے اور اپنے ایمان میں کسی ناحق کی آمیزش نہیں کی، یہ بات اصحاب رسول ﷺ پر دشوار گزری۔ انہوں نے عرض کی: ہم میں سے کوئی نہیں جس نے اپنے ایمان میں ناحق آمیزش نہ کی ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے یہ نہیں سنا کہ حضرت لقمان کا کلام کہ بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے۔

5138 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْأَرَضِينَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْجِبَالَ وَالشَّجَرَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْمَاءَ وَالثَّرَى عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْخَلَائِقَ كُلَّهَا عَلَى إِصْبَعٍ، ثُمَّ قَالَ: أَنَا الْمَلِكُ، قَالَ: فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، ثُمَّ قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ : (وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی اہل کتاب میں سے حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا، عرض کی: بے شک اللہ آسمانوں کو ایک انگلی پر اور پہاڑوں درخت کو ایک انگلی پر اور پانی اور کیچڑ کو ایک انگلی پر، تمام مخلوق کو ایک انگلی پر، پھر فرمایا: میں بادشاہ ہوں۔ حضور ﷺ مسکرائے یہاں تک کہ آپ ﷺ کی داڑھیں نظر آنے لگیں پھر یہ آیت پڑھی: ''وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ الٰی آخرہ''۔ راوی حدیث فرماتے ہیں کہ میں نے ابراہیم سے عرض کی کیا دنیا میں یا آخرت میں؟ آپ نے فرمایا: دنیا میں۔

5137- أخرجه أحمد جلد1صفحه378 رقم الحديث:3589 قال: حدثنا أبو معاوية .

5138- أخرجه أحمد جلد1صفحه378 رقم الحديث:3590 قال: حدثنا أبو معاوية .

قَبَضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ) ، الْآيَةُ، فَقُلْتُ لِإِبْرَاهِيمَ: أَفِي الدُّنْيَا أَمْ فِي الْآخِرَةِ؟ فَقَالَ: فِي الدُّنْيَا

5139 - وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: إِنَّا لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ فِي الْمَسْجِدِ إِذْ دَخَلَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ: لَوْ أَنَّ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، فَإِنْ تَكَلَّمَ جَلَدْتُمُوهُ، وَإِنْ قَتَلَ قَتَلْتُمُوهُ، وَإِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلَى غَيْظٍ، وَاللَّهِ لَأَسْأَلَنَّ عَنْهُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَهُ فَقَالَ: لَوْ أَنَّ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا فَتَكَلَّمَ جَلَدْتُمُوهُ، أَوْ قَتَلَ قَتَلْتُمُوهُ، أَوْ سَكَتَ سَكَتَ عَلَى غَيْظٍ، قَالَ: اللَّهُمَّ افْتَحْ ، وَجَعَلَ يَدْعُو، فَنَزَلَتْ آيَةُ اللِّعَانِ: (وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ) (النور:6) هَذِهِ الْآيَاتُ، فَابْتُلِيَ بِهِ الرَّجُلُ بَيْنَ النَّاسِ، فَجَاءَ هُوَ وَامْرَأَتُهُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَلَاعَنَا، فَشَهِدَ الرَّجُلُ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ، ثُمَّ لَعَنَ الْخَامِسَةَ: أَنَّ لَعْنَةَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِينَ، فَذَهَبَتْ لِتَلْتَعِنَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْ ، فَلَعَنَتْ، فَلَمَّا أَدْبَرَا قَالَ: لَعَلَّهَا أَنْ تَجِيءَ بِهِ أَسْوَدَ جَعْدًا ، فَجَاءَتْ بِهِ أَسْوَدَ جَعْدًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں جمعہ کی رات مسجد میں تھا۔ اچانک انصار میں ایک آدمی آیا۔ اس نے کہا کہ اگر کوئی آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو دیکھے گا اگر گفتگو کرے اس کو کوڑے مارے۔ اگر قتل کرے اس کو قتل کرو۔ اگر خاموش رہے تو اپنے غصہ پر خوش رہے۔ اللہ کی قسم! میں ضرور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھوں گا۔ اس کے متعلق جب دوسرا دن آیا تو میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اس کے متعلق پوچھا۔ عرض کی: اگر کوئی اپنی عورت کے ساتھ کسی مرد کو پائے، گفتگو کرے اس کو کوڑے مارے یا قتل کرے اس کو قتل کرے۔ تو وہ خاموش رہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ اس کے متعلق کوئی حکم نازل فرمایا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم دعا کرنے لگے، یہ آیت نازل ہوئی: ''وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الیٰ آخرہٖ''۔

5140 - وَعَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5139- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 421 رقم الحديث: 4001 قال: حدثنا يحيى بن حماد، قال: حدثنا أبو عوانة .

5140- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 382 رقم الحديث: 3626 قال: حدثنا أبو معاوية .

سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَعُدُّونَ الرَّقُوبَ فِيكُمْ؟ ، قَالَ: قُلْنَا: الَّذِي لَا وَلَدَ لَهُ، قَالَ: لَيْسَ ذَلِكَ بِالرَّقُوبِ، وَلَكِنَّ الرَّقُوبَ الَّذِي لَمْ يُقَدِّمْ مِنْ وَلَدِهِ شَيْئًا قَالَ: وَمَا تَعُدُّونَ الصُّرَعَةَ فِيكُمْ ، قَالَ: قُلْنَا: الَّذِي لَا تَصْرَعُهُ الرِّجَالُ، قَالَ: لَيْسَ ذَلِكُمْ، وَلَكِنَّ الَّذِي يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ

حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم رقوب کس کو شمار کرتے ہو؟ ہم نے عرض کی وہ ہے جس کی اولاد نہ ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ رقوب نہیں ہے، رقوب یہ ہے کہ اپنی اولاد کے لیے کوئی نہ چھوڑے۔ پھر فرمایا: تم پہلوان کو شمار کرتے ہو؟ عرض کی وہ دوسرے مدمقابل کو گرالے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پہلوان وہ ہے جو عصر کے وقت اپنے نفس پر کنٹرول کرے۔

5141 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّكُمْ مَالُهُ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ مَالِ وَارِثِهِ؟ ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا مِنَّا مِنْ أَحَدٍ إِلَّا مَالُهُ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ مَالِ وَارِثِهِ، قَالَ: اعْلَمُوا مَا تَقُولُونَ ، قَالُوا: مَا نَعْلَمُ إِلَّا ذَاكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا مِنْكُمْ رَجُلٌ إِلَّا مَالُ وَارِثِهِ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ مَالِهِ؟ ، قَالُوا: كَيْفَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِنَّمَا مَالُ أَحَدِكُمْ مَا قَدَّمَ، وَمَالُ وَارِثِهِ مَا أَخَّرَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کون ہے جو اپنے مال سے بڑھ کر اپنے وارث کے مال کی حفاظت کرتا ہے؟ عرض کی: یا رسول اللہ! ہم میں سے ہر کوئی اپنے مال کی حفاظت کرتا ہے۔ وارث مال کی کوئی حفاظت نہیں کرتا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جان لو کہ تم کیا کہہ رہے ہو۔ عرض کی: یا رسول اللہ! ہم اس کا جاننا چاہتے ہیں۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کون ہے تم میں سے جو اپنے وارث کے مال کی حفاظت کرتا ہے اللہ کے مال سے بڑھ کر۔ عرض کی: یا رسول اللہ! کس طرح؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارا مال وہ ہے جو تم آگے بھیجا ہے۔ وارث کا مال وہ ہے جو پیچھے چھوڑ جاؤ گے۔

5142 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُوعَكُ، فَمَسَسْتُهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا، آپ ﷺ کو سخت بخار تھا۔ میں نے اپنے ہاتھ کے ساتھ آپ ﷺ کو چھوا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ ﷺ کو بہت سخت بخار

5141- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **382** رقم الحديث: **3626** قال: حدثنا أبو معاوية .

5142- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **381** رقم الحديث: **3618** قال: حدثنا أبو معاوية .

بِيَدِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّكَ لَتُوعَكُ وَعْكًا شَدِيدًا، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَجَلْ، إِنِّي أُوعَكُ كَمَا يُوعَكُ رَجُلَانِ مِنْكُمْ، فَقُلْتُ: ذَاكَ أَنَّ لَكَ أَجْرَانِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَجَلْ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيبُهُ أَذًى مِنْ مَرَضٍ فَمَا سِوَاهُ، إِلَّا حَطَّ اللَّهُ بِهِ مِنْ سَيِّئَاتِهِ، كَمَا تَحُطُّ الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا

ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے دو آدمیوں کے برابر بخار ہے۔حضرت عبداللہ نے عرض کی: آپ ﷺ کے لیے ثواب بھی دوگناہ ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! پھر حضور ﷺ نے فرمایا: جس مسلمان کو بھی مرض کی وجہ سے تکلیف ہو، اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ اس کے گناہ اس طرح معاف کرتا ہے جس طرح درختوں کے پتے موسم (خزاں) میں جھڑتے ہیں۔

5143 - وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَطَالَ حَتَّى هَمَمْتُ بِأَمْرِ سُوءٍ، قَالَ: وَمَا هَمَمْتَ بِهِ؟ قَالَ: هَمَمْتُ أَنْ أَجْلِسَ وَأَدَعَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی۔آپ ﷺ نے لمبا قیام کیا۔میں نے دل میں برا ارادہ کیا۔آپ کے شاگرد نے عرض کی: آپ نے کیا برا ارادہ کیا تھا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے ارادہ کیا تھا کہ میں آپ ﷺ کو کھڑا چھوڑ دوں اور خود بیٹھ جاؤں۔

5144 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ تَقُولُ فِي رَجُلٍ أَحَبَّ قَوْمًا وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا۔عرض کی: یا رسول اللہ! آپ ﷺ اس آدمی کے متعلق کیا فرماتے ہیں جو کسی قوم سے محبت کرتا ہو لیکن ان سے ملاقات نہ ہو سکی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اس کے ساتھ ہوگا قیامت کے دن جس سے محبت کرتا ہوگا۔

5145 - وَعَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا: اللہ کے ہاں سب سے بڑا

5143- اخرجه أحمد جلد1صفحه385 رقم الحديث:3646 قال: حدثنا يحيى بن سعيد، عن سفيان .

5144- أخرجه أحمد جلد1صفحه392 رقم الحديث:3718 وجلد4صفحه405 .

5145- الحديث سبق برقم:5076 فراجعه .

اللّٰهِ، أَيُّ الذَّنْبِ أَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَنْ تَدْعُوَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ ، قَالَ: ثُمَّ أَيُّ؟ قَالَ: ثُمَّ أَنْ تُزَانِيَ حَلِيلَةَ جَارِكَ ، قَالَ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيقَهَا: (وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللّٰهِ إِلَهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ) (الفرقان: 68)

گناہ کون سا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تو اللہ کے لیے شریک ٹھہرائے حالانکہ اس نے تجھے پیدا کیا ہے۔ پھر اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی پڑوسن سے زنا کرنا اللہ عزوجل نے اس کی تصدیق کی، یہ آیت نازل فرمائی: ''وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ الٰى آخره''۔

5146 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، فَلَأُنَازِعَنَّ رِجَالًا مِنْكُمْ، ثُمَّ لَأُغْلَبَنَّ عَلَيْهِمْ، فَيُقَالُ: إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں تمہارا حوض پر انتظار کروں گا۔ میں تم میں سے کچھ لوگوں کے متعلق جھگڑا کروں گا پھر ان پر غالب کر دیا جاؤں گا۔ وہ عرض کریں گے کہ آپ نہیں جانتے کہ انہوں نے آپ ﷺ کے بعد کیا نئے کام کیے تھے؟

5147 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ مَدَحَ نَفْسَهُ، وَلَيْسَ أَحَدٌ أَغْيَرَ مِنَ اللّٰهِ، مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کوئی آدمی ایسا نہیں ہے' اللہ سے زیادہ جس کو اپنی تعریف پسند ہو اس وجہ سے کہ اس نے اپنی تعریف خود کی ہے اور کوئی نہیں ہے جو اللہ سے زیادہ غیرت مند ہو' اسی وجہ سے اس نے فواحش (فحش باتیں اور فحش کام) کو حرام فرمایا ہے۔

5148 - وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُبَاشِرِ الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ لِتَنْعَتَهَا لِزَوْجِهَا، كَأَنَّهُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کوئی عورت دوسری عورت سے مباشرت کی مرتکب نہ ہو' تاکہ وہ اس عورت کی ایسی تعریف کرے گویا مرد اس کی طرف دیکھ رہا ہے۔

5149 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن ایک

5146- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 384 رقم الحديث: 3639 وجلد 1 صفحه 425 رقم الحديث: 4042 .

5147- الحديث سبق برقم: 5101 فراجعه .

5148- الحديث سبق برقم: 5061 فراجعه .

5149- الحديث سبق برقم: 5112 فراجعه .

عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَقَدْ سَأَلَنِي الْيَوْمَ رَجُلٌ عَنْ شَيْءٍ مَا دَرَيْتُ مَا أَقُولُ لَهُ، قَالَ: أَرَأَيْتَ رَجُلًا مُؤْدِيًا نَشِيطًا حَرِيصًا عَلَى الْجِهَادِ، يَعْزِمُ عَلَيْنَا أُمَرَاؤُنَا فِي أَشْيَاءَ لَا نُحْصِيهَا؟ قَالَ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ لَكَ، إِلَّا أَنَّا كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَعَلَّهُ أَنْ لَا يَأْمُرَنَا بِشَيْءٍ إِلَّا فَعَلْنَا، وَمَا أَشْبَهَ مَا غَبَرَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا كَالثَّغْبِ شُرِبَ صَفْوُهُ وَبَقِيَ كَدَرُهُ، وَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَا يَزَالُ بِخَيْرٍ مَا اتَّقَى اللّٰهَ، وَإِذَا حَاكَ فِي نَفْسِهِ شَيْءٌ أَتَى رَجُلًا فَسَأَلَهُ فَشَفَاهُ، وَايْمُ اللّٰهِ لَيُوشِكَنَّ أَنْ لَا تَجِدُوهُ

آدمی ایک چیز کے بارے مجھ سے سوال کیا: میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ میں اسے کیا کہوں۔ اس نے کہا: کیا آپ نے ایسا آدمی دیکھا ہے جو چست ہو اور جہاد کا حریص ہو۔ ہمارے امیر ہم پر اتنی چیزوں کی قسم دیتے ہیں جن کو ہم گن نہیں سکتے؟ میں نے کہا: میری سمجھ میں نہیں آ رہا کہ میں آپ کو کیا جواب دوں مگر اتنا بتاتا ہوں کہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ ہوتے تھے شاید ہی کوئی ایسا کام ہو جس کا آپ ﷺ نے حکم دیا ہو اور ہم نے نہ کیا ہو۔ بے شک تم میں سے کوئی ایک ہمیشہ خیر پر رہے گا جب تک وہ اللہ سے ڈرتا رہا اور جب اس کے دل میں کوئی چیز کھٹکے تو وہ کسی آدمی کے پاس آ کر سوال کرے پس اس کی تشفی ہو جائے گی قسم بخدا! تم عنقریب ایسا آدمی نہیں پاؤ گے۔

5150 - وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَمْشِي، فَمَرَرْنَا بِصِبْيَانٍ فِيهِمُ ابْنُ صَيَّادٍ، فَفَرَّ الصِّبْيَانُ وَجَلَسَ ابْنُ الصَّيَّادِ، فَكَأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ ذَلِكَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَرِبَتْ يَدَاكَ، أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ؟ ، قَالَ: لَا، بَلْ تَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، قَالَ عُمَرُ: تَأْذَنُنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنْ أَقْتُلَهُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ يَكُنِ الَّذِي تَرَى، فَلَنْ تَسْتَطِيعَ قَتْلَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے۔ ہم بچوں کے پاس سے گزرے، ان بچوں میں ابن صیاد بھی تھا، بچے بھاگ گئے۔ ابن صیاد بیٹھ رہا۔ گویا حضور ﷺ نے یہ ناپسند کیا' پس حضور ﷺ نے فرمایا: تیرا ہاتھ خاک آلود ہو۔ کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ﷺ ہوں؟ اس نے کہا: نہیں، بلکہ تُو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں (نعوذ باللہ)۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے اجازت دیں کہ میں اس کو قتل کروں؟ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا: اگر یہ وہی ہے جسے تُو دیکھتا ہے تو اس

5150- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 380 رقم الحديث: 3610 قال: حدثنا أبو معاوية .

کو ہرگز قتل نہیں کر سکے گا۔

5151 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: نَزَلَتْ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا وَنَحْنُ فِي غَارٍ فَأَقْرَأَنِيهَا، فَإِنِّي لَأَقْرَؤُهَا قَرِيبًا مِمَّا أَقْرَأَنِي ، فَمَا أَدْرِي بِأَيِّ خَاتِمَتِهَا خَتَمَ: (وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ ارْكَعُوا لَا يَرْكَعُونَ) (المرسلات: 48) أَوْ (فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ) (المرسلات: 50) ؟

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غار میں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہ سورۃ والمرسلات عرفاً نازل ہوئی۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے پڑھائی کیونکہ میں اس کو زیادہ اچھے طریقے سے قرأت کرنے والا تھا' اس کے قریب تر جو قرأت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سکھائی' میں نہیں جانتا ہوں کہ اس سورت کا اختتام آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں فرمایا' ''وَاِذَا قِیْلَ لَھُمُ الٰی آخرہٖ'' پر یا ''فَبِاَیِّ حَدِیْثٍ بَعْدَہٗ یُؤْمِنُوْنَ'' پر۔

5152 - وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَا يَجْعَلَنَّ أَحَدُكُمْ لِلشَّيْطَانِ مِنْ نَفْسِهِ جُزْءًا، أَنْ يَرَى أَنَّ حَقًّا عَلَيْهِ أَنْ يَنْصَرِفَ عَنْ يَمِينِهِ، فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرُ مَا يَنْصَرِفُ عَنْ شِمَالِهِ ، قَالَ عُمَارَةُ: فَأَتَيْتُ الْمَدِينَةَ فَرَأَيْتُ مَنَازِلَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شِمَالِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم میں سے کوئی بھی شیطان کے لیے اپنی طرف سے حصہ نہ بنائے کہ وہ یہی خیال کرے کہ اس پر حق ہے' دائیں طرف پھرنا' پس میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اکثر اپنے بائیں جانب پھرتے ہوئے دیکھا۔ حضرت عمارہ کا قول ہے: پس مجھے مدینہ کی حاضری کا شرف نصیب ہوا تو میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے آپ کے بائیں طرف پھرنے کے مقامات کو خوب ملاحظہ کیا۔

5153 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: دَخَلَ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ عَلَى عَبْدِ اللَّهِ وَهُوَ يَتَغَدَّى، فَقَالَ: ادْنُهْ، فَقَالَ الْأَشْعَثُ: أَلَيْسَ الْيَوْمَ يَوْمُ عَاشُورَاءَ ؟ فَقَالَ عَبْدُ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت اشعث بن قیس حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ وہ کھانا کھا رہے تھے۔ حضرت اشعث نے عرض کی کیا یہ دن عاشورہ کا دن نہیں؟ حضرت عبداللہ نے فرمایا کہ آپ کو معلوم نہیں کہ عاشورا کیا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

5151- الحديث سبق برقم: 5136,4949 فراجعه .

5152- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 127 قال: حدثنا سفيان .

5153- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 424 رقم الحديث: 4024 قال: حدثنا يعلى' وابن أبي زائدة .

اللّٰهِ: وَمَا يُدْرِيكَ مَا عَاشُورَاءُ؟ إِنَّمَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُهُ فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ تَرَكَهُ

عاشورہ کا روزہ رکھتے تھے۔ جب رمضان کا حکم نازل ہوا تو آپ ﷺ نے چھوڑ دیا تھا عاشورہ کا روزہ۔

5154 - وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلَاةً إِلَّا لِوَقْتِهَا، إِلَّا صَلَاتَيْنِ: رَأَيْتُهُ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ جَمِيعًا بِالْمُزْدَلِفَةِ، وَصَلَّى صَلَاةَ الْفَجْرِ قَبْلَ وَقْتِهَا بِغَلَسٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو نہیں دیکھا مگر وقت پر نماز پڑھتے ہوئے مگر دو نمازیں مغرب اور عشاء مزدلفہ میں جمع کی تھیں۔ اور فجر کی نماز وقت سے پہلے غلس میں پڑھی تھی۔ یعنی اندھیرے میں شروع کی اور روشنی میں ختم کی۔

5155 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ - يَعْنِي: عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ - قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ أَعُودُهُ وَهُوَ مَرِيضٌ، فَحَدَّثَنَا بِحَدِيثَيْنِ: حَدِيثٌ عَنْ نَفْسِهِ، وَحَدِيثٌ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ يَرَى ذُنُوبَهُ كَأَنَّهُ فِي أَصْلِ جَبَلٍ يَخَافُ أَنْ يَقَعَ عَلَيْهِ، وَإِنَّ الْفَاجِرَ يَرَى ذُنُوبَهُ مِثْلَ ذُبَابٍ مَرَّ عَلَى أَنْفِهِ فَذَبَّهُ عَنْهُ قَالَ: وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَلّٰهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ الْمُؤْمِنِ مِنْ رَجُلٍ فِي أَرْضٍ دَوِّيَّةٍ مَهْلَكَةٍ، مَعَهُ رَاحِلَتُهُ عَلَيْهَا طَعَامُهُ وَشَرَابُهُ، فَنَامَ، فَاسْتَيْقَظَ وَقَدْ ذَهَبَتْ، فَقَامَ يَطْلُبُهَا، فَطَلَبَهَا حَتَّى أَدْرَكَهُ الْعَطَشُ، ثُمَّ قَالَ: أَرْجِعُ إِلَى مَكَانِي الَّذِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ دو باتیں بیان کرتے ہیں۔ ایک اپنی طرف سے اور دوسری رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے۔ اپنی طرف سے جو ہے وہ یہ ہے کہ مومن اپنے گناہوں کو ایسے سمجھتا ہے کہ جیسے وہ پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہے کہ قریب ہے کہ وہ گر جائے اور بڑا انسان ایسے سمجھتا ہے کہ جیسے مکھی اس کے ناک پر بھن بھنا رہی ہے۔ جو حضور ﷺ کی طرف سے ہے وہ یہ ہے کہ اللہ عزوجل اپنے بندے کے توبہ کرنے سے اتنا خوش ہوتا ہے کہ جس طرح کوئی آدمی اپنی سواری پر سوار ہو وہ جنگل میں جا رہا ہو۔ اس پر اس کا کھانا اور پینا وغیرہ کا سامان ہو۔ اس نے اپنا سر رکھا اور وہ سو گیا۔ وہ جاگا تو سواری بمع کھانے و پینے کے سامان کے چلی گئی تھی وہ اس کی تلاش میں نکلا۔ اس کو سخت پیاس یا بھوک لگی ابو شہاب

5154- اخرجه الحميدى رقم الحديث: 114 . وأحمد جلد 1 صفحه 384 رقم الحديث: 3637 .

5155- الحديث سبق برقم: 5078 فراجعه .

كُنْتُ فِيهِ حَتَّى أَمُوتَ، قَالَ: فَوَضَعَ رَأْسَهُ عَلَى سَاعِدِهِ لَيَمُوتَ، فَاسْتَيْقَظَ وَعِنْدَهُ رَاحِلَتُهُ عَلَيْهَا زَادُهُ وَطَعَامُهُ وَشَرَابُهُ، فَاللَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ مِنْ هَذَا بِرَاحِلَتِهِ وَزَادِهِ

فرماتے کہ قریب تھا کہ مر جائے۔ وہ اپنی جگہ واپس آ گیا اس نے اپنا سر رکھا اور سو گیا۔ پھر جاگا۔ وہ سواری بمع زادِراہ اور کھانے پینے کے سامان کے اس کے پاس تھی' اللہ اپنے بندے کی توبہ سے' اس بندے کے سواری اور زادِراہ ملنے کی خوشی سے زیادہ خوش ہوتا ہے (وہ خوشی میں کہہ رہا تھا اے اللہ تو میرا بندہ ہے میں تیرا رب ہوں)۔

5156 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللَّهِ، مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ مَدَحَ نَفْسَهُ، وَلَيْسَ أَحَدٌ أَغْيَرَ مِنَ اللَّهِ، مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ، وَلَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْعُذْرُ مِنَ اللَّهِ، مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ أَنْزَلَ الْكِتَابَ وَأَرْسَلَ الرُّسُلَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جتنی اللہ کو اپنی تعریف پسند ہے' اتنی کسی آدمی کو پسند نہیں ہے کیونکہ اس نے خود اپنی تعریف فرمائی ہے' جتنا اللہ غیرت مند ہے اتنا کوئی بھی نہیں ہے' اس وجہ سے اس نے فواحش کو حرام فرمایا ہے' معذرت جتنی اللہ کے ہاں پسندیدہ ہے اتنی کسی کے ہاں نہیں ہے' اسی وجہ سے اس نے کتاب نازل فرمائی اور رسولوں کو بھیجا۔

5157 - وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا إِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ آدَمَ الْأَوَّلِ كِفْلٌ مِنْ دَمِهَا؛ لِأَنَّهُ سَنَّ الْقَتْلَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی انسان کو ظلماً قتل کیا جاتا ہے، تو اس کا گناہ آدم کے پہلے بیٹے پر ہوتا ہے کیوں کہ سب سے پہلے اس نے قتل کیا تھا۔

5158 - وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَرِئْتُ إِلَى كُلِّ خَلِيلٍ مِنْ خُلَّتِهِ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ہر دوست کے دوست بنانے سے بری ہوں' اگر میں دوست بناتا تو ضرور ابوبکر رضی اللہ عنہ ہی

5156- الحديث سبق برقم: 5147,5101 فراجعه .

5157- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 118 قال: حدثنا سفيان (ابن عيينة) .

5158- الحديث سبق برقم: 5127 فراجعه .

وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا، وَإِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيلُ اللَّهِ

کو بناتا لیکن تمہارے صاحب اللہ کے دوست ہیں۔

5159 - وَعَنْ جَرِيرٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ عَوْسَجَةَ بْنِ الرَّمَّاحِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ أَحْسَنْتَ خَلْقِي، فَأَحْسِنْ خُلُقِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے: اے اللہ! تُو نے میری تخلیق کو خوبصورت بنایا تو میرے اخلاق کو اور زیادہ خوبصورت بنا دے۔

5160 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا صَاحِبٌ لَنَا، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُعْدِي شَيْءٌ شَيْئًا، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ فِي الْقَوْمِ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَإِنَّ الْبَعِيرَ يَكُونُ فِي الْإِبِلِ الْعَظِيمَةِ فَتَكُونُ بِهِ النُّقْبَةُ بِذَنَبِهِ أَوْ بِمِشْفَرِهِ فَتَجْرَبُ الْإِبِلُ كُلُّهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَنْ أَجْرَبَ الْأَوَّلَ؟ ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوَى، وَلَا طِيَرَةَ، وَلَا صَفَرَ، وَلَا هَامَةَ، خَلَقَ اللَّهُ كُلَّ نَفْسٍ وَكَتَبَ حَيَاتَهَا، وَرِزْقَهَا وَمُصِيبَاتِهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شے کسی شے کو بیماری نہیں لگاتی ہے۔ تین مرتبہ فرمایا' ایک دیہاتی آدمی کھڑا ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ! ایک اونٹ خارش زدہ ہوتا ہے وہ تمام اونٹوں کو خارش زدہ کرتا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے اونٹ کو کس نے خارش لگائی ہے؟ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عدوی طیرہ صفر اور ھامہ نہیں ہے کوئی بھی نہیں' اللہ عزوجل نے ہر حیات کو پیدا کیا ہے۔ اس کی زندگی، اس کا رزق اور اس پر آنے والی آزمائش لکھ دی ہے۔

5161 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً إِلَّا جَعَلَ لَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے کوئی بیماری نہیں اتاری ہے مگر اس کی شفاء بھی اتاری ہے۔ شفاء رکھی اس کو جان لیا' جس نے جان لیا اور اس سے جاہل رہا جو

5159- الحديث سبق برقم: 5053 فراجعه .

5160- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 440 رقم الحديث: 4198 .

5161- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 90 . وأحمد جلد 1 صفحه 377 رقم الحديث: 3578 .

شِفَاءً، عَلِمَهُ مَنْ عَلِمَهُ، وَجَهِلَهُ مَنْ جَهِلَهُ

جاہل رہا۔

5162 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْحَاجَةِ، فَقَضَاهَا، فَقَالَ: أَبْغِنِي شَيْئًا أَسْتَنْجِي بِهِ، وَلَا تُقْرِبْنِي حَائِلًا، وَلَا رَجِيعًا، قَالَ: ثُمَّ تَوَضَّأَ، فَقَامَ يُصَلِّي، فَرَأَيْتُهُ كُلَّمَا رَكَعَ حَنَا - يَعْنِي طَبَّقَ يَدَيْهِ وَجَعَلَهُمَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ - ، قَالَ لَيْثٌ: الْحَائِلُ الْعَظْمُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اسوقت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حاجت کے لیے نکلا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قضاء حاجت فرمائی۔ مجھے فرمایا: میرے لیے کوئی شے تلاش کر کے لاؤ۔ میں اس کے ساتھ استنجاء کروں۔ میرے پاس کتے کا پیشاب اور ہڈی نہ لانا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو فرمایا، اس کے بعد کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی۔ میں نے دیکھا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع کرتے تو جھکتے اور دونوں ہاتھوں کو گھٹنوں کے درمیان میں رکھتے تھے۔ حدیث کے راوی حضرت لیث فرماتے ہیں: حائل سے مراد ہڈی ہے۔

5163 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ حَتَّى انْتَهَى إِلَى جَمْرَةِ الْعَقَبَةِ فَسَبَقْتُهُ، فَقَالَ: نَاوِلْنِي أَحْجَارًا، فَنَاوَلْتُهُ سَبْعَةَ أَحْجَارٍ وَهُوَ يُلَبِّي، ثُمَّ قَالَ: خُذْ بِزِمَامِ النَّاقَةِ، فَأَتَى بَطْنَ الْوَادِي، فَعَاجَ إِلَى الشَّجَرَةِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، ثُمَّ رَمَى فَجَعَلَ يُكَبِّرُ عِنْدَ كُلِّ حَصَاةٍ حَتَّى رَمَى سَبْعَ حَصَيَاتٍ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ حَجًّا مَبْرُورًا، وَذَنْبًا مَغْفُورًا، ثُمَّ قَالَ: هَكَذَا فَعَلَ الَّذِي نَزَلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ

حضرت محمد بن عبدالرحمٰن بن یزید اپنے والد سے روایت فرماتے ہیں: میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا یہاں تک کہ وہ جمرۂ عقبہ پر آئے۔ پس میں نے ان پر سبقت کی تو فرمایا: پتھر مجھے پکڑاؤ! میں نے سات پتھران کو دیئے اس حال میں کہ آپ تلبیہ پڑھ رہے تھے' پھر فرمایا: اونٹنی کی مہار پکڑ۔ پس آپ وادی کے درمیان میں آئے' درخت کی طرف پلٹے' پھر اللہ اکبر کہا' پھر کنکریاں پھینکیں' پس آپ نے ہر کنکری کے وقت اللہ اکبر کہا حتیٰ کہ سات کنکریاں پھینک ڈالیں' پھر دعا کی: اے اللہ! اس حج کو حج مقبول بنا' گناہ کو بخشا ہوا بنا' پھر فرمایا: اسی طرح کیا' اس ہستی نے جس پر سورۂ بقرہ نازل ہوئی۔

5162- أخرجه أحمد جلد1صفحه459,447,418,417,414,378 .

5163- الحديث سبق برقم:5045 فراجعه .

5164 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللَّهُ مَالًا فَسَلَّطَهُ عَلَى هَلَكَتِهِ فِي الْحَقِّ، وَآخَرُ آتَاهُ اللَّهُ الْحِكْمَةَ فَهُوَ يَقْضِي بِهَا وَيُعَلِّمُهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسد صرف دو چیزوں میں جائز ہے ایک اس پر جو مال دار ہو وہ حق کی راہ میں خرچ کرتا ہے۔ ایک وہ جس کو اللہ نے علم دیا ہو وہ اس کے ساتھ فیصلہ کرتا اور سکھاتا ہے۔

5165 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَرَوْنَ فِي هَؤُلَاءِ الْأُسَارَى؟ ، قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَوَاحَةَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَنْتَ فِي وَادٍ كَثِيرِ الْحَطَبِ فَأَضْرِمِ الْوَادِيَ عَلَيْهِمْ نَارًا، ثُمَّ أَلْقِهِمْ فِيهِ، قَالَ الْعَبَّاسُ: قَطَعَ اللَّهُ رَحِمَكَ، قَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَادَةُ الْمُشْرِكِينَ وَرُءُوسُهُمْ، كَذَّبُوكَ، وَقَاتَلُوكَ، اضْرِبْ أَعْنَاقَهُمْ، قَالَ أَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، عَشِيرَتُكَ، وَقَوْمُكَ، اسْتَحْيِهِمْ يَسْتَنْقِذْهُمُ اللَّهُ بِكَ مِنَ النَّارِ، فَدَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَقْضِيَ حَاجَتَهُ، فَقَالَتْ طَائِفَةٌ: الْقَوْلُ مَا قَالَ عُمَرُ، وَقَالَتْ طَائِفَةٌ: الْقَوْلُ مَا قَالَ أَبُو بَكْرٍ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا قَوْلُكُمْ فِي هَذَيْنِ الرِّجْلَيْنِ؟ إِنَّ مَثَلَهُمْ مَثَلُ إِخْوَةٍ كَانُوا مِنْ قَبْلِهِمْ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب بدر کا دن تھا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان قیدیوں کے بارے تمہاری کیا رائے ہے؟ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ جس وادی میں موجود ہیں' اس میں لکڑیاں بہت زیادہ ہیں۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے لیے وادی کو لگانے کا حکم دیں' پھر ان کو اس میں ڈال دیں۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ نے تیری رحم کی صفت ختم کر دی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: مشرکین کے قائدین اور ان کے سرداروں نے آپ کو جھٹلایا اور اُنہوں نے آپ سے جنگ کی' ان کی گردنیں اُڑانے کا حکم فرمائیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کے قریبی رشتہ دار اور آپ کی قوم ہے' ان کو زندہ رہنے دیں' آپ کے وسیلے سے اللہ ان کو دوزخ کی آگ سے بچائے گا۔ پس آپ قضائے حاجت کے لیے اندر تشریف لے گئے' پس لوگوں کے ایک گروہ نے کہا: بات وہی ہے جو عمر نے کی

5164- الحديث سبق برقم: 5056 فراجعه .

5165- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 383 رقم الحديث: 3632 قال: حدثنا أبو معاوية .

قَالَ نُوحٌ : (رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا إِنَّكَ إِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوا عِبَادَكَ) (نوح:27) ، وَقَالَ مُوسَى: (رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَى أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوا حَتَّى يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ) (يونس:88)، وَقَالَ إِبْرَاهِيمُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (فَمَنْ تَبِعَنِي فَإِنَّهُ مِنِّي وَمَنْ عَصَانِي فَإِنَّكَ غَفُورٌ رَحِيمٌ) (إبراهيم:36) ، وَقَالَ عِيسَى: (إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ) (المائدة:118) ، وَأَنْتُمْ قَوْمٌ بِكُمْ عَيْلَةٌ، فَلَا يَنْقَلِبَنَّ أَحَدٌ مِنْكُمْ إِلَّا بِفِدَاءٍ، أَوْ بِضَرْبَةِ عُنُقٍ ، قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: قُلْتُ: إِلَّا سَهْلَ بْنَ بَيْضَاءَ فَلَا يُقْتَلُ، فَقَدْ سَمِعْتُهُ يَتَكَلَّمُ بِالْإِسْلَامِ، فَسَكَتَ، فَمَا أَتَى عَلَيَّ يَوْمٌ كَانَ أَشَدَّ خَوْفًا عِنْدِي أَنْ يُلْقَى عَلَيَّ حِجَارَةٌ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ يَوْمِي ذَلِكَ، حَتَّى قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِلَّا سَهْلَ بْنَ بَيْضَاءَ

ہے۔ ایک گروہ نے کہا: بات وہی ہے جو ابوبکر نے کی ہے۔ پس رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے' فرمایا: ان دو آدمیوں کے بارے میں تم نے بات کی ہے؟ بے شک ان کی مثال اُن بھائیوں کی ہے جو ان سے پہلے تھے۔ حضرت نوح علیہ السلام نے عرض کی: ''اے میرے رب! کافروں میں سے کوئی زمین پر بسنے والا نہ چھوڑ' بے شک تُو نے اگر ان کو (زمین پر زندہ) چھوڑا تو وہ تیرے بندوں کو زیادہ گمراہ کر دیں گے''۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ''اے ہمارے رب! ان کے مال برباد کر دے اور ان کے دلوں کو سخت کر دے تو وہ جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں ایمان نہ لائیں''۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے عرض کی: ''تو جس نے میری پیروی کی تو بے شک وہ مجھ سے (تعلق رکھتا) ہے اور جس نے (عمل میں) میری نافرمانی کی تو بے شک تُو بڑا بخشنے والا مہربان ہے''۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہا: ''اگر تُو اُنہیں عذاب دے تو بے شک وہ تیرے بندے ہیں اور اگر تُو ان کو بخش دے تو بے شک تُو ہی غالب بڑی حکمت والا ہے''۔ اور تم عیالدار قوم ہو' پس تم میں سے کوئی بھی فدیہ دیئے بغیر نہ جائے گا یا پھر اس کی گردن اُڑا دی جائے گی۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: مگر سہل بن بیضاء کو قتل نہ کیا جائے۔ پس میں نے اسے سنا ہے' اسلام کی گفتگو کر رہا تھا۔ پس وہ خاموش رہا' پس مجھ پر کوئی دن نہیں آیا جو میرے نزدیک خوف والا ہے' اس دن مجھے یوں لگا کہ آسمان سے پتھر مجھ پر پھینک دیا جائے گا حتیٰ

کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مگر سہل بن بیضاء۔

5166 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ فَيَرُدُّ عَلَيْنَا، فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ عِنْدِ النَّجَاشِيِّ سَلَّمْنَا عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْنَا، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَيْكَ فِي الصَّلَاةِ فَتَرُدُّ عَلَيْنَا، فَقَالَ: إِنَّ فِي الصَّلَاةِ لَشُغْلًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نماز کی حالت میں ہوتے تھے' ہم آپ ﷺ پر سلام عرض کرتے' آپ ﷺ ہم پر اس کا جواب لوٹاتے۔ پس جب ہم شاہِ حبشہ نجاشی کے پاس سے لوٹے تو ہم نے آپ ﷺ پر سلام کیا تو آپ ﷺ نے ہمیں جواب نہ دیا۔ پس ہم نے عرض کی: اے اللہ کر سول! نماز کی حالت میں ہم آپ پر سلام عرض کیا کرتے تھے تو آپ ہم پر جواب لوٹاتے۔ (لیکن اب.....) پس آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک نماز میں مشغولیت کا حکم ہو گیا ہے (اور دیگر چیزوں کے ترک کا)۔

5167 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا مُطَرِّفُ بْنُ طَرِيفٍ، عَنْ أَبِي الْجَهْمِ، عَنْ أَبِي الرَّضْرَاضِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلَاةِ فَيَرُدُّ عَلَيْنَا، فَلَمَّا أَنْ كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ، فَوَجَدْتُ فِي نَفْسِي، فَلَمَّا فَرَغَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كُنْتُ إِذَا سَلَّمْتُ عَلَيْكَ فِي الصَّلَاةِ رَدَدْتَ عَلَيَّ، قَالَ: فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ يُحْدِثُ مِنْ أَمْرِهِ مَا شَاءَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ پر ہم سلام کیا کرتے تھے اس حال میں کہ آپ نماز میں ہوتے تھے' پس آپ ﷺ ہمارے سلام کا جواب دیتے تھے' پس جب ایک دن میں نے آپ ﷺ پر سلام کیا تو آپ ﷺ نے مجھے کوئی جواب نہ دیا' پس میرے دل میں بات آ گئی۔ پس جب آپ ﷺ فارغ ہوئے' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے جب آپ پر نماز میں سلام عرض کیا تھا تو آپ نے مجھے جواب دیا تھا۔ آپ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک جو حکم بدلنا' اللہ کی مشیت میں ہوتا ہے وہ بدل دیتا ہے۔

5166- الحديث سبق برقم: 4950 فراجعه .

5167- الحديث سبق برقم: 5166,4950 فراجعه .

5168 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ فَضْلَ صَلَاةِ الرَّجُلِ فِي الْجَمَاعَةِ تَزِيدُ عَلَى صَلَاتِهِ وَحْدَهُ بِضْعًا وَعِشْرِينَ دَرَجَةً

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے ہوئے سنا: بے شک آدمی کی جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی فضیلت' اس کی اکیلے نماز پڑھنے پر بیس سے زیادہ (پچیس' ستائیس) درجہ زیادہ ہوتی ہے۔

5169 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَنْتَرَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ قَالَ: اسْتَأْذَنَ عَلْقَمَةُ وَالْأَسْوَدُ عَلَى عَبْدِ اللَّهِ، وَقَدْ كَانَا أَطَالَا الْقُعُودَ عَلَى بَابِهِ حَتَّى انْتَصَفَ النَّهَارُ، قَالَ: فَخَرَجْتُ فَاسْتَأْذَنْتُ لَهُمَا، فَأَذِنَ لَهُمَا، فَقَالَ لَهُمَا: مَا لَكُمَا لَمْ تَدْخُلَا؟ قَالَ: قَالَا: كُنَّا نَرَاكَ نَائِمًا، قَالَ: مَا كُنْتُ أَشْتَهِي أَنْ تَظُنَّا بِي هَذَا، إِنَّا كُنَّا نَعْدِلُ صَلَاةَ هَذِهِ السَّاعَةِ بِصَلَاةِ اللَّيْلِ، أَوْ نَحْوٍ مِنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّكُمْ سَيَلِيكُمْ أُمَرَاءُ يُشْغَلُونَ عَنْ وَقْتِ الصَّلَاةِ، فَصَلُّوهَا لِوَقْتِهَا، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ، ثُمَّ قَالَ: هَكَذَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبدالرحمٰن بن اسود فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ اور حضرت اسود نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس حاضری کی اجازت مانگی حالانکہ وہ دونوں ان کے دروازے پر کافی دیر بیٹھے رہے تھے حتیٰ کہ آدھا دن گزر گیا۔ راوی کا بیان ہے: پس میں نکلا تو میں نے ان دونوں کیلئے اجازت طلب کی' پس آپ رضی اللہ عنہ نے ان دونوں کو اجازت عنایت فرمائی اور ان سے فرمایا: تم داخل کیوں نہیں ہوئے؟ راوی کہتے ہیں کہ اُنہوں نے عرض کی: ہم آپ کو سویا ہوا دیکھ رہے تھے۔ آپ نے فرمایا: میں نہیں چاہتا کہ تم میرے بارے یہ گمان کرو' بے شک ہم اس گھڑی کی نماز کو رات کی نماز کے برابر سمجھتے ہیں۔ پھر فرمایا: عنقریب تم پر ایسے حکمران ہوں گے جو نماز سے غفلت کریں گے' پس اپنی نمازیں اپنے وقت پہ ادا کرنا' پھر دونوں کے درمیان کھڑے ہو کر نماز پڑھی' پھر فرمایا: اسی طرح میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔

5170 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ منیٰ کے مقام پر میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مل کر چل رہا تھا' پس ان کی

5168- الحديث سبق برقم: 5054,4974 فراجعه .

5169- الحديث سبق برقم: 4975 فراجعه .

5170- الحديث سبق برقم: 5088 فراجعه .

عَلْقَمَةَ قَالَ: كُنْتُ أَمْشِي مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بِمِنًى فَلَقِيَ عُثْمَانَ فَقَامَ مَعَهُ يُحَدِّثُهُ فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَلَا نُزَوِّجُكَ جَارِيَةً شَابَّةً لَعَلَّهَا تُذَكِّرُكَ مَا مَضَى مِنْ زَمَانِكَ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَمَا لَئِنْ قُلْتَ ذَاكَ، لَقَدْ قَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ، مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ، فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ، فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ"

ملاقات حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ہوگئی' پس وہ ان کے پاس کھڑے ہو گئے۔ پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے ارشاد فرمایا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہم جوان لونڈی سے تیری شادی نہ کر دیں! شاید وہ تجھے تیرا گزرا ہوا زمانہ یاد دلا دے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: لیکن اگر آپ نے یہ بات کی ہے تو تحقیق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں بتا چکے ہیں۔ فرمایا: اے نوجوانو! تم میں سے جو شادی کرنے کی طاقت رکھتا ہے وہ شادی کر لے کیونکہ یہ آنکھوں کو جھکانے والی اور فرج کی حفاظت کرنے والی ہے اور جو طاقت نہیں رکھتا وہ روزے رکھے کیونکہ یہ اس کیلئے روکنے والا ہے۔

5171 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ سُورَةَ يُوسُفَ بِحِمْصَ، فَقَالَ رَجُلٌ: مَا هَكَذَا أُنْزِلَتْ، فَدَنَا مِنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ، فَوَجَدَ مِنْهُ رِيحَ الْخَمْرِ، فَقَالَ: تُكَذِّبُ بِالْحَقِّ، وَتَشْرَبُ الرِّجْسَ، وَاللّٰهِ لَهَكَذَا أَقْرَأَنِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللّٰهِ لَا أَدَعُكَ حَتَّى أَجْلِدَكَ حَدًّا، قَالَ: فَجَلَدَهُ الْحَدَّ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے حمص میں سورۂ یوسف پڑھی' پس ایک آدمی بولا: یہ اس طرح نازل نہیں ہوئی' پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس کے قریب ہو گئے' پس آپ نے اس سے شراب کی بُو پائی تو آپ نے فرمایا: تُو حق کو جھٹلاتا ہے اور پلیدی پیتا ہے' قسم بخدا! اسی طرح اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سکھائی' قسم ہے میں تجھے کوڑوں کی حد لگوائے بغیر نہیں چھوڑوں گا۔ راوی کہتا ہے: آپ نے اسے حد لگوائی۔

5172 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: صَلَّى عُثْمَانُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے منیٰ میں چار رکعتیں ادا فرمائی ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی،

5171- الحديث سبق برقم: **5046** فراجعه .

5172- أخرجه مسلم رقم الحديث: **695** من طريق أبي بكر بن أبي شيبة' وأبي كريب قالا: حدثنا أبو معاوية بهذا السند . وأخرجه الدارمي جلد**2**صفحه**55** من طريق منصور بن أبي الأسود .

بِمِنًى أَرْبَعًا، قَالَ: فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ أَبِي بَكْرٍ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ عُمَرَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ تَفَرَّقَتْ بِكُمُ الطُّرُقُ، وَلَوَدِدْتُ أَنَّ لِي مِنْ أَرْبَعِ رَكَعَاتٍ رَكْعَتَيْنِ مُتَقَبَّلَتَيْنِ

میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں ادا کی تھیں۔ پھر تمہارے راستہ جدا ہو گئے ہیں، میں چاہتا ہوں کہ میری چار رکعتیں ہیں ان میں سے دو قبول ہو جائیں۔

5173 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: رَمَى عَبْدُ اللَّهِ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِي سَبْعَ حَصَيَاتٍ، يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ ، قَالَ: فَقِيلَ لَهُ: إِنَّ نَاسًا يَرْمُونَهَا مِنْ فَوْقِهَا، فَقَالَ: عَبْدُ اللَّهِ هَذَا وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ مَقَامُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جمرۂ عقبہ کو بطن وادی سے سات کنکریاں ماری ہیں' آپ ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہہ رہے تھے۔ راوی کا بیان ہے: ان سے عرض کی گئی: کچھ لوگ اس کے اوپر سے رمی کرتے ہیں۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ وہ مقام ہے جس پر سورۂ بقرہ نازل ہوئی' قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

5174 - وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى فَانْشَقَّ الْقَمَرُ حَتَّى ذَهَبَ فِرْقٌ مِنْهُ خَلْفَ الْجَبَلِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْهَدُوا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: منیٰ کے مقام پر ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے' پس چاند دو ٹکڑے ہوا' اس ایک ٹکڑا پہاڑ کے پیچھے چلا گیا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: گواہی دو۔

5175 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ وَهُوَ فِيهَا فَاجِرٌ لِيَقْطَعَ بِهَا مَالَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس آدمی نے یمین پر حلف اُٹھایا جبکہ وہ اس میں گنہگار ہے تاکہ وہ اس کے ساتھ مسلمان آدمی کا مال لوٹ لے تو وہ اللہ سے اس حال میں ملے گا

5173- الحديث سبق برقم: 5045 فراجعه .

5174- الحديث سبق برقم: 5048,4947 فراجعه .

5175- الحديث سبق برقم: 5092 فراجعه .

امْرِءٍ مُسْلِمٍ، لَقِيَ اللَّهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانٌ ، قَالَ الْأَشْعَثُ: فِيَّ وَاللَّهِ، كَانَ ذَلِكَ بَيْنِي وَبَيْنَ رَجُلٍ مِنَ الْيَهُودِ أَرْضٌ فَجَحَدَنِي، فَقَدَّمْتُهُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ: أَلَكَ بَيِّنَةٌ؟ ، قَالَ: قُلْتُ: لَا، قَالَ لِلْيَهُودِيِّ: احْلِفْ ، قَالَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِذًا يَحْلِفُ فَيَذْهَبُ بِمَالِي، فَأَنْزَلَ اللَّهُ: (إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا) (آل عمران: 77)

کہ اللہ اس پر ناراض ہوگا۔ حضرت اشعث نے کہا: قسم بخدا! میرے بارے میں ہے (کیونکہ) میرے اور یہودی کے درمیان ایک زمین تھی' پس اُس نے انکار کر دیا تو میں نے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں یہ مقدمہ پیش کر دیا تو رسول کریم ﷺ نے مجھ سے فرمایا: کیا تیرے پاس گواہ ہیں؟ میں نے کہا: جی نہیں! آپ نے یہودی سے فرمایا: حلف دے! راوی کہتا ہے: پس میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! پھر تو وہ قسم اُٹھا لے گا اور میرا مال لے جائے گا۔ پس یہ آیت نازل ہوئی: ''بے شک وہ لوگ جو اپنے وعدوں اور قسموں کو تھوڑی قیمت پر خریدتے ہیں''۔

5176 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَةً، وَقُلْتُ أُخْرَى، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ وَهُوَ لَا يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ ، قَالَ: وَقُلْتُ: أَنَا: وَمَنْ مَاتَ وَهُوَ يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا دَخَلَ النَّارَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ایک کلمہ اور میں دوسری بات کی' رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ایک کلمہ اور میں دوسری بات کی' رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جو فوت ہوا اس حال میں کہ اللہ کے ساتھ شرک نہ کرتا تھا تو وہ جنت میں داخل ہوگا' اور میں کہتا ہوں: جو فوت ہوا اور وہ اللہ کے ساتھ کسی شی کو شریک بناتا تھا تو وہ دوزخ میں جائے گا۔

5177 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَلَأُنَازِعَنَّ أَقْوَامًا ثُمَّ لَأُغْلَبَنَّ عَلَيْهِمْ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں حوضِ کوثر پر تمہارے انتظار میں ہوں گا' کئی قوموں سے جھگڑ رہا ہوں گا' ان کے خلاف

5176- الحديث سبق برقم: 5068 فراجعه .

5177- الحديث سبق برقم: 5146 فراجعه .

فَأَقُولُ: يَا رَبِّ أَصْحَابِي، ثُمَّ يَقُولُ: إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ

مجھے غالب کر دیا جائے گا' پس میں کہوں گا: اے میرے رب! میرے صحابہ! پھر وہ فرمائے گا: آپ نہیں جانتے! انہوں نے آپ کے بعد کیا کیا۔

5178 - وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شِمْرٍ، عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ سَعْدِ بْنِ الْأَخْرَمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَتَّخِذُوا الضَّيْعَةَ فَتَرْغَبُوا فِي الدُّنْيَا، ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: وَبِالْمَدِينَةِ مَا بِالْمَدِينَةِ، وَبِرَاذَانَ مَا بِرَاذَانَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جائیداد نہ بناؤ' دنیا کی رغبت میں ہو جاؤ گے۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مدینہ میں بھی نہیں اور راذان میں بھی نہیں۔

5179 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَطَمَ الْخُدُودَ، وَشَقَّ الْجُيُوبَ، وَدَعَا بِدَعْوَةِ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے رخساروں کو پیٹا، اپنے گریبان کو پھاڑا اور زمانہ جاہلیت والوں جیسی آواز نکالی' اس کا تعلق ہم میں سے نہیں ہے۔

5180 - وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ، إِلَّا بِإِحْدَى ثَلَاثٍ: الثَّيِّبُ الزَّانِي، وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ، وَالتَّارِكُ لِدِينِهِ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس مسلمان کا خون بہانا جائز نہیں جو اللہ کی توحید اور میری رسالت کی گواہی دیتا ہو مگر تین چیزوں میں سے کسی ایک کے بارے' شادی شدہ زنا کرنے والا' قتل کے بدلہ قتل دین کو چھوڑنے والا جماعت سے جدا ہونے والا۔

5181 - وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: إِذَا رَكَعَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی رکوع کرے تو اپنی کلائیاں نہ بچھائے۔

5178- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 122 قال: حدثنا سفيان .

5179- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 386 رقم الحديث: 3658 قال: حدثنا يحيى .

5180- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 119 قال: حدثنا سفيان (ابن عيينة) .

5181- الحديث سبق برقم: 5162,5105,4957 .

أَحَدُكُمْ فَلْيَفْتَرِشْ ذِرَاعَيْهِ فَخِذَيْهِ، وَلْيَجْنَأْ، قَالَ: فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى اخْتِلَافِ أَصَابِعِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ثُمَّ طَبَّقَ كَفَّيْهِ فَأَرَاهُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اب بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کھلی ہوئی انگلیوں کو دیکھ رہا ہوں' پھر آپ نے اپنی ہتھیلیوں کے ساتھ تطبیق کی' میں اس منظر کو اب بھی دیکھ رہا ہوں۔

5182 - حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنْتُ مُسْتَتِرًا بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، قَالَ: فَجَاءَ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ، كَثِيرٌ شَحْمُ بُطُونِهِمْ، قَلِيلٌ فِقْهُ قُلُوبِهِمْ، قَالَ: قُرَشِيٌّ وَخَتَنَاهُ ثَقَفِيَّانِ، - أَوْ ثَقَفِيٌّ وَخَتَنَاهُ قُرَشِيَّانِ - فَتَكَلَّمُوا بِكَلَامٍ لَمْ أَفْهَمْهُ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: أَتَرَوْنَ اللَّهَ يَسْمَعُ كَلَامَنَا هَذَا؟ قَالَ الْآخَرُ: إِذَا رَفَعْنَا أَصْوَاتَنَا سَمِعَهُ، وَإِذَا لَمْ نَرْفَعْهُ لَمْ يَسْمَعْهُ، قَالَ الْآخَرُ: إِنْ سَمِعَ مِنْهُ شَيْئًا سَمِعَهُ كُلَّهُ، قَالَ: فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَتْ عَلَيْهِ : (وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُودُكُمْ) (فصلت: 22) ، إِلَى قَوْلِهِ: (فَأَصْبَحْتُمْ مِنَ الْخَاسِرِينَ) (فصلت: 23)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں کعبہ کے پردے میں چھپا ہوا تھا۔ تین آدمی آئے، ان کے پیٹ بڑے تھے، دل کی سمجھ کم تھی۔ ایک قریش، دو قبیلہ ثقفاء کے تھے' یا ثقفیان تھے۔ انہوں نے گفتگو کی جن کو میں سمجھ نہیں سکا۔ ان میں سے بعض نے کہا کیا تم خیال کرتے ہو کہ اللہ سبحان اس کلام کو سنتا ہے؟ دوسرے نے کہا جب ہم آواز بلند کریں گے وہ سنتا ہے، جب ہم بلند نہیں کریں گے تو وہ نہیں سنے گا۔ دوسرے نے کہا اگر اس نے تھوڑا سنا تو زیادہ سنے گا میں نے یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی: ''وَمَا كُنْتُمْ الی آخرہ''۔

5183 - وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَحْكِي نَبِيًّا ضَرَبَهُ قَوْمُهُ وَهُوَ يَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَيَقُولُ: رَبِّ اغْفِرْ لِقَوْمِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: گویا میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھ رہا ہوں اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک نبی کی حکایت بیان کر رہے تھے' ان کی قوم نے انہیں مارا تو وہ اپنے چہرے سے خون پونچھتے اور

5182- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **408** رقم الحديث: **3875** قال: حدثنا عبد الرزاق .

5183- الحديث سبق برقم: **5050** فراجعه .

فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

عرض گزار تھے: اے اللہ! میری قوم کی مغفرت فرما کیونکہ وہ جانتے نہیں۔

5184 - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسْمًا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: إِنَّ هَذِهِ لَقِسْمَةٌ مَا أُرِيدَ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ، قَالَ: فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَقُلْتُ: يَا عَدُوَّ اللّٰهِ، أَنَا لَأُخْبِرَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ بِمَا قُلْتَ، قَالَ: فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَاحْمَرَّ وَجْهُهُ، وَقَالَ: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَى مُوسَى، لَقَدْ أُوذِيَ بِأَكْثَرَ مِنْ هَذَا فَصَبَرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار تقسیم فرمائی تو انصاریوں میں سے ایک آدمی نے کہا: بے شک یہ ایسی تقسیم ہے جس میں اللہ کی رضا کو پیش نظر نہیں رکھا گیا۔ راوی کا بیان ہے: پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کہا: اے اللہ کے دشمن! میں ضرور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تیری بات بتاؤں گا۔ پس میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں یہ بات پیش کی تو آپ کا چہرہ سرخ ہو گیا اور فرمایا: اللہ کی رحمت ہو حضرت موسیٰ پر! تحقیق ان کو اس سے زیادہ تکلیفیں دی گئیں، پس آپ علیہ السلام نے صبر کیا۔

5185 - وَحَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: لَأَنْ أَحْلِفَ بِاللّٰهِ تِسْعًا أَنَّ ابْنَ صَائِدٍ، هُوَ الدَّجَّالُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَحْلِفَ وَاحِدَةً وَلَأَنْ أَحْلِفَ تِسْعَةً أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُتِلَ قَتْلًا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَحْلِفَ وَاحِدَةً، وَذَلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ اتَّخَذَهُ نَبِيًّا، وَجَعَلَهُ شَهِيدًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ کی نو قسموں کو اٹھایا کہ ابن صیاد وہ دجال ہے۔ مجھے زیادہ پسند ہے کہ میں ایک قسم اٹھاؤں کیوں کہ نو قسموں کا اٹھانا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو قتل کیا تھا مجھے زیادہ پسند ہے کہ ایک قسم اٹھاؤں بے شک اللہ نے اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم بنایا ہے اس کا گواہ بنا۔

5186 - وَحَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ يَحْيَى الْجَزَّارِ، عَنِ ابْنِ أُخْتِ زَيْنَبَ، عَنْ زَيْنَبَ، امْرَأَةِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دم، تمائم اور تولہ شرک ہے۔ حضرت زینب فرماتی ہیں میں نے کہا

5184- الحديث سبق برقم: 5111 فراجعه .

5185- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1867 .

5186- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 381 رقم الحديث: 3615 قال: حدثنا أبو معاوية .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الرُّقَى وَالتَّمَائِمَ وَالتُّوَلَةَ شِرْكٌ ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: لَمَ تَقُولُ هَذَا؟ وَقَدْ كَانَتْ عَيْنِي تَقْذِفُ وَكُنْتُ أَخْتَلِفُ إِلَى فُلَانٍ الْيَهُودِيِّ فَيَرْقِيهَا، كَانَ إِذَا رَقَاهَا سَكَنَتْ، قَالَ: إِنَّمَا ذَاكَ عَمَلُ الشَّيْطَانِ، كَانَ يَنْخُسُهَا بِيَدِهِ، فَإِذَا رَقَتْهَا كَفَّ عَنْهَا، إِنَّمَا يَكْفِيكِ أَنْ تَقُولِي كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ- وَأَنْتَ الشَّافِي- شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا

یہ نہیں کہا میری آنکھیں ٹکر لگا گئی۔ مجھے کہا گیا کہ فلاں یہودی دم کرتا ہے اس سے دم کروالو، وہ جب دم کرتا تھا وہ خاموش رہیں انہوں نے کہا: یہ شیطان کا عمل ہے۔ جب وہ دم کرے تو اس کو روک تیرے لیے یہ کافی تھا کہ تو کہتی جس طرح کہ حضور ﷺ نے کہا تھا: ''اَذْهِبِ الْبَأْسَ الٰی آخرہٖ''۔

5187 - وَحَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْمُصَوِّرُونَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے زیادہ عذاب تصویریں بنانے والوں کو دیا جائے گا۔

5188 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ خَشْفِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ الدِّيَةَ فِي الْخَطَأِ أَخْمَاسًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے (قتل) خطاء میں دیت کئی خمس رکھی۔

5189 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَلْجَنَّةُ أَقْرَبُ إِلَى أَحَدِكُمْ مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ، وَالنَّارُ مِثْلُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت تم میں سے ہر ایک کے جوتے کے تسمہ سے زیادہ قریب ہے، جہنم بھی اس کی مثل ہے۔

5187- الحديث سبق برقم: **5085** فراجعه .

5188- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **384** رقم الحديث: **3635** قال: حدثنا أبو معاوية .

5189- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **387** رقم الحديث: **3667** قال: حدثنا ابن نمير، عن الأعمش .

ذَلِكَ

5190 - وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الضَّحَّاكِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ مَسْرُوقٍ فِي صُفَّةٍ فِيهَا تَمَاثِيلُ، فَنَظَرَ إِلَى تِمْثَالٍ مِنْهَا، فَقَالُوا: هَذَا تِمْثَالُ مَرْيَمَ، فَقَالَ مَسْرُوقٌ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْمُصَوِّرُونَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے زیادہ عذاب تصویریں بنانے والوں کو دیا جائے گا۔

5191 - وَعَنْ وَكِيعٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلَّهِ مَلَائِكَةً سَيَّاحِينَ فِي الْأَرْضِ يُبَلِّغُونِي عَنْ أُمَّتِي السَّلَامَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک فرشتے زمین میں سیاحت کرتے ہیں، میری امت کا سلام پہنچاتے ہیں۔

5192 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللَّهِ، السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللَّهِ، حَتَّى يُرَى بَيَاضُ خَدِّهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دائیں اور بائیں دونوں طرف سلام پھیرتے وقت کہتے: السلام علیکم ورحمۃ اللہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ! حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار کی سفیدی نظر آ جاتی۔

5193 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَّلُ مَا يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي الدِّمَاءِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے لوگوں کے درمیان جو فیصلہ کیا جائے گا وہ خونوں کے بارے میں ہوگا۔

5194 - وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: گویا میں دیکھ رہا

5190- الحديث سبق برقم: **5187,5085** فراجعه .

5191- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **387** رقم الحديث: **3666** قال: حدثنا ابن نمير .

5192- الحديث سبق برقم: **5080** فراجعه .

5193- الحديث سبق برقم: **5077** فراجعه .

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْكِي نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ ضَرَبَهُ قَوْمُهُ فَهُوَ يَنْضَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ وَيَقُولُ: رَبِّ اغْفِرْ لِقَوْمِي فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

ہوں کہ رسول کریم ﷺ نبیوں میں سے ایک نبی کا قصہ بیان فرما رہے ہیں: جن کو ان کی قوم نے مارا' پس ان کے چہرے سے خون بہنے لگا اور وہ فرماتے تھے: اے میرے رب! میری قوم کو معاف کر دے یہ (میرے مقام کو) نہیں جانتے۔

5195 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَأَلَ وَلَهُ مَالٌ يُغْنِيهِ جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خُدُوشًا، كُدُوحًا فِي وَجْهِهِ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا غِنَاهُ؟ قَالَ: خَمْسُونَ دِرْهَمًا أَوْ حِسَابُهَا مِنَ الذَّهَبِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مال دار ہونے کے باوجود مال مانگا تو قیامت کے دن لایا جائے گا۔ اس کا منہ مخدوش ہوگا یعنی گوشت نہیں ہوگا۔ عرض کی: غنا کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پچاس درھم یا اس حساب سے سونا۔

5196 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِي النَّجْمِ وَسَجَدَ الْمُسْلِمُونَ، إِلَّا رَجُلًا مِنْ قُرَيْشٍ، أَخَذَ كَفًّا مِنْ تُرَابٍ فَرَفَعَهُ إِلَى جَبْهَتِهِ فَسَجَدَ عَلَيْهِ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَرَأَيْتُهُ قُتِلَ كَافِرًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سجدہ کیا سورہ نجم کا۔ صحابہ کرام نے بھی کیا مگر قریش کے ایک آدمی نے نہیں کیا۔ اس نے مٹی کی ایک مٹھی لی۔ اس کو اپنی پیشانی کی طرف اُٹھایا' اس پر سجدہ کیا۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کو دیکھا کہ کفر کی حالت میں قتل کیا گیا تھا۔

5197 - حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَاصِمٍ الْأَسَدِيِّ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الطِّيَرَةُ شِرْكٌ، وَمَا مِنَّا إِلَّا .

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بُری فال لینا شرک کے برابر ہے اور ہم میں سے ہر ایک کا مقام معلوم ہے' لیکن اللہ تعالیٰ توکل کرنے سے اس کو ختم کر دیتا ہے۔

5195- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **388** رقم الحديث: **3675** وجلد **1** صفحه **441** رقم الحديث: **4207** .

5196- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **388** رقم الحديث: **3682** قال: حدثنا وكيع' قال: حدثنا سفيان .

5197- الحديث سبق برقم: **5070** فراجعه .

وَلَكِنَّ اللَّهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ

5198 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فَلَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ وَاحِدٍ، فَإِنَّ ذَلِكَ يُحْزِنُهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم (دیگر لوگوں سے الگ) تین آدمی ہو تو ایک کو چھوڑ کر دو آپس میں سرگوشی نہ کریں کیونکہ یہ چیز اسے (تیسرے کو) پریشان کرے گی۔

5199 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ لِابْنِ النَّوَّاحَةِ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْلَا أَنَّكَ رَسُولٌ لَقَتَلْتُكَ، فَأَمَّا الْيَوْمَ فَلَسْتَ بِرَسُولٍ، قُمْ يَا خَرَشَةُ فَاضْرِبْ عُنُقَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ابن نواحہ سے فرمایا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اگر تُو سفیر نہ ہوتا تو میں تجھے قتل کروا دیتا' لیکن آج تُو سفیر و قاصر نہیں ہے' اے خرشہ! کھڑے ہو جاؤ اور اس کی گردن مار دو۔

5200 - حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، كَيْفَ تَقْرَأُ هَذِهِ الْآيَةَ: (مِنْ مَاءٍ غَيْرِ آسِنٍ) (محمد: 15) ؟ قَالَ: فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ: كُلَّ الْقُرْآنِ قَدْ أَحْصَيْتَ غَيْرَ هَذَا؟ قَالَ: إِنِّي لَأَقْرَأُ الْمُفَصَّلَ فِي رَكْعَةٍ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ: هَذًّا كَهَذِّ الشِّعْرِ؟ إِنَّ مِنْ أَحْسَنِ الصَّلَاةِ الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ، وَلَيَقْرَأَنَّ الْقُرْآنَ أَقْوَامٌ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، وَلَكِنَّهُ إِذَا قُرِعَ فَرَسَخَ فِي الْقَلْبِ نَفَعَ، إِنِّي لَأَعْرِفُ النَّظَائِرَ الَّتِي كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ

حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عبداللہ کے پاس آیا۔ عرض کی: اے ابو عبدالرحمٰن! یہ آیت آپ رضی اللہ عنہ کیسے پڑھتے ہیں؟ ''مِنْ مَاءٍ غَيْرِ آسِنٍ''۔ راوی کا بیان ہے: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: اس کے علاوہ سارا قرآن تُو نے شمار (درست) کر لیا ہے؟ اس نے کہا: میں ایک رکعت میں مفصل سورتوں کو پڑھتا ہوں۔ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: بے شک نماز میں سے بہترین رکن رکوع وسجود ہیں اور قرآن کو کئی ایسی قومیں بھی پڑھتی ہیں کہ ان کے حلق سے آگے نہیں جاتا لیکن جب قرآن

5198- الحديث سبق برقم: **5110** فراجعه .

5199- الحديث سبق برقم: **5075** فراجعه .

5200- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **602** قال: حدثنا محمود بن غيلان' قال: حدثنا أبو داؤد .

فِي كُلِّ رَكْعَةٍ، ثُمَّ قَامَ فَدَخَلَ عَلَيْهِ عَلْقَمَةُ، ثُمَّ قَالَ، سَلْهُ لَنَا عَنِ النَّظَائِرِ الَّتِي كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ بِهَا، قَالَ: ثُمَّ خَرَجَ إِلَيْنَا فَقَالَ: عِشْرُونَ سُورَةً مِنَ الْمُفَصَّلِ فِي تَأْلِيفِ عَبْدِ اللَّهِ

پڑھا جائے اور دل میں اُترے تو نفع دے گا۔ میں ان نظائر (مثالوں) کو اچھی طرح پہچانتا ہوں جن کو رسول کریم ﷺ ہر رکعت میں پڑھا کرتے ہیں' پھر وہ اُٹھ کھڑا ہوا' پس حضرت علقمہ اُس کے پاس آئے' پھر کہا: تم ہمارے لیے آپ سے اُن سورتوں کے بارے پوچھو جو رسول کریم ﷺ پڑھا کرتے تھے۔ راوی کہتے ہیں: پھر آپ ہماری طرف آئے اور فرمایا: عبداللہ کی تالیف میں بیس سورتیں مفصل سے۔

5201 - وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنَّا نَمْشِي مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَّ بِابْنِ الصَّيَّادِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ خَبَّأْتُ لَكَ خَبِيئًا ، فَقَالَ ابْنُ الصَّيَّادِ: الدُّخُّ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْسَأْ، فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ

حضرت عبداللہ ؓ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ کے ساتھ ہم چل رہے تھے تو آپ ﷺ ابن صیاد کے پاس سے گزرے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ایک چیز چھپا کر اس کے بارے میں تجھ سے سوا لکیا ہے' اس نے کہا: دھواں! رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تُو تھک جائے' پس تُو دوڑ کر بھی اپنی قدر کو نہیں پہنچے گا۔

5202 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنَامُ مُسْتَلْقِيًا حَتَّى يَنْفُخَ، ثُمَّ يَقُومُ فَيُصَلِّي وَلَا يَتَوَضَّأُ

حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ آرام کرتے تو چت لیٹ جاتے تھے۔ یہاں تک کہ خراٹے مارتے۔ پھر کھڑے ہوتے نماز پڑھتے اور وضو نہیں کرتے تھے۔

5203 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: صَلَّى بِنَا عَلْقَمَةُ فَصَلَّى خَمْسًا،

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ نے ہم کو نماز پڑھائی پانچ رکعتیں پڑھائیں۔ لوگوں نے ان پر عیب لگایا، میں نے کہا کہ آپ نے ایسا کیا ہے۔ انہوں

5201- الحديث سبق برقم: **5150** فراجعه .

5202- أخرجه أحمد جلد**1** صفحه**400** رقم الحديث: **3791** قال: حدثنا سليمان بن داؤد الهاشمي .

5203- أخرجه مسلم جلد**2** صفحه**85** قال: حدثنا ابن نمير' قال: حدثنا ابن ادريس .

فَعَاكَ الْقَوْمُ وَعَابُوهُ، قَالَ: فَقُلْتُ: قَدْ فَعَلْتَ، قَالَ: وَأَنْتَ يَا أَعْوَرُ تَقُولُ ذَلِكَ، قَالَ: فَانْفَتَلَ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ حَدَّثَهُمْ: عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمْ خَمْسًا، فَقِيلَ لَهُ فِي ذَلِكَ، فَانْفَتَلَ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، وَقَالَ: إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ أَنْسَى كَمَا تَنْسَوْنَ

نے کہا: اے کانے! تو یہ کہتا ہے، راوی کہتا ہے: آپ واپس پلٹے دو سجدے کیے۔ پھر انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حدیث کو بیان کیا کہ حضور ﷺ نے پانچ رکعتیں صحابہ کو پڑھائیں' آپ ﷺ سے عرض کی گئی: آپ ﷺ نے پانچ رکعتیں پڑھیں۔ آپ ﷺ پلٹے دو سجدے کیے اور فرمایا: ظاہراً میں انسان ہوں، بھول جاتا ہوں جس طرح تم بھولتے ہو۔

5204 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ قَالَ: سَمِعْتُ الْأَعْمَشَ، يَذْكُرُ عَنْ شَقِيقٍ قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَخْرُجُ إِلَيْنَا فَيَقُولُ: إِنِّي لَأُخْبِرُ بِمَكَانِكُمْ، فَمَا يَمْنَعُنِي أَنْ أَخْرُجَ إِلَيْكُمْ إِلَّا كَرَاهِيَةَ أَنْ أُمِلَّكُمْ، إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْأَيَّامِ كَرَاهِيَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا

حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ہماری طرف تشریف لا کر فرمایا کرتے تھے: بے شک میں تمہیں تمہارے مکان کی خبر دیتا ہوں' مجھے تمہارے پاس ہر روز آنے میں رکاوٹ صرف یہی ہے کہ تم اُکتا جاؤ گے' بے شک رسول کریم ﷺ مختلف دنوں میں وعظ کرتے (ہر روز نہ کرتے) یہ بات ناپسند کرتے ہوئے کہ ہم اُکتا جائیں گے۔

5205 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللَّهُ مَالًا فَسَلَّطَهُ عَلَى هَلَكَتِهِ فِي الْحَقِّ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللَّهُ الْحِكْمَةَ فَهُوَ يَقْضِي بِهَا وَيُعَلِّمُهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حسد صرف دو چیزوں میں ہوسکتا ہے' ایک وہ آدمی جس کو اللہ نے مال عطا فرمایا اور اسے حق کی راہ میں خرچ کرنے کی توفیق بھی عطا فرمائی اور دوسرا وہ آدمی جس کو اللہ نے علم عطا فرمایا اور وہ اس کے ساتھ فیصلے کرتا ہے اور آگے سکھاتا ہے۔

5206 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مجھ پر قرآن پڑھو۔ آپ بتاتے

5204- الحديث سبق برقم: 5115,5010 فراجعه .

5205- الحديث سبق برقم: 5056 فراجعه .

5206- الحديث سبق برقم: 5047 فراجعه .

عَبِيدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَأْ عَلَيَّ ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ: كَيْفَ أَقْرَأُ عَلَيْكَ، وَإِنَّمَا أُنْزِلَ عَلَيْكَ؟ قَالَ: إِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِي ، قَالَ: فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ سُورَةَ النِّسَاءِ، حَتَّى مَرَرْتُ بِهَذِهِ الْآيَةِ: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء : 41) ، قَالَ: فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ

ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں کیسے آپ کے سامنے قرآن کی تلاوت کروں جبکہ آپ پر قرآن نازل ہوا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اپنے علاوہ کسی اور سے قرآن سننا پسند کرتا ہوں۔ فرماتے ہیں: میں نے آپ کے سامنے سورۂ نساء پڑھنا شروع کی حتیٰ کہ میں اس آیت پر آیا: ''پس کیا حال ہوگا جب ہم ہر اُمت سے شہید لائیں گے اور آپ کو ان تمام لوگوں پر گواہ بنا کر لائیں گے''۔ آپ فرماتے ہیں: میں نے آپ کی طرف دیکھا' آپ کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔

5207 - حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا لِي وَلِلدُّنْيَا، إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رَاكِبٍ قَالَ فِي ظِلِّ شَجَرَةٍ فِي يَوْمٍ صَيْفٍ فَرَاحَ وَتَرَكَهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میری اور اس دنیا کی مثال ایک سوار کی ہے جو گرمی کے دن میں درخت کے سائے میں قیلولہ کرے' پس تھوڑی دیر آرام کر کے اس کو چھوڑ دے۔

5208 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا أُنْزِلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ) (النصر: 1) ، كَانَ يُكْثِرُ إِذَا قَرَأَهَا وَرَكَعَ أَنْ يَقُولَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي، إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ثَلَاثًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ نے یہ سورت ''اذا جاء نصر اللہ والفتح'' نازل ہوئی۔ آپ ﷺ کثرت کے ساتھ پڑھتے تھے، جب اس کو پڑھتے تھے رکوع کی حالت میں: ''سبحانك اللّٰهم الى آخره'' تین مرتبہ کہتے۔

5207- الحديث سبق برقم: 4977 فراجعه .

5208- الحديث فى المقصد العلى برقم: 276 .

5209 - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَفَلَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفَ أَبِي جَهْلٍ يَوْمَ بَدْرٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوجہل کی تلوار بدر کے دن مالِ غنیمت کے ساتھ اضافی طور پر مجھے دی۔

5210 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ كَأَنَّهُ عَلَى الْجَمْرِ، قُلْتُ: حَتَّى يَقُومَ؟ قَالَ: حَتَّى يَقُومَ، قَالَ وَكِيعٌ: عَلَى الرَّضْفِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتوں میں ہوتے ایسے کہ گویا آگ کے انگارے پر ہیں۔ میں نے کہا: یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوتے؟ انہوں نے جواب دیا: یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوتے۔ حضرت وکیع فرماتے ہیں: رضف پر۔

5211 - وَحَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فِي خُطْبَةِ الْحَاجَةِ: إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَسْتَعِينُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ، وَنَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا، مِنْ يَهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، ثُمَّ يَقْرَأُ بِآيَاتٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ: (اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ) (آل عمران: 102)، (اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا) (النساء: 1)، (اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَمَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا) (الأحزاب: 71)

حضرت ابوعبیدہ سے روایت ہے، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے خطبہ حاجت کے بارے میں روایت ہے: ''اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ الٰی آخرہٖ''۔

5209- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 444 .

5210- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 386 من طريق يحيى بن سعيد به .

5211- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 432 من طريق وكيع بهذا السند .

5212 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، وَأَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، مِثْلَهُ

حضرت ابوعبیدہ' حضرت عبداللہ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5213 - حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى أَبِي مُوسَى وَسَلْمَانَ بْنِ رَبِيعَةَ فَسَأَلَهُمَا عَنِ ابْنَةٍ، وَابْنَةِ ابْنٍ، وَأُخْتٍ لِأَبٍ، وَأُمٍّ، فَقَالَا: لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ، فَأَتَى الرَّجُلُ عَبْدَ اللَّهِ فَسَأَلَهُ، فَأَخْبَرَهُ بِمَا قَالَا، فَقَالَ: قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ، وَلَكِنْ أَقْضِي بِمَا قَضَى بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلِابْنَةِ الِابْنِ السُّدُسُ، تَكْمِلَةُ الثُّلُثَيْنِ، وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ

حضرت ہزیل فرماتے ہیں کہ سلمان بن ربیعہ اور ابوموسیٰ دونوں سے بیٹی، پوتی اور بہن کی وراثت کے متعلق پوچھا گیا۔ دونوں نے کہا بہن کے لیے نصف، بیٹی کے لیے نصف۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا' آپ نے وہی بتایا جو اُنہوں نے کہا تھا' آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں گمراہ تھا، میں ہدایت یافتہ نہیں تھا۔ میں وہی کہوں گا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیٹی کے لیے نصف، پوتی کے لیے سری روشلت مکمل ہو گئے جو باقی ہے وہ بہن کے لیے۔

5214 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَابِعُوا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، فَإِنَّهُمَا يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوبَ كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ وَالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَلَيْسَ لِلْحَجِّ الْمَبْرُورِ ثَوَابٌ إِلَّا الْجَنَّةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حج وعمرہ کے درمیان متابعت کرو کیونکہ یہ فقر اور گناہوں کو ختم کرنے والے ہیں جیسے آگ' لوہے' سونے اور چاندی کی میل و زنگ کو ختم کر دیتی ہے' مقبول حج کا ثواب جنت ہے۔

5215 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کی: جنوں والی رات کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم

5212- الحديث سبق برقم: 5211 فراجعه .

5213- الحديث سبق برقم: 5086 فراجعه .

5214- الحديث سبق برقم: 4955 فراجعه .

5215- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 436 رقم الحديث: 4149 قال: حدثنا اسماعيل (ح) وابن أبي زائدة .

قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ مَسْعُودٍ: هَلْ صَحِبَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ مِنْكُمْ أَحَدٌ؟ قَالَ: فَقَالَ: مَا صَحِبَهُ مِنَّا أَحَدٌ، وَلَكِنَّا فَقَدْنَاهُ ذَاتَ لَيْلَةٍ بِمَكَّةَ فَقُلْنَا اغْتِيلَ، اسْتُطِيرَ، فَبِتْنَا بِشَرِّ لَيْلَةٍ بَاتَ بِهَا قَوْمٌ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ السَّحَرِ - أَوْ قَالَ: الصُّبْحِ - إِذَا نَحْنُ بِهِ مِنْ قِبَلِ حِرَاءَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَذَكَرُوا الَّذِي كَانُوا فِيهِ، فَقَالَ: إِنَّهُ أَتَانِي دَاعِيَ الْجِنِّ، فَأَتَيْتُ فَقَرَأْتُ عَلَيْهِمْ، فَانْطَلَقَ فَأَرَانَا آثَارَهُمْ وَآثَارَ نِيرَانِهِمْ

کے صحابہ میں سے کوئی آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم میں سے کوئی بھی نہیں تھا لیکن ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک رات نہ پایا مکہ میں۔ ہم نے کہا: صحابہ نے وہ رات بڑی پریشانی میں گزاری جب سحری ہوئی یا صبح ہوئی تو ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حراء کی جانب دیکھا' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ بات ذکر کی جو ہوئی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے جنوں نے اپنے پاس آنے کی دعوت دی' میں اُن کے پاس آیا' میں نے ان پر قرآن پڑھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم چلے' ہم کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے نشانات اور آگ جلانے کی جگہ دکھائی۔

5216 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَمْنَعَنَّ أَحَدَكُمْ أَذَانُ بِلَالٍ - أَوْ قَالَ: نِدَاءُ بِلَالٍ - مِنْ سَحُورِهِ، فَإِنَّهُ يُؤَذِّنُ - أَوْ قَالَ: يُنَادِي - بِلَيْلٍ، لِيَرْجِعَ قَائِلَكُمْ وَيُوقِظَ نَائِمَكُمْ، وَقَالَ: لَيْسَ أَنْ تَقُولَ هَكَذَا وَهَكَذَا وَصَوَّبَ يَدَهُ وَرَفَعَهَا حَتَّى يَقُولَ هَكَذَا، وَفَرَّجَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں کسی کو بلال رضی اللہ عنہ کی اذان نہ روکے، سحری کھانے پینے سے، کیونکہ رات کے وقت میں وہ اذان دیتے ہیں تا کہ سوئے ہوئے جاگ جائیں، کسی جگہ گئے ہوئے واپس آجائیں اور فرمایا: اس طرح اور اس طرح اور اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کو درست کر کے بلند کیا۔ یہاں تک کہ فرمایا: اس طرح اور اپنی انگلیوں کے درمیان کشیدگی فرمائی۔

5217 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ تَلَقِّي السِّلَعِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا سامان کا ناجائز منافع لینے سے۔

5216- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **386** رقم الحديث: **3654** قال: حدثنا يحيى .

5217- الحديث سبق برقم: **4969** فراجعه .

5218 - وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَجُلًا أَصَابَ مِنِ امْرَأَةٍ قُبْلَةً، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (أَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ) (هود: 114) ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلِي هَذِهِ، قَالَ: وَلِمَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ أُمَّتِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت نازل فرمائی کہ نماز دن کے دونوں حصوں پر قائم کرو۔ ایک آدمی نے عرض کی: کیا یہ میرے لیے ہی ہے۔ فرمایا: اس کے لیے بھی جو بھی میری امت سے بڑے عمل کرے۔

5219 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: آكِلُ الرِّبَا، وَمُوكِلُهُ، وَكَاتِبُهُ، وَشَاهِدَاهُ إِذَا عَلِمُوا بِهِ، وَالْوَاشِمَةُ وَالْمُوتَشِمَةُ، وَلَاوِي الصَّدَقَةِ، وَالْمُرْتَدُّ أَعْرَابِيًّا بَعْدَ هِجْرَتِهِ مَلْعُونُونَ عَلَى لِسَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سود کھانے والا' کھلانے والا' لکھنے والا اور اس کے دونوں گواہ جب وہ اس کو جانتے ہوں' بال نوچنے والی' نوچوانے والی' بعد از ہجرت مرتد دیہاتی' ان سب پر اللہ تعالیٰ کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے۔

5220 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ عَتِيقٍ، عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيبٍ، عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا هَلَكَ الْمُتَنَطِّعُونَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار! لعن طعن کرنے والے ہلاک ہوئے۔ تین مرتبہ فرمایا۔

5221 - حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِي يَعْلَى، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: خَطَّ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطًّا مُرَبَّعًا، وَخَطَّ وَسَطَهُ خُطُوطًا هَكَذَا إِلَى جَانِبِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لیے ایک چوکور خط کھینچا۔ اس کے درمیان کئی خط کھینچے' اس کی طرف خط کھینچا، اس کے باہر بھی ایک خط کھینچا اور فرمایا: تم جانتے ہو یہ کیا ہے؟ ہم

5218- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 385 رقم الحديث: 3653 قال: حدثنا يحيى .

5219- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 409 رقم الحديث: 3881 قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: أخبرنا سفيان .

5220- الحديث سبق برقم: 4986 فراجعه .

5221- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 385 رقم الحديث: 3652 .

الْخَطِّ، وَخَطَّ خَطًّا خَارِجًا، فَقَالَ: أَتَدْرُونَ مَا هَذَا؟ ، فَقُلْنَا: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: هَذَا الْإِنْسَانُ - لِلْخَطِّ الَّذِي وَسَطَ الْخَطِّ - ، وَهَذَا الْأَجَلُ، وَهَذِهِ الْأَعْرَاضُ - لِلْخُطُوطِ - تَنْهَشُهُ، إِذَا أَخْطَأَهُ هَذَا أَصَابَهُ هَذَا، وَذَلِكَ الْأَمَلُ، لِلْخَطِّ الْخَارِجِ

نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ﷺ ہی زیادہ جانتے ہیں۔ فرمایا: یہ انسان ہے یہ درمیان میں خط ہے یہ اس کی موت ہے یہ آس پاس کے خط ہیں اس کی امیدیں ہیں۔

5222 - حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، وَمَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، أَنَّ أَمِيرًا بِمَكَّةَ كَانَ يُسَلِّمُ تَسْلِيمَتَيْنِ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: أَنَّى عَلِقَهَا؟ فَقَالَ الْحَكَمُ فِي حَدِيثِهِ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُهُ

حضرت معمر فرماتے ہیں کہ امیر مکہ دو سلام کرتا تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس نے کہاں جا کر تعلق بنایا ہے۔ حضرت حکم اس حدیث میں فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ بھی ایسے ہی کرتے تھے۔

5223 - حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: إِنِّي لَمُسْتَتِرٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ إِذْ دَخَلَ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ: ثَقَفِيٌّ وَخَتَنَاهُ قُرَشِيَّانِ، فَتَحَدَّثُوا بَيْنَهُمْ بِحَدِيثٍ، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: أَتَرَى اللَّهَ يَسْمَعُ مَا قُلْنَا؟ قَالَ أَحَدُهُمْ: يَسْمَعُ إِذَا رَفَعْنَا، وَلَا يَسْمَعُ إِذَا خَفَضْنَا، وَقَالَ الْآخَرُ: إِنْ كَانَ يَسْمَعُ مِنَّا شَيْئًا فَإِنَّهُ يَسْمَعُهُ كُلَّهُ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ : (وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ) (فصلت: 22) الْآيَةُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بے شک میں' کعبہ کے پردوں میں چھپا ہوا تھا' جب تین آدمی داخل ہوئے۔ پس اُنہوں نے آپس میں ایک بات کی' پس ان میں سے ایک نے کہا: وہ (اللہ) سنتا ہے جب ہم آواز بلند کرتے ہیں اور جب ہم آہستہ بات کرتے ہیں تو وہ نہیں سنتا ہے۔ دوسرے نے کہا: اگر وہ ہماری کوئی بات سنتا ہے تو پھر وہ سب کچھ سن لیتا ہے۔ پس میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو میں نے اس کا ذکر کیا تو یہ آیت نازل ہوئی: ''وما كنتم تستترون الى آخره''۔

5224 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُفْيَانَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی طرح روایت

5222- أخرجه مسلم جلد 1 صفحه 91 قال: حدثني أحمد بن حنبل' قال: حدثنا يحيى بن سعيد' عن شعبة' عن الحكم .

5223- الحديث سبق برقم: 5182 فراجعه .

5224- الحديث سبق برقم: 5223,5182 فراجعه .

قَالَ: حَدَّثَنِي مَنْصُورٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، بِنَحْوِهِ

ہے۔

5225 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ: لَوْلَا أَنَّكَ رَسُولٌ لَقَتَلْتُكَ ؛ يَعْنِي: رَسُولَ مُسَيْلِمَةَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو فرمایا: اگر تو کسی کا نمائندہ نہ ہوتا تو میں ضرور تجھے قتل کرتا' یعنی مسیلمہ کذاب کا نمائندہ تھا۔

5226 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلَى شِرَارِ النَّاسِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت صرف برے لوگوں پر قائم ہوگی۔

5227 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا، وَلَكِنَّهُ أَخِي وَصَاحِبِي، وَقَدِ اتَّخَذَ اللَّهُ صَاحِبَكُمْ خَلِيلًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں کسی کو اپنا خلیل بناتا تو ابوبکر کو اپنا خلیل بناتا لیکن وہ میرے بھائی اور میرے ساتھی ہیں جبکہ تمہارے خدا نے تمہارے دوست کو اپنا خلیل بنایا ہے۔

5228 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے خواب میں دیکھا پس اس نے بے شک مجھے ہی دیکھا۔ کیونکہ شیطان

5225- الحديث سبق برقم: 5075 فراجعه .

5226- اخرجه أحمد جلد 1 صفحه 394 رقم الحديث: 3735 قال: حدثنا بهز .

5227- الحديث سبق برقم: 5127 فراجعه .

5228- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 375 رقم الحديث: 3559 قال: حدثنا اسحاق .

وَسَلَّمَ قَالَ: مِنْ رَآنِي فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِي، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِي

میری صورت اختیار نہیں کرسکتا۔

5229 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے۔

5230 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُودَ، وَشَقَّ الْجُيُوبَ، وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے رخساروں کو پیٹا، اپنے گریبان کو پھاڑا اور زمانہ جاہلیت کا دعویٰ کیا اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

5231 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ، عَنْ أُسَيْرِ بْنِ جَابِرٍ قَالَ: هَاجَتْ رِيحٌ وَنَحْنُ عِنْدَ عَبْدِ اللَّهِ، فَغَضِبَ ابْنُ مَسْعُودٍ حَتَّى عَرَفْنَا الْغَضَبَ فِي وَجْهِهِ، قَالَ: وَيْحَكَ، إِنَّ السَّاعَةَ لَا تَقُومُ حَتَّى لَا يُقْسَمُ مِيرَاثٌ، وَلَا يُفْرَحُ بِغَنِيمَةٍ، ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ إِلَى الشَّامِ، وَقَالَ: عَدُوٌّ يَجْتَمِعُ لِلْمُسْلِمِينَ مِنْ هَاهُنَا، فَيَلْتَقُونَ، فَيَشْتَرِطُ شُرْطَةً لِلْمَوْتِ وَلَا تَرْجِعُ إِلَّا وَهِيَ غَالِبَةٌ، فَيَقْتَتِلُونَ حَتَّى تَغِيبَ الشَّمْسُ مِنْ هَاهُنَا، فَيَلْتَقُونَ فَيَشْتَرِطُ شُرْطَةً

حضرت اُسیر بن جابر فرماتے ہیں کہ زور کی ہوا چلی جبکہ ہم حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے۔ پس حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو غصہ آ گیا حتیٰ کہ ہم نے آپ کے غصے کو آپ کے چہرے سے پہچان لیا۔ فرمایا: تم پر افسوس! بے شک قیامت قائم نہ ہوگی حتیٰ کہ میراث تقسیم نہ ہوگی، مالِ غنیمت سے خوشیاں حاصل نہیں کی جائیں گی۔ پھر اپنا ہاتھ شام کی طرف مار کر کہا: ادھر سے دشمن مسلمانوں کیلئے اکٹھا ہو رہا ہے، پس وہ آمنے سامنے ہوں گے، پس موت کیلئے پولیس کی شرط لگائے گا اور وہ واپس نہیں لوٹے گی، مگر اس حال میں کہ وہ غالب ہوگی، پس وہ قتال کریں

5229- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 402 رقم الحديث: 3814 قال: حدثنا وهب بن جرير .

5230- الحديث سبق برقم: 5179 فراجعه .

5231- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 484 رقم الحديث: 3643 وجلد 1 صفحه 435 رقم الحديث: 4146 .

لِلْمَوْتِ وَلَا تَرْجِعُ إِلَّا وَهِيَ غَالِبَةٌ فَيَقْتَتِلُونَ حَتَّى تَغِيبَ الشَّمْسُ وَكُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ، وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ، ثُمَّ يَشْتَرِطُ شُرْطَةً لِلْمَوْتِ لَا تَرْجِعُ إِلَّا وَهِيَ غَالِبَةٌ فَيَقْتَتِلُونَ حَتَّى تَغِيبَ الشَّمْسُ، فَيَفِيءُ هَؤُلَاءِ وَهَؤُلَاءِ وَكُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ، وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ، ثُمَّ يَلْتَقُونَ فِي الْيَوْمِ الرَّابِعِ فَيَقْتُلُونَهُمْ وَيَهْزِمُونَهُمْ حَتَّى تَبْلُغَ الدِّمَاءُ ثُنَنَ الْخَيْلِ، وَيَقْتَتِلُونَ حَتَّى إِنَّ بَنِي الْأَبِ كَانُوا يَتَعَادُّونَ عَلَى مِائَةٍ فَيُقْتَلُونَ لَا يَبْقَى مِنْهُمْ رَجُلٌ، فَأَيُّ مِيرَاثٍ يُقْسَمُ بَعْدَ هَذَا؟ وَأَيُّ غَنِيمَةٍ يُفْرَحُ بِهَا؟ ثُمَّ يَسْتَفْتِحُونَ الْقُسْطَنْطِينَةَ، فَبَيْنَا هُمْ يَقْسِمُونَ الدَّنَانِيرَ بِالتِّرَسَةِ إِذْ أَتَاهُمْ فَزَعٌ أَكْبَرُ مِنْ ذَلِكَ: أَنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَلَفَ فِي ذَرَارِيكُمْ، فَيَرْفُضُونَ مَا فِي أَيْدِيهِمْ، وَيُقْبِلُونَ وَيَبْعَثُونَ طَلِيعَةَ الْفَوَارِسِ ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُمْ يَوْمَئِذٍ خَيْرُ فَوَارِسِ الْأَرْضِ، إِنِّي لَأَعْلَمُ أَسْمَاءَ هُمْ وَأَسْمَاءَ آبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ وَأَلْوَانَ خُيُولِهِمْ

گے حتیٰ کہ اس طرح سورج غائب ہو جائے گا' ان میں سے کوئی بھی غالب نہ ہوگا' پولیس فنا ہو جائے گی' پھر وہ ایک پولیس کو موت کی شرط لگائیں گے' وہ لوٹے گی تو غالب ہی لوٹے گی' پس وہ قتال کریں گے حتیٰ کہ سورج غروب ہو جائے گا' پس یہ اور وہ لوٹ آئیں گے کوئی بھی غالب نہ ہوگا اور پولیس فنا ہو جائے گی۔ پھر چوتھے دن بھی وہ آمنے سامنے ہوں گے' پس وہ ان کو قتل کر کے شکست دے دیں گے یہاں تک کہ خون گھوڑوں کے پیروں تک پہنچے گا اور وہ لڑتے رہیں گے حتیٰ کہ باپ کے بیٹے سو تک پہنچیں گے۔ پس وہ لڑیں گے' ان میں سے ایک مرد بھی باقی نہ رہے گا' اس کے بعد کون سی میراث تقسیم کی جا سکتی ہے؟ اور کون سی غنیمت ہے جس پر خوشی ہو سکتی ہے؟ پھر وہ قسطنطنیہ کو فتح کریں گے۔ پس اسی دوران کہ وہ دینار ڈھالوں کے ساتھ تقسیم کر رہے ہوں گے جب ان کے پاس بڑی گھبراہٹ کا دن آ جائے گا۔ اس میں سے ایک یہ ہے کہ دجال تمہاری اولادوں میں نائب ہوگا۔ پس جو کچھ ان کے ہاتھوں میں ہوگا وہ پھینک کر اس طرف متوجہ ہوں گے' شاہسواروں کو بھیجیں گے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس وقت وہ سب سے بہترین شاہسوار ہوں گے زمین کے' بے شک میں ان کے نام بھی جانتا ہوں' ان کے باپوں کے نام بھی' ان کے قبیلے اور ان کے گھوڑوں کے رنگ بھی جانتا ہوں۔

5232 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے

الْمُعْتَمِرُ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: مَنِ اشْتَرَى مُحَفَّلَةً فَرَدَّهَا فَلْيَرُدَّ مَعَهَا صَاعًا قَالَ: وَنَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تَلَقِّي السِّلَعِ

ہیں: پس وہ آدمی جس نے وہ جانور خریدا جس کا دودھ روک دیا گیا تھا' پھر لوٹ ادیا تو اسے چاہیے کہ ایک صاع (کھجور) بھی لوٹائے۔ فرمایا: رسول کریم ﷺ نے منع فرمایا کہ کسی سے آگے جا کر سودا خریدا جائے (جبکہ اسے مارکیٹ کا ریٹ معلوم نہ ہو)۔

5233 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فَلَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الْآخَرِ، فَإِنَّ ذَلِكَ يُحْزِنُهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم تین ہو تو ان میں سے دو آدمی' تیسرے کو چھوڑ کر آپس میں سرگوشی نہ کریں کیونکہ یہ بات اسے پریشان کرے گی۔

5234 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: مَا كَانَ بَيْنَ إِسْلَامِنَا وَبَيْنَ أَنْ عُوتِبْنَا بِهَذِهِ الْآيَةِ إِلَّا أَرْبَعُ سِنِينَ : (أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنْ تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ) (الحديد: 16) وَأَقْبَلَ بَعْضُنَا عَلَى بَعْضٍ: أَيُّ شَيْءٍ أَحْدَثْنَا؟ أَيُّ شَيْءٍ صَنَعْنَا؟

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے اسلام کے درمیان اور ہماری عتاب کے درمیان اس آیت سے چار سال کا فرق ہے۔ کیا ایمان والوں پر وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے دل کے ذکر سے ڈر جائیں جو اتارے حق کے ساتھ۔ ہمارے بعض بعض پر متوجہ ہوئے کہ کون سی ایسی شے ہم نے کی ہے۔

5235 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، وَسُفْيَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، - لَمْ يَرْفَعْهُ سُفْيَانُ، وَرَفَعَهُ شُعْبَةُ- قَالَ: عَلَّمَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت ابو عبیدہ اپنے باپ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے خطبۂ حاجت سیکھا: ''تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں' ہم اس کی حمد کرتے ہیں اور

5233- الحديث سبق برقم: 5109,5091,5049 فراجعه .

5234- أخرجه مسلم جلد8صفحه243 قال: حدثني يونس بن عبد الأعلى الصدفي .

5235- الحديث سبق برقم: 5211 فراجعه .

وَسَلَّمَ خُطْبَةَ الْحَاجَةِ،- قَالَ سُفْيَانُ: إِنَّ الْحَمْدَ لِلَّهِ وَقَالَ شُعْبَةُ:- الْحَمْدُ لِلَّهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِينُهُ - قَالَ سُفْيَانُ: نَعُوذُ بِهِ وَقَالَ شُعْبَةُ: - نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا، مِنْ يَهْدِهِ اللَّهُ فَلا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلا هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ ، ثُمَّ يَقْرَأُ ثَلاثَ آيَاتٍ: (اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ) (آل عمران: 102) ، وَ (وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالأَرْحَامَ) (النساء : 1) ، وَ (اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا قَوْلا سَدِيدًا) (الأحزاب: 70) ، إِلَى قَوْلِهِ (فَوْزًا عَظِيمًا) (النساء : 73) ثُمَّ يَتَكَلَّمُ بِحَاجَتِهِ

اس سے مدد مانگتے ہیں اور ہم اپنے نفسوں کے شر سے پناہ مانگتے ہیں جس کو اللہ ہدایت اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جسے گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا' میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں' پھر تین آیتیں پڑھے' اللہ سے ڈرو جس طرح ڈرنے کا حق ہے' تم مسلمان ہی مرنا' اللہ سے ڈرو جس کے ذریعے تم مانگتے ہو اور صلہ رحمی اور اللہ سے ڈرو اور سیدھی بات کرو' (یہاں تک) بڑی کامیابی۔ اس کے بعد اپنی ضرورت مانگے۔

5236 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أُرَاهُ عَبْدَ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَأَبْرِدُوا بِالصَّلاةِ أَوْ - عَنِ الصَّلاةِ-

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب سخت گرمی ہو تو نماز ٹھنڈی کر کے پڑھو۔

5237 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنِ ابْنِ عَجْلانَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: إِذَا حَدَّثْتُمْ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَظُنُّوا بِرَسُولِ اللَّهِ الَّذِي هُوَ أَهْيَأُ وَأَتْقَى وَأَهْدَى

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث بیان کرو تو یہ گمان کرو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے اچھی شکل والے' سب سے زیادہ تقویٰ کے مالک اور سب سے زیادہ ہدایت والے۔

5236- الحديث في المقصد العلي برقم: 191 .

5237- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 19 . والدارمي جلد 1 صفحه 145 من طريق ابن عجلان بهذا السند .

5238 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْلَا أَنَّكَ رَسُولٌ لَقَتَلْتُكَ ؛ يَعْنِي: رَسُولَ مُسَيْلِمَةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو قاصد نہ ہوتا تو میں ضرور تجھے قتل کر دیتا' یعنی مسیلمہ کذاب کا قاصد۔

5239 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قِيلَ لَهُ: أَسَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: النَّدَمُ تَوْبَةٌ ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ مُجَاهِدٌ: فِي قَتْلِ النَّفْسِ إِنْ نَدِمَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان سے عرض کی گئی: کیا آپ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ندامت ہی توبہ ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! حضرت مجاہد کا قول ہے: جان کو قتل کرنے میں اگر نادم ہوا۔

5240 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّزَّالَ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَجُلًا قَرَأَ آيَةً مِنْ كِتَابِ اللَّهِ كُنْتُ سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَهَا، فَأَخَذْتُ بِيَدِهِ فَأَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَغَيَّرُ وَجْهُهُ، فَقَالَ: كِلَاكُمَا مُحْسِنٌ، وَلَا تَخْتَلِفُوا فِيهِ، فَإِنَّ مَنْ قَبْلَكُمُ اخْتَلَفُوا فِيهِ ، فَذَكَرَ الْهَلَاكَ

حضرت نزّال فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے ایک آدمی کو قرآن کی آیت پڑھتے ہوئے سنا' جو آیت میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی' وہ اس طریقے پر نہ تھی' پس میں نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا' پس میں اسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لایا' پس میں نے دیکھا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ کا رنگ بدل گیا' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دونوں صحیح پڑھنے والے ہو' اس میں اختلاف مت کرو کیونکہ جو لوگ تم سے پہلے تھے' اُنہوں نے اللہ کی کتاب میں اختلاف کیا' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی ہلاکت کا ذکر کیا۔

5238- الحديث سبق برقم: 5225 فراجعه .

5239- الحديث سبق برقم: 5107,5059,4948 فراجعه .

5240- الحديث سبق برقم: 5035 فراجعه .

5241 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: انْتَهَيْتُ إِلَى أَبِي جَهْلٍ وَهُوَ صَرِيعٌ وَعَلَيْهِ بَيْضَةٌ وَمَعِي سَيْفٌ رَثٌّ، فَجَعَلْتُ أَنْقُفُ رَأْسَهُ بِسَيْفِي وَأَذْكُرُ نَقْفًا كَانَ يَنْقُفُ رَأْسِي بِمَكَّةَ، حَتَّى ضَعُفَتْ يَدُهُ وَأَخَذْتُ سَيْفَهُ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ: عَلَى مَنْ كَانَتِ الدَّبْرَةُ؟ عَلَيْنَا أَوْ لَنَا؟ أَلَسْتَ رُوَيْعِيَّنَا بِمَكَّةَ؟ قَالَ: فَقَتَلْتُهُ، ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: قَتَلْتُ أَبَا جَهْلٍ، قَالَ: آللَّهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ قَتَلْتَهُ؟ فَاسْتَحْلَفَنِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَامَ مَعِي إِلَيْهِمْ فَدَعَا عَلَيْهِمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ابوجہل کے پاس گیا، اس حالت میں کہ وہ پچھاڑ دیا گیا تھا' اس پر ڈھال تھی اور میرے پاس پرانی سی تلوار تھی' پس میں نے اپنی تلوار کے ساتھ اس کے سر کو مارنا شروع کیا اور دل میں یہ سوچ رہا تھا کہ یہ وہی آدمی ہے جو مکہ میں میرے سر پر مارا کرتا تھا حتیٰ کہ اس کا ہاتھ ناکارہ ہو گیا اور میں نے اس کی تلوار کو پکڑ لیا۔ پس اس نے اپنا سر اوپر اُٹھایا' شکست کس کو آئی؟ ہمارے اوپر یا ہمارے لیے؟ کیا تُو مکہ میں ہماری بکریاں نہیں چرایا کرتا تھا؟ آپ فرماتے ہیں: میں نے اسے قتل کر دیا' پھر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا' میں نے عرض کی: میں نے ابوجہل کو قتل کر دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی ذات وہ ہے جس کے سوا معبود نہیں' اس نے ہی اس کو قتل کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے تین بار حلف لیا' پھر میرے ساتھ ان کی طرف جانے کیلئے کھڑے ہوئے اور ان کے خلاف دعا کی۔

5242 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلَاةً إِلَّا لِوَقْتِهَا لِمِيقَاتِهَا، إِلَّا أَنَّهُ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِجَمْعٍ وَصَلَّى الصُّبْحَ بِغَيْرِ مِيقَاتِهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا مگر وقت پر نماز پڑھتے ہوئے مگر دو نمازیں مغرب اور عشاء مزدلفہ میں جمع کی تھیں۔ اور فجر کی نماز وقت سے پہلے اندھیرے میں پڑھی تھی۔

5241- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 403 رقم الحديث: 3824 قال: حدثنا أسود بن عامر' قال: حدثنا شريك .

5242- الحديث سبق برقم: 5154 فراجعه .

AlHidayah - الهداية

5243 - وَعَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أَذِنْتُ لَكَ أَنْ تَرْفَعَ الْحِجَابَ وَتَسْمَعَ سَوَادِي حَتَّى أَنْهَاكَ، قَالَ: بَلَغَنِي أَنَّهَا السِّرَارُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تحقیق میں نے تجھے اجازت دی کہ تُو پردہ اُٹھا دے اور میری گفتگو سنے (پوشیدہ) حتیٰ کہ تجھے منع کیا' فرمایا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ یہ راز کی باتیں ہیں۔

5244 - حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: مَا السُّحْتُ؟ قَالَ: الرِّشَا، فَقَالَ: فِي الْحُكْمِ؟ قَالَ: ذَاكَ الْكُفْرُ، ثُمَّ قَرَأَ: (وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ) (المائدة:44)

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ سے ایک آدمی نے عرض کی: سحت کیا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رشوت لے کر فیصلہ کرنے میں' فرمایا: یہ کفر ہے۔ پھر یہ آیت پڑھی جو اللہ کے حکم کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا وہ لوگ ہی کافر ہیں۔

5245 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ قَالَ: حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنٍ، عَنْ أَبِي فَاخِتَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: إِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَحْسِنُوا الصَّلَاةَ عَلَيْهِ، فَإِنَّكُمْ لَا تَدْرُونَ لَعَلَّ ذَلِكَ يُعْرَضُ عَلَيْهِ، قَالُوا: فَعَلِّمْنَا يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: قُولُوا: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلَى سَيِّدِ الْمُرْسَلِينَ، وَإِمَامِ الْمُتَّقِينَ، وَخَاتَمِ النَّبِيِّينَ مُحَمَّدٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پاک پڑھو تو اچھی طرح پڑھو۔ یقینی طور پر تمہارا درود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا جاتا ہے۔ انہوں نے عرض کی: اے ابوعبید الرحمٰن! ہم کو سکھائیں کس طرح درود پاک پڑھیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس طرح پڑھو: ''اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ الٰی آخرہٖ''۔

5243- الحديث سبق برقم: **4968** فراجعه .

5244- الحديث في المقصد العلي برقم: **873** .

5245- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **906** من طريق الحسن بن بيان' حدثنا زياد بن عبد الله' حدثنا المسعودي بهذا السند .

عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، إِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُولِ الرَّحْمَةِ، اللَّهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا يَغْبِطُهُ بِهِ الْأَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ، اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

5246 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنِ الْهَيْثَمِ، قَالَ أَبُو الرَّبِيعِ يَعْنِي ابْنَ حَبِيبٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَا كَذَبْتُ مُذْ أَسْلَمْتُ إِلَّا كِذْبَةً، كُنْتُ أَرْحَلُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَى رَجُلٌ مِنَ الطَّائِفِ، فَقَالَ: أَيُّ رَاحِلَةٍ أَعْجَبُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: الطَّائِفِيَّةُ الْمُنَكَّبَةُ، قَالَ: وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُهَا، قَالَ: فَلَمَّا رَحَلَهَا فَأَتَى بِهَا، قَالَ: مَنْ رَحَلَ لَنَا هَذِهِ؟، قَالُوا: رَحَلَ لَكَ الَّذِي أَتَيْتَ بِهِ مِنَ الطَّائِفِ، قَالَ: رُدُّوا الرَّاحِلَةَ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں مسلمان ہوا ہوں اس وقت سے لے کر آج تک سوائے ایک جھوٹ کے کبھی جھوٹ نہیں بولا۔ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کا انتظام کرتا تھا۔ طائف سے ایک آدمی آیا' اُس نے کہا کہ کون سی سواری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ پسند ہے۔ میں نے کہا: طائف کی موٹے کندھوں والی۔ فرماتے ہیں: حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کو ناپسند کرتے تھے۔ جب سواری تیار کی گئی، اس کو لایا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارے لیے یہ سواری کس نے تیار کی ہے؟ انہوں نے عرض کی اس آدمی نے تیار کی ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس طائف سے آئے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سواری کو عبداللہ بن مسعود کی طرف لوٹا دو۔

5247 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا مَعْرُوفُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کا جانور کسی

5246- الحديث في المقصد العلي برقم: 1403 .

5247- الحديث في المقصد العلي برقم: 1665 .

عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا انْفَلَتَتْ دَابَّةُ أَحَدِكُمْ بِأَرْضٍ فَلَاةٍ فَلْيُنَادِ: يَا عِبَادَ اللّٰهِ احْبِسُوا، يَا عَبَّادَ اللّٰهِ احْبِسُوا، فَإِنَّ لِلّٰهِ حَاضِرًا فِي الْأَرْضِ سَيَحْبِسُهُ

جنگل میں گم ہو جائے تو پکار لے: اے اللہ کے بندو !اس کو روکو۔ اے اللہ کے بندو! اس کو روکو، کیونکہ اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں جو زمین میں حاضر رہتے ہیں' اس کو روک دیں گے۔

5248 - حَدَّثَنَا الْأَخْنَسِيُّ أَحْمَدُ بْنُ عِمْرَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ الْهَجَرِيُّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ، فَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل طاق ہے اور طاق کو پسند کرتا ہے۔ جب بھی تم استنجاء کرو تو طاق عدد (پتھر) استعمال کرو۔

5249 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو مِحْصَنٍ حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَزُولُ قَدَمَا ابْنِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يُسْأَلَ عَنْ خَمْسٍ: عَنْ عُمُرِكَ فِيمَا أَفْنَيْتَ، وَعَنْ شَبَابِكَ فِيمَا أَبْلَيْتَ، وَعَنْ مَالِكَ مِنْ أَيْنَ كَسَبْتَهُ وَفِيمَا أَنْفَقْتَهُ، وَمَا عَمِلْتَ فِيمَا عَلِمْتَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی بھی آدمی اپنے قدم آگے نہیں بڑھائے گا یہاں تک کہ اس سے سوال نہ کیے جائیں، پانچ چیزوں کے متعلق: (۱) عمر کے متعلق کہاں گزاری؟ (۲) جوانی کے متعلق کہاں ضائع کی؟ (۳) مال کے متعلق کہاں سے حاصل کیا، کہاں خرچ کیا؟ (۴) علم کے متعلق اس پر کتنا عمل کیا؟

5250 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ پاک دو بندوں کو پسند کرتا ہے ایک وہ آدمی جو اُٹھا اپنے بستر سے اور اپنی محبوب ترین

5248- الحديث فى المقصد العلى برقم: 114 .

5249- أخرجه الترمذى رقم الحديث: 2416 .

5250- الحديث فى المقصد العلى برقم: 403 .

AlHidayah - الهداية

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَجِبَ رَبُّنَا مِنْ رَجُلَيْنِ: رَجُلٌ ثَارَ مِنْ وِطَائِهِ وَلِحَافِهِ مِنْ بَيْنِ حَيِّهِ وَأَهْلِهِ إِلَى صَلَاةٍ رَغْبَةً فِيمَا عِنْدِي، وَشَفَقَةً مِمَّا عِنْدِي، وَرَجُلٌ غَزَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَانْهَزَمَ فَعَلِمَ مَا عَلَيْهِ فِي الِانْهِزَامِ وَمَا لَهُ فِي الرُّجُوعِ، فَرَجَعَ حَتَّى يُهْرَاقَ دَمُهُ، فَيَقُولُ اللّٰهُ: لِمَلَائِكَتِهِ انْظُرُوا إِلَى عَبْدِي، رَجَعَ رَغْبَةً فِيمَا عِنْدِي وَشَفَقَةً مِمَّا عِنْدِي حَتَّى أُهْرِيقَ دَمُهُ

چیز اور اپنے اہل کے درمیان سے نماز کی طرف رغبت کرتے ہوئے اس چیز میں جو میرے پاس ہے اس سے ڈرتے ہوئے جو میرے پاس ہے۔ دوسرا آدمی وہ ہے جو اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے، پس وہ شکست کھا جاتا ہے' اسے معلوم ہے کہ بھاگنے کی صورت میں اسے کیا عذاب ہوگا اور لوٹنے کی صورت میں کیا انعام ملے گا' پھر واپس آجاتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کا خون بہہ جاتا ہے، اللہ فرشتوں سے کہتا ہے، دیکھو میرے بندہ کی طرف وہ لوٹا ہے۔ رغبت کرتے ہوئے اس میں جو میرے پاس اس سے ڈرتے ہوئے اس سے جو میرے پاس ہے حتیٰ کہ اس کا خون بہہ گیا ہے۔

5251 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِي سَمِينَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ أَيُّوبَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ نَافِعِ بْنِ بُرْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ وَقَدْ أَهَلَّ رَمَضَانُ: لَوْ عَلِمَ الْعِبَادُ مَا فِي رَمَضَانَ لَتَمَنَّتْ أُمَّتِي أَنْ يَكُونَ رَمَضَانُ السَّنَةَ كُلَّهَا ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ خُزَاعَةَ: حَدِّثْنَا بِهِ، قَالَ: إِنَّ الْجَنَّةَ تُزَيَّنُ لِرَمَضَانَ مِنْ رَأْسِ الْحَوْلِ إِلَى الْحَوْلِ، حَتَّى إِذَا كَانَ أَوَّلُ يَوْمٍ مِنْ رَمَضَانَ هَبَّتْ رِيحٌ مِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ فَصَفَّقَتْ وَرَقَ الْجَنَّةِ، فَتَنْظُرُ الْحُورُ الْعِينُ إِلَى ذَلِكَ فَيَقُلْنَ: يَا رَبِّ اجْعَلْ لَنَا مِنْ عِبَادِكَ فِي هَذَا الشَّهْرِ أَزْوَاجًا، تُقَرُّ أَعْيُنُنَا بِهِمْ وَتَقَرُّ أَعْيُنُهُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے جبکہ رمضان آ چکا تھا: اگر انسان اس حقیقت کو جان لے جو رمضان شریف میں ہے تو وہ ضرور تمنا کریں گے کہ سارا سال رمضان رہے۔ قبیلہ خزاعہ کے ایک آدمی نے عرض کی: جو رمضان شریف میں چیز ہے وہ کیا ہے؟ ہم کو بتائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رمضان شریف کی آمد کے لیے جنت کو ہر سال کے آخر سے اگلے سال تک آراستہ کیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ جب رمضان کا پہلا دن ہوتا ہے عرش کے نیچے سے ہوا چلتی ہے۔ جنت کے پتے جھڑتے ہیں موٹی آنکھوں والی حور اس کی طرف دیکھتی ہیں اور عرض کرتی ہیں: اے ہمارے رب!

5251- الحديث في المقصد العلي برقم: 553 .

بِنَا، قَالَ: فَمَا مِنْ عَبْدٍ يَصُومُ رَمَضَانَ إِلَّا زُوِّجَ زَوْجَةً مِنَ الْحُورِ الْعِينِ فِي خَيْمَةٍ مِنْ دُرٍّ مُجَوَّفَةٍ مِمَّا نَعَتَ اللَّهُ، (حُورٌ مَقْصُورَاتٌ فِي الْخِيَامِ) (الرحمن: 72)، عَلَى كُلِّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ سَبْعُونَ حُلَّةً، لَيْسَ فِيهَا حُلَّةٌ عَلَى لَوْنِ الْأُخْرَى، وَتُعْطَى سَبْعِينَ لَوْنًا مِنَ الطِّيبِ لَيْسَ مِنْهَا لَوْنٌ عَلَى رِيحِ الْآخَرِ، لِكُلِّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ سَبْعُونَ سَرِيرًا مِنْ يَاقُوتَةٍ حَمْرَاءَ مُوَشَّحَةٍ بِالدُّرِّ عَلَى كُلِّ سَرِيرٍ سَبْعُونَ فِرَاشًا بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ، وَفَوْقَ السَّبْعِينَ فِرَاشًا سَبْعُونَ أَرِيكَةً، لِكُلِّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ سَبْعُونَ أَلْفَ وَصِيفَةٍ لِحَاجَاتِهَا، وَسَبْعُونَ أَلْفَ وَصِيفٍ، مَعَ كُلِّ وَصِيفٍ صَحْفَةٌ مِنْ ذَهَبٍ فِيهَا لَوْنُ طَعَامٍ يَجِدُ لِآخِرِ لُقْمَةٍ مِنْهَا لَذَّةً لَا يَجِدُ لِأَوَّلِهِ، وَيُعْطَى زَوْجُهَا مِثْلَ ذَلِكَ عَلَى سَرِيرٍ مِنْ يَاقُوتٍ أَحْمَرَ عَلَيْهِ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ مُوَشَّحٍ بِيَاقُوتٍ أَحْمَرَ، هَذَا بِكُلِّ يَوْمٍ صَامَ مِنْ رَمَضَانَ سِوَى مَا عَمِلَ مِنَ الْحَسَنَاتِ

اس ماہ میں ہمارے شوہر ان بندوں کو بنانا، ان کے ذریعے ہماری آنکھوں کو ٹھنڈا کر اور ہمارے ذریعے ان کی آنکھوں کو ٹھنڈا فرما۔ فرمایا: جو بندہ رمضان کا روزہ رکھتا ہے اس کی شادی موٹی آنکھوں والی حور سے کی جاتی ہے جو ان خیموں میں ہوں گی جو خالی موتیوں کے بنے ہوئے ہیں' جس کی تعریف اللہ عزوجل نے فرمائی: ''وہ حوریں جو خیموں میں پردہ نشین ہیں''۔ ہر عورت پر ستر حُلّے ہوں گے۔ ان میں کوئی ایک حُلّہ دوسرے کے رنگ پر نہیں ہوگا۔ ستر رنگ کی خوشبوئیں دی جائیں گی ان میں کوئی رنگ دوسرے رنگ کے مشابہ نہیں ہوگا۔ ہر عورت کو ستر چارپائیاں دی جائیں گی' سرخ یاقوت کے جو مزین ہوں گی، موتیوں سے۔ ہر چارپائی کیلئے ستر بستر' جن کا اندرون ریشم استبرق کا ہوگا ستر بستروں کے اوپر بتر ہوں گے اور ان میں سے ہر عورت کیلئے ستر خادمائیں ہوں گی' ان کی ضروریات کیلئے اور ستر خادم ہوں گے' ہر خادم کے پاس سونے کا بنا ہوا پیالہ ہوگا جس میں رنگا رنگ کھانے ہوں گے' ہر دوسرے لقمے سے وہ ایسی لذت پائے گا جو پہلے سے نہیں پائی تھی۔ اس کے شوہر کو بھی اسی کے مثل عطا کیا جائے گا' وہ سرخ رنگ کے یاقوت سے تیار کیے گئے پلنگ پر بیٹھا ہوگا۔ اس پر سونے کے کنگن ہوں گے جو سرخ یاقوت سے سجے ہوئے ہوں گے' یہ رمضان المبارک کے ہر دن کے روزے کے بدلے میں ہوگا جو دیگر نیکیاں کرے گا' ان کا اجر وثواب الگ سے دیا جائے گا۔

5252 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرٍو، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ اللَّحْمَ ثُمَّ يَقُومُ إِلَى الصَّلَاةِ فَمَا يَمَسُّ قَطْرَةَ مَاءٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے گوشت کھاتے ہوئے دیکھا' پھر نماز کے لیے کھڑے ہوتے۔ پانی کے قطرہ کو بھی ہاتھ نہیں لگاتے تھے۔

5253 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: ذَهَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهِ، فَقَالَ: ائْتِنِي بِشَيْءٍ أَسْتَنْجِي بِهِ، وَلَا تُقْرِبْنِي حَائِلًا، وَلَا رَجِيعًا ، قَالَ: فَأَتَيْتُهُ بِوَضُوءٍ، فَتَوَضَّأَ ثُمَّ صَلَّى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کیلئے تشریف لے گئے' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شی لاؤ جس سے میں استنجاء کروں' کوئی لید یا کتے کا پیشاب نہ ہو۔ راوی کا بیان ہے: میں وضو کا پانی لایا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو فرمایا پھر نماز ادا فرمائی۔

5254 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ- أَوِ الْمُؤْمِنِ - فُسُوقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ ، فَقُلْتُ لِأَبِي وَائِلٍ: سَمِعْتَ ابْنَ مَسْعُودٍ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان' یا فرمایا: مؤمن کو گالی دینا گناہ ہے' اسے قتل کرنا کفر ہے (اگر حلال سمجھ کر کیا جائے)۔ پس میں نے ابووائل سے عرض کی: آپ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو سنا کہ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث بیان کر رہے تھے؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں!

5255 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پسند کرتے تھے کہ ہم تین مرتبہ استغفر اللہ کریں

5252- الحديث فى المقصد العلى برقم: 153 .

5253- الحديث سبق برقم: 5162 فراجعه .

5254- الحديث سبق برقم: 5097,4970,4967 فراجعه .

5255- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 394 رقم الحديث: 3744 قال: حدثنا يحيى بن آدم (ح) وأبو أحمد .

عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ أَنْ نَدْعُوَ ثَلاثًا، وَنَسْتَغْفِرَ ثَلاثًا

اور تین مرتبہ دعا کریں۔

5256 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يَقُولَ: إِنِّي خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ یہ کہے میں یونس بن متیٰ سے بہتر ہوں۔

5257 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا، فَقِيلَ لَهُ: أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَمَا سَلَّمَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی پانچ رکعت پڑھا دیں' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی گئی: کیا نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو سجدے کیے بعد اس کے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سلام پھیر چکے تھے۔

5258 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْجَنَّةُ أَقْرَبُ إِلَى أَحَدِكُمْ مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ، وَالنَّارُ مِثْلُ ذَلِكَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت تم میں سے کسی ایک کی جوتی کے تسمے سے بھی زیادہ اس کے قریب ہے اور آگ اس کی مثل۔

5259 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ نَاجِيَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام کی چکی پینتیس' چھتیس یا ستتیس سال تک گھومتی رہے گی۔ اگر وہ ہلاک ہو گئے تو

5256- أخرجه أحمد جلد1 صفحه390 رقم الحديث: 3803 .

5257- الحديث سبق برقم: 5203,5120 فراجعه .

5258- الحديث سبق برقم: 5189 فراجعه .

5259- الحديث سبق برقم: 4988 فراجعه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَدُورُ رَحَى الْإِسْلَامِ لِخَمْسٍ أَوْ سِتٍّ أَوْ سَبْعٍ وَثَلَاثِينَ، فَإِنْ يَهْلِكُوا فَبِسَبِيلِ مَنْ هَلَكَ، وَإِنْ يَقُمْ لَهُمْ دِينُهُمْ يَقُمْ لَهُمْ سَبْعِينَ عَامًا، قُلْتُ: مِمَّا مَضَى أَوْ مِمَّا بَقِيَ؟ فَقَالَ: مِمَّا بَقِيَ

ہلاک ہونے والے کی راہ یہی ہے' اگر باقی رہے تو ان کا دین ۷۰ سال تک باقی رہے گا۔ میں نے عرض کی: جو گزر گیا ہے یا اس میں سے جو باقی رہ گیا ہے؟ فرمایا: اس میں سے جو باقی رہ گیا ہے' یعنی گزرے ہوئے سال شمار نہیں کرتے ہیں۔

5260 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ النَّاسُ كُلُّهُمُ النَّارَ، ثُمَّ يَصْدُرُونَ مِنْهَا بِأَعْمَالِهِمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سارے لوگ جہنم میں داخل ہوں گے' پھر اُن کو اپنے اعمال کے سبب نکالا جائے گا۔

5261 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْهُدَى، وَالتُّقَى وَالْعِفَّةَ، وَالْغِنَى

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الٰی آخرہٖ''۔

5262 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ وَائِلِ بْنِ هَانَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِلنِّسَاءِ: تَصَدَّقْنَ فَإِنَّكُنَّ أَكْثَرُ أَهْلِ النَّارِ، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ لَيْسَتْ مِنْ عِلْيَةِ النِّسَاءِ: لِمَ - أَوْ فِيمَ - أَوْ بِمَ - نَحْنُ؟، قَالَ: إِنَّكُنَّ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ، مَا مِنْ نَاقِصَةِ الْعَقْلِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عورتوں کے گروہ! صدقہ کیا کرو، تم میں اکثر قیامت کے دن جہنم میں ہوں گی۔ ایک عورت نے عرض کی جو عالی مرتب عورتوں میں سے نہیں تھی: اس کی وجہ کیا ہے' کس عمل کی پاش میں' کس عمل کے بدلے' ہم؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لعنت زیادہ کرتی ہو، شوہروں کی ناشکری کرتی ہو' اس سے زیادہ

5260- الحديث سبق برقم: 5067 فراجعه .

5261- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 389 رقم الحديث: 3692 قال: حدثنا وكيع' قال: حدثنا اسرائيل .

5262- الحديث سبق برقم: 5122,5090 فراجعه .

وَالدِّينِ أَغْلَبُ لِلرِّجَالِ ذَوِي الْأَمْرِ مِنَ النِّسَاءِ، قِيلَ: فَمَا نُقْصَانُ عَقْلِهَا؟ قَالَ: جَعَلَ شَهَادَةَ امْرَأَتَيْنِ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ، قِيلَ: فَمَا نُقْصَانُ دِينِهَا؟ قَالَ: تَلْبَثُ لَا أَدْرِي كَمْ يَوْمٍ لَا تُصَلِّي

ناقص العقل اور ناقص الدین ہو' سمجھ دار مردوں پر غالب آنا زیادہ ان سے نہیں پایا۔ عرض کی گئی: ناقص العقل کس طرح ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ناقص العقل یہ ہے کہ دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہے۔ عرض کی گئی: ان کے دین کی کمی کیا ہے؟ فرمایا: ناقص الدین یہ ہے کہ وہ رُک جاتی ہیں معلوم نہیں کتنے دن وہ نماز نہیں پڑھ سکتی ہے۔

5263 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: لَمَّا رَجَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ نَزَلَ مَنْزِلًا، فَعَرَّسَ فِيهَا، فَقَالَ: مَنْ يَحْرُسُنَا؟، قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: فَقُلْتُ: أَنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكَ تَنَامُ، يَقُولُ ذَلِكَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً، ثُمَّ قَالَ: أَنْتَ إِذًا، فَحَرَسْتُهُمْ حَتَّى إِذَا كَانَ فِي وَجْهِ الصُّبْحِ أَخَذَنِي مَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ أَسْتَيْقِظْ إِلَّا بِحَرِّ الشَّمْسِ فِي ظُهُورِنَا، فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَنَعَ كَمَا يَصْنَعُ، ثُمَّ صَلَّى الصُّبْحَ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ لَوْ شَاءَ لَمْ تَنَامُوا عَنْهَا، وَلَكِنْ إِنْ يَكُنْ لِمَنْ بَعْدَكُمْ، فَهَكَذَا لِمَنْ نَامَ أَوْ نَسِيَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرمایا: جب رسول کریم ﷺ صلح حدیبیہ سے لوٹے تو ایک مقام پر ٹھہر گئے' پس آپ ﷺ نے اس میں رات گزاری اور فرمایا: کون ہماری چوکیداری کرے گا؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کی: میں! تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک تُو سو جائے گا۔ دو بار یا تین بار فرمایا۔ (تُو نے چوکیداری کیا کرنی ہے) پھر فرمایا: (چل!) تُو ہی (چوکیداری کر)۔ پس میں ان کا چوکیدار بنا رہا حتیٰ کہ جب صبح ہونے کو تھی تو مجھے اسی چیز نے آ لیا جو رسول کریم ﷺ نے فرمایا تھا (میں سو گیا)' پس میں سورج کی تپش سے ہی جاگا جو ہماری پشتوں میں پڑی۔ پس رسول کریم ﷺ اُٹھے' پس آپ ﷺ جیسے پہلے کیا کرتے تھے ایسے ہی کیا' پھر نماز پڑھی پھر فرمایا: بے شک اللہ اگر چاہتا تو ہم اس نماز سے سو نہ جاتے بلکہ تمہارے بعد کسی کو یہ مسئلہ پیش آئے تو وہ اسی طرح کرے جو سو جائے یا بھول جائے۔

5263- الحديث سبق برقم: 4989 فراجعه .

5264 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ الْعَيْزَارِ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ يَقُولُ: حَدَّثَنِي صَاحِبُ هَذِهِ الدَّارِ- وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى دَارِ عَبْدِ اللَّهِ وَلَمْ يُسَمِّهِ- قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَيُّ الْأَعْمَالِ أَحَبُّ إِلَى اللَّهِ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ عَلَى مَوَاقِيتِهَا، قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: ثُمَّ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: ثُمَّ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کون سے اعمال اللہ کو زیادہ پسند ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وقت پر نماز پڑھنا۔ میں نے عرض کی: اس کے بعد؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: والدین سے نیکی کرنا۔ میں نے عرض کی: اس کے بعد؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔

5265 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَعَمِّي عَلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ بِالْهَاجِرَةِ فَأَقَامَ الصَّلَاةَ، فَتَأَخَّرْنَا خَلْفَهُ، فَأَخَذَ بِيَدِ أَحَدِنَا بِيَمِينِهِ، وَالْآخَرِ بِشِمَالِهِ فَجَعَلَنَا عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ، فَلَمَّا صَلَّى قَالَ: هَكَذَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ هَذَا إِذَا كَانُوا ثَلَاثَةً

حضرت اسود فرماتے ہیں: میں اور میرے چچا ظہر کے وقت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوئے' پس اُنہوں نے نماز قائم کی' سو ہم ان کے پیچھے ہو کر کھڑے ہوئے' پس اُنہوں نے ہم میں سے ایک کو اپنے دائیں ہاتھ سے اور دوسرے کو اپنے بائیں ہاتھ سے پکڑ کر اپنے ساتھ دائیں اور بائیں کھڑا کر لیا' پس جب وہ نماز پڑھ چکے تو فرمایا: جب (امام سمیت) تین نمازی ہوتے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح کیا کرتے تھے۔

5266 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدَةَ النَّصْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ لَمْ يُحَرِّمْ حُرْمَةً إِلَّا وَقَدْ عَلِمَ أَنَّهُ سَيَطَّلِعُهَا مِنْكُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے کسی چیز کو حرام نہیں کیا مگر اس کو معلوم ہے کہ عنقریب آپ میں سے ایک اس پر مطلع ہوگا۔ خبردار! میں تمہاری پشتوں سے پکڑ کر تم کو آگ میں گرنے سے بچاتا ہوں تم اس میں گر

5264- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 103 قال: حدثنا سفيان .

5265- الحديث سبق برقم: 4975 فراجعه .

5266- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1152 .

مُطَّلِعٌ، أَلَا وَإِنِّي آخُذٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ أَنْ تَهَافَتُوا فِيهَا كَتَهَافُتِ الْفَرَاشِ أَوِ الذُّبَابِ أَوِ الْحُنْظُبِ

رہے ہو جس طرح پتنگے' مکھیاں اور کیڑے مکوڑے گرتے ہیں۔

5267 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ أَرْطَاةَ، عَنْ فُضَيْلٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی تکبر ہوا' وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

5268 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ آخِرَ مَنْ دَخَلَ الْجَنَّةَ لَرَجُلٌ يَمْشِي عَلَى الصِّرَاطِ فَيَنْكَبُّ مُرَّةً وَيَمْشِي مُرَّةً، تَسْفَعُهُ النَّارُ مَرَّةً، فَإِذَا جَاوَزَ الصِّرَاطَ، الْتَفَتَ إِلَيْهَا فَقَالَ: تَبَارَكَ الَّذِي نَجَّانِي مِنْكِ، لَقَدْ أَعْطَانِي مَا لَمْ يُعْطِ أَحَدًا مِنَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، قَالَ: فَتُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ فَيَنْظُرُ إِلَيْهَا، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُولُ: أَيْ عَبْدِ، فَلَعَلِّي إِنْ أَدْنَيْتُكَ تَسْأَلُنِي غَيْرَهَا، فَيَقُولُ: لَا يَا رَبِّ، فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَسْأَلَهُ غَيْرَهَا، - وَالرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَسْأَلُهُ لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ - فَيُدْنِيهِ مِنْهَا، ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ هِيَ أَحْسَنُ مِنْهَا، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے آخر میں جو آدمی جنت میں داخل ہوگا وہ ہوگا جو پل صراط پر ایک بار منہ کے بل گرے گا پھر اُٹھ کر چلے گا اور ایک اسے آگ کی گرمی لگے گی' پس جب پل صراط سے پار ہو جائے گا' اس کی طرف متوجہ ہو کر کہے گا: برکتوں والی ہے وہ ذات جس نے مجھے تجھ سے نجات دی' مجھے اس چیز سے نوازا جس چیز سے اوّلین و آخرین میں سے کسی کو نہیں نوازا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پس ایک جنتی درخت اُٹھا کر اس کے سامنے لایا جائے گا' وہ اس کی طرف دیکھے گا اور کہے گا: اے میرے رب! مجھے اس درخت کے قریب کر دے تاکہ میں اس کا سایہ حاصل کر سکوں اور جنت کا پانی پی سکوں۔ پس اللہ فرمائے گا: اے میرے بندے! پس ممکن ہے کہ اگر میں تجھے اس کے قریب کروں تو مزید

5267- الحديث سبق برقم: 5044,5043 فراجعه .

5268- الحديث سبق برقم: 4959 فراجعه .

فَأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُولُ أَيْ عَبْدِ، أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا؟ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ هَذِهِ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا، فَيُدْنِيهِ مِنْهَا، فَتُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ هِيَ أَحْسَنُ مِنْهَا، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُولُ: أَيْ عَبْدِ أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا؟ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ هَذِهِ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا، فَيُعَاهِدُهُ- وَالرَّبُّ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَسْأَلُهُ غَيْرَهَا لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ- فَيُدْنِيهِ مِنْهَا، فَيَسْمَعُ أَصْوَاتَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، الْجَنَّةَ الْجَنَّةَ فَيَقُولُ: أَيْ عَبْدِي، أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا؟ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ، فَيَقُولُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: مَا يَصْرِينِي مِنْكَ أَيْ عَبْدِي، أَيُرْضِيكَ أَنْ أُعْطِيَكَ الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا مَعَهَا؟ قَالَ: فَيَقُولُ: أَتَهْزَأُ بِي وَأَنْتَ رَبُّ الْعِزَّةِ؟ ، فَضَحِكَ عَبْدُ اللَّهِ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، ثُمَّ قَالَ: أَلَا تَسْأَلُونِي لِمَ ضَحِكْتُ؟ قَالُوا: لِمَ ضَحِكْتَ؟ قَالَ: لِضَحِكِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سوال کرے! پس وہ کہے گا: اے میرے رب! میں معاہدہ کرتا ہوں کہ اور کسی چیز کا سوال نہیں کروں گا۔ حالانکہ اللہ جانتا ہے کہ وہ سوال کرے گا کیونکہ وہ اس کی بے صبری کو دیکھ رہا ہے' پس وہ اسے قریب کر دے گا' پھر اس کیلئے اس سے زیادہ خوبصورت درخت ظاہر کیا جائے گا' پس وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے اس درخت کے قریب فرما دے تا کہ میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کا پانی پی سکوں۔ پس اللہ فرمائے گا: اے میرے بندے! تُو نے میرے ساتھ معاہدہ نہیں کیا تھا کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ کا سوال نہیں کرے گا؟ پس وہ عرض کرے گا: یہ دے دے! اس کے علاوہ نہیں مانگوں گا' پس اللہ اسے قریب کر دے گا۔ پس جنت کے عین دروازے پر اس کیلئے ایک درخت ظاہر کیا جائے گا' پس وہ کہے گا: اے میرے رب! مجھے اس درخت کے قریب کر دے تا کہ میں اس کا سایہ حاصل کر سکوں اور اس کا پانی پی سکوں۔ اللہ فرمائے گا: اے میرے بندے! کیا تُو نے مجھ سے معاہدہ نہیں کیا تھا کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ کا سوال نہیں کرے گا؟ پس وہ کہے گا: یہ عطا کر' اس کے علاوہ نہیں مانگوں گا۔ پس وہ اللہ سے پکا وعدہ کرے گا۔ حالانکہ اللہ جانتا ہے کہ وہ مزید کا سوال کرے گا کیونکہ وہ دیکھتا ہے کہ وہ اس پر صبر نہیں کر سکے گا۔ پس اللہ اسے قریب کر دے گا' سو وہ جنتیوں کی آوازیں سنے گا' عرض کرے گا: اے میرے رب! جنت دے! جنت دے! پس اللہ فرمائے گا: اے میرے بندے! تُو نے

مجھ سے پکا وعدہ نہیں کیا تھا کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ نہیں مانگے گا؟ پس وہ کہے گا: اے میرے رب! تُو مجھے جنت میں داخل کر ہی دے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرمائے گا: اے میرے بندے! تُو مجھے اپنا ارادہ پورا کرنے سے نہیں روک سکتا' کیا تُو اس پہ راضی ہوگا کہ میں تجھے دنیا اور اس کے ساتھ اس کے برابر (جنت) عطا کر دوں؟ راوی کا بیان ہے کہ پس وہ عرض کرے گا: تُو رب العزت ہو کر مجھ سے مذاق کرتا ہے؟ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ہنس پڑے حتیٰ کہ آپ کی داڑھیں ظاہر ہو گئیں' پھر فرمایا: تم مجھ سے پوچھتے کیوں نہیں کہ میں کیوں ہنسا ہوں؟ انہوں نے عرض کی: آپ کیوں ہنسے؟ فرمایا: کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہنسے تھے۔

5269 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِمْيَرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنْتُ لَا أُحْجَبُ عَنْ ثَلَاثٍ، - أَوْ لَا أُحْبَسُ عَنْ ثَلَاثٍ- : عَنِ النَّجْوَى، وَعَنْ كَذَا، وَعَنْ كَذَا،- قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: نَسِيَ عَمِّي وَاحِدَةً، وَنَسِيتُ أَنَا أُخْرَى- وَبَقِيَتْ هَذِهِ، فَأَتَيْتُهُ وَعِنْدَهُ مَالِكٌ الرَّهَاوِيُّ فَأَدْرَكْتُ مِنْ آخِرِ حَدِيثِهِمْ وَهُوَ يَقُولُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي امْرُؤٌ قُسِمَ لِي مِنَ الْجَمَالِ مَا تَرَى، فَمَا أُحِبُّ أَنَّ أَحَدًا فَضَّلَنِي بِشِرَاكَيْنِ فَمَا فَوْقَهُمَا، أَفَمِنَ الْبَغْيِ هُوَ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنَّ الْبَغِيَّ مَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں تین چیزوں سے نہیں روکا جاتا تھا' سرگوشی سے اور اس سے اور اس سے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک میرا چچا بھول گیا ہے اور دوسری میں بھول گیا ہوں' یہ ایک باقی رہ گئی۔ میں آپ کے پاس آیا' آپ کے پاس مالک الرھاوی موجود تھے' میں نے ان کی آخری گفتگو سنی' وہ عرض کر رہے تھے: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں کہ مجھے حسن و جمال دیا گیا ہے جو آپ دیکھ رہے ہیں' میں پسند نہیں کرتا ہوں کہ میرے اس حصہ پر کسی کو فوقیت دی جائے' کیا یہ سرکشی تو نہیں ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! سرکشی یہ ہے کہ حق کو حقیر جاننا اور لوگوں کو

5269- اخرجه أحمد جلد 1 صفحه 427 من طريق ابن أبي عدي' ويزيد بن هارون بهذا السند .

سَفِهَ الْحَقَّ وَغَمَصَ النَّاسَ

حقیر جاننا۔

5270 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: نَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حَصِيرٍ قَدْ أَثَّرَ فِي جَنْبِهِ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَا آذَنْتَنَا فَبَسَطْنَا تَحْتَكَ أَلْيَنَ مِنْهُ؟ فَقَالَ: مَا لِي وَلِلدُّنْيَا؟ إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُ الدُّنْيَا كَرَاكِبٍ سَارَ فِي يَوْمٍ صَائِفٍ، فَقَالَ تَحْتَ شَجَرَةٍ، ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک چٹائی پر آرام کر رہے تھے' اس چٹائی کے نشانات آپ کی کروٹوں پر تھے' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ ہمیں اجازت دیتے ہیں کہ ہم آپ کے نیچے اس سے نرم شی بچھائیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے دنیا سے کیا تعلق ہے! میری مثال اور دنیا کی مثال اس مسافر کی طرح ہے جو گرمی کے موسم میں چلے پھر ایک درخت کے نیچے آرام کرے' پھر اس کو چھوڑ دے۔

5271 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَبَسُونَا عَنِ الصَّلَاةِ الْوُسْطَى حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ، مَلَأَ اللَّهُ بُطُونَهُمْ وَقُبُورَهُمْ نَارًا -

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیں مشرکین نے نمازِ عصر سے روکے رکھا ہے' سورج کے غروب ہونے تک' اللہ عزوجل ان کے پیٹوں اور قبروں کو آگ سے بھرے۔

5272 - مُكَرَّرٌ - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

حضرت محمد بن طلحہ اپنی سند کے ساتھ اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5273 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنِي الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنِي جَبَلَةُ بْنُ سُحَيْمٍ، عَنْ مُؤْثِرِ بْنِ عَفَارَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: لَمَّا كَانَ لَيْلَةُ أُسْرِيَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کی سیر کروائی گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات حضرت ابراہیم، وموسیٰ وعیسیٰ علیہم السلام سے ہوئی ان کا آپس میں قیامت کے متعلق مذاکرہ ہوا کہ وہ کب

5270- الحديث سبق برقم: 5207,4977 فراجعه .

5271- الحديث سبق برقم: 5077 فراجعه .

5272- الحديث سبق برقم: 5271 فراجعه .

5273- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 4081 من طريق محمد بن بشار' حدثنا يزيد بن هارون بهذا السند .

لَقِيَ إِبْرَاهِيمَ، وَمُوسَى، وَعِيسَى صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِمْ فَتَذَاكَرُوا السَّاعَةَ، مَتَى هِيَ؟ فَبَدَءُوا بِإِبْرَاهِيمَ، فَسَأَلُوهُ عَنْهَا فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ مِنْهَا عِلْمٌ، فَسَأَلُوا مُوسَى، فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ مِنْهَا عِلْمٌ، فَرُدُّوا الْحَدِيثَ إِلَى عِيسَى فَقَالَ: عَهِدَ اللَّهُ إِلَيَّ فِيمَا دُونَ وَجْبَتِهَا، فَأَمَّا وَجْبَتُهَا فَلَا يَعْلَمُهَا إِلَّا اللَّهُ، فَذَكَرَ مِنْ خُرُوجِ الدَّجَّالِ فَأَهْبِطُ فَأَقْتُلُهُ، فَيَرْجِعُ النَّاسُ إِلَى بِلَادِهِمْ، فَيَسْتَقْبِلُهُمْ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ، وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُونَ، لَا يَمُرُّونَ بِمَاءٍ إِلَّا شَرِبُوهُ وَلَا بِشَيْءٍ إِلَّا أَفْسَدُوهُ، فَيَجْأَرُونَ إِلَيَّ فَأَدْعُوا اللَّهَ فَيُمِيتُهُمْ، فَتَجْوَى الْأَرْضُ مِنْ رِيحِهِمْ فَأَدْعُوا اللَّهَ أَنْ يُرْسِلَ السَّمَاءَ فَتَحْمِلَ أَجْسَامَهُمْ فَتُلْقِيَهَا فِي الْبَحْرِ، ثُمَّ تُنْسَفُ الْجِبَالُ، وَتُمَدُّ الْأَرْضُ مَدَّ الْأَدِيمِ، فَعَهِدَ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى إِلَيَّ أَنَّهُ إِذَا كَانَ ذَلِكَ أَنَّ السَّاعَةَ مِنَ النَّاسِ كَالْحَامِلِ الْمُتِمِّ، لَا يَدْرِي أَهْلُهَا مَتَى تَفْجَؤُهُمْ بِوِلَادِهَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا ، قَالَ الْعَوَّامُ: فَوَجَدْتُ تَصْدِيقَ ذَلِكَ فِي كِتَابِ اللَّهِ ثُمَّ قَرَأَ: (حَتَّى إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ)،(الأنبياء :96)

آئے گی؟ ابراہیم علیہ السلام سے ابتداء کی گئی۔ انہوں نے ان سے پوچھا؟ آپ علیہ السلام کے پاس اس کا علم نہیں تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے اس کے متعلق پوچھا، آپ علیہ السلام کے پاس بھی اس کا علم نہیں تھا۔ یہ بات حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک پہنچی، آپ علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے مجھ سے وعدہ لیا تھا۔ اس کو چھپانے کا۔ میں اس کو چھپاتا ہوں اس کو صرف اللہ ہی جانتا ہے۔ آپ علیہ السلام نے دجال کے نکلنے کا ذکر کیا۔ (اور فرمایا:) میں اتروں گا اس کو میں قتل کروں گا۔ لوگ اپنے شہروں کی طرف نکلیں گے۔ ان کے سامنے یاجوج ماجوج ہوں گے وہ دیوار سے نکلیں گے۔ وہ کسی پانی کے پاس سے گزریں گے وہ اس کو پی جائیں گے۔ ہر شے کی تباہی کریں گے، اللہ سے پناہ لیں گے، میں ان کے خلاف اللہ سے دعا کروں گا' پس اللہ ان کو مار دے گا' زمین میں ان کی بدبو پھیل جائے گی، میں اللہ سے دعا کروں گا کہ اللہ آسمان سے ہوا کو بھیجے وہ ان کے جسموں کو اٹھا کر ان کو سمندر میں پھینک دیں گے۔

5274 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ قَالَ: أَتَى رَجُلٌ أَبَا مُوسَى، وَسَلْمَانَ بْنَ رَبِيعَةَ فَسَأَلَهُمَا عَنِ ابْنَةٍ، وَابْنَةِ ابْنٍ،

حضرت ہزیل فرماتے ہیں کہ سلمان بن ربیعہ اور ابوموسیٰ دونوں کے پاس ایک آدمی آیا' اُس نے دونوں سے بیٹی اور پوتی اور حقیقی بہن کی وراثت کے متعلق پوچھا' پھر اس کے بعد باقی حدیث ذکر کی۔

5274- الحديث سبق برقم: 5213,5086 فراجعه .

وَأُخْتٍ لِأَبٍ، وَأُمٍّ، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

5275 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَضَّرَ اللَّهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ، فَإِنَّهُ رُبَّ مُبَلَّغٍ أَوْعَى لَهُ مِنْ سَامِعٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ خوش رکھے اس کو جو ہماری حدیث سنے، اس کو یاد کرے اور اس کو آگے پہنچائے' کیونکہ بسا اوقات سننے والا' پہنچانے والے سے زیادہ یاد رکھتا ہے۔

5276 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، أَخْبَرَنَا أَبُو سَلَمَةَ الْجُهَنِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا قَالَ عَبْدٌ قَطُّ إِذَا أَصَابَهُ هَمٌّ وَحُزْنٌ: اللَّهُمَّ إِنِّي عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ، نَاصِيَتِي بِيَدِكَ، مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ، عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ، أَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ، أَوْ أَنْزَلْتَهُ فِي كِتَابِكَ، أَوْ عَلَّمْتَهُ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ، أَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهِ فِي عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ، أَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ رَبِيعَ قَلْبِي، وَنُورَ بَصَرِي، وَجِلَاءَ حُزْنِي، وَذَهَابَ هَمِّي، إِلَّا أَذْهَبَ اللَّهُ هَمَّهُ، وَأَبْدَلَهُ مَكَانَ حُزْنِهِ فَرَحًا ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، يَنْبَغِي لَنَا أَنْ نَتَعَلَّمَ هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ؟ قَالَ: أَجَلْ، يَنْبَغِي لِمَنْ سَمِعَهُنَّ أَنْ يَتَعَلَّمَهُنَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی یہ کلمات کہتا ہے غم اور پریشانی میں: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ الیٰ آخرہٖ'' اللہ اس کے غم کو لے جاتا ہے اس کی پریشانی کو کھول دیتا ہے۔ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! بہتر ہے ہم ان کلمات کو یاد کر لیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! بہتر ہے اس کے لیے جو سنے اس کو یاد کر لے۔

5275- الحديث سبق برقم: 5104 فراجعه .

5276- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1653

5277 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنِي أَبُو إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَدُورُ رَحَى الْإِسْلَامِ عَلَى رَأْسِ خَمْسٍ وَثَلَاثِينَ أَوْ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ، أَوْ سَبْعٍ وَثَلَاثِينَ، فَإِنْ يَهْلِكُوا فَبِسَبِيلِ مَنْ هَلَكَ، وَإِنْ بَقُوا بَقِيَ لَهُمْ دِينُهُمْ سَبْعِينَ عَامًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام کی چکی پینتیس، چھتیس یا سینتیس سال کے آخر تک گھومتی رہے گی۔ اگر وہ ہلاک ہوگئے تو مرنے کی راہ یہی ہے اگر باقی رہے تو ان کا دین ۷۰ سال تک باقی رہے گا۔

5278 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا فَرْقَدٌ السَّبَخِيُّ، حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ يَزِيدَ، أَنَّهُ سَمِعَ مَسْرُوقًا، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، - لَعَلَّهُ قَالَ - : عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِنِّي كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ فَزُورُوهَا، وَنَهَيْتُكُمْ أَنْ تَحْبِسُوا لُحُومَ الْأَضَاحِي فَوْقَ ثَلَاثٍ فَاحْبِسُوا، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ هَذِهِ الظُّرُوفِ فَانْتَبِذُوا فِيهَا، وَاجْتَنِبُوا كُلَّ مُسْكِرٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو قبروں کی زیارت سے منع کرتا تھا۔ اب ان کی زیارت کیا کرو۔ میں تم کو منع کرتا تھا کہ قربانی کے گوشت روکنے سے تین دن سے زیادہ اب روک لیا کرو۔ میں تم کو منع کرتا تھا ان برتنوں میں پینے سے اب پی لیا کرو اور ہر نشہ دینے والی چیز سے بچو۔

5279 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ لَمْ تَرَ مِنْ أُمَّتِكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: هُمْ غُرٌّ مُحَجَّلُونَ بُلْقٌ مِنْ آثَارِ الْوُضُوءِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! آپ نے اپنے جس اُمتی کو دیکھا ہی نہیں ہے تو قیامت والے دن اسے کیسے پہچانیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کی پیشانیاں چمک رہی ہوں گی وضو کے اثر سے ان کے اعضاء روشن ہوں گے۔

5277- الحديث سبق برقم: 5259,4988 فراجعه .

5278- الحديث في المقصد العلي برقم: 630 .

5279- الحديث سبق برقم: 5026 فراجعه .

AlHidayah - الهداية

5280 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ أَبِي فَزَارَةَ، عَنْ أَبِي زَيْدٍ - مَوْلَى عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ - ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْلَةَ الْجِنِّ: هَلْ عِنْدَكَ طَهُورٌ؟ ، قَالَ: لَا، إِلَّا شَيْئًا مِنْ نَبِيذٍ فِي إِدَاوَةٍ، فَقَالَ: هَاتِهِ، تَمْرَةٌ طَيِّبَةٌ، وَمَاءٌ طَهُورٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ لیلۃ الجن (جنوں والی رات) میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تیرے پاس وضو کا پانی ہے؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کوئی چیز نہیں سوائے کھجور کے جوس کے' جو ایک برتن میں ہے۔ پس آپ نے فرمایا: لاؤ! کھجور پاکیزہ ہے اور پانی پاک ہے۔

5281 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: أَلَا أُصَلِّي بِكُمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى بِهِمْ فَلَمْ يَرْفَعْ يَدَيْهِ إِلَّا مَرَّةً

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: خبردار! میں تم لوگوں کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جیسی نماز پڑھاتا ہوں' پس آپ رضی اللہ عنہ نے ان کو نماز پڑھائی لیکن پوری نماز میں صرف ایک ہی بار کانوں تک ہاتھ اُٹھائے (یعنی شروع میں)۔

5282 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ طَلْحَةَ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: لَمَّا أُسْرِيَ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، انْتَهَى إِلَى سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى - وَهِيَ فِي السَّمَاءِ السَّادِسَةِ - وَإِلَيْهَا يَنْتَهِي مَا يُصْعَدُ بِهِ مِنَ الْأَرْضِ، فَيُقْبَضُ مِنْهَا، وَإِلَيْهَا يَنْتَهِي مَا يَهْبِطُ مِنْ فَوْقِهَا، فَيُقْبَضُ مِنْهَا : (إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ) (النجم: 16) مَا يَغْشَى، قَالَ: فِرَاشٌ مِنْ ذَهَبٍ ، قَالَ: فَأُعْطِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ خِلَالٍ: الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ، وَخَوَاتِيمُ سُورَةِ الْبَقَرَةِ، وَغُفِرَ لِمَنْ لَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سیر کرائی گئی۔ آپ سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچے۔ وہ چھٹے آسمان پر ہے۔ اس تک پہنچتی ہے جو کچھ زمین سے بلند ہوتا ہے۔ اس سے قبض کیا جاتا ہے جو کچھ اس کے اوپر سے نیچے آتا ہے' اس کی انتہاء بھی یہی مقام ہے۔ پس اس میں سے لے لیا جاتا ہے: ''اِذْ یَغْشَی السِّدْرَةَ'' اس کا فرش سونے کا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تین تحفے دیئے گئے: پانچ نمازیں' سورۃ بقرہ کا آخری رکوع۔ اس کو بخش دیا جائے گا جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے۔

5280- الحديث سبق برقم: 5024 فراجعه .

5281- الحديث سبق برقم: 5018 فراجعه .

5282- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 387 رقم الحديث: 3665 وجلد 1 صفحه 422 رقم الحديث: 4011 .

يُشْرِكُ بِاللّٰهِ مِنْ أُمَّتِهِ الْمُقْحِمَاتُ

5283 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي قُبَّةٍ مِنْ أَدَمٍ فِي نَحْوٍ مِنْ أَرْبَعِينَ رَجُلًا، فَقَالَ: إِنَّكُمْ مَفْتُوحٌ عَلَيْكُمْ مَنْصُورُونَ وَمُصِيبُونَ، فَمَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْكُمْ فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ، وَلْيَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ، وَلْيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَلْيَصِلْ رَحِمَهُ وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ وَمَثَلُ الَّذِي يُعِينُ قَوْمَهُ عَلَى غَيْرِ الْحَقِّ كَمَثَلِ بَعِيرٍ فِي بِئْرٍ فَهُوَ يَنْزِعُ مِنْهَا بِذَنَبِهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا' اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم چمڑے کے ایک خیمہ میں تشریف فرما تھے' تقریباً چالیس آدمی تھے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک تم پر دولت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے' تمہاری مدد کی جائے گی (فتح حاصل کرو گے) اور مالِ غنیمت پاؤ گے' پس تم میں سے جو کوئی وہ زمانہ پائے تو اسے چاہیے کہ اللہ سے ڈرے' نیکی کا حکم دے' بُرائی سے روکے اور صلہ رحمی کرے اور جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولا' اسے چاہیے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے اور جو آدمی ناحق اپنی قوم کی مدد کرتا ہے' اس کی مثال اس اونٹ کی ہے جو کنویں سے اپنی دُم کے ذریعے پانی کھینچتا ہے۔

5284 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ غُرَّةِ كُلِّ هِلَالٍ، وَقَلَّ مَا يُفْطِرُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایام بیض کے تین روزے نہیں چھوڑتے تھے ہر چاند کے، فرمایا: جمعہ کے دن بھی افطار نہیں کرتے تھے' یعنی اگر ایامِ بیض جمعہ کے دن آتا تو آپ اس دن بھی رکھتے تھے۔

5285 - وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: أَخَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً صَلَاةَ الْعِشَاءِ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَإِذَا النَّاسُ يَنْتَظِرُونَ الصَّلَاةَ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عشاء کو مؤخر کیا ایک رات پھر نکلے مسجد کی طرف۔ صحابہ کرام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتظار کر رہے

5283- الحديث سبق برقم: **5231** فراجعه .

5284- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **406** رقم الحديث: **3860** قال: حدثنا أبو النضر' وحسن :

5285- الحديث في المقصد العلي برقم: **198** .

اس آیت کے بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''ولقد رآہ نزلة اخری'' آپ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں نے سدرۃ المنتہیٰ کے پاس حضرت جبریل کو دیکھا' ان کے چھ سو پَر تھے' ان کے پروں سے موتی اور یاقوت جھڑ رہے تھے۔

5340 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، أَخْبَرَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَجِبَ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالَى مِنْ رَجُلَيْنِ: مِنْ رَجُلٍ ثَارَ مِنْ لِحَافِهِ وَفِرَاشِهِ مِنْ بَيْنِ حَيِّهِ وَأَهْلِهِ إِلَى صَلَاتِهِ، فَيَقُولُ اللَّهُ لِمَلَائِكَتِهِ: يَا مَلَائِكَتِي، انْظُرُوا إِلَى عَبْدِي هَذَا، قَامَ مِنْ بَيْنِ فِرَاشِهِ وَلِحَافِهِ مِنْ بَيْنِ حَيِّهِ وَأَهْلِهِ إِلَى صَلَاتِهِ، رَغْبَةً فِيمَا عِنْدِي، وَشَفَقَةً مِمَّا عِنْدِي، وَرَجُلٍ غَزَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَفَرَّ أَصْحَابُهُ، وَعَلِمَ مَا عَلَيْهِ فِي الْفِرَارِ، وَمَالَهُ فِي الرُّجُوعِ، فَرَجَعَ حَتَّى أُهْرِيقَ دَمُهُ، فَيَقُولُ اللَّهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ پاک دو بندوں کو پسند کرتا ہے ایک وہ آدمی جو اپنے بستر سے اُٹھے اور اپنے خاندان اور محلے کے لوگوں کے درمیان اُٹھ کر نماز پڑھے' اللہ عزوجل فرشتوں کو فرماتا ہے: میرے اس بندے کو دیکھو! اے میرے فرشتو! اپنے بستر سے اُٹھا ہے' اپنے محلے اور گھر والوں میں سے یہ اُمید کرتے ہوئے اور اس سے ڈرتے ہوئے جو میرے پاس ہے۔ دوسرا آدمی وہ ہے جو اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے، بھاگتا ہے وہ معلوم کرتا ہے کہ بھاگنے کی جگہ نہیں ہے، پھر واپس آجاتا ہے یہاں تک کہ اس کا خون بہہ جاتا ہے، اللہ فرشتوں سے کہتا

5339- الحديث سبق برقم: 4972 فراجعه .

5340- الحديث سبق برقم: 5250 فراجعه .

لِـمَلَائِكَتِهِ: انْظُرُوا إِلَى عَبْدِي هَذَا رَجَعَ رَغْبَةً فِيمَا عِنْدِي، وَشَفَقَةً مِمَّا عِنْدِي

ہے، دیکھو میرے اس بندہ کی طرف لوٹا ہے۔ رغبت کی طرف جو میرے پاس اس سے ڈرتے ہوئے جو میرے پاس ہے۔

5341 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ- أَوْ نَحْوَهُ-

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل یا اسی طرح کی روایت کرتے ہیں۔

5342 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ أَبُو إِسْحَاقَ: أَنْبَأَنَا عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَقُولُ: إِنَّ الْكَذِبَ لَا يَصْلُحُ مِنْهُ جَدٌّ وَلَا هَزْلٌ، وَلَا يَعِدُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ شَيْئًا ثُمَّ لَا يُنْجِزُهُ لَهُ، وَإِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنَا: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِالْعَضْهِ؟ هِيَ النَّمِيمَةُ، الْقَالَةُ بَيْنَ النَّاسِ وَإِنَّ مُحَمَّدًا قَالَ: لَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَصْدُقُ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللَّهِ صِدِّيقًا، وَلَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَكْذِبُ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللَّهِ كَذَّابًا، أَلَا تَرَوْنَ أَنَّهُ يُقَالُ لِلصَّادِقِ: صَدَقَ وَبَرَّ، وَيُقَالُ لِلْكَاذِبِ: كَذَبَ وَفَجَرَ، وَإِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ، وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ، وَإِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ، وَإِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے ہیں: بے شک جھوٹ نہ سنجیدگی میں اور نہ مزاح میں جائز ہے اور کوئی آدمی دوسرے آدمی سے ایسا وعدہ نہ کرے جسے اس نے پورا نہ کرنا ہو۔ بے شک محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: کیا میں تمہیں آگاہ نہ کروں کہ وہ چغل خوری ہے جو لوگوں کے درمیان بولی جاتی ہے اور بے شک محمد کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی مسلسل سچ بولتا رہتا ہے حتیٰ کہ اللہ کے پاس سچا لکھا جاتا ہے اور ایک آدمی لگاتار جھوٹ بولتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے ہاں جھوٹا لکھا جاتا ہے کیا تم نہیں دیکھتے ہو کہ صادق (سچے) کو کہا جاتا ہے یا کہا جائے گا: تُو نے سچ بولا اور نیکی کی۔ اور جھوٹے کو کہا جاتا ہے: تُو نے جھوٹ بولا اور گناہ کیا، سچ نیکی کی طرف لے جاتا ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے جھوٹ بُرائی کی طرف لے جاتا ہے اور بُرائی دوزخ میں

5341- الحديث سبق برقم: 5340,5250 فراجعه .

5342- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 410 رقم الحديث: 3896 قال: حدثنا عفان، قال: حدثنا شعبة .

لے جاتی ہے۔

5343 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعَيْنَانِ تَزْنِيَانِ، وَالْيَدَانِ تَزْنِيَانِ، وَالرِّجْلَانِ تَزْنِيَانِ، وَالْفَرْجُ يَزْنِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دونوں آنکھیں' دونوں ہاتھ' دونوں پاؤں اور شرمگاہ زنا کرتی ہیں' یعنی آنکھوں سے دیکھنا' ہاتھ سے پکڑنا' پاؤں سے چل کر جانا۔

5344 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ يَجْنِي لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِوَاكًا مِنْ أَرَاكٍ، وَكَانَتْ تَكْفَؤُهُ الرِّيحُ، فَكَانَ فِي سَاقَيْهِ دِقَّةٌ، فَضَحِكَ الْقَوْمُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُضْحِكُكُمْ؟ ، قَالُوا: دِقَّةُ سَاقَيْهِ، قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَهُمَا أَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ مِنْ أُحُدٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مسواک لینے کے لیے پیلو کے درخت پر چڑھا۔ ہوا چل رہی تھی اس کے ساتھ میری پنڈلی ننگی ہوگئی۔ صحابہ کرام ہنس پڑے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کو کس نے ہنسایا ہے؟ انہوں نے عرض کی: پتلی پنڈلیوں کی وجہ سے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، ان پنڈلیوں کا وزن احد پہاڑ سے بھی زیادہ ہے۔

5345 - وَعَنْ حَمَّادٍ، أَخْبَرَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنِ ابْنِ أُذْنَانَ قَالَ: أَسْلَفْتُ عَلْقَمَةَ أَلْفَيْ دِرْهَمٍ، فَلَمَّا خَرَجَ عَطَاؤُهُ قُلْتُ لَهُ: اقْضِنِي، قَالَ: أَخِّرْنِي إِلَى قَابِلٍ، قَالَ: فَأَبَيْتُ عَلَيْهِ، فَأَخَذْتُهَا مِنْهُ، قَالَ: فَأَتَيْتُهُ بَعْدَ ذَلِكَ، فَقَالَ: بَرِحْتَ بِي، وَقَدْ مَنَعْتَنِي، فَقُلْتُ: نَعَمْ، هُوَ عَمَلُكَ، قَالَ: فَمَا شَأْنِي؟ قُلْتُ: إِنَّكَ حَدَّثْتَنِي، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ النَّبِيَّ

حضرت ابن اذنان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علقمہ کو دوسو درہم دیئے' میں نے ان سے عرض کی: (میرے پیسے) مجھے ادا کر دیجئے! انہوں نے کہا: آنے والے سال تک مجھے مہلت دے۔ فرماتے ہیں: میں نے انکار کر دیا۔ پس میں نے وہ آپ سے لے لیے' پس (کچھ عرصہ) اس کے بعد میں ان کے پاس آیا تو میں نے عرض کی: جی ہاں! وہ آپ کا عمل ہے' فرمایا: میرا

5343- الحديث في المقصد العلى برقم: **840** .

5344- الحديث سبق برقم: **5289** فراجعه .

5345- الحديث سبق برقم: **5008** فراجعه .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ السَّلَفَ يَجْرِي مَجْرَى شَطْرِ الصَّدَقَةِ ، قَالَ: نَعَمْ، فَهُوَ كَذَلِكَ، قَالَ: فَخُذِ الْآنَ

کام کیا ہے؟ میں نے عرض کی: آپ نے حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت کردہ حدیث سنائی تھی' آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! دیا ہوا پیسہ' صدقہ کی جگہ ہوتا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! پس وہ حدیث اسی طرح ہی ہے۔فرمایا: اب پھر لے لو۔

5346 - وَعَنْ عَفَّانَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَاقَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: حَجَجْنَا مَعَ ابْنِ مَسْعُودٍ حَتَّى إِذَا طَلَعَ أَوَّلُ الْفَجْرِ قَامَ فَصَلَّى الْغَدَاةَ، قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: مَا كُنْتَ تُصَلِّي هَذِهِ الصَّلَاةَ هَذِهِ السَّاعَةَ؟ وَكَانَ يُسْفِرُ بِالصَّلَاةِ، قَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي هَذَا الْيَوْمِ، فِي هَذَا الْمَكَانِ يُصَلِّي هَذِهِ السَّاعَةَ يَعْنِي: بِجَمْعٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیا۔ جب فجر اول طلوع ہوئی تو آپ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے۔صبح کی نماز پڑھی۔ میں نے عرض کی: اس وقت میں کون سی نماز پڑھی ہے؟ حالانکہ آپ رضی اللہ عنہ صبح کی نماز سفیدی میں پڑھتے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس گھڑی میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔اس دن میں اسی جگہ' اس گھڑی (یعنی مزدلفہ میں)۔

5347 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، فَإِذَا سَجَدَ وَثَبَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عَلَى ظَهْرِهِ، فَإِذَا أَرَادُوا أَنْ يَمْنَعُوهُمَا أَشَارَ إِلَيْهِمْ: أَنْ دَعُوهُمَا، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ وَضَعَهُمَا فِي حِجْرِهِ وَقَالَ: مَنْ أَحَبَّنِي فَلْيُحِبَّ هَذَيْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے تو جب سجدہ کرتے تو امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما آپ کی پیٹھ پر سوار ہو جاتے تھے' پس اہل بیت کرام کا ارادہ ہوتا کہ ان کو روکیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو اشارہ کرتے کہ ان کو بلا لیں۔ پس جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوتے تو ان کو اپنی گود میں بٹھا لیتے اور فرماتے: جس آدمی کو مجھ سے محبت ہے' وہ ان دونوں سے محبت کرے۔

5346- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **410** من طريق عفان به .

5347- الحديث سبق برقم: **4996** فراجعه .

5348 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِاللَّعَّانِ، وَلَا بِالطَّعَّانِ، وَلَا الْفَاحِشِ، وَلَا الْبَذِيءِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن لعن طعن کرنے والا نہیں ہو سکتا' فحش کام کرنے والا اور فضول کام کرنے والا بھی نہیں ہوتا۔

5349 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنَامُ فِي سُجُودِهِ، فَمَا يُعْرَفُ نَوْمُهُ إِلَّا بِنَفْخِهِ، ثُمَّ يَقُومُ فِي صَلَاتِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کی حالت میں سو جاتے تھے' آپ کی نیند صرف خراٹوں سے معلوم ہوتی تھی' پھر آپ نماز کے لیے کھڑے ہو جاتے تھے۔

5350 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ قَيْسٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الدَّالَانِيُّ، عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ أَبِي عَقْرَبٍ الْأَسَدِيِّ قَالَ: أَتَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ وَهُوَ عَلَى إِجَّارٍ فَقَعَدْتُ عَلَيْهِ وَهُوَ يَقُولُ: صَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ، صَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبَّأَنَا أَنَّ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي النِّصْفِ مِنَ السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ، وَإِنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ صَبِيحَتَهَا لَيْسَ لَهَا شُعَاعٌ، فَصَعَدْتُ فَرَأَيْتُهَا كَذَلِكَ، فَقُلْتُ: صَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ

حضرت ابوعقرب اسدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ تکیہ پر سینہ رکھ کر ٹیک لگائے ہوئے تھے' میں آپ کے پاس بیٹھ گیا' آپ فرما رہے تھے: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا' اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا۔ فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بتایا کہ لیلۃ القدر آخری عشرہ کی ستائیس کو ہوتی ہے' اس دن صبح کے وقت سورج طلوع ہوتا ہے' اس میں شعاع نہیں ہوتی ہے' میں چڑھا' میں نے سورج کو اسی طرح دیکھا ہے' میں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا ہے۔

5351 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم

5348- الحديث سبق برقم: 5066 فراجعه .

5349- الحديث سبق برقم: 5202 فراجعه .

5350- الحديث في المقصد العلي برقم: 526 .

الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: وَسَمِعَ عَبْدُ اللَّهِ بِخَسْفٍ فَقَالَ: كُنَّا أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعُدُّ الْآيَاتِ بَرَكَةً، وَأَنْتُمْ تَعُدُّونَهَا تَخْوِيفًا، إِنَّا بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ مَعَنَا مَاءٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اطْلُبُوا مَنْ مَعَهُ مَاءٌ، فَفَعَلْنَا، فَأُتِيَ بِمَاءٍ، فَصَبَّهُ فِي إِنَاءٍ، ثُمَّ وَضَعَ كَفَّهُ فِيهِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ، ثُمَّ قَالَ: حَيَّ عَلَى الطَّهُورِ الْمُبَارَكِ، وَالْبَرَكَةِ مِنَ اللَّهِ، فَمَلَأْتُ بَطْنِي مِنْهُ، وَاسْتَقَى وَأُسْقِيَ النَّاسُ. قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: كُنَّا نَسْمَعُ تَسْبِيحَ الطَّعَامِ وَهُوَ يُؤْكَلُ

اصحابِ محمد ﷺ نشانیوں کو برکت شمار کرتے تھے۔تم اس کو خوف دلانا شمار کرتے ہو۔ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے، ہمارے پاس پانی نہیں تھا۔حضور ﷺ نے فرمایا: جس کسی کے پاس پانی ہو وہ میرے پاس لائے۔ہم نے ایسے ہی کیا، پانی لایا گیا۔ اس پانی کو برتن میں رکھا۔ آپ ﷺ نے اپنی ہتھیلی اس پانی میں رکھی۔ آپ ﷺ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری ہو گئے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: آؤ، میرے پاس مبارک پانی کے لیے یہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے برکت ہے، میں نے اس سے پیٹ بھر کر پیا۔آپ ﷺ نے بھی پیا اور سب صحابہ کرام نے سیر ہو کر پیا۔حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کھانے کی تسبیح سنتے تھے اس حال میں کہ آپ ﷺ کھا رہے ہوتے تھے۔

5352 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ، إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ عَلْقَمَةَ

حضرت منصور اپنی سند کے ساتھ اسی طرح روایت کرتے ہیں مگر اپنی سند میں حضرت علقمہ کا ذکر نہیں کیا۔

5353 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَارٍ، فَأُنْزِلَتْ عَلَيْهِ: وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا فَجَعَلْنَا نَتَلَقَّاهَا مِنْهُ، فَخَرَجَتْ حَيَّةٌ مِنْ جَانِبِ الْغَارِ، فَقَالَ: اقْتُلُوهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ غار میں تھے۔آپ ﷺ پہ سورت والمرسلات نازل ہوئی۔ہم اس کو سیکھنے لگے' اس کے بعد غار کی جانب سے ایک سانپ نکلا' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو مار دو! ہم جلدی جلدی مارنے لگے' لیکن اس نے سبقت کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو تمہاری تکلیف سے بچا لیا گیا جس طرح تم کو اس کے شر سے بچا لیا گیا۔

5352- الحديث سبق برقم: 5351 فراجعه .

5353- الحديث سبق برقم: 4949 فراجعه .

. فَبَادَرْنَاهَا فَسَبَقَتْنَا، فَقَالَ: إِنَّهَا وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيتُمْ شَرَّهَا

5354 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أَبِي رَزِينَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَأْ عَلَيَّ سُورَةَ النِّسَاءِ، قَالَ: قُلْتُ: أَقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ أُنْزِلَ؟ قَالَ: إِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِي، قَالَ: فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ حَتَّى إِذَا بَلَغْتُ: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء: 41) فَاضَتْ عَيْنَاهُ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا: مجھے قرآن سنایئے۔ میں نے عرض کی: میں آپ ﷺ پر قرآن پڑھوں حالانکہ آپ ﷺ پر قرآن نازل ہوا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں پسند کرتا ہوں کہ دوسرے سے قرآن سنوں! میں نے آپ ﷺ پر سورت النساء شروع کی جب اس آیت پر پہنچا ''فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا الى آخره'' تو آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔

5355 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: إِيَّاكُمْ وَهَذِهِ الشَّهَادَاتِ: أَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ: قُتِلَ فُلَانٌ شَهِيدًا، وَإِنَّ الرَّجُلَ يُقَاتِلُ حَمِيَّةً، وَيُقَاتِلُ وَهُوَ جَرِيءُ الصَّدْرِ، وَلَا يَدْرِي عَلَامَ يُقَاتِلُ؟ وَيُقَاتِلُ عَلَى الدُّنْيَا، وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذَلِكَ، إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ بَعَثَ قَوْمًا سَرِيَّةً، فَلَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا يَسِيرًا حَتَّى قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللَّهَ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: إِنَّ إِخْوَانَكُمْ لَقُوا الْعَدُوَّ فَاقْتَطَعُوهُمْ، فَلَمْ يَتَفَلَّتْ مِنْهُمْ رَجُلٌ، وَإِنَّهُمْ لَقُوا رَبَّهُمْ فَقَالُوا: رَبَّنَا أَبْلِغْ قَوْمَنَا أَنَّا قَدْ رَضِينَا وَرُضِيَ عَنَّا، وَإِنِّي رَسُولُهُمْ إِلَيْكُمْ: أَنْ قَدْ

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: ان شہادتوں سے بچو کہ ایک آدمی کہے: فلاں قتل ہوا اس حال میں کہ وہ شہید ہے اور بے شک آدمی خاندانی عصبیت پر مقاتلہ کرے' وہ قتال کرے جبکہ وہ بہادری دکھانے والا ہو' لیکن اسے معلوم ہی نہ ہو کہ وہ کس بنیاد پر لڑائی کر رہا ہے اور وہ دنیا پر لڑائی کرے۔ ابھی میں آپ کو اس بارے حدیث بیان کرتا ہوں۔ رسول کریم ﷺ نے ایک جنگ کے لیے ایک گروہ کو بھیجا۔ پس وہ تھوڑی دیر ہی ٹھہرے حتیٰ کہ رسول کریم ﷺ کھڑے ہوئے۔ آپ ﷺ نے حمد وثناء کی' پھر کہا: تمہارے بھائی دشمن سے ملے ہیں' پس دشمن نے ان کا ایک حصہ جدا کیا ہے' پس ان سے جو آدمی بھی جدا ہوا ہے' وہ اپنے رب سے ملے ہیں' پس انہوں نے

5354- الحديث سبق برقم: 5206,5047,4998 .

5355- اخرجه الحميدى رقم الحديث: 121 . والترمذى رقم الحديث: 3011 قال: حدثنا ابن أبى عمر .

رَضُوا وَرُضِيَ عَنْهُمْ ، فَعَلَى مِثْلِ هَؤُلَاءِ فَاشْهَدُوا

عرض کی: اے ہمارے رب! ہماری قوم کو یہ بات پہنچا دے کہ ہم خوش ہیں اور ہم سے راضی ہوا گیا ہے' یعنی ہمارا خدا ہم سے خوش ہے اور میں ان کی بات تم تک پہنچا رہا ہوں کہ وہ راضی ہے اور ان کا رب ان سے راضی ہے' پس ان لوگوں کی مثل پر گواہ بنو۔

5356 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أَصْحَابِهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللَّهِ بِمِنًى، فَلَمَّا صَلَّى عُثْمَانُ بِهَا أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ حِينَ فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ: قَدْ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْمَكَانِ رَكْعَتَيْنِ، وَصَلَّى أَبُو بَكْرٍ رَكْعَتَيْنِ، وَصَلَّى عُمَرُ رَكْعَتَيْنِ ، قَالَ: فَأُرَاهُ قَدْ ذَكَرَ مَا كَانَ صَلَّى عُثْمَانُ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: صَلَّى الْيَوْمَ أَرْبَعًا، قَالَ الْأَسْوَدُ: فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَلَا سَلَّمْتَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ الْأُخْرَيَيْنِ وَصَلَّيْتَ الرَّكْعَتَيْنِ الْأُخْرَيَيْنِ بَعْدُ تَسْبِيحًا؟ قَالَ: الْخِلَافُ شَرٌّ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ منیٰ میں تھا' جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے چار رکعت پڑھائیں' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے عرض کی: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں ادا کی تھیں۔ حضرت اسود فرماتے ہیں: میرا خیال ہے کہ آپ نے ذکر کیا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے دو رکعت پڑھائیں' پھر فرمایا: آج چار پڑھی ہیں۔ حضرت اسود فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا آپ دو رکعتیں پڑھ کر سلام نہیں پھیر دیتے ہیں' آپ بھی تو دو آخری رکعتیں پڑھتے ہیں اس کے بعد؟ فرمایا: مخالفت کرنا بُرا ہے۔

5357 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ قَوْمِهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا سَمَرَ إِلَّا لِأَحَدِ رَجُلَيْنِ: مُصَلٍّ، أَوْ مُسَافِرٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گفتگو جائز نہیں (نمازِ عشاء) کے بعد مگر دو آدمیوں کیلئے نمازی اور مسافر کے لیے۔

5358 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

5356- الحديث سبق برقم: 5172 فراجعه .

5357- الحديث في المقصد العلي برقم: 201 .

يُونُسَ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو الْفُقَيْمِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ، وَلَا اللَّعَّانِ، وَلَا الْفَاحِشِ، وَلَا الْبَذِيءِ

کریم ﷺ نے فرمایا: مؤمن کی شان کے خلاف ہے لعن طعن کرنا' فحش باتیں اور فضول کام کرنا۔

5359 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْجَوَّابِ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ: مِنْ هَمْزِهِ وَنَفْثِهِ وَنَفْخِهِ ، قَالَ: هَمْزُهُ: الْمَوْتَةُ، وَنَفْثُهُ: السِّحْرُ، وَنَفْخُهُ: الْكِبْرُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ شیطان مردود سے پناہ مانگتے تھے ان الفاظ کے ساتھ: ''همزه' نفثه نفخه''۔ فرمایا: همزہ سے مراد موت' نفثہ سے مراد جادو اور نفخہ سے مراد تکبر ہے۔

5360 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ، عَنْ أُسَيْرِ بْنِ جَابِرٍ قَالَ: هَاجَتْ رِيحٌ سَوْدَاءُ بِالْكُوفَةِ، فَجَاءَ رَجُلٌ لَيْسَ لَهُ هِجِّيرَى، إِلَّا: أَيَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ جَاءَتِ السَّاعَةُ، وَكَانَ مُتَّكِئًا فَجَلَسَ فَقَالَ: إِنَّ السَّاعَةَ لَا تَقُومُ حَتَّى لَا يُقْسَمَ مِيرَاثٌ وَلَا يُفْرَحَ بِغَنِيمَةٍ، وَقَالَ: عَدُوٌّ يَجْتَمِعُونَ لِأَهْلِ الْإِسْلَامِ، وَيَجْمَعُ لَهُمْ أَهْلُ الْإِسْلَامِ - وَنَحَّى بِيَدِهِ إِلَى الشَّامِ - قُلْتُ: الرُّومَ تَعْنِي؟ قَالَ: نَعَمْ ، قَالَ: وَتَكُونُ عِنْدَ ذَلِكُمُ الْقِتَالُ رِدَّةٌ شَدِيدَةٌ، فَيَشْتَرِطُ لِلْمَوْتِ شُرْطَةً لَا تَرْجِعُ إِلَّا غَالِبَةً

حضرت اُسیر بن جابر فرماتے ہیں کہ کوفہ میں کالی آندھی آئی' پس ایک آدمی آیا جو زیادہ بولنے والا نہ تھا' مگر (کہا:) اے عبداللہ بن مسعود! قیامت آ گئی ہے' اس سے قبل کہ آپ تکیہ لگائے ہوئے تھے' اُٹھ کر بیٹھ گئے۔ فرمایا: قیامت نہیں آئے گی جب تک ایسا نہ ہو کہ میراث تقسیم نہ کی جائے اور غنیمت ملنے سے خوشی نہ ہو۔ اور فرمایا: دشمن اہل اسلام کے لیے اکٹھے ہوں گے اور اہل اسلام بھی ان کیلئے اکٹھ کریں گے اور اپنے ہاتھ کے ساتھ شام کی طرف اشارہ کیا۔ میں نے کہا: روم مراد ہے' فرمایا: جی ہاں! فرمایا: اس وقت لڑائی لڑائی ہوگی' سخت طرح کی لڑائی ہوگی' پس موت کے لیے شُرطہ کو مقرر کی

5359- الحديث سبق برقم: 5055,4973 فراجعه .

5360- الحديث سبق برقم: 5231 فراجعه .

فَيَقْتَتِلُونَ حَتَّى يَحْجُزَ بَيْنَهُمُ اللَّيْلُ، فَيَفِيءُ هَؤُلَاءِ وَهَؤُلَاءِ كُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ، وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ، ثُمَّ يَشْتَرِطُ الْمُسْلِمُونَ شُرْطَةً لِلْمَوْتِ لَا تَرْجِعُ إِلَّا غَالِبَةً، فَيَقْتَتِلُونَ حَتَّى يُمْسُوا: يَحْجُزُ بَيْنَهُمُ اللَّيْلُ، فَيَفِيءُ هَؤُلَاءِ وَهَؤُلَاءِ كُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ، ثُمَّ يَشْتَرِطُ الْمُسْلِمُونَ شُرْطَةً لِلْمَوْتِ لَا تَرْجِعُ إِلَّا غَالِبَةً، فَيَقْتَتِلُونَ حَتَّى يُمْسُوا، فَيَفِيءُ هَؤُلَاءِ وَهَؤُلَاءِ كُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ، وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ، حَتَّى إِذَا كَانَ الْيَوْمُ الرَّابِعُ نَهَضَ إِلَيْهِمْ بَقِيَّةُ أَهْلِ الْإِسْلَامِ فَيَجْعَلُ اللَّهُ الدَّبْرَةَ عَلَيْهِمْ فَيَقْتُلُونَ مَقْتَلَةً- إِمَّا قَالَ: لَا يُرَى مِثْلُهَا، أَوْ قَالَ: لَمْ يُرَ مِثْلُهَا- حَتَّى إِنَّ الطَّائِرَ لَيَمُرُّ بِجَهَاتِهِمْ مَا يُخَلِّفُهُمْ حَتَّى يَخِرَّ مَيِّتًا، فَيَتَعَادُّ بَنُو الْأَبِ كَانُوا مِائَةً فَلَا يَجِدُونَهُ بَقِيَ مِنْهُمْ إِلَّا الرَّجُلُ الْوَاحِدُ، فَبِأَيِّ غَنِيمَةٍ يُفْرَحُ، أَوْ أَيُّ مِيرَاثٍ يُقَاسَمُ؟ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ سَمِعُوا بِنَاسٍ هُمْ أَكْثَرُ مِنْ ذَلِكَ: جَاءَهُمُ الصَّرِيخُ أَنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَلَفَ فِي ذَرَارِيهِمْ، فَيَتْرُكُونَ مَا فِي أَيْدِيهِمْ وَيُقْبِلُونَ فَيَبْعَثُونَ عَشَرَةَ فَوَارِسَ طَلِيعَةً، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْرِفُ أَسْمَاءَهُمْ، وَأَسْمَاءَ آبَائِهِمْ، وَأَلْوَانَ خُيُولِهِمْ، وَهُمْ خَيْرُ فَوَارِسَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ يَوْمَئِذٍ - أَوْ قَالَ هُمْ خَيْرُ فَوَارِسَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ يَوْمَئِذٍ-

جائے گا کہ وہ غلبہ پائے بغیر نہیں لوٹیں گے۔ پس وہ لڑتے رہیں گے حتیٰ کہ رات چھا جائے گی' پس یہ بھی باقی رہیں گے اور وہ بھی' کوئی بھی غالب نہ ہوگا' شرطہ ختم ہو جائے گا۔ پھر مسلمان موت کے لیے شرطہ مقرر کریں گے کہ جب تک وہ غالب نہ ہوں گے نہیں لوٹیں گے' پس وہ لڑیں گے حتیٰ کہ شام ہو جائے گی' ان کے درمیان رات چھا جائے گی۔ یہ بھی باقی ہوں گے وہ بھی' کوئی غالب نہیں ہوگا' پھر مسلمان موت کی شرط باندھیں گے کہ وہ غالب ہو کر واپس لوٹیں گے' پس لڑائی ہوگی شام تک' پس یہ بھی اور وہ بھی باقی ہوں گے' شرطہ فنا ہو جائے گی حتیٰ کہ جب چوتھا دن ہوگا تو باقی اہل اسلام بھی ان کی طرف اُٹھ کھڑے ہوں گے' پس اللہ تعالیٰ اُن پر شکست لازم کر دے گا' پس وہ ایسی جنگ کریں گے جیسی نہیں دیکھی جا سکے گی یا نہیں دیکھی گئی ہوگی۔ حتیٰ کہ اگر ان کی جانب سے کوئی پرندہ گزرے گا تو ان کو پیچھے نہیں چھوڑ سکے گا یہاں تک کہ مر کر گر جائے گا' پس ایک باپ کے بیٹے سو تک ہو جائیں گے' پس وہ اس کو نہیں پائیں گے مگر ان میں سے ایک آدمی باقی رہ جائے گا' پس کیسی غنیمت جس پر خوش ہوا جائے گا یا کون سی میراث جس کو تقسیم کیا جائے گا' وہ اسی حال پر ہوں گے' جب وہ کچھ لوگوں کی آواز سنیں گے جو اس سے زیادہ ہوں گے تو ان کے پاس ایک اعلان کرنے والا آئے گا کہ دجال ان کی اولادوں میں آ گیا ہے' پس جو کچھ ان کے ہاتھوں میں ہوگا' وہیں چھوڑ دیں گے اور اس طرف متوجہ ہو جائیں

گئے' پس وہ دس شہسواروں کو بھیجیں گے۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں ان کے نام' ان کے باپوں کے نام اور ان گھوڑوں کے رنگوں کو بھی جانتا ہوں' وہ بہترین شہ سوار ہوں گے' روئے زمین پر اس وقت' یا فرمایا: وہ زمین کی پیٹھ پر اس وقت سب سے بہتر شاہسوار ہوں گے۔

5361 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: كُنَّا نَغْزُو مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لَنَا نِسَاءٌ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَا نَسْتَخْصِي؟ فَنَهَانَا عَنْ ذَلِكَ، وَأُمِرْنَا أَنْ نَنْكِحَ الْمَرْأَةَ بِالثَّوْبِ، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللَّهِ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ) (المائدة: 87)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ جہاد میں تھے۔ ہمارے لیے عورتیں نہیں تھیں۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم خصی نہ ہو جائیں؟ ہم کو آپ ﷺ نے منع کیا اس سے ہم کو حکم دیا کہ نکاح کرنے کا کسی عورت کے ساتھ' کپڑوں کے بدلے پھر عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''اے ایمان والو! ان چیزوں کو حرام نہ کرو جن کو اللہ نے حلال کیا''۔

5362 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ فِي مَمْلَكَتِهِ تَذَكَّرَ فَعَلِمَ أَنَّ مَا هُوَ فِيهِ مُنْقَطِعٌ، وَأَنَّهُ قَدْ شَغَلَهُ عَنْ عِبَادَةِ رَبِّهِ، فَانْسَابَ مِنْ قَصْرِهِ لَيْلًا حَتَّى صَارَ إِلَى مَمْلَكَةٍ غَيْرِهِ، فَأَتَى سَاحِلَ الْبَحْرِ فَجَعَلَ يَضْرِبُ اللَّبِنَ فَيَعِيشُ بِهِ وَيَعْبُدُ رَبَّهُ، فَبَلَغَ الْمَلِكُ الَّذِي هُوَ فِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اسی دوران کہ ایک آدمی اپنی مملکت میں تھا' اس نے نصیحت پکڑی' پس اسے علم ہوا کہ وہ جس حالت میں ہے' وہ ختم ہونے والی ہے اور یہ کہ اس نے اس کو اپنے رب کی عبادت سے غافل کر دیا ہے' وہ رات کے وقت اپنے محل سے کھسک گیا یعنی کسی کو بتائے بغیر نکل گیا حتیٰ کہ وہ کسی دوسری بادشاہی میں چلا گیا۔ پس وہ ساحلِ سمندر پہ آیا۔ پس اس نے اینٹیں بنانا شروع کر دیں اور اسی سے روزی

5361- اخرجه الحميدى رقم الحديث: 100 قال: حدثنا سفيان .

5362- الحديث سبق برقم: 4994 فراجعه .

مَـمْلَكَتِهِ عِبَادَتَهُ وَحَالَهُ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ، فَأَبَى أَنْ يَأْتِيَهُ، فَـلَـمَّا رَأَى ذَلِكَ رَكِبَ إِلَيْهِ، فَلَمَّا رَآهُ الْعَابِدُ هَرَبَ مِـنْـهُ، فَتَبِعَهُ عَلَى دَابَّتِهِ فَقَالَ: يَا عَبْدَ اللَّهِ: إِنَّهُ لَيْسَ عَـلَيْكَ مِـنِّـي بَـأْسٌ، ثُـمَّ نَـزَلَ إِلَيْهِ فَسَأَلَهُ عَنْ أَمْرِهِ، فَـقَـالَ: أَنَـا فُلَانٌ صَـاحِـبُ مَـمْلَكَةِ كَذَا وَكَذَا، تَـذَكَّـرْتُ فَعَلِمْتُ أَنَّ مَا كُنْتُ فِيهِ مُنْقَطِعٌ، وَأَنَّهُ قَدْ شَـغَـلَـنِـي عَنْ عِبَادَةِ رَبِّي، قَالَ: فَمَا أَنْتَ بِأَحَقَّ بِمَا صَـنَـعَـتَ مِـنِّـي، ثُمَّ خَلَّى سَبِيلَ دَابَّتِهِ وَتَبِعَهُ، فَكَانَا يَـعْـبُـدَانِ اللَّهَ جَمِيعًا، فَسَأَلَا اللَّهَ أَنْ يُمِيتَهُمَا جَمِيعًا، فَـمَـاتَـا جَمِيعًا فَدُفِنَا ، قَـالَ عَبْـدُ الـلَّـهِ: فَلَوْ كُنْتُ بِـرُمَيْلَةِ مِصْرَ لَأَرَيْتُكُمْ قُبُورَهُمَا بِالنَّعْتِ الَّذِي نَعَتَ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کمانے لگا اور اپنے رب کی عبادت کا آغاز کر دیا۔ پس یہ بات اس مملکت کے بادشاہ کو بھی پہنچ گئی جس میں وہ تھا اور اس کی عبادت وحال کا پتہ چل گیا' اس بادشاہ نے اس کی طرف آدمی بھیجا تو اس نے اس کے پاس آنے سے انکار کر دیا' جب اس نے یہ دیکھا تو خود اس کی طرف جانے کیلئے سوار ہوا' پس جب عابد نے اس بادشاہ کو اپنی طرف آتا ہوا دیکھا تو اس سے بھاگ نکلا' پس اس نے اپنی سواری پر سوار ہو کر اس کا پیچھا کیا۔ اس سے عرض کی: اے اللہ کے بندے! میری طرف سے تمہیں کوئی ڈر نہیں ہونا چاہیے۔ پھر وہ اس کے پاس اُترا اور اس کے معاملے کی حقیقت کے بارے سوال کیا تو اس نے بتایا: میں فلاں فلاں بادشاہی کا مالک ہوں' مجھے نصیحت آ گئی ہے' میں نے جان لیا ہے کہ میری یہ حالت ختم ہونے والی ہے اور اس نے مجھے اپنے رب کی عبادت سے غافل کر دیا ہے۔ اس بادشاہ نے کہا: جو کچھ تُو نے کیا' آپ مجھ سے زیادہ اس کے حقدار نہیں ہیں' پھر اپنی سواری کو چھوڑ دیا اور اسی کی پیروی کی' وہ دونوں اکٹھے اپنے رب کی عبادت کرنے لگے۔ پس انہوں نے اپنے رب سے دعا کی کہ ان دونوں کو ایک ساتھ موت آئے' پس وہ دونوں اکٹھے فوت ہوئے اور دفن ہوئے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں مصر کے ٹیلہ پر ہوتا تو تمہیں ان دونوں کی قبریں بھی دکھاتا' اسی طریقے سے جیسے ہمیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دکھائیں۔

5363 - حَـدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت

هَارُونَ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، - قَالَ شُعْبَةُ: رَفَعَهُ، وَأَنَا لَا أَرْفَعُهُ لَكَ- فِي قَوْلِ اللَّهِ: (وَمَنْ يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ) (الحج:25) ، قَالَ لَوْ أَنَّ رَجُلًا هَمَّ فِيهِ بِإِلْحَادٍ وَهُوَ بِعَدَنِ أَبْيَنَ لَأَذَاقَهُ اللَّهُ تَعَالَى عَذَابًا أَلِيمًا

شعبہ کا قول ہے: انہوں نے رفع کیا لیکن میں تیرے رفع نہیں کروں گا' اللہ کے اس قول میں: ''اور جو اس میں ناحق زیادتی کا ارادہ کرے گا' ہم اسے دردناک عذاب چکھائیں گے''۔ فرمایا: اگر ایک آدمی اس میں ناحق زیادتی کا ارادہ کرے جبکہ وہ دور دراز عدن میں ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو بھی ضرور دردناک عذاب چکھائے گا''۔

5364 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمُّ الْفَيْضِ قَالَتْ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ لَيْلَةَ عَرَفَةَ هَذِهِ الْعَشْرَ كَلِمَاتٍ أَلْفَ مَرَّةٍ، لَمْ يَسْأَلِ اللَّهَ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِلَّا قَطِيعَةَ رَحِمٍ أَوْ مَأْثَمًا: سُبْحَانَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ عَرْشُهُ، سُبْحَانَ الَّذِي فِي الْأَرْضِ مَوْطِئُهُ، سُبْحَانَ الَّذِي فِي الْبَحْرِ سَبِيلُهُ، سُبْحَانَ الَّذِي فِي النَّارِ سُلْطَانُهُ، سُبْحَانَ الَّذِي فِي الْجَنَّةِ رَحْمَتُهُ، سُبْحَانَ الَّذِي فِي الْقُبُورِ قَضَاؤُهُ، سُبْحَانَ الَّذِي فِي الْهَوَاءِ رُوحُهُ، سُبْحَانَ الَّذِي رَفَعَ السَّمَاءَ، سُبْحَانَ الَّذِي وَضَعَ الْأَرْضَ، سُبْحَانَ الَّذِي لَا مَنْجَا مِنْهُ إِلَّا إِلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے یہ دس کلمات کو ایک ہزار مرتبہ کہا۔ عرفہ کی رات جو بھی اللہ تعالیٰ سے مانگے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو عطا کرے گا۔ مگر رشتہ داری کاٹنے والا، یا گناہ کرنے والے کو نہیں: ''سُبْحَانَ الَّذِي الیٰ آخرہٖ''۔

5365 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ، وَنَحْنُ فِي بَيْتِ الْمَالِ، قَالَ: خَرَجَ إِلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی اس حال میں کہ ہم بیت المال میں تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لے آئے' اس حال میں کہ ہم منیٰ میں تھے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پیٹھ ایک

5364- الحديث في المقصد العلي برقم: 589 .

5365- الحديث سبق برقم: 5337 فراجعه .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ بِمِنًى، فَأَسْنَدَ ظَهْرَهُ إِلَى قُبَّةٍ حَمْرَاءَ، ثُمَّ أَخَذَ يُحَدِّثُنَا فَقَالَ: إِنَّهُ لَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ إِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ: أَمَا تَرْضَوْنَ أَنْ تَكُونُوا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟، قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: أَمَا تَرْضَوْنَ أَنْ تَكُونُوا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟، قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ تَكُونُوا نِصْفَ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَسَأُنَبِّئُكُمْ عَنْ ذَلِكَ، إِنَّمَا مَثَلُ الْمُؤْمِنِينَ فِيمَنْ سِوَاهُمْ مِثْلُ الشَّعَرَةِ الْبَيْضَاءِ فِي الثَّوْرِ الْأَسْوَدِ، أَوِ السَّوْدَاءِ فِي الثَّوْرِ الْأَبْيَضِ

سرخ قبہ کے ساتھ لگائی' پھر ہمیں حدیث سنانے لگے۔ فرمایا: جنت میں صرف اسلام کو دل سے قبول کرنے والی جان ہی داخل ہوگی۔ یہ بات تین بار فرمائی۔ پھر فرمایا: کیا تم خوش نہیں ہو کہ تم تمام جنتیوں کا تیسرا حصہ بنو؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! بے شک مجھے اُمید ہے کہ تم تمام جنت والوں کا نصف بنو' عنقریب میں تمہیں اس سے آگاہ کروں گا' دوسرے لوگوں میں ایمان والوں کی مثال اس طرح ہوگی جس طرح کالے بیل میں سفید بال یا سفید بیل میں کالے بال ہوتے ہیں۔

5366 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبِيدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ جَاءَ حَبْرٌ مِنَ الْيَهُودِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّهُ إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ جَعَلَ اللّٰهُ السَّمَاوَاتِ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْأَرَضِينَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْجِبَالَ وَالشَّجَرَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْمَاءَ وَالثَّرَى عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْخَلَائِقَ كُلَّهَا عَلَى إِصْبَعٍ، ثُمَّ يَهُزُّهُنَّ، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا الْمَلِكُ، أَنَا الْمَلِكُ، فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ تَعَجُّبًا لِمَا قَالَ تَصْدِيقًا لَهُ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : (وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ) (الأنعام:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی اہل کتاب میں سے حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا، عرض کی: بے شک اللہ آسمانوں کو ایک انگلی پر اور پہاڑ درخت کو ایک انگلی پر اور پانی اور کیچڑ کو ایک انگلی پر، تمام مخلوق کو ایک انگلی پر، پھر فرمایا: میں بادشاہ ہوں' میں بادشاہ ہوں۔ حضور ﷺ مسکرائے یہاں تک کہ آپ ﷺ کی داڑھیں نظر آنے لگیں پھر اس کی بات پر تعجب کرنے کی وجہ سے' پھر حضور ﷺ نے یہ آیت پڑھی: ''وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ الٰی آخرہ''۔

5366- الحديث سبق برقم: 5138 فراجعه .

91) إِلَى قَوْلِهِ (عَمَّا يُشْرِكُونَ) (الزمر: 67)

5367 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ أَبِي هِشَامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ زَائِدٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لأَصْحَابِهِ: لَا يُبَلِّغْنِي أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِي شَيْئًا، فَإِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَخْرُجَ إِلَيْكُمْ وَأَنَا سَلِيمُ الصَّدْرِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام سے فرمایا: مجھے میرے صحابی رضی اللہ عنہم کے متعلق کوئی بات نہ پہنچائے میں پسند کرتا ہوں کہ میں تم سے نکلوں اس حالت میں کہ میرا سینہ سلیم (صاف) ہو۔

5368 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي لَقِيتُ امْرَأَةً فِي الْبُسْتَانِ، فَضَمَمْتُهَا إِلَيَّ فَبَاشَرْتُهَا وَقَبَّلْتُهَا وَفَعَلْتُ بِهَا كُلَّ شَيْءٍ، غَيْرَ أَنِّي لَمْ أُجَامِعْهَا، قَالَ: فَسَكَتَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَتْ هَذِهِ الآيَةُ: (إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذَلِكَ ذِكْرَى لِلذَّاكِرِينَ) (هود: 114)، قَالَ: فَدَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَرَأَهَا عَلَيْهِ وَقَالَ لَهُ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَهُ خَاصَّةً أَمْ لِلنَّاسِ كَافَّةً؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلنَّاسِ كَافَّةً

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک میں ایک عورت سے باغ میں ملا ہوں، پس میں نے اس کو اپنے ساتھ چمٹا لیا، مباشرت کی، بوسے لیے اور اس کے ساتھ جماع کے علاوہ سب کچھ کیا۔ راوی کا بیان ہے: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے تو یہ آیت نازل ہوئی: ''بے شک خالص نیکیاں بے ارادہ کی گئی برائیوں کو ختم کر دیتی ہیں، یہ نصیحت حاصل کرنے والوں کیلئے نصیحت ہے''۔ راوی نے کہا: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلا کر اس کے سامنے یہ آیت پڑھی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا یہ اس کیلئے خاص ہے یا سب لوگوں کے لیے عام حکم ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! بلکہ سب لوگوں کے لیے عام ہے۔

5369 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5367- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 395 رقم الحديث: 3759 قال: حدثنا حجاج .

5368- الحديث سبق برقم: 5322,5218 فراجعه .

5369- اخرجه أحمد جلد 1 صفحه 389 رقم الحديث: 3688 وجلد 1 صفحه 444 رقم الحديث: 4248 .

حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَرْثٍ بِالْمَدِينَةِ وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلَى عَسِيبٍ لَهُ، فَانْتَهَى إِلَى قَوْمٍ مِنَ الْيَهُودِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَا تَسْأَلُوهُ، فَسَأَلُوهُ، فَاتَّكَأَ عَلَى الْعَسِيبِ كَأَنَّهُ يُوحَى إِلَيْهِ، فَقَالَ: (يَسْأَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي وَمَا أُوتِيتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلًا) (الإسراء: 85)

میں حضور ﷺ کے ساتھ مدینہ شریف میں ایک کھیتی میں تھا۔ آپ ﷺ تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ یہود کی ایک قوم آپ ﷺ کے پاس آئی۔ بعض نے ان میں سے کہا: اس سے سوال نہ کرو۔ پس انہوں نے کہا کہ سوال کیا۔ آپ ﷺ عسیب پر ٹیک لگائے ہوئے تھے گویا آپ ﷺ پر وحی نازل ہو رہی تھی' آپ ﷺ نے کہا: ''يَسْأَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ الى آخره''۔

5370 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: (لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ) (المائدة: 93) الْآيَةُ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قِيلَ لِي: أَنْتَ مِنْهُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ الى آخره'' حضور ﷺ نے مجھے کہا تو ان میں سے ہے۔

5371 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، وَعَبْدُ الْغَفَّارِ، بِمِثْلِهِ

حضرت عبدالغفار اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5372 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَعْدَةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ يَذْكُرُ لَيْلَةَ الصَّهْبَاوَاتِ؟، قَالَ: فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَنَا بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَبِيَدِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے لیلۃ القدر کے متعلق پوچھا گیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کون ہے جو لیلۃ صہباوات کو یاد کر رہا ہے؟ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں، میرے ماں باپ آپ ﷺ پر فدا ہوں! یا رسول اللہ! میرے ہاتھ میں کھجوریں ہیں، میں

5370- الحديث سبق برقم: 5042 فراجعه .

5371- الحديث سبق برقم: 5370,5042 فراجعه .

5372- الحديث في المقصد العلي برقم: 527 .

تُمَيْرَاتٌ أَتَسَحَّرُ بِهِنَّ، وَأَنَا مُسْتَتِرٌ مِنَ الْفَجْرِ، حَتَّى طَلَعَ الْفَجْرُ، وَذَلِكَ لَيْلَةَ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ

ان کے ساتھ سحری کروں گا۔ میں فجر سے پوشیدہ تھا' یہاں تک کہ فجر طلوع ہوگئی' یہ ستائیسویں کی رات ہوگی' اگر اللہ نے چاہا۔

5373 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ فُضَيْلٍ الْأَنْصَارِيُّ، ثُمَّ الْخَطْمِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي الْعَوْجَاءِ، عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ قَالَ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ فِي عَهْدِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، وَبِالْمَدِينَةِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، قَالَ: فَخَرَجَ عُثْمَانُ فَصَلَّى بِالنَّاسِ تِلْكَ الصَّلَاةَ رَكْعَتَيْنِ وَسَجْدَتَيْنِ فِي رَكْعَةٍ، ثُمَّ انْصَرَفَ عُثْمَانُ وَدَخَلَ دَارَهُ، وَجَلَسَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ إِلَى حُجْرَةِ عَائِشَةَ، وَجَلَسْنَا إِلَيْهِ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْمُرُنَا بِالصَّلَاةِ عِنْدَ كُسُوفِ الشَّمْسِ أَوِ الْقَمَرِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ قَدْ أَصَابَهَا فَافْزَعُوا إِلَى الصَّلَاةِ، فَإِنَّهَا إِنْ كَانَتِ الَّتِي تَحْذَرُونَ كَانَتْ وَأَنْتُمْ عَلَى غَيْرِ غَفْلَةٍ، وَكُنْتُمْ قَدْ أَصَبْتُمْ خَيْرًا- أَوِ اكْتَسَبْتُمُوهُ-

حضرت ابی شریح الخزاعی فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب سورج گرہن لگ گیا۔ مدینہ شریف میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نکلے لوگوں کو دو رکعتیں نماز پڑھائی اور ایک رکعت میں دو سجدے کیے، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ چلے گئے، اپنے گھر داخل ہو گئے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کے پاس بیٹھ گئے۔ ہم بھی آپ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھ گئے۔ فرمایا: بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو سورج گرہن و چاند گرہن میں حکم دیتے تھے کہ جب تم دیکھ لو کہ سورج گرہن ہو گیا ہے تو نماز کی طرف آ جاؤ، اگر تم ڈرتے ہو جس سے' اس نے ہونا ہے تو یقیناً اس نے ہونا ہے' لیکن تم غفلت میں تو نہیں ہو گے' تم نے بھلائی کو پالیا یا بھلائی کمائی۔

5374 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ: النَّبِيذُ وَضُوءٌ إِذَا لَمْ نَجِدْ غَيْرَهُ، قَالَ الْأَوْزَاعِيُّ: إِذَا كَانَ مُسْكِرًا فَلَا يُتَوَضَّأُ بِهِ

حضرت عکرمہ فرماتے ہیں کہ نبیذ سے وضو جائز ہے جب اور کوئی نہ پائے' یعنی اوزاعی فرماتے ہیں جب نشہ دے اس سے وضو نہیں ہے۔

5373- الحديث في المقصد العلي برقم: 378 .

5374- الحديث في المقصد العلي برقم: 165 .

5375 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: أَسَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي الْخَيْلِ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، اشْتَرُوا عَلَى اللَّهِ، وَاسْتَقْرِضُوا عَلَى اللَّهِ، قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ نَشْتَرِي عَلَى اللَّهِ، وَنَسْتَقْرِضُ عَلَى اللَّهِ؟ قَالَ: قُولُوا: أَقْرِضْنَا إِلَى مَقَاسِمِنَا، وَبِعْنَا إِلَى أَنْ يَفْتَحَ اللَّهُ لَنَا، لَا تَزَالُونَ بِخَيْرٍ مَا دَامَ جِهَادُكُمْ خَضِرًا، وَسَيَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ يَشُكُّونَ فِي الْجِهَادِ، فَجَاهِدُوا فِي زَمَانِهِمْ ثُمَّ اغْزُوا، فَإِنَّ الْغَزْوَ يَوْمَئِذٍ أَخْضَرُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے عرض کی: کیا آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں بھلائی قیامت تک لکھ دی گئی ہے۔ اس کو اللہ کے لیے خریدو اللہ سے اس کا معاوضہ مانگو۔ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! اللہ کے لیے خریدنے۔ اللہ سے معاوضہ مانگنے کا کیا مطلب ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہو ہم کو حصہ اللہ نے دیا ہے ہم نے فروخت کیا کہ اللہ ہم کو فتح دے۔ تم ہمیشہ بھلائی پر ہی رہو گے۔ جب تک تم جہاد میں کرتے رہو۔ آخر زمانہ میں لوگ ہوں گے جہاد میں شک کریں گے، ان کے زمانہ میں جہاد کرنا، پھر جہاد کرنا، بے شک اس دن جہاد سرسبز و شاداب ہوگا۔

5376 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو مُوسَى الْهَرَوِيُّ،، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كَانَ النَّاسُ يَجْهَرُونَ بِالْقِرَاءَةِ خَلْفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ: خَلَطْتُمْ عَلَيَّ الْقُرْآنَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے لوگ بلند آواز سے قرأت کرتے تھے نماز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے مجھ پہ قرآن ملا دیا ہے۔

قَالَ وَكُنَّا نُسَلِّمُ فِي الصَّلَاةِ فَقِيلَ لَنَا: إِنَّ فِي الصَّلَاةِ لَشُغْلًا

فرمایا: اور ہم نماز کی حالت میں آپ کو سلام کرتے تھے۔ آپ نے ہمیں کہا: یہ نماز میں شغل ہے۔

5375- الحديث في المقصد العلى برقم: 902 .

5376- الحديث سبق برقم: 5167,5166,4950,4985 فراجعه .

5377 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا بَشِيرُ بْنُ سَلْمَانَ، عَنْ سَيَّارٍ أَبِي الْحَكَمِ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَزَلَتْ بِهِ فَاقَةٌ فَأَنْزَلَهَا بِالنَّاسِ لَمْ تُسَدَّ فَاقَتُهُ، وَمَنْ أَنْزَلَهَا بِاللَّهِ أَوْشَكَ لَهُ بِالْغِنَى إِمَّا عَاجِلًا، وَإِمَّا آجِلًا آجِلًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس پر محتاجی اتری، اس نے لوگوں کے سامنے اس کو بیان کیا اس کی محتاجی بند نہیں ہوگی۔ اگر اس کا معاملہ اللہ کے سپرد کر دیا تو قریب ہے اللہ اس کو غنی کر دے گا، جلدی یا پھر دیر سے۔

5378 - وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ، وَالْعَبَّاسِ بْنِ الْفَضْلِ قَالَا: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ إِذْ سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِي: اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُ أَكْبَرُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَى الْفِطْرَةِ، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَرَجَ مِنَ النَّارِ، فَابْتَدَرْنَاهُ، فَإِذَا هُوَ صَاحِبُ مَاشِيَةٍ أَدْرَكَتْهُ الصَّلَاةُ فَنَادَى لَهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ بعض سفروں میں اچانک ہم نے ایک آواز سنی وہ ندا دے رہا تھا۔ اللہ اکبر اللہ اکبر۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ فطرت پر ہے۔ اس نے کہا: ''اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله''۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم سے نکل گیا' ہم نے دیکھنے کے لیے اس کو جلدی کی تو وہ جانور چرانے والا تھا' نماز کا وقت ہو گیا تھا' اس نے نماز کے لیے اذان دی۔

5379 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ عَامِرٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ يَحْيَى الْجَابِرِ، عَنْ أَبِي مَاجِدَةَ الْعِجْلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَتَعَافَى النَّاسُ بَيْنَهُمْ فِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ ایک دوسرے کے درمیان حدود معاف کر سکتے ہیں' جب تک حکام کے پاس نہ لے جائیں جب حکام کے پاس لے جائیں تو ان کے درمیان کتاب اللہ سے فیصلہ کیا جائے۔

5377- الحديث سبق برقم: 5296 فراجعه .

5378- الحديث فى المقصد العلى برقم: 214 .

5379- الحديث فى المقصد العلى برقم: 827 .

الْحُدُودِ مَا لَمْ تُرْفَعْ إِلَى الْحُكَّامِ، فَإِذَا رُفِعَتْ إِلَى الْحَاكِمِ حَكَمَ بَيْنَهُمْ بِكِتَابِ اللَّهِ

5380 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ قَوْمٌ فِي آخِرِ الزَّمَانِ حُدَثَاءُ الْأَسْنَانِ، سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ، يَقُولُ مِنْ خَيْرِ قَوْلٍ، يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يَعْدُو حَنَاجِرَهُمْ، يَمْرُقُونَ مِنَ الْإِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، فَمَنْ لَقِيَهُمْ فَلْيُقَاتِلْهُمْ، فَإِنَّ قَتْلَهُمْ عِنْدَ اللَّهِ أَجْرٌ لِمَنْ قَتَلَهُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آخر زمانہ میں ایک قوم ایسی آئے گی۔ ان کے سمجھدار لوگ بیوقوف ہوں گے۔ وہ باتیں بڑی اچھی کریں گے۔ قرآن پڑھیں گے لیکن حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ اسلام ان سے اس طرح نکل جائے گا جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے جو ان سے ملے ان کو قتل کرے ان کو قتل کرنے والے کو اللہ کے پاس اجر ہوگا۔

5381 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، عَنْ أَخِيهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ، لِكُلِّ حَرْفٍ مِنْهَا ظَهْرٌ وَبَطْنٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن سات قراتوں پر نازل ہوا ہے ہر حرف کیلئے ایک ظاہر معنی ہے اور ایک باطنی معنی ہے۔

5382 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ يَحْيَى الْجَابِرِ، عَنْ أَبِي مَاجِدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: سَأَلْنَا نَبِيَّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَشْيِ مَعَ الْجَنَازَةِ، فَقَالَ: مَا دُونَ الْخَبَبِ، فَإِنْ يَكُنْ خَيْرًا يُعَجَّلْ إِلَيْهِ، وَإِنْ يَكُ غَيْرَ ذَلِكَ فَبُعْدًا لِأَهْلِ النَّارِ، الْجَنَازَةُ مَتْبُوعَةٌ وَلَا تَتْبَعُ، لَيْسَ مِنْهَا مِنْ تَقَدَّمَهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جنازہ کے ساتھ چلنے کے بارے پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دُلکی چال نہ ہو پس اگر وہ اچھا ہے تو وہ جلدی بھلائی تک جائے گا اور اگر اس کے علاوہ بات ہے تو ناریوں سے جلدی دُور ہونا بہتر ہے جنازہ آگے ہونا چاہیے اگر چلنے والا آدمی متبع نہیں ہوگا۔

5380- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 404 رقم الحديث: 3831 قال: حدثنا يحيى بن أبي بكير .

5381- الحديث سبق برقم: 5127 فراجعه .

5382- الحديث سبق برقم: 5132,5016 فراجعه .

5383 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ بَاعَ مِنَ الْأَشْعَثِ رَقِيقًا مِنْ رَقِيقِ الْإِمَارَةِ، فَأَتَاهُ يَتَقَاضَاهُ فَاخْتَلَفَا فِي الثَّمَنِ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: تَرْضَى أَنْ أَقْضِيَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ بِقَضَاءِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اخْتَلَفَ الْبَيِّعَانِ فَالْقَوْلُ مَا قَالَ الْبَائِعُ، أَوْ يَتَرَادَّانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ نے ایک غلام آپ سے خریدا دونوں کا ثمن میں اختلاف ہو گیا ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ پسند کرتے ہیں کہ میں آپ کے درمیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جیسا فیصلہ کروں کہ جب دو بیع کرنے والوں کا اختلاف ہو جائے تو بات بائع کی مان لو یا بیع توڑ دو۔

5384 - حَدَّثَنَا أَبُو يَاسِرٍ عَمَّارُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ النَّخَعِيُّ أَبُو الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللَّهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! میری امت کے صبح کے کاموں میں برکت دے۔

5385 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّهُ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: (إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللَّهِ وَالْفَتْحُ) (النصر: 1) إِلَى آخِرِ السُّورَةِ، كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ أَنْ يَقُولَ: سُبْحَانَكَ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي، إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے فرمایا: جب سورۂ اذاء جاء نصر اللہ والفتح مکمل نازل ہوئی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہ کلمات اپنی زبان مبارک سے ادا فرماتے تھے: ''اے ہمارے رب! تُو پاک ہے' تجھے حمد ہے' اے اللہ! مجھے بخش دے' تُو توبہ قبول کرنے والا ہے''۔

5386 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5383- الحديث سبق برقم: 4963 فراجعه .

5384- الحديث في المقصد العلى برقم: 652,650 .

5385- الحديث سبق برقم: 5208 فراجعه .

5386- الحديث في المقصد العلى برقم: 1111 .

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ قَالَ: مَنْ أَتَى عَرَّافًا أَوْ سَاحِرًا أَوْ كَاهِنًا فَسَأَلَهُ فَصَدَّقَهُ بِمَا يَقُولُ، فَقَدْ كَفَرَ بِمَا أُنْزِلَ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضور ﷺ نے فرمایا: جو عراف اور جادوگروں یا کاہنوں کے پاس آیا اس سے پوچھا اس کی تصدیق کی۔ اس نے اس کا انکار کیا جو محمد ﷺ پر نازل ہوا ہے۔

5387 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُورِكَ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! میری امت کے صبح کے کاموں میں برکت دے۔

5388 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ زُرَارَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَعِدَ الْمِنْبَرَ اسْتَقْبَلْنَاهُ بِوُجُوهِنَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب منبر پر تشریف فرما ہوتے تھے تو اپنے چہرے مبارک کو ہماری طرف کرتے تھے۔

5389 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ زُرَارَةَ - كُوفِيٌّ - ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ فُضَيْلٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، نَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى نَفَخَ ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى ، قَالَ: فَذَكَرْتُهُ لِعَطَاءٍ، فَقَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ كَغَيْرِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ آرام کرتے تو چت لیٹ جاتے تھے۔ یہاں تک کہ خراٹوں کی آواز آنے لگتی۔ پھر کھڑے ہوتے نماز پڑھتے۔ راویٔ حدیث فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء سے ذکر کیا تو حضرت عطاء نے فرمایا: حضور ﷺ دوسروں کی طرح نہیں تھے۔

5390 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہدیہ کو واپس نہ دیا کرو، دعوت کو

5387- الحديث سبق برقم: **5384** فراجعه .

5388- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **509** .

5389- الحديث سبق برقم: **5202** فراجعه .

5390- الحديث في المقصد العلي برقم: **1028** .

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَرُدُّوا الْهَدِيَّةَ، وَأَجِيبُوا الدَّاعِيَ، وَلَا تَضْرِبُوا الْمُسْلِمِينَ

قبول کرو، مسلمانوں کو نہ مارو۔

5391 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا عِيسَى، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي قَيْسٍ الْأَوْدِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ فِي السَّفَرِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سفر کی حالت میں دو نمازوں کو جمع کرتے تھے۔ (اس طرح کہ پہلی نماز کو اس کے آخری وقت میں اور دوسری نماز کو اس کے وقت میں)۔

5392 - حَدَّثَنَا قَاسِمُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ الصَّلَاةُ، وَأَوَّلُ مَا يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي الدِّمَاءِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت کے دن (حقوق العباد) میں سب سے پہلے لوگوں کا حساب خون کے متعلق ہوگا۔

مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

مسند سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ

5393 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ، وَنَهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا: پھلوں کی بیع سے یہاں تک کہ وہ پک جائیں اور پھلوں کو کھجور کے بدلے فروخت کرنے سے منع فرمایا۔

5391- الحديث في المقصد العلي برقم: 355 .

5392- الحديث سبق برقم: 5077 فراجعه .

5393- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 622 قال: حدثنا سفيان .

بِالتَّمْرِ

قَالَ ابْنُ عُمَرَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي الْعَرَايَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ترکاریوں کی بیع میں رخصت دی۔

5394 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللَّهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَقُومُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللَّهُ مَالًا فَهُوَ يُنْفِقُهُ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسد جائز نہیں ہے مگر دو آدمیوں میں (۱) وہ آدمی جس کو اللہ عزوجل نے قرآن کی سمجھ عطا فرمائی ہو، وہ دن رات درس دیتا ہے۔ (۲) ایک وہ آدمی جس کو اللہ عزوجل نے مال دیا ہو وہ دن رات خرچ کرتا ہے۔

5395 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا إِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ أَوْ مَاشِيَةٍ، نَقَصَ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطَانِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کتا پالا۔ اس کے اجر سے، ہر روز دو قیراط کمی ہوگی، ہاں شکار کے لیے اور جانوروں کی حفاظت کے لیے جائز ہے۔

5396 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَى رَجُلٌ أَنَّ لَيْلَةَ الْقَدْرِ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَى رُؤْيَاكُمْ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ، فَاطْلُبُوهَا فِي الْوِتْرِ مِنْهَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے لیلۃ القدر کو ستائیسویں رات میں دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے آخری عشرے میں دیکھی ہے۔ پس اس کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔

5397 - وَعَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

5394- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 617 قال: حدثنا سفيان .

5395- أخرجه أحمد جلد2 صفحه8 صفحه4549 قال: حدثنا سفيان .

5396- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 634 قال: حدثنا سفيان .

5397- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه69 . والحميدى رقم الحديث: 614 .

AlHidayah - الهداية

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ، وَإِذَا رَكَعَ، وَإِذَا رَفَعَ، وَلَا يَرْفَعُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ

حضور ﷺ کو دیکھا جب آپ ﷺ نماز شروع کرتے تو اپنے ہاتھوں کو کندھوں تک اٹھاتے، جب رکوع کرتے تو رفع یدین کرتے اور دو سجدوں کے درمیان رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

5398 - وَعَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ يَمْشُونَ أَمَامَ الْجَنَازَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے آقا ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا وہ جنازہ کے آگے چلتے ہوئے۔

5399 - وَعَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو جب سفر میں جلدی ہوتی تو مغرب اور عشاء کو جمع کرتے تھے۔

5400 - وَعَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ، وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنًا، وَذُكِرَ لِابْنِ عُمَرَ وَلَمْ يَسْمَعْهُ، وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اہل مدینہ کے لیے ذوالحلیفہ کو میقات مقرر کیا اور شام والوں کے لیے جحفہ میقات مقرر کیا اور نجد والوں کے لیے قرن مقرر کیا۔ اہل یمن کے لیے یلملم مقرر کیا۔

5401 - وَعَنْ أَبِيهِ، سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَعِظُ أَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ فَقَالَ: الْحَيَاءُ مِنَ الْإِيمَانِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ سے سنا کہ یہ ایک اپنے بھائی کو نصیحت کر رہا تھا حیاء کے متعلق۔ آپ ﷺ نے فرمایا: حیاء ایمان سے ہے۔

5402 - وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، سَمِعَ سَالِمًا،

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5398- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 607 . وأحمد جلد2صفحه8صفحه4539 .

5399- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 616 . وأحمد جلد2صفحه8صفحه4542 .

5400- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 623 قال: حدثنا سفيان .

5401- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: 565 . وأحمد جلد2صفحه56 رقم الحديث: 5183 .

5402- أخرجه الحُميدي رقم الحديث: 626 . وأحمد جلد2صفحه8صفحه4538 .

يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ: مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ قَالَ: لَا يَلْبَسُ الْقَمِيصَ، وَلَا الْعِمَامَةَ، وَلَا الْبُرْنُسَ، وَلَا السَّرَاوِيلَ، وَلَا ثَوْبًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ، وَلَا وَرْسٌ، وَلَا خُفَّيْنِ إِلَّا لِمَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ، فَمَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ

حضور ﷺ سے سوال کیا گیا کہ محرم کپڑوں میں سے کیا پہن سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: قمیض، عمامہ، برقعہ، شلوار، جس کپڑے کو زعفران اور ورس کے ساتھ رنگا ہوا نہ پہنے، موزے بھی نہیں پہن سکتا ہے، ہاں جس کے پاس نعلین نہ ہو وہ موزوں کو ٹخنوں سے نیچے کاٹ لے۔

5403 - وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، سَمِعَ سَالِمًا، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا اسْتَأْذَنَتْ أَحَدَكُمُ امْرَأَتُهُ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَلَا يَمْنَعْهَا ، قَالَ سُفْيَانُ: يَرَوْنَ أَنَّهُ بِاللَّيْلِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی عورت مسجد میں جانے کی اجازت مانگے تو اس کو نہ روکو۔ حضرت سفیان فرماتے ہیں کہ مراد ہے کہ رات کو جا سکتی ہے۔

5404 - وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي سَالِمٌ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَاعَ عَبْدًا لَهُ مَالٌ فَمَالُهُ لِلْبَائِعِ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ، وَمَنْ بَاعَ نَخْلًا بَعْدَ أَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَتُهَا لِلْبَائِعِ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس غلام کو فروخت کیا جائے اس کے پاس مال بھی ہو، تو اس غلام کا مال بائع کے لیے ہوگا مگر یہ کہ مشتری خریدنے کی شرط لگالے۔ جس نے کھجور کا باغ فروخت کیا، حال یہ ہے کہ وہ پھل دار ہے تو پھل بائع کے لیے ہوگا مگر یہ کہ مشتری خریدنے کی شرط لگالے۔

5405 - وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَمْسٌ لَا جُنَاحَ عَلَى مَنْ قَتَلَهُنَّ فِي الْحَرَمِ وَالْإِحْرَامِ: الْفَأْرَةُ، وَالْغُرَابُ، وَالْحِدَأَةُ، وَالْعَقْرَبُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ چیزوں کو حرم میں مارنے میں کوئی گناہ نہیں (۱) چوہا (۲) کوا (۳) چیل (۴) بچھو (۵) پاگل کتا۔

5403- أخرجه الدارمي رقم الحديث: **448** . وأحمد جلد**2** صفحه**7** صفحه**4522** .

5404- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **613** قال: حدثنا سفيان .

5405- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **619** . وأحمد جلد**2** صفحه**8** رقم الحديث: **4543** .

5406 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ: سَمِعْنَا الزُّهْرِيَّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ، وَذَا الطُّفْيَتَيْنِ، وَالْأَبْتَرَ، فَإِنَّهُمَا يَطْمِسَانِ الْبَصَرَ، وَيَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ قَالَ: وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَقْتُلُ كُلَّ حَيَّةٍ وَجَدَهَا

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ سانپوں کو مارو خصوصاً دو دھاری والے اور چھوٹے سانپ کو۔ یہ دونوں آنکھ کو چھین لیتے ہیں اور حمل کو گرا دیتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ہر سانپ کو مارتے تھے، جب بھی پاتے تھے۔

5407 - وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ، قَالَ عُمَرُ: فَوَاللَّهِ مَا حَلَفْتُ بِهَا آثِرًا وَلَا ذَاكِرًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا اپنے باپوں کی قسم اٹھانے سے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم میں نے بھول کر اور یاد ہوتے ہوئے قسم نہیں اٹھائی۔

5408 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فَإِذَا خِفْتَ الصُّبْحَ فَأَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کی نماز دو دو رکعتیں ہیں۔ جب صبح کا خوف ہو تو ایک اور رکعت ملانے کے ساتھ وتر کر لو۔

5409 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5406- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **620** .

5407- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **624** . وأحمد جلد **2** صفحه **8** صفحه **4548** . ومسلم جلد **5** صفحه **80** قال: حدثنا أبو بكر ابن أبى شيبة . وعمرو الناقد، وزُهير بن حرب . والترمذى رقم الحديث: **1533** قال: حدثنا قتيبة . والنسائى جلد **7** صفحه **4** قال: أخبرنا عبيد الله بن سعيد، وقتيبة بن سعيد . سبعتهم (الحميدى، وأحمد، وأبو بكر، وعمرو، وزهير، وقتيبة، وعبيد الله بن سعيد) عن سفيان بن عيينة .

5408- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **628** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **2** صفحه **9** رقم الحديث: **4559** قال: حدثنا سفيان . وفى جلد **2** صفحه **148** رقم الحديث: **6355** قال: حدثنا عبد الرزاق، قال: حدثنا معمر . والبخارى جلد **2** صفحه **64** قال: حدثنا أبو اليمان، قال: أخبرنا شعيب . ومسلم جلد **2** صفحه **172** قال: حدثنا أبو بكر بن أبى شيبة، وعمرو الناقد، وزُهير بن حرب .

5409- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **611** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **3** صفحه **9** رقم الحديث: **4551** قال:

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بِلَالٌ يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ، فَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى يُؤَذِّنَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: بلال اذان دیتے ہیں رات کے وقت میں تو پس اس کے بعد کھا پی لیا کرو، یہاں تک ابن ام مکتوم اذان دے۔

5410 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قِيلَ لَهُ: تَبْلُغُ بِهِ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: الشُّؤْمُ فِي ثَلَاثٍ: فِي الْفَرَسِ، وَالْمَرْأَةِ، وَالدَّارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نحوست تین چیزوں میں ہوسکتی ہے، گھوڑے (کہ وہ سرکش ہو)، عورت میں (کہ وہ بدکار ہو)، گھر میں (کہ وہ تنگ ہو)۔

5411 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَتْرُكُوا النَّارَ فِي بُيُوتِكُمْ حِينَ تَنَامُونَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے گھروں میں آگ نہ چھوڑو، جس وقت تم سوتے ہو۔

5412 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي بَعْدَ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جمعہ کے بعد دو رکعت ادا کرتے تھے۔

5413 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

حدثنا سفيان . وفي جلد 2صفحه123 رقم الحديث: 6051 قال: حدثنا هاشم' قال: حدثنا عبد العزيز' يعني ابن عبد الله بن أبي سلمة . وعبد بن حميد: 734 قال: أخبرني أحمد بن يونس' قال: حدثنا ليث بن سعد .

5410- أخرجه مالك (الموطا) صفحه 602 . وأحمد جلد 2صفحه115 رقم الحديث: 5963 قال: حدثنا حسين' قال: حدثنا أبو أويس . وفي جلد 2صفحه126 رقم الحديث: 6095 قال: حدثنا اسحاق بن عيسى' قال: اخبرنا مالك .

5411- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 618 قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد2صفحه7 رقم الحديث: 4515 .

5412- أخرجه أحمد جلد 2صفحه103 رقم الحديث: 5807 قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا وهيب . وأبو داؤد رقم الحديث: 1127 قال: حدثنا محمد بن عبيد' وسليمان بن داؤد . قال: حدثنا حماد بن زيد .

5413- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 663 قال: حدثنا سفيان' قال: أخبرنا معمر . وأحمد جلد2صفحه7 رقم الحديث: 4516 وجلد2صفحه44 رقم الحديث: 5029 قال: حدثنا محمد بن جعفر' قال: حدثنا معمر .

عُيَيْنَةَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَجِدُونَ النَّاسَ كَالْإِبِلِ الْمِائَةِ لَيْسَ فِيهَا رَاحِلَةٌ

حضور ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں کو سو اونٹوں کی طرح پاؤ گے جن میں سواری نہیں ہوگی۔

5414 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ غَيْلَانَ بْنَ سَلَمَةَ الثَّقَفِيَّ أَسْلَمَ وَتَحْتَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْتَرْ مِنْهُنَّ أَرْبَعًا، فَلَمَّا كَانَ فِي عَهْدِ عُمَرَ طَلَّقَ نِسَاءَهُ، وَقَسَمَ مَالَهُ بَيْنَ بَنِيهِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ عُمَرَ فَلَقِيَهُ فَقَالَ: إِنِّي أَظُنُّ الشَّيْطَانَ فِيمَا يَسْتَرِقُ مِنَ السَّمْعِ سَمِعَ بِمَوْتِكَ فَقَذَفَهُ فِي نَفْسِكَ، وَلَعَلَّكَ أَنْ لَا تَمْكُثَ إِلَّا قَلِيلًا، وَايْمُ اللَّهِ لَتُرْجِعَنَّ نِسَاءَكَ وَلَتَرْجِعَنَّ فِي مَالِكَ، أَوْ لَأُوَرِّثُهُنَّ وَلَآمُرَنَّ بِقَبْرِكَ فَيُرْجَمُ كَمَا رُجِمَ قَبْرُ أَبِي رِغَالٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ غیلان بن سلمہ ثقفی مسلمان ہو کر آئے' اس کے نکاح میں دس عورتیں تھیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ان میں سے چار کو اختیار کرو۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دورِ حکومت آیا، اس نے اپنی عورتوں کو طلاق دی۔ اس نے اپنا مال اپنے بیٹوں میں تقسیم کر دیا، یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو آپ رضی اللہ عنہ اس سے ملے۔ اور فرمایا: میرا گمان ہے کہ ان شیطانوں میں سے جو چوری آسمان والوں کی باتیں سنتے ہیں' ایک شیطان نے تیری موت کی خبر سن کر تیرے دل میں ڈال دی ہے' ممکن ہے تو تھوڑی مدت زندہ رہے' اللہ کی قسم! تم ضرور اپنی بیویوں سے رجوع کر لو اور اپنا مال واپس لے لو' ورنہ میں ان عورتوں کو تیری وراثت دوں گا اور میں حکم دوں گا کہ تیری قبر پر رجم (سنگباری) کیا جائے جیسے ابورغال کی قبر پر کی گئی۔

5415 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی منیٰ میں دو رکعتیں۔

5414- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **13** رقم الحديث: **4609** قال: حدثنا اسماعيل . وفي جلد **2** صفحه **14** رقم الحديث: **4631** قال: حدثنا اسماعيل ومحمد بن جعفر .

5415- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **8** رقم الحديث: **4533** قال: حدثنا الوليد بن مسلم' عن الأوزاعي . وفي جلد **2** صفحه **140** رقم الحديث: **6255** قال: حدثنا مبشر بن اسماعيل' قال: حدثنا الأوزاعي .

5416 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَهُمَا بِالْمُزْدَلِفَةِ، وَصَلَّى كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِإِقَامَةٍ، وَلَمْ يَتَطَوَّعْ قَبْلَ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا وَلَا بَعْدَهَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مزدلفہ میں دو نمازوں کو جمع کیا۔ ہر ایک نماز اقامت کے ساتھ پڑھی، اس سے پہلے اس کے بعد کوئی نفل نہیں پڑھے۔

5417 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ فِي الْحَيْضِ، فَسَأَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا، ثُمَّ لِيُطَلِّقْهَا وَهِيَ طَاهِرَةٌ، أَوْ حَامِلٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں طلاق دی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عبداللہ کو چاہیے کہ وہ رجوع کرے پھر اس کو طلاق دے حالت طہر میں یا حمل کی حالت میں۔

5418 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا إِلَّا كَلْبًا ضَارِيًا - أَوْ مَاشِيَةٍ - نَقَصَ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطَانِ، قَالَ: وَقَالَ سَالِمٌ: قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: أَوْ كَلْبَ حَرْثٍ، قَالَ: وَكَانَ صَاحِبَ حَرْثٍ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کر کے فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شکاری یا جانوروں کی حفاظت کرنے والے کتے کے علاوہ کتا پالا تو ہر روز اس کے عمل سے دو قیراط کم ہوں گے۔ حضرت سالم کا قول ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یا کھیتی کی حفاظت کا کتا۔ فرمایا: جبکہ وہ کھیتی کا مالک ہو۔

5419 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم یہ تھی: نہیں قسم ہے دلوں کو پلٹنے والے

5416- أخرجه أحمد جلد2صفحه56 رقم الحديث: **5186** قال: حدثنا يحيى .

5417- أخرجه أحمد جلد 2صفحه26 رقم الحديث: **4789** وجلد2صفحه58 رقم الحديث: **5228** قال: حدثنا وكيع . والدارمي رقم الحديث: **2268** قال: حدثنا عبيد الله بن موسى .

5418- الحديث سبق برقم: **5395** فراجعه .

5419- أخرجه أحمد جلد2صفحه25 رقم الحديث: **4788** قال: حدثنا وكيع' قال: حدثنا سفيان .

ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَتْ يَمِينُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا وَمُقَلِّبِ الْقُلُوبِ

کی۔

5420 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَأْذَنَكُمْ نِسَاؤُكُمْ إِلَى الْمَسَاجِدِ فَأْذَنُوا لَهُنَّ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم سے کوئی عورت مسجد میں جانے کی اجازت مانگے تو اس کو نہ روکو۔ حضرت سفیان فرماتے ہیں کہ مراد ہے رات کو جا سکتی ہے۔

5421 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الَّذِي يَكْذِبُ عَلَيَّ يُبْنَى لَهُ بَيْتٌ فِي النَّارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھ پر جھوٹ بولا اس کو اپنا گھر جہنم میں بنانا چاہیے۔

5422 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: إِنْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَأْمُرُنَا بِالتَّخْفِيفِ، وَإِنْ كَانَ لَيَؤُمُّنَا بِالصَّافَّاتِ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ ہم کو حکم دیتے تھے کہ نماز میں مختصر قرأت کریں اور حکم دیتے تھے نماز فجر میں سورۃ صافات پڑھنے کا۔

5423 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُوسَى قَالَ: كُنْتُ مَعَ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ فِي

حضرت ابوبکر بن موسیٰ فرماتے ہیں کہ ایک سفر میں میں حضرت سالم بن عبداللہ کے ساتھ تھا۔ آپ کا گزر ایسی لڑکیوں کے پاس سے ہوا جن کے پاس گھنگھرو

5420- الحديث سبق برقم: **5403** فراجعه .

5421- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**144,103** . والبزار جلد**1**صفحه**114** من طريق محمد بن عبيد به .

5422- أخرجه ابن حبان رقم الحديث: **1808** من طريق أبي يعلى قال: حدثنا عمرو بن محمد الناقد قال: حدثنا شبابة ويزيد بن هارون قالا: حدثنا ابن أبي ذئب به .

5423- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**27** رقم الحديث: **4811** قال: حدثنا يزيد .

سَفَرٍ، فَمَرَّتْ رُفْقَةٌ لِأُمِّ الْبَنِينَ فِيهَا أَجْرَاسٌ، فَحَدَّثَ سَالِمٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِيهَا جُلْجُلٌ، فَكَمْ فِي هَذِهِ مِنْ جُلْجُلٍ

تھے۔ حضرت سالم اپنے والد سے' وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: فرشتے اس کے ساتھ نہیں ٹھہرتے ہیں جس کے پاس گھنگھرو ہوں' دیکھو! اس کے پاس کتنے گھنگھرو ہیں۔

5424 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ الْعُمَرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَاتَتْهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ، فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کی عصر کی نماز فوت ہو گئی گویا اس کے اہل و مال ہلاک ہو گئے۔

5425 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ الْعُمَرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ فَصُومُوا، وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَأَفْطِرُوا، فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوا لَهُ، قَالَ: قَالَ سَالِمٌ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَصُومُ قَبْلَ الْهِلَالِ بِيَوْمٍ إِذَا غُمَّ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم چاند کو دیکھو تو روزہ رکھو اور جب تم چاند دیکھو تو عید کرو اگر آسمان غبار آلود ہو تو تیس پورے کرو۔ حضرت سالم فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ جب آسمان غبار آلود ہوتا تھا تو آپ چاند دیکھنے سے ایک دن پہلے روزہ رکھتے تھے۔

5426 - حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ حَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ أَبِي الصَّهْبَاءِ أَبُو خُرَيْمٍ الْبَاهِلِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الصُّبْحَ، ثُمَّ اسْتَقْبَلَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ فَقَالَ: أَلَا إِنَّ الْفِتَنَ مِنْ هَا هُنَا- ثَلَاثَ مَرَّاتٍ- وَمِنْ ثَمَّ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے صبح کی نماز پڑھائی پھر سورج طلوع ہونے والی جگہ کی طرف منہ کر کے فرمایا: خبردار! فتنے یہاں سے ہوں گے، تین مرتبہ فرمایا' اس طرف سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا۔

5424- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: 33 .

5425- أخرجه أحمد جلد2صفحه145 رقم الحديث: 6323 قال: حدثنا أبو كامل' قال: حدثنا ابراهيم .

5426- أخرجه أحمد جلد2صفحه18 رقم الحديث: 4679 قال: حدثنا يحيىٰ' عن عبيد الله .

5427 - حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، أَخْبَرَنِي عُقْبَةُ، يَعْنِي ابْنَ أَبِي الصَّهْبَاءِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَأَقْبَلَ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ أَنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ؟ ، قَالُوا: بَلَى، نَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ، قَالَ: أَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ أَنَّهُ مَنْ أَطَاعَنِي فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ، وَمَنْ طَاعَةِ اللَّهِ طَاعَتِي؟ ، قَالُوا: بَلَى، نَشْهَدُ أَنَّهُ مَنْ أَطَاعَكَ فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ، وَمِنْ طَاعَةِ اللَّهِ طَاعَتُكَ، قَالَ: فَإِنَّ مِنْ طَاعَةِ اللَّهِ أَنْ تُطِيعُونِي، وَمِنْ طَاعَتِي أَنْ تُطِيعُوا أُمَرَاءَكُمْ، أَطِيعُوا أُمَرَاءَكُمْ، وَإِنْ صَلَّوْا قُعُودًا فَصَلُّوا قُعُودًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنے صحابہ کرام کی ایک جماعت میں تھے۔ حضور ﷺ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: کیا تم جانتے نہیں ہو کہ میں اللہ کا رسول ﷺ ہوں تمہاری طرف؟ عرض کی: کیوں نہیں؟ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ﷺ ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم جانتے نہیں ہو کہ جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے اللہ کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی؟ عرض کی: کیوں نہیں جس نے آپ ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔ اللہ کی اطاعت آپ ﷺ کی اطاعت ہے، آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کی اطاعت کرنا میری اطاعت کرنا ہے۔ جو میری اطاعت کرے وہ اسلامی حکومت کے حکمرانوں کی اطاعت کرے۔ اپنے حاکموں کی اطاعت کرو اگر وہ بیٹھ کر نماز پڑھیں تم بھی بیٹھ کر نماز پڑھو۔

5428 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: جَلَسَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ وَأَنَا مَعَهُ، فَقَالَ لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَا تَرَى فِي التَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ ؟ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ

حضرت سالم فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، اہل شام میں سے اور میں بھی آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا۔ اس آدمی نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! آپ حج تمتع کے بارے میں کیا رائے دیتے ہیں؟ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جو یہ کرے اس نے اچھا کیا۔ اس آدمی نے عرض

5427- الحديث في المقصد العلي برقم: 869 .

5428- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 95 . والبيهقي في الكبرى جلد 5 صفحه 21 من طريق روح بن عبادة، حدثنا صالح ابن أبي الأخضر .

اللّٰهِ: حَسَنٌ جَمِيلٌ لِمَنْ صَنَعَ ذَلِكَ، فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: فَإِنَّ أَبَاكَ قَدْ كَانَ يَنْهَى عَنْهَا، فَغَضِبَ عَبْدُ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ: وَيْلَكَ، أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ أَبِي نَهَى عَنْهَا وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمِلَ بِهَا، أَمْرَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَأْخُذُ أَمْ بِأَمْرِ أَبِي؟ قَالَ: لَا بَلْ بِأَمْرِ رَسُولِ اللّٰهِ، قَالَ: فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ فَعَلَ ذَلِكَ، فَقُمْ لِشَأْنِكَ

کی: آپ رضی اللہ عنہ کے باپ عمر رضی اللہ عنہ تو منع کرتے تھے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو غصہ آ گیا۔ پھر فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہے تیرا کیا خیال ہے اگر میرا باپ اس سے منع کرے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس پر عمل ہو تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم لے گا یا میرے باپ کا۔ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے ہی کیا کہ حج تمتع کیا، تو بھی یہ کر۔

5429 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ فَصُومُوا، وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَأَفْطِرُوا، فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوا، وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَصُومُ قَبْلَ الْهِلَالِ بِيَوْمٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. جب تم چاند کو دیکھو تو روزہ رکھو اور جب تم چاند دیکھو تو عید کرو اگر آسمان غبار آلود ہو تو تیس پورے کرو۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ چاند دیکھنے سے ایک دن پہلے روزہ رکھتے تھے (جب آسمان صاف نہیں ہوتا تھا)۔

5430 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ فَاتَتْهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ، فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی عصر کی نماز فوت ہوگئی، گویا اس کے اہل و مال ہلاک ہو گئے۔

5431 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری بقاء اتنی ہے جو تم سے پہلی امتیں گزری ہیں جیسے جتنا عصر کی

5429- الحديث سبق برقم: **5425** فراجعه .

5430- الحديث سبق برقم: **5424** فراجعه .

5431- أخرجه أحمد جلد**2** صفحه **121** رقم الحديث: **6029** قال: حدثنا أبو اليمان' قال: حدثنا شعيب .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَلَا إِنَّمَا بَقَاؤُكُمْ فِيمَا سَلَفَ قَبْلَكُمْ مِنَ الْأُمَمِ كَمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلَى غُرُوبِ الشَّمْسِ: أُوتِيَ أَهْلُ التَّوْرَاةِ التَّوْرَاةَ فَعَمِلُوا حَتَّى انْتَصَفَ النَّهَارُ ثُمَّ عَجَزُوا، فَأُعْطُوا قِيرَاطًا، ثُمَّ أُوتِيَ أَهْلُ الْإِنْجِيلِ الْإِنْجِيلَ فَعَمِلُوا إِلَى صَلَاةِ الْعَصْرِ، ثُمَّ عَجَزُوا فَأُعْطُوا قِيرَاطًا، ثُمَّ أُوتِينَا الْقُرْآنَ فَعَمِلْنَا إِلَى غُرُوبِ الشَّمْسِ فَأُعْطِينَا قِيرَاطَيْنِ قِيرَاطَيْنِ، فَقَالَ أَهْلُ الْكِتَابَيْنِ: أَيْ رَبَّنَا، لِمَ أَعْطَيْتَ هَؤُلَاءِ قِيرَاطَيْنِ قِيرَاطَيْنِ وَأَعْطَيْتَنَا قِيرَاطًا قِيرَاطًا، وَنَحْنُ كُنَّا أَكْثَرَ عَمَلٍ مِنْهُمْ؟ قَالَ اللّٰهُ: هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ أَجْرِكُمْ شَيْئًا؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: فَهُوَ فَضْلِي أُوتِيهِ مَنْ أَشَاءُ

نماز سے سورج غروب ہونے تک ہے، تورات والوں کو تورات دی گئی انہوں نے عمل کیا نصف نماز تک۔ پھر وہ عاجز آ گئے ان کو ایک ایک قراط ثواب دیا گیا پھر اہل انجیل کو انجیل دی گئی انہوں نے عمل اس پر عصر تک پھر وہ بھی عاجز آ گئے۔ ان کو ایک قیراط ثواب دیا گیا۔ پھر ہم کو قرآن دیا گیا ہم نے غروب آفتاب تک عمل کیا ہم کو دو دو قیراط ثواب دیا گیا۔ اہل کتاب نے عرض کی: اے رب! ان کو تو نے دو دو قراط کیوں دیئے ہیں اور ہم کو ایک ایک قراط دیئے گئے ہم نے اس سے زیادہ کام کیا؟ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: کیا میں نے تم پر ظلم کیا، تمہارے اجر میں کمی کر کے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں! اللہ نے فرمایا: یہ میرا فضل ہے جسے چاہوں دوں۔

5432 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَبَايَعُوا الثَّمَرَ بِالتَّمْرِ، وَلَا تَبَايَعُوا الثَّمَرَ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ قَالَ: وَمَا اتَّخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاضِيًا، وَلَا أَبُو بَكْرٍ، وَلَا عُمَرُ، حَتَّى كَانَ فِي آخِرِ زَمَانِهِ فَقَالَ لِيَزِيدَ ابْنِ أُخْتِ نَمِرٍ: اكْفِنِي بَعْضَ الْأُمُورِ يَعْنِي: صِغَارَهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھلوں کو کھجور کے بدلے نہ بیچو اور پھلوں کو پکنے سے پہلے نہ بیچو۔ فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی فیصلہ کرنے والا نہ بنایا' نہ ابوبکر' نہ عمر نے یہاں تک کہ آخر زمانہ ملے۔ پس یزید بن اخت نمر سے کہا: مجھے بعض اُمور کے لیے کافی ہو جاؤ' یعنی چھوٹے کاموں کے لیے۔

5433 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَفَاتِيحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ : (إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانچ چیزوں کا (حقیقی) علم اللہ کے پاس ہے: (۱) قیامت کا علم اللہ کے پاس ہے (۲) بارش

5432- الحديث سبق برقم: **5393** فراجعه .

5433- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **24** رقم الحديث: **4766** وجلد **2** صفحه **58** رقم الحديث: **5226** قال: حدثنا وكيع . وفي جلد **2** صفحه **52** رقم الحديث: **5133** .

السَّاعَةِ، وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ، وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ) (لقمان: 34)

کے نازل ہونے کا (۳) جو ماں کے پیٹ میں ہے اس کا علم بھی اللہ کے پاس ہے (۴) کوئی جان نہیں جانتی کہ کل کیا کھائے گی، کوئی جان نہیں جانتی کس زمین میں مرے گی۔ بے شک اللہ جاننے والا خبر دینے والا ہے۔

5434 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّمَا النَّاسُ كَالْإِبِلِ الْمِائَةِ لَا تَكَادُ تَجِدُ فِيهَا رَاحِلَةً

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک لوگ سو اونٹوں کی طرح ہیں' قریب نہیں ہے کہ تُو ان میں کوئی ان کے سواری پائے۔

5435 - وَعَنْ سَالِمٍ، سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ: مَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعِيسَى أَحْمَرَ، وَلَكِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا نَائِمٌ أُرَانِي أَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ، فَإِذَا رَجُلٌ آدَمُ سَبْطُ الشَّعْرِ، بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ يَنْطُفُ رَأْسُهُ مَاءً - أَوْ يُهَرَاقُ رَأْسُهُ - فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: هَذَا ابْنُ مَرْيَمَ فَذَهَبْتُ أَلْتَفِتُ، فَإِذَا رَجُلٌ أَحْمَرُ جَسِيمٌ جَعْدُ الرَّأْسِ أَعْوَرُ الْعَيْنِ الْيُمْنَى، كَأَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ، فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: الدَّجَّالُ، أَقْرَبُ النَّاسِ بِهِ شَبَهًا رَجُلٌ مِنْ خُزَاعَةَ يُقَالُ لَهُ: ابْنُ قَطَنٍ ، قَالَ مُحَمَّدٌ: وَهُوَ مِنْ بَنِي الْمُصْطَلِقِ، هَلَكَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ

حضرت سالم سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عیسیٰ کو احمر (سرخ) نہیں کہا' لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسی دوران کہ میں سویا ہوا تھا' میں نے دیکھا' میں کعبہ کا طواف کر رہا ہوں' اچانک میری نگاہ پڑی' ایک آدمی گندم گوں' سیدھے بالوں والا' دو آدمیوں کے درمیان اور ان کے سر سے پانی ٹپک رہا ہے۔ میں نے کہا: یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا: یہ ابن مریم ہیں۔ میں متوجہ ہونے لگا۔ اچانک ایک آدمی پہ نگاہ پڑی' سرخ رنگ' موٹے جسم والا' گھنگھریالے بالوں والا' دائیں آنکھ سے کانا' اس کی آنکھ گویا کہ خشک انگور ہے۔ میں نے سوال کیا: یہ کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: دجال' لوگوں سے بنوخزاعہ قبیلے کے ایک آدمی کے زیادہ

5434- الحديث سبق برقم: 5413 فراجعه .

5435- اخرجه أحمد جلد 2 صفحه 22 رقم الحديث: 4743 قال: حدثنا ابن نمير . وفي جلد 2 صفحه 39 رقم الحديث: 4977 قال: حدثنا اسحاق بن سليمان .

AlHidayah - الهداية

مشابہ تھا جسے ابن قطن کہا جاتا تھا۔ حضرت محمد کا قول ہے: اس کا تعلق بنو مصطلق (بنو خزاعہ کی شاخ ہو گی) سے تھا جو زمانۂ جاہلیت میں ہلاک ہو گیا تھا۔

5436 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوتِرُ عَلَى رَاحِلَتِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم وتر سواری پر پڑھ لیتے تھے۔

5437 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ وَهُوَ بِالْمَعْرَسِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ فِي بَطْنِ الْوَادِي، فَقِيلَ لَهُ: إِنَّكَ بِبَطْحَاءَ مُبَارَكَةٍ

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت ذی الحلیفہ بطن الوادی میں آئے' آپ سے عرض کی گئی: بے شک آپ بطحاء مبارکہ میں ہیں۔

5438 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، وَسَالِمٍ،، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، كَانَ إِذَا مَرَّ بِذِي الْحُلَيْفَةِ بَاتَ بِهَا حَتَّى يُصْبِحَ، وَيُخْبِرُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ ذَلِكَ

حضرت سالم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ جب ذی الحلیفہ کے مقام سے گزرتے تھے تو وہاں آپ رضی اللہ عنہ رات گزارتے یہاں تک کہ صبح ہو جاتی اور بتاتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسے ہی کرتے تھے۔

5439 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث بیان کیا کرتے

5436- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**7** رقم الحديث: **4518** قال: حدثنا عبد الأعلى' عن معمر .

5437- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**87** من طريق موسى بن طارق .

5438- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **262** .

5439- أخرجه أحمد جلد **2**صفحه**89** رقم الحديث: **5630** قال: حدثنا يحيى بن آدم' قال: حدثنا زهير' عن موسى بن عقبة .

سَالِمٌ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ كَانَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أَمَّرَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، فَبَلَغَهُ أَنَّ النَّاسَ عَابُوا عَلَى أُسَامَةَ وَطَعَنُوا فِي إِمَارَتِهِ، فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - كَمَا حَدَّثَنِي سَالِمٌ - فَقَالَ: أَلَا إِنَّكُمْ تَعِيبُونَ أُسَامَةَ، وَتَطْعَنُونَ فِي إِمَارَتِهِ، وَقَدْ فَعَلْتُمْ ذَلِكَ بِأَبِيهِ مِنْ قَبْلُ، وَإِنْ كَانَ لَخَلِيقًا لِلْإِمَارَةِ، وَإِنَّهُ لَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ كُلِّهِمْ، وَإِنَّ ابْنَهُ هَذَا لَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ، فَاسْتَوْصُوا بِهِ خَيْرًا، فَإِنَّهُ مِنْ خِيَارِكُمْ ، قَالَ سَالِمٌ: مَا سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ يُحَدِّثُ بِهَذَا الْحَدِيثِ قَطُّ إِلَّا قَالَ: حَاشَا فَاطِمَةَ

تھے کہ جب آپ ﷺ نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو امیر بنایا تو آپ ﷺ کو یہ بات پہنچی کہ لوگوں نے اسامہ پر عیب لگایا ہے اور اس کی امارت میں طعن کیا ہے۔ رسول کریم ﷺ کھڑے ہوئے (جیسے حضرت سالم نے مجھے حدیث بیان کی ہے) اور فرمایا: خبردار! تم اسامہ پر عیب لگاتے ہو اور اس کی امارت میں طعن کرتے ہو، تم اس سے پہلے اس کے باپ کے ساتھ بھی یہ کر چکے ہو، اگر چہ وہ امارت کی صلاحیت رکھتا ہے اور وہ تمام لوگوں سے زیادہ مجھے پسند تھا اور ان کا یہ بیٹا تمام لوگوں سے بڑھ کر مجھے پسند ہے، پس تم اس کے ساتھ بھلائی کرو کیونکہ یہ تمہارے بہترین لوگوں سے ہے۔ حضرت سالم کا قول ہے: میں نے حضرت عبداللہ کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے کبھی نہیں سنا مگر اُنہوں نے کہا: ''حاشا فاطمة''۔

5440 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ: عَاصِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ أَخْبَرَنِي قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمًا يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ عُمَرَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَرَأَيْتَ مَا نَعْمَلُ فِيهِ فِي أَمْرٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ؟ أَوْ فِي أَمْرٍ مُبْتَدَأٍ أَوْ مُبْتَدَعٍ؟ قَالَ: فِيمَا قَدْ فُرِغَ - شَكَّ شُعْبَةُ - مِنْهُ اعْمَلْ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ، أَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَإِنَّهُ يَعْمَلُ لِلسَّعَادَةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ فَإِنَّهُ يَعْمَلُ لِلشَّقَاءِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے بتائیں کیا معاملہ کروں اس میں جس کے متعلق فراغت کی گئی ہے یا ابتدائی کام میں یا نئے کام میں؟ فرمایا: جس میں فراغت کی گئی ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابن خطاب! عمل کرو، پھر عمل آسان کر دیا جائے گا، جو نیک ہوگا اس کے لیے نیکی آسان کر دی جائے گی جو بد بخت ہوگا اس کے لیے بدبختی والے عمل آسان کر دیئے جائیں گے۔

5440- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 52 رقم الحديث: 5140 قال: حدثنا عبد الرحمن . وفي جلد 2 صفحه 77 رقم الحديث: 5481 قال: حدثنا عفان .

5441- حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ أَخِي ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ كَانُوا يَمْشُونَ أَمَامَ الْجَنَازَةِ

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم جنازے کے آگے چلتے تھے۔

5442 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، وَسَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ أَكْلِ لَحْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا۔

5443 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ دینے والی چیز حرام ہے۔

5444 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ بِلَالِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ، وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ،

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ آور شی شراب ہے، ہر نشہ دینے والی شی حرام ہے تھوڑی ہو یا زیادہ برابر حکم رکھتی ہے۔

5441- الحديث سبق برقم: **5398** فراجعه .

5442- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**102** رقم الحديث: **5787** قال: حدثنا محمد بن الصباح' قال: حدثنا اسماعيل بن زكريا . وفي جلد**2**صفحه**144** رقم الحديث: **6310** .

5443- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **3387** قال: حدثنا هشام بن عمار' قال: حدثنا صدقة بن خالد' قال: حدثنا يحيى بن الحارث الذماري .

5444- الحديث سبق برقم: **5443** فراجعه .

قَلِيلُهُ وَكَثِيرُهُ سَوَاءٌ

5445 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، حَدَّثَنَا أَنَسٌ يَعْنِي ابْنَ عِيَاضٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّهُ قَالَ: حَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ بَاعَ عَبْدًا فَمَالُهُ لِلَّذِي بَاعَهُ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ، وَمَنْ بَاعَ نَخْلًا قَدْ أُبِّرَتْ فَثَمَرَتُهَا لِلَّذِي بَاعَهَا إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے غلام کو بیچا تو اس کا مال بیچنے والے کیلئے ہوگا مگر یہ کہ خریدنے والا شرط لگائے اور جس نے کھجوروں کا باغ بیچا جو درست کیا جا چکا ہے' اس کا پھل بیچنے والے کیلئے ہوگا مگر یہ کہ خریدنے والا شرط رکھے۔

5446 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ، يَعْنِي ابْنَ فُلَيْحٍ قَالَ: قَالَ مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، وَقَالَ ابْنُ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِي أَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ، فَإِذَا رَجُلٌ سَبْطُ الشَّعْرِ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ، يَنْطُفُ - أَوْ يُهَرَاقُ - رَأْسُهُ مَاءً، فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: ابْنُ مَرْيَمَ، فَذَهَبْتُ أَلْتَفِتُ فَإِذَا رَجُلٌ أَحْمَرُ جَسِيمٌ، جَعْدُ الرَّأْسِ، أَعْوَرُ كَأَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ، فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: الدَّجَّالُ، أَقْرَبُ النَّاسِ بِهِ شَبَهًا ابْنُ قَطَنٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اسی دوران کہ میں سویا تھا' میں نے اپنے آپ کو کعبہ کا طواف کرتے ہوئے ملاحظہ کیا۔ اچانک میری نگاہ اُٹھی تو میں نے ایک آدمی دیکھا جس کے بال سیدھے تھے' دو آدمیوں کے درمیان تھا اور اس کے سر سے پانی ٹپک رہا تھا۔ میں نے کہا: یہ کون ہے؟ تو اُنہوں نے جواب دیا: حضرت مریم سلام اللہ علیہا کے بیٹے (حضرت عیسیٰ علیہ السلام)۔ پس میں توجہ کرنے لگا تو میں نے ایک آدمی دیکھا' سرخ رنگ' موٹا جسم' گھنگھریالے بال اور کانی آنکھ' اس کی آنکھ گویا کہ خشک انگور ہے۔ میں نے کہا: یہ کون ہے؟ کہا: یہ دجال ہے' لوگوں میں سے وہ ابن قطن کے زیادہ مشابہ تھا۔

5447 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى الْخُتُلِّيُّ،

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5445- الحديث سبق برقم: **5404** فراجعه .

5446- الحديث سبق برقم: **5435** فراجعه .

5447- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**14** رقم الحديث: **4632** قال: حدثنا عباد بن العوام .

حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ كِتَابَ الصَّدَقَةِ فَقَرَنَهُ بِسَيْفِهِ، فَلَمْ يُخْرِجْهُ إِلَى عُمَّالِهِ حَتَّى قُبِضَ، فَعَمِلَ بِهِ أَبُو بَكْرٍ حَتَّى قُبِضَ، ثُمَّ عَمِلَ بِهِ عُمَرُ، فَكَانَ فِيهِ: فِي خَمْسٍ مِنَ الْإِبِلِ: شَاةٌ، وَفِي عَشْرٍ: شَاتَانِ، وَفِي خَمْسَ عَشْرَةَ: ثَلَاثُ شِيَاهٍ، وَفِي عِشْرِينَ: أَرْبَعُ شِيَاهٍ، وَفِي خَمْسٍ وَعِشْرِينَ: ابْنَةُ مَخَاضٍ إِلَى خَمْسٍ وَثَلَاثِينَ، فَإِنْ زَادَتْ فَفِيهَا ابْنَةُ لَبُونٍ إِلَى خَمْسٍ وَأَرْبَعِينَ، فَإِنْ زَادَتْ فَفِيهَا حِقَّةٌ إِلَى سِتِّينَ، فَإِنْ زَادَتْ فَفِيهَا جَذَعَةٌ إِلَى خَمْسٍ وَسَبْعِينَ، فَإِنْ زَادَتْ فَفِيهَا ابْنَتَا لَبُونٍ إِلَى تِسْعِينَ، فَإِنْ زَادَتْ فَحِقَّتَانِ إِلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ، فَإِنْ زَادَتْ عَلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ فَفِي كُلِّ خَمْسِينَ: حِقَّةٌ، وَفِي كُلِّ أَرْبَعِينَ: بِنْتُ لَبُونٍ، وَفِي صَدَقَةِ الْغَنَمِ: فِي كُلِّ أَرْبَعِينَ شَاةً: شَاةٌ إِلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ، فَإِنْ زَادَتْ فَشَاتَانِ إِلَى مِائَتَيْنِ، فَإِنْ زَادَتْ فَثَلَاثُ شِيَاهٍ إِلَى ثَلَاثِمِائَةٍ، فَإِنْ زَادَتْ فَفِي كُلِّ مِائَةِ شَاةٍ: شَاةٌ، وَلَيْسَ فِيهَا شَيْءٌ حَتَّى تَبْلُغَ مِائَةً، وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ، وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ مَخَافَةَ الصَّدَقَةِ، وَمَا كَانَ مِنْ خَلِيطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بِالسَّوِيَّةِ، وَلَا تُؤْخَذُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلَا ذَاتُ عُوَارٍ قَالَ سُفْيَانُ: وَلَمْ يَذْكُرِ الزُّهْرِيُّ الْبَقَرَ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: إِذَا جَاءَ الْمُصَدِّقُ قَسَمَ الْمَالَ أَثْلَاثًا: ثُلُثًا خِيَارًا،

حضور ﷺ نے زکوٰۃ کے متعلق ایک حکم نامہ لکھا۔ اس کو اپنی تلوار کے ساتھ ملا دیا عمال کی طرف اس کو نہیں نکالا یہاں تک کہ آپ ﷺ کا وصال مبارک ہو گیا۔ پھر اس پر عمل کیا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہاں تک کہ آپ رضی اللہ عنہ کا وصال ہو گیا۔ پھر اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عمل کیا، اس میں جو لکھا ہوا تھا کہ پانچ اونٹوں میں ایک بکری کی زکوٰۃ ہے۔ ۱۰ اونٹوں میں ۲ بکریاں ہیں، پندرہ اونٹوں میں تین بکریاں ہیں۔ بیس اونٹوں میں چار بکریاں ہیں' ۲۵ اونٹوں میں ایک بنت مخاض ہے، ۳۵ اونٹوں تک۔ اگر اس میں اضافہ ہو جائے ایک بنت لبون ہو چالیس کی تعداد تک' اگر اس میں اضافہ ہو جائے تو ۲ بنت لبون دیئے جائیں ۷۰ تک۔ اگر اس میں اضافہ ہو جائے گا تو حقہ ہو گا ساٹھ تک' اگر اس میں اضافہ ہو جائے تو ایک جذعہ ۷۵ تک' اگر اس میں اضافہ ہو جائے تو دو بنت لبون ہیں ۹۰ تک' اگر اضافہ ہو جائے تو دو حقے ایک سو بیس تک' پھر پچاس کے اضافہ کے ساتھ ایک حقہ اور ہر چالیس کے اضافہ پر بنت لبون۔ بکریوں کی زکوٰۃ کی تفصیل میں یہ ہے کہ ہر چالیس میں ایک بکری ہو گی اور یہ معاملہ ایک سو بیس تک کا ہو گا' اگر زیادہ ہوں تو دو بکریاں دو سو تک' اگر زیادہ ہو جائیں تو تین بکریاں تین سو تک' اگر زیادہ ہو جائیں تو ہر سو بکریوں میں ایک بکری' اس کے اوپر سو کے نیچے تک کچھ نہیں ہو گا یہاں تک کہ سو ہو جائیں' دو متفرق زکوٰتوں کو جمع نہیں کیا جائے گا' جو دو مل جائیں تو برابر رکھی جائیں گی' زکوٰۃ کے طور پر نہ کمزور

وَثُلُثًا شِرَارًا، وَثُلُثًا أَوْسَاطًا، يَأْخُذُ مِنَ الْوَسَطِ

اور نہ کانا جانور لیا جائے گا۔ سفیان فرماتے ہیں: زہری نے گائے کا ذکر نہیں کیا۔ زہری فرماتے ہیں: جب زکوٰۃ لینے والا آئے تو مال کے تین حصے کیے جائیں: ایک تہائی اچھا' ایک تہائی بُرا اور ایک تہائی درمیانہ' تو وہ لینے والا درمیانہ مال لے۔

5448 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

ابوخیثمہ نے ہمیں حدیث بیان کی' عباد بن عوام نے ہمیں حدیث بیان کی' اسی سند کے ساتھ' اسی جیسی۔

5449 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُوسَى، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَتْ يَمِينُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي يَحْلِفُ عَلَيْهَا: لَا وَمُقَلِّبِ الْقُلُوبِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم یہ تھی: نہیں! دلوں کو پلٹنے والے کی قسم!

5450 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: لَمْ أَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ إِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَّيْنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا چومتے ہوئے سوائے دو یمانی رکنوں کے۔

5451 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، وَسَالِمٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، كَانَ إِذَا مَرَّ بِذِي الْحُلَيْفَةِ بَاتَ بِهَا حَتَّى أَصْبَحَ، وَيُخْبِرُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ ذَلِكَ

5525 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ عُمَرَ اسْتَأْذَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعُمْرَةِ، فَأَذِنَ لَهُ قَالَ: يَا أَخِي أَشْرِكْنَا فِي صَالِحِ دُعَائِكَ وَلَا تَنْسَنَا

حضرت سالم سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے عمرہ پہ جانے کیلئے اجازت طلب کی، پس آپ ﷺ نے ان کو اجازت دے کر فرمایا: اے میرے بھائی! اپنی نیک دعاؤں میں ہمیں شریک رکھنا اور ہمیں کبھی نہ بھولنا۔

5526 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، أَنَّ أَبَا قِلَابَةَ، حَدَّثَهُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَخْرُجُ نَارٌ مِنْ بَحْرِ حَضْرَمَوْتَ أَوْ مِنْ حَضْرَمَوْتَ، تَسُوقُ النَّاسَ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالشَّامِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرموت کے سمندر یا حضرموت سے آگ نکلے گی وہ لوگوں کو ہانک کر لے جائے گی۔ ہم نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ ہم کو کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم شام چلے جانا۔

5527 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِي مُحَمَّدٌ - يَعْنِي: ابْنَ أَبِي حَرْمَلَةَ - ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا إِلَّا كَلْبَ مَاشِيَةٍ، أَوْ كَلْبَ صَيْدٍ، نَقَصَ مِنْ

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے کتا پالا مگر جانوروں کی حفاظت والا یا شکار کا کتا تو اس کے عمل کے اجر سے ہر روز ایک قیراط کم ہوگا۔ حضرت عبداللہ کا قول ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ''یا کھیتی کا

5525- الحديث سبق برقم: 5477 فراجعه .

5526- الحديث في المقصد العلي برقم: 1489 .

5527- الحديث سبق برقم: 5418,5395 فراجعه .

عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطٌ ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: أَوْ كَلْبَ حَرْثٍ

کتا'' بھی فرمایا۔

5528 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَا: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَأْمُرُنَا بِالتَّخْفِيفِ، وَإِنْ كَانَ لَيَؤُمُّنَا فِي الْفَجْرِ بِالصَّافَّاتِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تخفیف کا حکم فرماتے تھے' اگر چہ آپ ہمیں نماز پڑھاتے تو فجر کی نماز میں سورۂ صافات تلاوت فرماتے تھے۔

5529 - حَدَّثَنِي الْفَضْلُ بْنُ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنِي مَعْنُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَابُ أُمَّتِي الَّذِي تَدْخُلُ مِنْهُ الْجَنَّةَ عَرْضُهُ مَسِيرَةُ الرَّاكِبِ الْمُجَوِّدِ الْمُجَوِّدِ- ثَلَاثًا - إِنَّهُمْ لَيُضْغَطُونَ عَلَيْهِ حَتَّى تَكَادُ مَنَاكِبُهُمْ تَزُولُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کا وہ دروازہ جس سے وہ جنت میں داخل ہوں گے، اس کی چوڑائی عمدہ سے عمدہ سوار کی تین دن کی مسافت ہے' کیونکہ دروازے پر ان کی ایسی بھیڑ ہو گی حتیٰ کہ قریب ہے کہ ان کے کندھے ٹوٹنے لگیں۔

5530 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَبِّحُ وَهُوَ عَلَى ظَهْرِ الدَّابَّةِ حَيْثُ كَانَ وَجْهُهُ ، قَالَ أَبُو يَعْلَى: يَعْنِي: يُصَلِّي

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر تسبیح کر لیتے تھے جس طرف بھی اس کا منہ ہوتا۔ امام ابویعلیٰ فرماتے ہیں: یعنی تسبیح سے مراد ہے کہ نماز پڑھتے تھے۔

5528- الحديث سبق برقم: **5422** فراجعه .

5529- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **2551** من طريق الفضل بن الصباح بهذا السند .

5530- الحديث سبق برقم: **5436** فراجعه .

5531 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ، وَثَلَاثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: الْعَاقُّ لِوَالِدَيْهِ، وَالدَّيُّوثُ، وَالْمَرْأَةُ الْمُتَرَجِّلَةُ، وَثَلَاثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: فَثَنَّى الْعَاقَّ لِوَالِدَيْهِ، وَمُدْمِنُ الْخَمْرِ، وَالْمَنَّانُ بِمَا أَعْطَى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی جنت میں داخل نہیں ہوں گے اور تین آدمیوں پر اللہ نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔ جو جنت میں داخل نہیں ہوں گے: اپنے والدین کا نافرمان، دیوث، (دوسروں کیلئے) بناؤ سنگھار کرنے والی عورت، جن تین پر نظر رحمت نہیں کرے گا: اپنے والدین کا نافرمان، عادی شراب پینے والا، دے کر احسان جتلانے والا۔

5532 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا مَطَرٌ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَافَرْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَ عُمَرَ، فَكَانَا لَا يَزِيدَانِ عَلَى رَكْعَتَيْنِ، وَكُنَّا ضُلَّالًا فَهَدَانَا اللّٰهُ، فَبِهِ نَقْتَدِي

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میں نے سفر کیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھی کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں دو رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے۔ ہم گمراہ تھے، اللہ نے ہم کو ہدایت دی اس کے ساتھ اس لیے ہم ان کی اقتداء کرتے ہیں۔

5533 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ حَمْزَةَ قَالَ: سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُولُ: كِلْتَا يَدَيِ اللّٰهِ يَمِينَانِ، فَيَطْوِي السَّمَاوَاتِ فَيَأْخُذُهُنَّ بِيَدِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا الْمَلِكُ، أَيْنَ الْجَبَّارُونَ؟ أَيْنَ الْمُتَكَبِّرُونَ؟ قَالَ: ثُمَّ يَأْخُذُ الْأَرَضِينَ بِيَدِهِ الْأُخْرَى، وَيَقُولُ: أَنَا الْمَلِكُ، أَيْنَ الْجَبَّارُونَ؟ أَيْنَ الْمُتَكَبِّرُونَ؟ قَالَ عُمَرُ: فَحَدَّثْتُ بِهَذَا الْحَدِيثِ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ سَالِمٌ:

حضرت عکرمہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے دونوں دست قدرت (جو اس کی شان کے لائق ہیں) دائیں ہیں، وہ زمین کو لپیٹا ہے۔ اس کو اپنے دست مبارک سے پکڑتا ہے، پھر فرماتا ہے: میں بادشاہ ہوں، کہاں ہیں جبر کرنے والے؟ کہاں ہیں تکبر کرنے والے؟ پھر زمینوں کو پکڑتا ہے اپنے دوسرے دستِ قدرت سے اور فرماتا ہے، کہاں ہیں جبار؟ کہاں ہیں تکبر کرنے والے؟ حضرت عمر بن حمزہ فرماتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث حضرت

5531- أخرجه النسائي جلد5صفحه80 من طريق عمرو بن علي، حدثنا يزيد بن زريع، بهذا السند .

5532- أخرجه أحمد جلد2صفحه95 رقم الحديث: 5698 قال: حدثنا عبد الصمد .

5533- أخرجه عبد بن حُميد رقم الحديث: 742 قال: حدثني ابن أبي شيبة .

أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَطْوِي اللّٰهُ السَّمَاوَاتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ يَأْخُذُهُنَّ بِيَدِهِ الْيُمْنَى، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا الْمَلِكُ، أَيْنَ الْجَبَّارُونَ؟ أَيْنَ الْمُتَكَبِّرُونَ؟ ثُمَّ يَطْوِي الْأَرَضِينَ، ثُمَّ يَأْخُذُهُنَّ بِشِمَالِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا الْمَلِكُ، أَيْنَ الْجَبَّارُونَ؟ أَيْنَ الْمُتَكَبِّرُونَ؟

سالم بن عبداللہ کو بیان کی۔ حضرت عالم نے فرمایا کہ ہم کو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن آسمانوں کو لپیٹ دے گا پھران کو اپنے دائیں دست قدرت کے ساتھ پکڑ لے گا، پھر فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں، کہاں ہیں جبار اور تکبر کرنے والے؟ پھر زمینوں کو لپیٹ دے گا اپنے بائیں دستِ قدرت کے ساتھ اور فرمائے گا کہاں ہیں جبار اور تکبر کرنے والے؟

5534 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ النُّكْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ- يَعْنِي: ابْنَ إِسْمَاعِيلَ الْحَلَبِيَّ- ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَأْذَنَتْ أَحَدَكُمُ امْرَأَتُهُ إِلَى الْمَسْجِدِ فَلَا يَمْنَعْهَا

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی ایک سے اس کی بیوی مسجد جانے کی اجازت طلب کرے تو اسے نہ روکے۔

5535 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ- يَعْنِي: ابْنَ دَاوُدَ- ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اتَّخَذَ كَلْبًا إِلَّا كَلْبًا ضَارِيًا، أَوْ كَلْبَ مَاشِيَةٍ، فَإِنَّهُ يَنْقُصُ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطَانِ ، فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: أَوْ كَلْبَ زَرْعٍ، قَالَ: وَكَانَ أَبُو هُرَيْرَةَ يَزْرَعُ

حضرت سالم حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کتا رکھا مگر شکاری کتا یا جانوروں کی حفاظت کیلئے پس اس کے اجر سے ہر روز دو قیراط کم ہوں گے۔ پس حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یا کھیتی کا کتا۔ فرمایا: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کھیتی باڑی کیا کرتے تھے۔

5536 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أَخْبَرَنَا ابْنُ دَاوُدَ، عَنْ حَنْظَلَةَ، عَنْ سَالِمٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، طَلَّقَ

حضرت سالم حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں

5534- الحديث سبق برقم: 5467,5403 فراجعه .

5535- الحديث سبق برقم: 5418 فراجعه .

5536- الحديث سبق برقم: 5417 فراجعه .

امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرَاجِعَهَا

طلاق دی تو حضور ﷺ نے مجھے رجوع کرنے کا حکم دیا۔

5537 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ زَيْدٍ الْمَدَنِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَكُونُ الْمُؤْمِنُ لَعَّانًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن لعنت کرنے والا نہیں ہوتا۔

5538 - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُوَيْسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الشَّامِ يَسْأَلُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ عَنِ الْمُتَمَتِّعِ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: هُوَ حَلَالٌ، قَالَ الشَّامِيُّ: فَإِنَّ أَبَاكَ قَدْ نَهَى. قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ أَبِي نَهَى عَنْهَا، وَصَنَعَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَمْرَ أَبِي تَتَّبِعُ أَوْ أَمْرَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَقَالَ: الشَّامِيُّ: بَلْ أَمْرَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَ: قَدْ صَنَعَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سالم فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا حج تمتع کے متعلق؟ حضرت عبداللہ نے فرمایا: وہ جائز ہے۔ اس آدمی نے کہا: آپ رضی اللہ عنہ کے باپ تو منع کرتے تھے۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میرا باپ منع کرتا ہے، بے شک رسول اللہ ﷺ نے ایسے ہی کیا ہے۔ کیا ہم اپنے باپ کے حکم کی اتباع کریں یا رسول اللہ ﷺ کے حکم کی؟ آدمی نے کہا: بلکہ رسول اللہ ﷺ کے حکم کی، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو رسول اللہ ﷺ نے ایسے کیا ہے۔

5539 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الدَّوْرَقِيِّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا کہ جب نماز میں داخل ہوتے تو اپنے ہاتھوں کو بلند فرماتے اور جب رکوع کو جاتے اور جب رکوع سے سر

5537- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **2020** من طريق محمد بن بشار بهذا السند .

5538- الحديث سبق برقم: **5428** فراجعه .

5539- الحديث سبق برقم: **5475,5397** فراجعه .

يَرْفَعُ يَدَيْهِ، وَإِذَا رَكَعَ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ، وَلَا يَفْعَلُ ذَلِكَ فِي السُّجُودِ

اُٹھاتے لیکن سجود میں یہ نہیں کرتے تھے۔

5540 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: بَاتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ مَبْدَأَهُ، وَصَلَّى فِي مَسْجِدِهَا

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ انہیں حضرت سالم نے خبر دی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوالحلیفہ کے مقام پر رات کا ابتدائی حصہ گزارا اور اس کی مسجد میں نماز پڑھی۔

5541 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّمَا بَقَاؤُكُمْ فِيمَا سَلَفَ مِنَ الْأُمَمِ كَمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلَى غُرُوبِ الشَّمْسِ، فَأُوتِيَ أَهْلُ التَّوْرَاةِ التَّوْرَاةَ، فَعَمِلُوا إِلَى نِصْفِ النَّهَارِ ثُمَّ عَجَزُوا، فَأُعْطُوا قِيرَاطًا قِيرَاطًا، وَأُوتِيَ النَّصَارَى الْإِنْجِيلَ، فَعَمِلُوا إِلَى صَلَاةِ الْعَصْرِ ثُمَّ عَجَزُوا، فَأُعْطُوا قِيرَاطًا قِيرَاطًا، فَأُوتِينَا الْقُرْآنَ، فَعَمِلْنَا مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلَى غُرُوبِ الشَّمْسِ، فَأُعْطِينَا قِيرَاطَيْنِ قِيرَاطَيْنِ، فَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى: يَا رَبَّنَا، إِنَّا كُنَّا نَحْنُ أَكْثَرَ عَمَلًا مِنْهُمْ، وَأَعْطَيْتَنَا قِيرَاطًا قِيرَاطًا؟ فَقَالَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ أُجُورِكُمْ شَيْئًا؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: فَهُوَ فَضْلِي أُوتِيهِ مَنْ أَشَاءُ

حضرت سالم' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک تمہاری بقاء اس میں ہے جو پہلے اُمتیں گزری ہیں جیسے عصر اور غروبِ آفتاب کے درمیان' پس تورات والوں کو تورات دی گئی تو انہوں نے آدھے دن تک کام کیا پھر عاجز ہوئے تو ان کو ایک ایک قیراط عطا کیا گیا اور عیسائیوں کو انجیل ملی' پس اُنہوں نے نمازِ عصر تک کام کیا پھر عاجز آ گئے' پس انہیں ایک ایک قیراط عطا ہوا' پس ہمیں قرآن ملا' ہم نے عصر کی نماز سے لے کر غروبِ آفتاب تک کام کیا تو ہمیں دو دو قیراط عطا ہوئے' پس یہود و نصاریٰ نے عرض کی: اے ہمارے رب! ہم نے ان سے زیادہ کام کیا لیکن تُو نے ہمیں ایک ایک قیراط عطا کیا؟ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا: کیا میں نے تمہارے اجر میں کوئی کمی کی ہے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں! فرمایا: پس یہ میرا فضل ہے جس کو چاہوں عطا کروں۔

5540- الحديث سبق برقم: 5438,5451 فراجعه .

5541- الحديث سبق برقم: 5431 فراجعه .

5542 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْوَازِعِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذَا اللَّحْمِ شَيْئًا فَلْيَغْسِلْ يَدَهُ مِنْ رِيحِ وَضَرِهِ، لَا يُؤْذِي مَنْ حِذَاءَهُ

سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اس گوشت سے کوئی چیز کھائی اس کو چاہیے کہ وہ اپنے ہاتھ دھوئے اس کی بو اور نقصان کی وجہ سے تا کہ جو اس کے مقابل ہے اس کو تکلیف نہ دے۔

5543 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَقِيلٍ- يَعْنِي: يَحْيَى بْنَ الْمُتَوَكِّلِ- ، أَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَأْكُلُوا بِشِمَالِكُمْ، وَلَا تَشْرَبُوا بِهَا، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِهَا، وَيَشْرَبُ بِهَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی بائیں ہاتھ سے نہ کھائے اور نہ پیئے کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے اور پیتا ہے۔

5544 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَبِّحُ وَهُوَ عَلَى ظَهْرِ الدَّابَّةِ أَيْنَ كَانَ وَجْهُهُ ، قَالَ أَبُو يَعْلَى: يُصَلِّي تَطَوُّعًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ سواری کی پشت پر تسبیح کیا کرتے تھے جس طرف بھی آپ ﷺ کا منہ ہوتا (یعنی نماز پڑھتے)۔ حضرت ابویعلیٰ نے فرمایا: (مطلب یہ ہے کہ) آپ ﷺ نفلی نماز پڑھا کرتے تھے۔

5545 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، يَقُولُ: يَا أَهْلَ الْعِرَاقِ، مَا أَسْأَلُكُمْ عَنِ الصَّغِيرِ، وَأَتْرُكُكُمْ لِلْكَبِيرِ، سَمِعْتُ

حضرت محمد بن فضیل نے اپنے باپ سے روایت کیا' فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر کو فرماتے ہوئے سنا: اے عراقیو! میں تم سے صغیر کے بارے سوال نہیں کرتا اور میں تمہیں کبیر کیلئے چھوڑتا

5542- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1512 .

5543- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 635 قال: حدثنا سفيان .

5544- الحديث سبق برقم: 5530 فراجعه .

5545- الحديث سبق برقم: 5486 فراجعه .

أَبِي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْفِتْنَةُ تَجِيءُ مِنْ هَا هُنَا - وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ- وَأَنْتُمْ يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، وَإِنَّمَا قَتَلَ مُوسَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الَّذِي قَتَلَ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ خَطَأً، قَالَ اللّٰهُ (وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنَّاكَ فُتُونًا) (طه: 40)

ہوں۔ میں نے اپنے والد گرامی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: فتنہ اس طرف سے آئے گا اور اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ فرمایا۔ تم ایک دوسرے کی گردنیں مارو گے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے صرف ایک آدمی کو قتل کیا جس نے آلِ فرعون سے قتل کیا تھا چوک کر' تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور تُو نے ایک جان کو قتل کیا' پس ہم نے تجھے غم سے نجات دی اور تجھے کئی فتنوں میں مبتلا کر دیا''۔

5546 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الزِّمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي عَاصِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ مَا نَعْمَلُ فِيهِ، أَمْرٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ، أُمْ أَمْرٌ مُبْتَدَعٌ أَوْ مُبْتَدَأٌ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ مَا فُرِغَ مِنْهُ - قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ: أَفَلَا نَتَّكِلُ، قَالَ: اعْمَلُوا، فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ، إِنَّهُ مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ عَمِلَ لِلسَّعَادَةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ، عَمِلَ لِلشَّقَاءِ

حضرت عاصم بن عبیداللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو اپنے والد گرامی کے بارے حدیث بیان کرتے ہوئے سنا کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کیا فرماتے ہیں کہ جو عمل ہم کرتے ہیں' ایسا کام ہے جس سے فراغت حاصل کر لی گئی ہے' یا نیا کام ہے یا نئے سرے سے کیا جائے گا؟ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ فراغت حاصل کر لی گئی ہے' عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہم بھروسہ نہیں کر بیٹھیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمل کیے جاؤ! پس ہر آدمی کا کام آسان بنا دیا گیا ہے کیونکہ جو خوش بخت ہے وہ سعادت والے کام کرے گا اور جو شقی ہے' وہ بدبختی والے کام کرے گا۔

5547 - حَدَّثَنَا أَبُو الْفَضْلِ شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تکبر کی وجہ سے اپنے کپڑے کو

5546- الحديث سبق برقم: **5540** فراجعه .

5547- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **649** قال: حدثنا سفيان .

أَبِي سُفْيَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللَّهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

لٹکاتا ہے۔ قیامت کے دن اللہ اس پر نظر رحمت نہیں کرے گا۔

5548 - وَبِهِ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَأَنْ يَمْتَلِءَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن آدم کے لیے برا شعر پڑھنے سے بہتر ہے اپنے پیٹ میں پیپ بھرلے۔

5549 - حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُوسَى، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَرْقَمَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَرَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ) (الرعد: **43**)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ''وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ'' پڑھا۔

5550 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: سَمِعْتُ يُونُسَ، يُحَدِّثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَدْخُلُوا مَسَاكِنَ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ إِلَّا أَنْ تَكُونُوا بَاكِينَ أَنْ يُصِيبَكُمْ مِثْلُ مَا أَصَابَهُمْ - يَعْنِي: أَهْلَ الْحِجْرِ-

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان گھروں (مقامات) میں داخل نہ ہو جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا مگر روتے ہوئے ورنہ تم کو وہی عذاب پہنچے گا جو ان کو پہنچا ہے یعنی وہ لوگ اصحاب حجر ہیں۔

5551 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5548- الحديث سبق برقم: **5491** فراجعه .

5549- الحديث في المقصد العلي برقم: **1218** .

5550- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**66** رقم الحديث: **5342** قال: حدثنا يعمر بن بشر، قال: أخبرنا عبد الله، قال: أخبرنا معمر .

5551- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**24** رقم الحديث: **4775** .

عُمَرَ، أَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ

حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی چھوت چھات نہیں اور نہ ہی بدشگونی ہے۔

5552 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، أَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَمَى الْجَمْرَةَ الْأُولَى الَّتِي تَلِي الْمَسْجِدَ، مَسْجِدَ مِنًى رَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ، يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمَى بِحَصَاةٍ، ثُمَّ تَقَدَّمَ أَمَامَهَا فَوَقَفَ مُسْتَقْبِلًا الْقِبْلَةَ رَافِعًا يَدَيْهِ يَدْعُو وَكَانَ يُطِيلُ الْوُقُوفَ، ثُمَّ يَأْتِي الْجَمْرَةَ الثَّانِيَةَ فَيَرْمِيهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمَى بِحَصَاةٍ، ثُمَّ يَنْحَدِرُ ذَاتَ الْيَسَارِ مِمَّا يَلِي الْوَادِيَ، فَيَقِفُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ رَافِعًا يَدَيْهِ يَدْعُو، ثُمَّ يَأْتِي الْجَمْرَةَ الَّتِي عِنْدَ الْعَقَبَةِ فَيَرْمِيهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمَى بِحَصَاةٍ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ وَلَا يَقِفُ عِنْدَهَا قَالَ الزُّهْرِيُّ: سَمِعْتُ سَالِمًا، يُحَدِّثُ بِهَذَا عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اس جمرہ کو پہلے کنکری مارتے تھے جو مسجد منیٰ (خیف) سے ملا ہوا ہے' سات کنکریاں مارتے، ہر کنکری مارتے وقت اللہ اکبر کہتے پھر آگے بڑھتے۔ قبلہ رخ ٹھہرتے اپنے ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے۔ دیر تک ٹھہرتے۔ پھر جمرہ ثانی کے پاس آتے۔ اس کو سات کنکریاں مارتے۔ ہر کنکری مارتے وقت اللہ اکبر کہتے۔ پھر بائیں جانب ہوتے۔ جو وادی سے ملا ہوا ہے۔ وہاں بھی قبلہ رُو ٹھہرتے، اپنے ہاتھ اٹھاتے، پھر اس جمرہ کے پاس آتے جو عقبہ کے پاس ہے اس کو سات کنکریاں مارتے، ہر کنکری مارتے وقت اللہ اکبر کہتے۔ پھر پھرتے اس کے پاس نہ ٹھہرتے، امام زہری نے کہا: میں نے حضرت سالم سے سنا' وہ اس حدیث کو اپنے والد سے روایت کرتے اور ان کے والد (حضرت عبداللہ) نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بھی ایسے ہی کرتے تھے۔

5553 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ الْجُمَحِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم سے تمہاری عورتیں مسجد میں جانے کی اجازت مانگیں تو انہیں اجازت دے دو۔

5552- أخرجه الدارمي رقم الحديث: **1909** قال: أخبرنا عثمان بن عُمر .

5553- الحديث سبق برقم: **5420** فراجعه .

اسْتَأْذَنَكُمْ نِسَاؤُكُمْ إِلَى الْمَسْجِدِ فَأْذَنُوا لَهُنَّ

5554 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنَفِّلُ بَعْضَ مَنْ يَبْعَثُ مِنَ السَّرَايَا لِأَنْفُسِهِمْ خَاصَّةً النَّفَلِ سِوَى قِسْمَةِ عَامَّةِ الْجَيْشِ، وَالْخُمُسُ وَاجِبٌ فِي ذَلِكَ كُلِّهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم لشکر سرایا بھیجتے تھے سوائے لشکر عامہ کی تقسیم کے۔خمس ہر ایک میں واجب تھا۔

5555 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُصَوِّرُ عَبْدٌ صُورَةً إِلَّا قِيلَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَحْيِ مَا خَلَقْتَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تصویریں بناتے یا بنواتے ہیں ان کو قیامت کے دن کہا جائے گا کہ ان کو زندہ کرو جو تم نے پیدا کی ہیں۔

5556 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ الْمَسْأَلَةُ بِالرَّجُلِ حَتَّى يَلْقَى اللَّهَ وَلَيْسَ فِي وَجْهِهِ لَحْمٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی مسلسل مانگتا رہتا ہے جب اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے گا اس کے چہرے پر گوشت نہیں ہوگا۔

5557 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْبُنَانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ کسی قوم پر عذاب بھیجتا ہے تو عذاب عمومی ہوتا ہے جو بھی ان میں موجود ہوتا ہے

5554- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**140** رقم الحديث: **6250** قال: حدثنا حجاج .

5555- أخرجه البخاري جلد**7** صفحه**215** قال: حدثنا ابراهيم بن المنذر، قال: حدثنا أنس بن عياض، عن عبيد الله .

5556- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**15** رقم الحديث: **4638** قال: حدثنا اسماعيل، قال: أخبرنا معمر .

5557- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**40** رقم الحديث: **4985** قال: حدثنا عتاب، قال: حدثنا عبد الله .

عُمَرَ أَنَّهُ، سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا نَزَلَ بِقَوْمٍ عَذَابٌ أَصَابَ الْعَذَابُ مَنْ كَانَ فِيهِمْ، ثُمَّ بُعِثُوا عَلَى أَعْمَالِهِمْ

وہ عذاب کا شکار ہوتا ہے' پھر وہ اپنے اعمال کے مطابق اُٹھائے جائیں گے۔

5558 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَعَنَ اللَّهُ الْخَمْرَ، وَلَعَنَ شَارِبَهَا، وَسَاقِيَهَا، وَعَاصِرَهَا، وَمُعْتَصِرَهَا، وَحَامِلَهَا، وَالْمَحْمُولَةَ إِلَيْهِ، وَبَائِعَهَا، وَمُبْتَاعَهَا، وَآكِلَ ثَمَنِهَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے لعنت فرمائی اس آدمی پر جو شراب پیتا ہے اور پلاتا ہے اور نچوڑتا ہے اور اٹھاتا ہے اور اٹھواتا ہے، فروخت کرتا ہے خریدتا ہے اور اس کے پینے والے پر۔

5559 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَأْكُلْ بِيَمِينِهِ، وَإِذَا شَرِبَ فَلْيَشْرَبْ بِيَمِينِهِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ، وَيُشْرَبُ بِشِمَالِهِ قَالَ زُهَيْرٌ: هُوَ ابْنُ عُمَرَ

حضرت ابوبکر بن عبیداللہ اپنے دادا سے' وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھائے تو وہ دائیں ہاتھ سے کھائے' جب پیئے تو دائیں ہاتھ سے پیئے' کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا اور پیتا ہے۔ زہیر فرماتے ہیں: جد سے مراد' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہیں۔

5560 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ، أَنَّ أَبَاهُ، حَدَّثَهُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا صَارَ أَهْلُ الْجَنَّةِ إِلَى الْجَنَّةِ، وَصَارَ أَهْلُ النَّارِ إِلَى النَّارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اہل جنت' جنت میں اور اہل جہنم' جہنم میں چلے جائیں گے، موت کو لایا جائے گا۔ اس کو جنت اور دوزخ کے درمیان رکھ کر ذبح کیا جائے گا پھر یہ آواز دی جائے گی اے جنت والو! اے دوزخ

5558- أخرجه أحمد جلد2صفحه97 رقم الحديث: 5716 قال: حدثنا يونس بن محمد .

5559- الحديث سبق برقم: 5543 فراجعه .

5560- أخرجه أحمد جلد2صفحه118 رقم الحديث: 5993 قال: حدثنا ابراهيم بن اسحاق .

أُتِيَ بِالْمَوْتِ حَتَّى يُجْعَلَ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، ثُمَّ يُذْبَحُ، ثُمَّ يُنَادِي مُنَادٍ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ لَا مَوْتَ، يَا أَهْلَ النَّارِ لَا مَوْتَ، فَيَزْدَادُ أَهْلُ الْجَنَّةِ فَرَحًا إِلَى فَرَحِهِمْ، وَأَهْلُ النَّارِ حُزْنًا إِلَى حُزْنِهِمْ

والو! موت نہیں ہے۔ اہل جنت کی خوشی اور زیادہ ہو جائیں گے اور اہل جہنم کا غم اور بڑھ جائے گا۔

5561 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَّ أَبَاهُ، حَدَّثَهُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا لَا نَدْرِي مَا حَجَّةُ الْوَدَاعِ، فَحَمِدَ اللَّهَ - رَسُولُهُ - وَحْدَهُ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ ذَكَرَ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ فَأَطْنَبَ فِي ذِكْرِهِ، ثُمَّ قَالَ: مَا بَعَثَ اللَّهُ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا قَدْ أَنْذَرَهُ أُمَّتَهُ، لَقَدْ أَنْذَرَهُ نُوحٌ وَالنَّبِيُّونَ مِنْ بَعْدِهِ، وَإِنَّهُ يَخْرُجُ فِيكُمْ، وَمَا خَفِيَ عَلَيْكُمْ مِنْ شَأْنِهِ، فَلَا يَخْفَى عَلَيْكُمْ إِنَّهُ أَعْوَرُ عَيْنِ الْيُمْنَى كَأَنَّهَا عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ . ثُمَّ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا فِي بَلَدِكُمْ هَذَا فِي شَهْرِكُمْ هَذَا، أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟ . قَالُوا: نَعَمْ . قَالَ: اللَّهُمَّ اشْهَدْ . ثُمَّ قَالَ: وَيْلَكُمْ- أَوْ وَيْحَكُمْ - انْظُرُوا لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حجۃ الوداع کے موقع پر گفتگو کر رہے تھے۔ اس حال میں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان موجود تھے۔ ہم نہیں جانتے تھے کہ حجۃ الوداع کیا ہے۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی حمد اور اس کو ثناء بیان کی۔ پھر مسیح دجال کا ذکر کیا، ان کا تذکرہ لمبا کیا۔ پھر فرمایا: ہر نبی علیہ السلام نے اپنی امتوں کو ڈرایا ہے' حضرت نوح علیہ السلام اور آپ کے بعد آنے والے نبیوں نے ڈرایا ہے کہ وہ تم میں نکلے گا۔ تم پر اس کا کام مخفی نہ ہوگا تم اس پر مخفی نہ رہے کہ وہ دائیں آنکھ سے کانا ہوگا، اس طرح جیسے انگور کا پھٹا ہوا دانہ ہوتا ہے۔ پھر فرمایا: بے شک اللہ نے تم تمہارے خون تمہارے مال اس دن اس شہر اس ماہ کی طرح حرام کیے ہیں۔ کیا میں نے پہنچا دیا اللہ کا پیغام؟ سب صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ تو گواہ رہنا۔ پھر فرمایا: تمہارے لیے ہلاکت ہو! یا تمہارے لیے بربادی ہو! دیکھو تم میرے بعد کافر نہ ہونا کہ تم ایک دوسرے کی گردنیں اُڑانے لگو۔

5562 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا بَشَّارُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم میں حانث ہونا ہے یا ندامت

5561- أخرجه أحمد جلد2صفحه85 رقم الحديث: **5578** وجلد2صفحه104 رقم الحديث: **5810** .

5562- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **2103** قال: حدثنا على بن محمد' قال: حدثنا أبو معاوية .

بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا الْيَمِينُ حِنْثٌ - أَوْ نَدَمٌ-

ہے۔

5563 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِهِ حَيْثُمَا تَوَجَّهَتْ بِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سواری پر نماز پڑھتے' جس طرف بھی اس کا منہ ہوتا تھا۔

5564 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ هَذَا الْأَمْرُ فِي قُرَيْشٍ مَا بَقِيَ فِي النَّاسِ اثْنَانِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ حکم (بادشاہ ہونا) مسلسل قریش میں رہے گا، جب تک قریش کے دو آدمی لوگوں میں ہیں۔

5565 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْمَاءِ يَكُونُ بِأَرْضِ الْفَلَاةِ، وَمَا يَنُوبُهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالسِّبَاعِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَانَ الْمَاءُ قُدْرَ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا اس پانی کے متعلق جو جنگل میں ہوتا ہے وہاں جانور اور درندے پھاڑنے والے ہوتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانی جب دو قلہ ہو تو نجاست نہیں اٹھاتا ہے۔

5566 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ،

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی

5563- الحديث سبق برقم: **5530,5544** فراجعه .

5564- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**29** رقم الحديث: **4832** قال: حدثنا معاذ .

5565- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**12** رقم الحديث: **4605** .

5566- الحديث سبق برقم: **5558** فراجعه .

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْخَمْرَ، وَشَارِبَهَا، وَسَاقِيَهَا، وَبَائِعَهَا، وَمُبْتَاعَهَا، وَحَامِلَهَا، وَالْمَحْمُولَةَ إِلَيْهِ، وَعَاصِرَهَا، وَمُعْتَصِرَهَا، وَآكِلَ ثَمَنِهَا

کریم ﷺ نے شراب' اسے پینے والے' پلانے والے' بیچنے والے' خریدنے والے' اُٹھانے والے' جس کی طرف اُٹھائی جائے' اسے نچوڑنے والے' نچڑوانے والے اور اس کی قیمت کھانے والے پر لعنت فرمائی ہے۔

5567 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد منکر نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں مارتے رہو۔

5568 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ الْأَسَدِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَيْفَ أَنْتَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ إِذَا بَقِيتَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ قَدْ مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ وَأَمَانَاتُهُمْ وَاخْتَلَفُوا وَصَارُوا هَكَذَا؟ . وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ . قَالَ: فَكَيْفَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَأْخُذُ مَا تَعْرِفُ، وَتَدَعُ مَا تُنْكِرُ، وَتُقْبِلُ عَلَى خَاصَّتِكَ، وَتَدَعُ عَوَامَّهُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن عمر! تم کیسے ہو گے جب تم لوگوں کی تلچھٹ میں باقی رہ جاؤ گے' ان کے وعدے اور ان کی امانتیں حرج کا شکار ہوں گی' وہ اختلاف کریں گے اور وہ اس طرح ہو جائیں گے اور اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل فرمایا۔ حضرت عبداللہ نے حیران ہو کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیسے ہو گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نیکی کو اختیار کرنا اور بُرائی کو چھوڑ دینا' اپنے خاص دینی بھائیوں کی طرف متوجہ رہنا اور ان کی عوام کو چھوڑ دینا۔

5569 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک

5567- الحديث سبق مطولًا برقم: **5561** فراجعه .

5568- أخرجه البخاري رقم الحديث: **478** من طريق حامد بن عمر' عن بشر بن المفضل' حدثنا عاصم .

5569- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **1176** من طريق الوليد بن مسلم .

الـدَّوْرَقِـيُّ، حَـدَّثَنَا مُبَشِّرٌ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْـمُـطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُومِيِّ، قَالَ: أَتَى عَبْدَ اللّٰـهِ بْنَ عُمَرَ رَجُلٌ، فَقَالَ: كَيْفَ أُوتِرُ؟ قَالَ: أَوْتِرْ بِـرَكْـعَةٍ وَاحِدَةٍ ـ فَـقَـالَ: إِنِّـي أَخْشَـى أَنْ يَقُولَ النَّاسُ هِيَ الْبُتَيْرَاءُ ـ فَقَالَ: سُنَّةَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ رَسُولِهِ تُرِيدُ؟ هَذِهِ سُنَّةُ اللّٰهِ وَسُنَّةُ رَسُولِهِ

آدمی آیا، عرض کی: میں وتر کیسے پڑھوں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک رکعت کے ساتھ دو ملا کر وتر بنا لو۔ فرمایا: میں خوف کرتا ہوں کہ لوگ کہیں گے: یہ بتیرا ہے۔ فرمایا: اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت چاہتے ہو؟ یہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔

5570 - حَـدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا سُـفْيَـانُ، عَـنِ ابْـنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سُئِلَ ابْـنُ عُـمَرَ عَنْ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ ـ قَالَ: حَجَجْتُ مَعَ الـنَّبِـيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَصُمْ، وَحَجَجْتُ مَـعَ أَبِـي بَـكْـرٍ وَعُـمَـرَ فَلَمْ يَصُمْهُ، وَحَجَجْتُ مَعَ عُثْمَانَ فَلَمْ يَصُمْهُ، وَأَنَا لَا أَصُومُهُ، وَلَا آمُرُ بِهِ، وَلَا أَنْهَى عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے عرفہ کے دن کے روزے کے متعلق سوال کیا گیا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ نہیں رکھا اور ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کے ساتھ حج کیا یہ حضرات روزہ نہیں رکھتے تھے۔ میں نہ روزہ رکھتا ہوں نہ اس کا حکم دیتا ہوں' میں نہ اس سے منع کرتا ہوں۔

5571 - حَـدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِـي لَيْـلَـى، عَـنِ ابْـنِ عُمَرَ، قَالَ: بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ، فَحُصِّنَا حَيْصَةً، فَدَخَلْنَا الْمَدِينَةَ فَتَخَبَّأْنَا، قَالَ: فَقُلْنَا هَلَكْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَحْنُ الْفَرَّارُونَ ـ قَالَ: لَا، بَلْ أَنْتُمُ الْعَكَّارُونَ، وَأَنَا فِئَتُكُمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سریہ میں بھیجا۔ ہمارے لیے واضح ہوا کہ ہم بھاگنا چاہتے ہیں ہم مدینہ شریف آئے۔ ہم نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم ہلاک ہو گئے، ہم بھاگ گئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں جنگ سے بھاگنے پر مجبور ہو کر آئے' میں مسلمانوں کیلئے رجوع کی جگہ ہوں۔

قَـالَ أَبُو عَلِيٍّ: وَزَادَ فِيهِ ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يَزِيدَ بْـنِ أَبِـي زِيَـادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ

دیگر راویوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ الفاظ زیادہ کیے ہیں: فرمایا: ہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے

5570- أخرجه أحمد جلد2صفحه47 . وأخرجه الترمذى رقم الحديث: 751 ومن طريقه البغوى فى شرح السنة جلد6صفحه346 .

5571- أخرجه الحميدى برقم: 687 . وأخرجه الترمذى رقم الحديث: 1716 من طريق ابن أبى عمر' عن سفيان به .

ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: وَقَبَّلْنَا يَدَهُ - يَعْنِي: النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ-

ہاتھ کو بوسہ دیا۔

5572 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ بَشِيرٍ الْمُذَكِّرُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ الْعَمِّيُّ، عَنْ أَبِي، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ الْمُزَنِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: تَوَضَّأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّةً مَرَّةً، فَقَالَ: هَذَا الْوُضُوءُ الَّذِي لَا يَقْبَلُ اللَّهُ الصَّلَاةَ إِلَّا بِهِ . ثُمَّ تَوَضَّأَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ: هَذَا الْقَصْدُ مِنَ الْوُضُوءِ يُضَاعَفُ لِصَاحِبِهِ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ ، ثُمَّ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، فَقَالَ: هَذَا وُضُوئِي، وَوُضُوءُ خَلِيلِ اللَّهِ إِبْرَاهِيمَ، وَوُضُوءُ الْأَنْبِيَاءِ قَبْلِي، وَهُوَ وَظِيفَةُ الْوُضُوءِ، فَمَنْ تَوَضَّأَ وُضُوئِي هَذَا ثُمَّ قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، فُتِحَتْ لَهُ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ يَدْخُلُ مِنْ أَيِّهَا شَاءَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایک مرتبہ وضو فرمایا، پھر فرمایا: وضو کے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی، پھر دو دو مرتبہ وضو کیا، پھر فرمایا: یہ وضو کرنے والے کے ثواب میں اضافہ ہوتا ہے، پھر تین تین مرتبہ وضو کیا اور فرمایا: یہ میرا مجھ سے پہلے انبیاء ابراہیم علیہ السلام کا وضو ہے یہ وضو کا فرض ہے جس نے میرا یہ وضو کیا پھر کہا: اشہدان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمد رسول اللہ کہا اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے جس میں چاہے داخل ہو جائے۔

5573 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ كُلَيْبِ بْنِ وَائِلٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، قَالَ: إِنِّي لَقَاعِدٌ عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ، إِذْ أَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: أَشَهِدَ عُثْمَانُ بَدْرًا؟ . قَالَ: لَا . قَالَ: فَشَهِدَ بَيْعَةَ الرِّضْوَانِ؟ . قَالَ: لَا . قَالَ: فَكَانَ مِمَّنْ تَوَلَّى يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: فَانْطَلَقَ فَقِيلَ لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ . إِنَّ هَذَا سَيُخْبِرُ أَنَّكَ تَنَقَّصْتَ عُثْمَانَ . قَالَ: رُدُّوهُ عَلَيَّ، قَالَ لَهُ ابْنُ

حضرت حبیب بن ابوملیکہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا جب ان کے پاس ایک آدمی آیا تو اس نے آتے ہی کہا: کیا حضرت عثمان غزوۂ بدر میں شریک ہوئے تھے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! اس نے کہا: بیعت رضوان میں موجود تھے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! اس نے کہا: پس وہ ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے دو لشکروں کے ملنے کے دن منہ پھیر لیا تھا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! راوی کا بیان ہے: اتنا

5572- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 419 قال: حدثنا أبو بكر بن خلاد الباهلي' قال: حدثني مرحوم بن عبد العزيز العطار .

5573- أخرجه أحمد جلد2صفحه101 رقم الحديث:5772 قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا أبو عوانة .

عُمَرَ: أَمَّا يَوْمُ بَدْرٍ فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَّفَهُ لِحَاجَتِهِ، فَأَسْهَمَ لَهُ وَلَمْ يَكُنْ لِيُسْهِمَ لِغَائِبٍ، وَأَمَّا بِيعَةُ الرِّضْوَانِ فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ، فَأَخْرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ فَمَسَحَهَا عَلَى كَفِّهِ، قَالَ: هَذِهِ لِعُثْمَانَ . فَيَدُ رَسُولِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ يَدِ عُثْمَانَ، وَأَمَّا يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ عَفَا عَنْهُمْ، اذْهَبْ فَاجْهَدْ عَلَيَّ جَهْدَكَ

کہہ کر وہ چلا گیا۔ پس آپ سے عرض کی گئی: اے ابوعبدالرحمٰن! بے شک یہ آدمی آگے جا کر لوگوں کو کہے گا کہ آپ نے حضرت عثمان کی تنقیص کی ہے۔ آپ نے فرمایا: اسے ایک بار واپس میرے پاس لے آؤ! حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اس سے فرمایا: جہاں تک تعلق ہے غزوۂ بدر کا تو رسول کریم ﷺ نے اپنے کام کیلئے انہیں پیچھے چھوڑا تھا اور آپ کو مالِ غنیمت میں حصہ دیا' حالانکہ کسی غائب کو حصہ نہیں دیا جاتا تھا' بہرحال بیعت رضوان تو رسول کریم ﷺ نے ان کو مکہ والوں کی طرف بھیجا تھا۔ پس رسول کریم ﷺ نے اپنے ہاتھوں کو نکال کر انہیں اپنی ہتھیلی پر پھیرا اور فرمایا: یہ عثمان کا ہاتھ ہے۔ پس رسول کریم ﷺ کا ہاتھ' حضرت عثمان کے ہاتھ سے بہتر ہے اور جہاں تک بات ہے دو لشکروں کے ملنے کے دن کی تو اللہ تعالیٰ نے ان سب کو معاف فرما دیا' جا چلا جا! میرے سامنے زیادہ چالاکی نہ دکھا اور اپنی بات کو میرے اوپر مسلط نہ کر۔

5574 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَجْدَةٌ مِنْ سُجُودِكُمْ أَطْوَلُ مِنْ ثَلَاثِ سَجَدَاتٍ مِنْ سُجُودِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: تمہارے سجدوں میں سے حضور ﷺ کے سجدوں میں سے تین سجدوں سے زیادہ لمبا ہوتا تھا۔

5575 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أُسَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نَقُولُ عَلَى عَهْدِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے زمانہ میں کہا کرتے تھے۔ پہلے نبی' پھر حضرت ابوبکر پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی شان ہے اور حضرت

5574- أخرجه أحمد جلد2صفحه106 من طريق وكيع عن فضيل بن مرزوق به .

5575- الحديث في المقصد العلي برقم: 1328 .

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: النَّبِيُّ، ثُمَّ أَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ، وَلَقَدْ أُعْطِيَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ثَلَاثَ خِصَالٍ، لَأَنْ يَكُونَ فِيَّ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ حُمُرِ النَّعَمِ: تَزَوَّجَ فَاطِمَةَ، وَوَلَدَتْ لَهُ، وَغَلَّقَ الْأَبْوَابَ غَيْرَ بَابِهِ، وَدَفَعَ الرَّايَةَ إِلَيْهِ يَوْمَ خَيْبَرٍ

علی رضی اللہ عنہ کو تین خوبیوں سے نوازا گیا۔ مجھ میں ایک بھی ہو تو میرے نزدیک سرخ اونٹ صدقہ کرنے سے بہتر ہے۔ (۱) خاتون جنت حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا سے آپ رضی اللہ عنہ کی شادی ہوئی، اس سے آپ رضی اللہ عنہ کی اولاد ہوئی۔ (۲) آپ رضی اللہ عنہ کے دروازہ کے علاوہ تمام دروازے بند کر دیئے گئے (۳) خیبر کے دن آپ رضی اللہ عنہ کو جھنڈا دیا گیا۔

5576 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمَاجِشُونِ يُوسُفُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا نَعْدِلُ بِهِ أَحَدًا، ثُمَّ نَقُولُ: خَيْرُ النَّاسِ أَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ، ثُمَّ عُثْمَانُ، ثُمَّ لَا نُفَاضِلُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر کسی کو نہیں جانتے تھے پھر ہم کہتے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تمام لوگوں سے بہتر ہیں، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پھر ہم فضیلت کا مقابلہ نہیں کرتے تھے۔

5577 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، نَحْوَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اسی کی مانند روایت منقول ہے۔

5578 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، نَحْوَهُ قَالَ: فَيَبْلُغُ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا يُنْكِرُهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اس جیسی ح دیث روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر کسی کو نہیں جانتے تھے پھر ہم کہتے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تمام لوگوں سے بہتر ہیں، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پھر ہم فضیلت نہیں دیتے تھے۔

5579 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

5576- أخرجه البخاری جلد5صفحه5 قال: حدثنا عبد العزيز بن عبد الله' قال: حدثنا سليمان' عن يحيى ابن سعيد .

5577- الحديث سبق برقم: **5576** فراجعه .

5578- الحديث سبق برقم: **5577,5576** فراجعه .

5579- أورده الهيثمي في من جمع الزوائد جلد2صفحه149 وقال: رواه الطبراني في الكبير .

هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ فِي الصَّلَاةِ كَمَا يُعَلِّمُ الْمُكْتِبُ الْوِلْدَانَ

اللہ ﷺ ہم کو التحیات نماز میں پڑھی جانے والی سکھاتے تھے۔ جیسے بچوں کو لکھنا سکھانے والا سکھاتا۔

5580 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنِي أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ ثَابِتٍ الْمَدَنِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ خَالِدَ بْنَ كَيْسَانَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ قَاعِدًا فَمَرَّ فَتًى يَجُرُّ سَبَلَهُ فَقَالَ لِي: ادْعُ هَذَا، ادْعُ هَذَا ـ قَالَ: فَدَعَوْتُهُ ـ قَالَ: فَقَالَ لَهُ: ارْفَعْ إِزَارَكَ ـ قَالَ: فَرَفَعَهُ إِلَى فَوْقِ عَقِبِهِ ـ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: هَكَذَا أُزُرُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - أَوْ قَالَ: هَكَذَا أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَأْتَزِرَ -

حضرت خالد بن کیسان فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس سے ایک نوجوان گزرا وہ اپنی تہبند کو لٹکائے ہوئے تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو میرے پاس بلواؤ اس کو بلاؤ۔ میں نے اس کو بلوایا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو کہا کہ اپنا تہبند اٹھا، اس نے اپنے ٹخنوں کے اوپر اٹھایا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایسے ہی تہبند باندھتے تھے یا یہ فرمایا: ہم کو حضور ﷺ ایسے ہی تہبند باندھنے کا حکم دیتے تھے۔

5581 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ كَيْسَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَرِبَ خَمْرًا فَسَكِرَ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ أَرْبَعِينَ يَوْمًا، فَإِنْ مَاتَ مِنْهَا دَخَلَ النَّارَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے شراب پی، اس کو نشہ ہو گیا اس کی نماز چالیس دن تک قبول نہیں ہوگی اگر اس نشہ کی حالت میں مر گیا وہ جہنم میں داخل ہو گیا۔

5582 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ قُدَامَةَ بْنِ مُوسَى، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ حَصِينٍ التَّمِيمِيِّ، عَنْ أَبِي عَلْقَمَةَ، مَوْلَى

حضرت یسار مولیٰ ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے دیکھا طلوع فجر کے بعد نماز پڑھتے ہوئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے یسار! تو نے کتنی

5580- وراجع الحديث رقم: **5547** في موضع الازار .

5581- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **1862** قال: حدثنا قتيبة، قال: حدثنا جرير بن عبد الحميد .

5582- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**104** رقم الحديث: **5811** قال: حدثنا عفان، قال: حدثنا وهيب .

ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ يَسَارٍ، مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ قَالَ: رَآنِي ابْنُ عُمَرَ وَأَنَا أُصَلِّي، بَعْدَ طُلُوعِ الْفَجْرِ قَالَ: يَا يَسَارُ، كَمْ صَلَّيْتَ؟ قُلْتُ: لَا أَدْرِي. قَالَ: لَا دَرَيْتَ، إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَيْنَا وَنَحْنُ نُصَلِّي هَذِهِ الصَّلَاةَ، فَقَالَ: أَلَا لِيُبَلِّغْ شَاهِدُكُمْ غَائِبَكُمْ أَنْ لَا صَلَاةَ بَعْدَ الْفَجْرِ إِلَّا سَجْدَتَيْنِ

رکعتیں پڑھی ہیں۔ میں نے عرض کی: میں نہیں جانتا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو نہیں جانتا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس نکلے، ہم یہ نماز پڑھ رہے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے حاضر غائب کو پہنچا دیں یہ پیغام کہ فجر کے بعد صرف دو سجدے ہیں (دو رکعتیں ہیں)۔

5583 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ النُّكْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ عَبْدِهِ مَا لَمْ يُغَرْغِرْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، ایک سفر میں۔ سخت اندھیرے والی یا بارش والی رات تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن نے یہ اذان دی اور منادی نے نداء دی کہ اپنی سواریوں پر نماز پڑھ لو۔

5646- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **2373** من طريق سويد بن سعيد .

5647- أخرجه ابن خزيمة رقم الحديث: **1656** قال: حدثنا يوسف بن موسى، قال: حدثنا جريرة، عن يحيى ابن سعيد الأنصاري، عن القاسم بن مُحمد، فذكره .

وَسَلَّمَ أَوْ نَادَى مُنَادِيهُ: أَنْ صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

5648 - حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، قَالَ: حَدَّثَنِي حَنْظَلَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ، أَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ يُوَدِّعُهُ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: انْتَظِرْ أُوَدِّعْكَ كَمَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوَدِّعُنَا: أَسْتَوْدِعُ اللَّهَ دِينَكَ، وَأَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيمَ عَمَلِكَ

حضرت قاسم بن محمد فرماتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس تھا' جب ایک آدمی اُن کی بارگاہ میں حاضر ہوا کہ آپ اسے الوداع کریں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: انتظار کرو! میں تمہیں الوداع کرتا ہوں' اسی طرح جیسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں الوداع کیا تھا (فرمایا تھا)' میں تمہارے دین' تمہاری امانت اور تمہارے اعمال کے انجام' اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

5649 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى دَرَجَةِ الْكَعْبَةِ يَوْمَ الْفَتْحِ فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي صَدَقَ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ، أَلَا إِنَّ قَتِيلَ الْعَمْدِ الْخَطَأِ بِالسَّوْطِ وَالْعَصَا، فِي الْعَمْدِ مِائَةٌ مِنَ الْإِبِلِ، مِنْهَا أَرْبَعُونَ خَلِفَةً فِي بُطُونِهَا أَوْلَادُهَا، أَلَا إِنَّ كُلَّ دَمٍ وَمَأْثُرَةٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَهُوَ تَحْتَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ، إِلَّا مَا كَانَ مِنْ سِدَانَةِ الْبَيْتِ وَسِقَايَةِ الْحَاجِّ، فَإِنِّي أُمْضِيهِمَا لِأَهْلِهِمَا كَمَا كَانَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن کعبہ شریف (کے دروازہ) کی سیڑھی پر چڑھے اور فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے اپنے وعدہ کو سچ کیا۔ اپنے بندہ کی مدد فرمائی۔ لشکر بھگا دیئے اکیلے۔ خبردار قتل عمد خطا کوڑے کے ساتھ اور عمد عصا کے ساتھ سو اونٹ بطور دیت ان میں سے چالیس وہ جدا ابھی اپنی اولاد کے پیٹ میں ہیں' خبردار! جاہلیت کے ہر خون اور وہ میرے ان دو قدموں کے نیچے ہیں۔

5650 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب

5648- الحديث سبق برقم: **5598** فراجعه .

5649- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **702** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **2** صفحه **11** رقم الحديث: **4583** قال: حدثنا سفيان .

5650- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **79** رقم الحديث: **5502** قال: حدثنا محمد بن جعفر' قال: حدثنا شعبة .

خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ قَالَ: اللّٰهُمَّ أَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِي، وَأَنْتَ تَتَوَفَّاهَا، لَكَ مَحْيَاهَا وَمَمَاتُهَا، اللّٰهُمَّ إِنْ تَوَفَّيْتَهَا فَاغْفِرْ لَهَا، وَإِنْ أَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا، اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ وَلَدِهِ: يَا أَبَهْ، أَكَانَ عُمَرُ يَقُولُ هَذَا؟ قَالَ: بَلْ خَيْرٌ مِنْ عُمَرَ كَانَ يَقُولُهُ، قَالَ: فَظَنَنَّا أَنَّهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اپنے بستر پہ آتے تھے یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ الٰی آخرہٖ''۔ایک آدمی جو ابن عمر کی اولاد سے تھا' اس نے عرض کی: اے ابو! کیا حضرت عمر یہ کہتے تھے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: حضرت عمر سے بہتر جو کرتے تھے' ہم نے خیال کیا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات تھی۔

5651 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُقْبَلُ صَلَاةٌ بِغَيْرِ طُهُورٍ، وَلَا صَدَقَةٌ مِنْ غُلُولٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بغیر وضو کے نماز قبول نہیں اور خیانت والے مال سے زکوٰۃ قبول نہیں۔

5652 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيِّرُوا الشَّيْبَ وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی سفیدی کو بدلو اور یہودیوں سے مشابہت اختیار نہ کرو۔

5653 - حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى السِّمْسَارُ، حَدَّثَنَا هِقْلٌ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ:

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہم امام کے پاس آتے ہیں، وہ فیصلہ کرتا ہے ہم خیال کرتے ہیں کہ وہ ظلم کرتا ہے۔

5651- الحديث سبق برقم: **5588** فراجعه .

5652- أخرجه النسائي جلد **8** صفحه **137** قال: أخبرني عثمان بن عبد الله' قال: حدثنا أحمد بن جناب' قال: حدثنا عيسى بن يونس' عن هشام بن عروة' عن أبيه' فذكره .

5653- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **105** . وابن ماجة رقم الحديث: **3975** من طريق يعلى بن عبيد' عن الأعمش' عن ابراهيم' عن أبي الشعثاء .

يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِنَّا لَنَدْخُلُ عَلَى الْإِمَامِ يَقْضِي بِالْقَضَاءِ نَرَاهُ جَوْرًا فَنَقُولُ: وَفَّقَكَ اللَّهُ وَنَنْظُرُ إِلَى الرَّجُلِ مِنَّا فَنُثْنِي عَلَيْهِ، فَقَالَ: أَمَّا نَحْنُ مَعْشَرَ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنَّا نَعُدُّ هَذَا نِفَاقًا فَمَا أَدْرِي مَا تَعُدُّونَهُ أَنْتُمْ؟

ہم نے کہا اللہ آپ کو توفیق دے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اپنے ایک آدمی کی طرف اس کی تعریف کرتے ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کے گروہ اس بات کو منافقت شمار کرتے ہیں۔ میں نہیں جانتا ہوں کہ تم اس کو منافقت شمار کرتے ہو یا نہیں؟

5654 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ عَلَى قَلِيبِ بَدْرٍ فَقَالَ: هَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَكُمْ رَبُّكُمْ حَقًّا؟ ثُمَّ قَالَ: إِنَّهُمْ لَيَسْتَمِعُونَ مَا أَقُولُ . فَذُكِرَ ذَلِكَ لِعَائِشَةَ فَقَالَتْ: وَهَلْ تَعْنِي ابْنَ عُمَرَ إِنَّمَا قَالَ: الْآنَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّ الَّذِي كُنْتُ أَقُولُ لَهُمْ هُوَ الْحَقُّ . ثُمَّ قَرَأَتْ هَذِهِ الْآيَةَ (إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَى) (النمل:80) حَتَّى فَرَغَتْ مِنَ الْآيَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بدر کے کنواں کے پاس کھڑے ہوئے، فرمانے لگے کیا تم نے پالیا ہے جس کا تمہارے رب حق کا وعدہ کیا تھا؟ پھر فرمایا: تم ضرور سنتے ہو جو میں کہہ رہا ہوں۔ یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے کی گئی۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا اب تو آپ رضی اللہ عنہا ضرور جان گئی ہوں گی جو میں کہتا تھا وہ درست ہے۔ پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ آیت پڑھی: ''اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى'' مکمل آیت پڑھی۔

5655 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ . فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِعَائِشَةَ فَقَالَتْ: وَهَلْ تَعْنِي ابْنَ عُمَرَ إِنَّمَا مَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَبْرٍ فَقَالَ: إِنَّ صَاحِبَ هَذَا الْقَبْرِ لَيُعَذَّبُ وَأَهْلُهُ يَبْكُونَ عَلَيْهِ ثُمَّ قَرَأَتْ هَذِهِ الْآيَةَ (وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى) (الأنعام:164)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک میت کو عذاب ہوتا ہے اس پر اس کے اہل خانہ کے رونے کی وجہ سے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس یہ بات ذکر ہوئی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبر کے پاس سے گزرے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس قبروں کو ضرور عذاب ہو رہا ہے اس پر اس کے اہل خانہ کے رونے کی وجہ سے پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ آیت پڑھی: ''کوئی ایک دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا''۔

5654- أخرجه أحمد جلد2صفحه38 رقم الحديث:**4958** قال: حدثنا عبدة بن سليمان' أبو محمد الكلابي .

5655- أخرجه الحميدي رقم الحديث:**220** قال: حدثنا سفيان' قال: حدثنا عمرو بن دينار .

5656 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: نَادَى رَجُلٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَيُّ اللَّيْلِ أَجْوَبُ دَعْوَةً؟ قَالَ: جَوْفُ اللَّيْلِ الْآخِرِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارا پھر عرض کی: یا رسول اللہ! کون سی رات کو دعا جلدی قبول ہوتی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر رات کے درمیانی حصہ میں۔

5657 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا بَدَا حَاجِبُ الشَّمْسِ فَأَخِّرُوا الصَّلَاةَ حَتَّى تَبْرُزَ وَإِذَا غَابَ حَاجِبُ الشَّمْسِ، فَأَخِّرُوا الصَّلَاةَ حَتَّى تَغْرُبَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب سورج کا کنارہ ظاہر ہو تو نماز کو مؤخر کرو۔ یہاں تک کہ ظاہر ہو جائے جب سورج کا ایک کنارہ غروب ہو جائے تو نماز کو مؤخر کرو، یہاں تک کہ مکمل غروب ہو جائے۔

5658 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحَرَّوْا بِصَلَاتِكُمْ طُلُوعَ الشَّمْسِ، فَإِنَّهَا تَطْلُعُ بِقَرْنَيِ الشَّيْطَانِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورج طلوع ہوتے وقت اپنی نماز ادا کرنے کی کوشش نہ کرو کیونکہ سورج' شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے۔

5659 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ قُلْ لِي قَوْلًا وَأَقْلِلْ لَعَلِّي أَعْقِلُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَغْضَبْ فَأَعَدْتُ مَرَّتَيْنِ كُلَّ ذَلِكَ يَرْجِعُ إِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَغْضَبْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے کوئی بات فرما دیں، وہ مختصر ہو تا کہ میں اس کو سمجھ سکوں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر، میں نے دو مرتبہ عرض کی، ہر مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجھے یہی جواب دیتے رہے کہ غصہ نہ کیا کر۔

5656- أخرجه الطبراني في الصغير جلد**1**صفحه**129,128** من طريق الحسن بن عليل' حدثنا علي بن الحسن' حدثنا الأشجعي' عن سفيان النهدي' عن خالد الحذا' بهذا السند .

5657- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**31** رقم الحديث: **4612** وجلد**2**صفحه**19** رقم الحديث: **4694** .

5658- الحديث سبق برقم: **5657** فراجعه .

5659- الحديث في المقصد العلي برقم: **1067** .

5660 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ ابْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ أَرْبَعِينَ صَبَاحًا، فَإِنْ تَابَ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِ، وَإِنْ عَادَ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ أَرْبَعِينَ صَبَاحًا، فَإِنْ تَابَ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِ، فَإِنْ عَادَ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ أَرْبَعِينَ صَبَاحًا، فَإِنْ تَابَ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِ، فَإِنْ عَادَ الرَّابِعَةَ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ أَرْبَعِينَ صَبَاحًا، فَإِنْ تَابَ لَمْ يَتُبِ اللَّهُ عَلَيْهِ، وَسَقَاهُ مِنْ نَهْرِ الْخَبَالِ فَقِيلَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَمَا نَهْرُ الْخَبَالِ؟ قَالَ: نَهَرٌ مِنْ صَدِيدِ أَهْلِ النَّارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے شراب پی اس کی چالیس دن تک نمازیں قبول نہیں ہوں گی اگر وہ توبہ کرے اللہ اس کی توبہ قبول کرے گا اگر دوبارہ پی، اس کی نماز چالیس دن تک قبول نہیں ہوگی۔ اگر توبہ کرے اس کی توبہ قبول ہو جائے گی۔ اگر تیسری مرتبہ پی۔ اس کی نماز چالیس دن قبول نہیں ہوگی۔ اگر پھر توبہ کرے تو اللہ اس کی توبہ قبول کرے گا۔ اگر چوتھی مرتبہ پی، تو چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں ہوگی، اگر توبہ کرے گا اس کی توبہ قبول نہیں ہوگی۔ اس کو نہر خبال سے پلایا جائے گا۔ عرض کی گئی: اے ابو عبدالرحمٰن! نہر خبال کیا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جہنمیوں کی پیپ کی نہر ہے۔

5661 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ ابْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، كَانَ يُزَاحِمُ عَلَى الرُّكْنَيْنِ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، إِنِّي رَأَيْتُكَ تُزَاحِمُ عَلَى الرُّكْنَيْنِ زِحَامًا مَا رَأَيْتُ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُزَاحِمُ عَلَيْهِ؟ قَالَ: إِنْ أَفْعَلْ فَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَسْحُهُمَا كَفَّارَةٌ لِلْخَطَايَا وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ أُسْبُوعًا فَأَحْصَاهُ كَانَ لَهُ كَعِتْقِ رَقَبَةٍ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: لَا يَضَعُ قَدَمًا وَلَا يَرْفَعُ

حضرت عبید بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ دونوں رکنوں پر بھیڑ کیا جاتے تھے۔ میں نے عرض کی: اے ابو عبید الرحمٰن! میں نے آپ رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ کثرت کے ساتھ ان دونوں رکنوں کے پاس جاتے ہیں۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام میں سے کسی کو اتنا کثرت سے جاتے ہوئے نہیں دیکھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں ایسے کرتا ہوں تو میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان دونوں کو ہاتھ لگانا گناہوں کا کفارہ ہے اور میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بیت اللہ کے سات چکر لگائے تو اس کے لیے ثواب اتنا

5660- الحديث سبق برقم: **5581** فراجعه .

5661- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**3** رقم الحديث: **4462** قال: حدثنا هُشيم .

أُخْرَى إِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً وَكَتَبَ لَهُ بِهَا حَسَنَةً وَرُفِعَتْ لَهُ بِهَا دَرَجَةٌ

ہے کہ جیسے کوئی غلام آزاد کیا جاتا ہے۔ میں نے آپ ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کوئی قدم نہیں اٹھتا مگر اس دوسرے قدم کے اٹھانے کے ساتھ اللہ عزوجل ایک گناہ معاف کرتا ہے۔ ایک اس کے ساتھ نیکی لکھی جاتی ہے، ایک درجہ بلند ہوتا ہے۔

5662 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ، يَقُولُ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: مَالِي أَرَاكَ لَا تَسْتَلِمُ إِلَّا هَذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ: الْحَجَرَ الْأَسْوَدَ، وَالرُّكْنَ الْيَمَانِيَ؟ قَالَ: فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: إِنْ أَفْعَلْ فَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اسْتِلَامَهُمَا يَحُطُّ الْخَطَايَا وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: مَنْ طَافَ سُبُوعًا يُحْصِيهِ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ كَانَ لَهُ كَعِدْلِ رَقَبَةٍ . وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: مَا رَفَعَ رَجُلٌ قَدَمًا وَلَا وَضَعَهَا إِلَّا كُتِبَتْ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَحُطَّ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ وَرُفِعَ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ

عبداللہ بن عبید بن عمیر سے روایت ہے کہ اُنہوں نے اپنے باپ کو کہتے ہوئے سنا: میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی: میں آپ کو دیکھتا ہوں کہ آپ صرف ان دو رکنوں کو بوسہ دیتے ہیں: حجر اسود اور رکن یمانی۔ راوی کا بیان ہے کہ اُنہوں نے فرمایا: اگر میں کرتا ہوں تو میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ان دونوں کو بوسہ دینا گناہوں کو مٹاتا ہے اور میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے گن کر سات چکر بیت اللہ شریف کے لگائے اور دو رکعتیں ادا کیں تو گردن آزاد کرنے کے برابر ہے اور میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: کوئی آدمی جو قدم اُٹھاتا ہے اور رکھتا ہے' اس کیلئے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں' دس گناہ معاف کیے جاتے ہیں اور دس درجے بلند کیے جاتے ہیں۔

5663 - وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ، يَقُولُ لِابْنِ عُمَرَ: مَا لَكَ أَرَاكَ تَسْتَلِمُ هَذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ لَا تَسْتَلِمُ

حضرت عبید بن عمیر نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی: آپ کو کیا ہے کہ ان دونوں رکنوں کو آپ بوسہ دیتے ہیں' ان دو کے علاوہ کو بوسہ نہیں دیتے' یعنی حجر اسود اور رکن یمانی۔ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں ایسا

5662- الحديث سبق برقم: 5661 فراجعه .

5663- الحديث سبق برقم: 5662,5661 فراجعه .

غَيْرَهُمَا - يَعْنِي الْحَجَرَ الْأَسْوَدَ، وَالرُّكْنَ الْيَمَانِيَّ - فَقَالَ: إِنْ أَفْعَلْ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اسْتِلَامَهُمَا يَحُطُّ الْخَطَايَا وَمَا رَفَعَ رَجُلٌ قَدَمًا وَلَا وَضَعَهَا إِلَّا كُتِبَتْ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَحُطَّ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: مَنْ أَحْصَى سُبُوعًا وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ كَانَ كَعِتْقِ رَقَبَةٍ

کرتا ہوں تو میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ان دونوں کو چومنا گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور جو قدم آدمی اُٹھاتا ہے اور جو قدم رکھتا ہے تو اس کیلئے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور دس گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے سات (چکر) گنے اور دو رکعت ادا کیں تو اسے ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔

5664 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ: أَفَعَلْتَ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ: لَا وَالَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ مَا فَعَلْتُ. فَقَالَ لَهُ جِبْرِيلُ: قَدْ فَعَلَ، وَلَكِنَّ اللَّهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَدْ غَفَرَ لَهُ بِقَوْلِ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ. قَالَ حَمَّادٌ: لَمْ يَسْمَعْ هَذَا مِنِ ابْنِ عُمَرَ بَيْنَهُمَا رَجُلٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ایک آدمی سے فرمایا: کیا تُو نے ایسے ایسے کیا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں! میں نے نہیں کیا! تو جبریل علیہ السلام نے آپ سے عرض کی: یقیناً میں نے ایسا کیا ہے لیکن لا الہ الا اللہ کے صدقے اللہ نے اسے بخش دیا ہے۔ حضرت حماد فرماتے ہیں: انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ نہیں سنا' جن دو کے درمیان تیسرا آدمی ہو۔

5665 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ، عَنِ الْأَوْعِيَةِ، فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تِلْكَ الْأَوْعِيَةِ

حضرت ثابت فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ان برتنوں کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے ان برتنوں میں پینے سے منع کیا ہے۔

5666 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، قَالَ: شَهِدْتُ بَكْرَ بْنَ عَبْدِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب تلبیہ پڑھتے تھے تو یوں پڑھتے تھے:

5664- الحديث في المقصد العلي برقم: 1640 .

5665- أخرجه أحمد جلد2صفحه72 من طريق عفان بهذا السند . وقد سبق برقم: 5586 فراجعه .

5666- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: 219 . وأحمد جلد2صفحه34 رقم الحديث: 4896 .

اللّٰهِ الْمُزَنِيَّ وَسَأَلَهُ رَجُلٌ عَنْ تَلْبِيَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَدَّثَنَا عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا لَبَّى قَالَ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ، وَالنِّعْمَةَ، لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ، وَزِيدَ: لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ، لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَاءُ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ

''لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ الٰی آخرہٖ''۔حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اضافہ کرتے تھے: ''لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ الٰی آخرہٖ''۔

5667 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، قَالَ: حَدَّثَ حُمَيْدٌ، عَنْ بَكْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَدِمَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ مُلَبِّينَ بِالْحَجِّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْعَلُوهَا عُمْرَةً إِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ يَعْدُو أَحَدُنَا إِلَى مِنًى وَذَكَرُهُ يَقْطُرُ مَنِيًّا قَالَ: نَعَمْ فَسَطَعَتِ الْمَجَامِرُ بِالْبَطْحَاءِ وَقَدِمَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِمَ أَهْلَلْتَ، فَإِنَّ مَعَنَا أَهْلَكَ؟ قَالَ: أَهْلَلْتُ بِمَا أَهَلَّ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ ـ قَالَ حُمَيْدٌ: فَأَخْبَرْتُ بِذَلِكَ الْقَوْمَ، وَطَاوُسٌ جَالِسٌ، فَقَالَ: هَكَذَا الْحَدِيثُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام مکہ شریف حج کے لیے آتے تلبیہ پڑھتے ہوئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے پاس قربانی ہو، وہ عمرہ بھی ساتھ کرلے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم میں سے کوئی صبح کرے منیٰ کی طرف آلہ تناسل سے منی بھی وہی ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پوچھا: آپ رضی اللہ عنہ نے کس چیز کا احرام باندھا ہے؟ کیونکہ ہمارے آپ کے اہل خانہ بھی ہیں' انہوں نے عرض کی: میں نے احرام باندھا جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھا تھا۔

5668 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر وعصر ومغرب وعشاء بمقام بطحاء پر پڑھی پھر تھوڑی دیر ٹھہرے پھر مکہ شریف داخل ہوئے،

5667- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **233** قال: هو في الصحيح باختصار' رواه أحمد' ورجاله رجال الصحيح .

5668- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **100** رقم الحديث: **5756** قال: حدثنا عفان .

الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْبَطْحَاءِ، ثُمَّ هَجَعَ هَجْعَةً، ثُمَّ دَخَلَ مَكَّةَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بھی ایسے ہی کیا کرتے تھے۔

5669 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا حَبِيبُ بْنُ الشَّهِيدِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهَلَّ بِهِمَا جَمِيعًا قَالَ بَكْرٌ: فَلَقِيتُ ابْنَ عُمَرَ فَأَخْبَرْتُهُ بِقَوْلِ أَنَسٍ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: إِنَّمَا أَهَلَّ بِالْحَجِّ، فَرَجَعْتُ إِلَى أَنَسٍ فَأَخْبَرْتُهُ بِقَوْلِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ: مَا تَعُدُّونَنَا إِلَّا صِبْيَانًا- أَوْ كَأَنَّمَا كُنَّا صِبْيَانًا- شَكَّ سَعِيدٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حج وعمرہ دونوں کا احرام باندھتے۔ حضرت بکر فرماتے ہیں میں ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ملا۔ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ بات انہیں بتائی۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کا احرام باندھا تھا۔ میں اس کے بعد حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس گیا۔ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ کی بات بتائی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم نہیں شمار کرتے مگر اپنے آپ کو بچے یا گویا کہ ہم بچے تھے۔ حضرت سعید کو شک ہے۔

5670 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَأَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُنَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَنْزَلَ اللَّهُ عَلَى قَوْمٍ الْعَذَابَ أَصَابَ الْعَذَابُ مَنْ بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ، ثُمَّ يُبْعَثُونَ عَلَى نِيَّاتِهِمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر عذاب نازل فرماتا ہے تو عذاب ان لوگوں تک بھی پہنچتا ہے جو ان کے درمیان ہوتے ہیں' اس کے بعد وہ اپنی اپنی نیتوں کے مطابق اُٹھائے جائیں گے۔

5671 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ بَشَّارِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَلِفُ حَنِثٌ أَوْ نَدَمٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم یا تو ٹوٹ جاتی ہے یا شرمندگی ثابت ہوتی ہے' یعنی قسم نہیں اُٹھانی چاہیے۔

5672 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول

5669- أخرجه الدارمي جلد2صفحه70 من طريق سعيد بن عامر به .

5670- الحديث سبق برقم: **5557** فراجعه .

5671- الحديث سبق برقم: **5562** فراجعه .

شَرِيكٌ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي زُرْعَةَ، عَنِ الْمُهَاجِرِ الشَّامِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ شُهْرَةٍ، أَلْبَسَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَوْبَ مَذَلَّةٍ

کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے شہرت کی خاطر اچھا لباس پہنا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے ذلت کا لباس پہنائے گا۔

5673 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو بُكَيْرٍ، ابْنُ عَمِّ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ النَّخَعِيِّ، عَنْ جَمِيلِ بْنِ زَيْدٍ الطَّائِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: تَزَوَّجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةً مِنْ بَنِي غِفَارٍ، فَلَمَّا دَخَلَتْ عَلَيْهِ رَأَى بِكَشْحِهَا وَضَحًا فَرَدَّهَا، وَقَالَ: دَلَّسْتُمْ لِي

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بنی غفار کی ایک عورت سے شادی کی۔ جب اس کے پاس گئے اس کے پہلو' کوکھ اور پسلیوں کے درمیان کو دیکھا' آپ نے واپس کر دیا اور فرمایا: تم نے میرے ساتھ دھوکہ کیا ہے' یعنی دکھایا بتایا اور ہے جبکہ حقیقت کچھ اور ہے۔

5674 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَائِذِ بْنِ نُصَيْبٍ، سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کعبہ کے اندر نماز پڑھی۔

5675 - حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَامِرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ فِي أُمَّتِي لَنَيِّفًا وَسَبْعِينَ دَاعِيًا كُلُّهُمْ دَاعٍ إِلَى النَّارِ، لَوْ أَشَاءُ لَأَنْبَأْتُكُمْ بِآبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ قَالَ: ثُمَّ مَرَرْنَا عَلَى بِرَكٍ، قَالَ: فَجَعَلْنَا نَكْرَعُ فِيهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَكْرَعُوا وَلَكِنِ اغْسِلُوا أَيْدِيَكُمْ، ثُمَّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک میری اُمت میں ستّر سے اوپر داعی ہوں گے' ان میں سے ہر ایک دوزخ کی طرف بلانے والا ہوگا' اگر میں چاہوں تو ان کے آباء و اجداد اور ان کے قبائل سے آگاہ کر دوں۔ راوی کا بیان ہے: پھر ہم ایک تالاب پر سے گزرے' فرماتے ہیں: ہم نے اس میں سے منہ لگا کر پانی پینا شروع کر دیا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: (اس طرح

5673 الحديث في المقصد العلي برقم: **769** .

5674- الحديث سبق برقم: **5591** فراجعه .

5675- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**137** رقم الحديث: **6217** .

اشْرَبُوا فِيهَا، فَإِنَّهُ لَيْسَ مِنْ إِنَاءٍ أَطْيَبُ مِنَ الْيَدِ

پانی) نہ پیو اپنے ہاتھ دھولو پھر اس میں سے پیو کیونکہ ہاتھ سے زیادہ پاکیزہ برتن کوئی نہیں ہے۔

5676 - وَبِهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَزَالُ هَذَا الْحَيُّ مِنْ قُرَيْشٍ آمِنِينَ حَتَّى تَرُدُّوهُمْ، عَنْ دِينِهِمْ كِفَاءَ رَحِمِنَا قَالَ: فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَفِي الْجَنَّةِ أَنَا أَمْ فِي النَّارِ؟ قَالَ: فِي الْجَنَّةِ ثُمَّ قَامَ إِلَيْهِ آخَرُ فَقَالَ: أَفِي الْجَنَّةِ أَمْ فِي النَّارِ؟ قَالَ: فِي النَّارِ ثُمَّ قَالَ: اسْكُتُوا عَنِّي مَا سَكَتُّ عَنْكُمْ فَلَوْلَا أَنْ لَا تَدَافَنُوا لَأَخْبَرْتُكُمْ بِمَلَئِكُمْ مِنْ أَهْلِ النَّارِ حَتَّى تُفَرِّقُوهُمْ، عِنْدَ الْمَوْتِ، وَلَوْ أُمِرْتُ أَنْ أَفْعَلَ لَفَعَلْتُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قریش کا یہ قبیلہ ہمیشہ امن میں رہے گا یہاں تک کہ ان کو ان کے دین سے تم پھیر دو جیسے ہمارے ہم کفو۔ پس ایک آدمی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑا ہوا تو اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میں جنتی ہوں یا دوزخی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنتی! پھر ایک اور آدمی کھڑا ہوا' عرض کی: کیا میں جنت میں جاؤں گا یا دوزخ میں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دوزخ میں! پھر فرمایا: خاموش ہو جاؤ (ایسے سوال مت کرو ورنہ) میں تمہیں بتانے سے چپ نہیں رہوں گا' پس اگر تم اپنے مُردوں کو دفن کرنا نہ چھوڑ دو تو میں ضرور تمہیں دوزخیوں کے ایک بڑے گروہ کی خبر دوں یہاں تک کہ موت کے وقت تم اسے اپنے سے علیحدہ کر دو اور اگر مجھے اس کا حکم دیا گیا ہوتا تو میں ضرور کرتا۔

5677 - وَبِهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ قَالَ: أَلَا أُرِيكُمُ الْمَكَانَ الَّذِي قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ دَابَّةَ الْأَرْضِ تَخْرُجُ مِنْهُ فَضَرَبَ بِعَصَاهُ الشَّقَّ الَّذِي فِي الصَّفَا، فَقَالَ: وَإِنَّهَا ذَاتُ رِيشٍ وَزَغَبٍ، وَإِنَّهُ لَيَخْرُجُ ثُلُثُهَا حُضْرَ الْفَرَسِ الْجَوَادِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَثَلَاثَ لَيَالٍ، وَإِنَّهَا لَتَمُرُّ عَلَيْهِمْ،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں تمہیں وہ جگہ نہ دکھاؤں جس کے بارے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دابۃ الارض یہاں سے نکلے گا! پس آپ نے صفا کے مقام پر اس سوراخ پر اپنا عصا مبارک مارا۔ فرمایا: بے شک وہ بال و پر والا ہو گا' بے شک وہ اس حال میں نکلے گا کہ اس کا تیسرا حصہ

5676- الحديث في المقصد العلي برقم: 1140 .

5677- الحديث في المقصد العلي برقم: 1874 .

وَإِنَّهُمْ لَيَفِرُّونَ مِنْهَا إِلَى الْمَسَاجِدِ، فَتَقُولُ لَهُمْ: أَتَرَوْنَ الْمَسَاجِدَ تُنْجِيكُمْ مِنِّي؟ فَتَخْطِمُهُمْ يُسَاقُونَ فِي الْأَسْوَاقِ وَتَقُولُ: يَا كَافِرُ يَا مُؤْمِنُ

اس طرح عمدہ گھوڑے کی دوڑ ہوتی ہے' تین دن اور تین راتیں' وہ ان پر گزرے گا اور وہ اس سے دوڑ کر مساجد میں چلے جائیں گے' پس وہ کہے گا: کیا تمہارا خیال ہے کہ مسجدیں تمہیں مجھ سے بچا لیں گی؟ پس وہ انہیں مارے گا' انہیں ہانک کر بازاروں میں لے جائے گا' وہ کہے گا: اے کافر! اے مؤمن!

5678 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَمَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَأْكُلْ أَحَدُكُمْ بِشِمَالِهِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ وَيَشْرَبُ بِشِمَالِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی اپنے بائیں ہاتھ سے نہ کھاؤ کیونکہ بائیں ہاتھ سے شیطان کھاتا ہے اور بائیں ہاتھ سے ہی پیتا ہے۔

5679 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَأْكُلْ أَحَدُكُمْ بِشِمَالِهِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ وَيَشْرَبُ بِشِمَالِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایک بائیں ہاتھ سے نہ کھائے کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا اور پیتا ہے۔

5680 - حَدَّثَنَا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ إِيَادِ بْنِ لَقِيطٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نُعْمٍ الْأَعْرَجِ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ ابْنَ عُمَرَ

حضرت عبدالرحمٰن بن نُعم الاعرج فرماتے ہیں۔ ایک آدمی نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے عورتوں کے ساتھ متعہ کے متعلق پوچھا۔ جبکہ میں آپ کے پاس تھا۔ آپ کو غصہ آیا

5678- الحديث سبق برقم: 5559,5543 فراجعه .

5679- الحديث سبق برقم: 5678,5559,5543 فراجعه .

5680- الحديث في المقصد العلي برقم: 1862 .

عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ وَأَنَا عِنْدَهُ فَغَضِبَ، وَقَالَ: مَا كُنَّا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِزَنَّائِينَ وَلَا مُسَافِحِينَ، ثُمَّ قَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَكُونَنَّ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ الْمَسِيحُ الدَّجَّالُ وَثَلَاثُونَ كَذَّابًا أَوْ أَكْثَرُ مِنْ ذَلِكَ

اور فرمایا ہم حضور ﷺ کے زمانہ میں زانی اور بے عقد شرعی کسی عورت کے ساتھ رہنے والے نہیں تھے، پھر فرمایا: میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: قیامت سے پہلے ضرور مسیح دجال آئے گا وہ تیس یا اس سے بھی زائد ہوں گے وہ سارے جھوٹے ہوں گے۔

5681 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ، عَنْ إِيَادِ بْنِ لَقِيطٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نُعَيْمٍ الْأَعْرَجِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَأَنَا عِنْدَهُ، فَسَأَلَهُ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ فَغَضِبَ، وَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا كُنَّا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَنَّائِينَ وَلَا مُسَافِحِينَ

حضرت عبدالرحمٰن بن نعیم الاعرج فرماتے ہیں۔ ایک آدمی نے آ کر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے عورتوں کے ساتھ کے متعلق پوچھا۔ اس حالت میں کہ میں آپ کے پاس تھا۔ آپ کو غصہ آیا اور فرمایا ہم حضور ﷺ کے زمانہ میں زانی اور بے حیائی کرنے والے نہیں تھے۔

5682 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْجَزَرِيِّ، عَنْ فُرَاتِ بْنِ سَلْمَانَ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا صَبَرَ أَهْلُ بَيْتٍ ثَلَاثَةً عَلَى جَهْدٍ إِلَّا أَتَاهُمُ اللّٰهُ بِرِزْقٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو گھر والے تین دن مشقت پر صبر کرتے ہیں تو اللہ ان کو رزق دے دیتا ہے۔

5683 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُفْطِرًا فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو نہیں دیکھا۔ جمعہ کے دن حالت افطار میں۔

5681- الحديث سبق برقم: 5680 فراجعه .

5682- الحديث فى المقصد العلى برقم: 2008 .

5683- الحديث فى المقصد العلى برقم: 539 .

5684 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو دِهْقَانَةَ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: أَتَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَيْفٌ، فَقَالَ لِبِلَالٍ: ائْتِنَا بِطَعَامٍ فَذَهَبَ بِلَالٌ فَأَبْدَلَ صَاعَيْنِ مِنْ تَمْرٍ بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ خَيْرٍ، وَكَانَ تَمْرُهُمْ رَدِيئًا، فَأَعْجَبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مِنْ أَيْنَ هَذَا؟ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ أَبْدَلَ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُدَّ عَلَيْنَا تَمْرَنَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مہمان آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کھانا لاؤ۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ گئے انہوں نے دو صاع کھجور ایک صاع اچھی کھجور کے بدلے لائے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی کھجوریں ردی تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند آئیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہاں سے لائے؟ عرض کی: دو صاع ایک صاع کے بدلے لایا ہوں' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہماری کھجوریں واپس لاؤ۔

5685 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُمَيْرٍ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ وَأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ فَقَالَ أَحَدُهُمَا: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَبْلُغُ الْعَرَقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ النَّاسِ فَقَالَ يَعْنِي أَحَدُهُمَا: إِلَى شَحْمَةِ أُذُنِهِ، وَقَالَ الْآخَرُ: إِلَى أَنْ يُلْجِمَهُ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: هَكَذَا. وَوَصَفَ أَبُو عَاصِمٍ فَأَمَرَّ إِصْبَعَهُ مِنْ شَحْمَةِ أُذُنِهِ إِلَى فِيهِ، هَذَا وَذَاكَ سَوَاءٌ

حضرت سعید بن عمیر انصاری فرماتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا تھا' ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے دن پسینہ لوگوں کو پہنچے گا' ان میں سے ایک حضرت نے فرمایا: ان کے کانوں کی لوؤں تک' اور دوسرے حضرت نے فرمایا: ہر آدمی کو لگام دینے تک۔ بعض کے منہ میں پڑ رہا ہوگا۔ پس حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس طرح۔ حضرت ابوعاصم نے صفت بیان کی: پس اُنہوں نے اپنی انگلی کو اپنے کان کی لَو سے اپنے منہ تک پھیرا' (فرمایا:) یہ اور وہ برابر ہوں گے۔

5686 - حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے کم درجہ جنتی وہ ہوگا۔ جو

5684- أخرجه أحمد جلد2صفحه21 من طريق ابن نمير به .

5685- الحديث في المقصد العلي برقم: **1886** .

5686- أخرجه أحمد جلد2صفحه13 رقم الحديث: **4623** قال: حدثنا أبو معاوية' قال: حدثنا عبد الملك بن أبجر .

إِسْرَائِيلُ، حَدَّثَنَا ثُوَيْرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ، رَفَعَ الْحَدِيثَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً مَنْ يَنْظُرُ إِلَى خِبَائِهِ، وَخَدَمِهِ، وَنَعِيمِهِ، وَسُرُرِهِ مَسِيرَةَ أَلْفِ سَنَةٍ، وَأَكْرَمَهُمْ إِلَى اللَّهِ مَنْ يَنْظُرُ إِلَى اللَّهِ بُكْرَةً وَعَشِيًّا ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: (وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ) (القيامة:23)

دیکھے گا خیمے، خادم، نعمتیں اور پلنگ، ہزار سال کی مسافت سے اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا (جنتی) وہ ہوگا جو صبح و شام اللہ کا دیدار کرے گا، پھر یہ آیت پڑھی: ''وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ الیٰ آخرہ''۔

5687 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُحِبُّ أَنْ تُسْتَجَابَ دَعْوَتُهُ، وَتُكْشَفَ كُرْبَتُهُ، فَلْيُيَسِّرْ عَلَى مُعْسِرٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تم میں سے پسند کرے کہ اس کی دعا قبول ہو۔ اس کی سختیاں دُور ہو جائیں۔ اس کو چاہیے کہ وہ آسانی کرے تنگ دست پر۔

5688 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَسَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةً مِنْ حَرِيرٍ مِنْ حُلَلِ السِّيَرَاءِ مِمَّا أَهْدَى إِلَيْهِ فَيْرُوزُ، فَلَبِسْتُ الْإِزَارَ فَأَغْرَقَنِي عَرْضًا وَطُولًا، فَسَحَبْتُ وَلَبِسْتُ الرِّدَاءَ، فَتَقَنَّعْتُ فِيهِ ثُمَّ قَالَ: يَا عَبْدَ اللَّهِ ارْفَعِ الْإِزَارَ، فَإِنَّ مَا مَسَّ التُّرَابَ إِلَى أَسْفَلِ الْكَعْبَيْنِ فِي النَّارِ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ: فَلَمْ أَرَ أَحَدًا أَشَدَّ تَشْمِيرًا لِلْإِزَارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ریشم کے زرد دھاریلی دار حلوں میں سے ایک حلہ پہنا دیا۔ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ دیا تھا فیروز نے۔ میں نے اس کا تہبند بنا لیا۔ وہ چوڑائی اور لمبائی میں نیچے لٹکنے لگا، میں نے اس کو کھولا اور میں نے چادر بنالی۔ اس میں قناعت سمجھا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبداللہ! اپنی ازار کو اٹھا۔ جو چادر مٹی کے ساتھ گھسیٹتی ہے ٹخنوں سے نیچے وہ آگ میں ہے۔ حضرت عبداللہ بن محمد فرماتے ہیں: میں نے کبھی بھی عبداللہ بن عمر کو تہبند

5687- الحديث في المقصد العلي برقم:702 .

5688- الحديث في المقصد العلي برقم:1568 .

مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

لٹکا تا ہوا نہیں دیکھا۔

5689 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ، حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُصَلِّ قَبْلَ الْعِيدِ وَلَا بَعْدَهَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عید سے پہلے اور بعد میں کوئی نفل نہیں پڑھتے تھے۔

5690 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا سَكِينٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ، وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ كَيْلًا بِكَيْلٍ فَمَنْ زَادَ أَوِ اسْتَزَادَ فَقَدْ أَرْبَى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سونے کو سونے کے بدلے۔ چاندی کو چاندی کے بدلے۔ گندم کو گندم کے بدلے۔ جوا کو جوا کے بدلے۔ نمک کو نمک کے بدلے۔ کھجور کو کھجور کے بدلے برابر برابر فروخت کرو۔ جس نے زیادہ کیا یا زیادہ کروایا اس نے سود کا کاروبار کیا۔

5691 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَا لَمْ يُغَرْغِرْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل بندہ کی توبہ قبول کرتا ہے، جب تک وہ حالت میں نہ ہو جس میں موت کے وقت گلے میں سانس رُک جاتی ہے۔

5692 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ: مِنْ أَيْنَ يَجُوزُ لِي أَنْ أَعْتَمِرَ؟ قَالَ: فَرَضَهَا رَسُولُ

حضرت زید بن جبیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا: میں کہاں سے عمرہ کا احرام باندھوں؟ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

5689- أخرجه أحمد جلد2صفحه57 رقم الحديث: **5212** قال: حدثنا وكيع .

5690- الحديث في المقصد العلي برقم: **672** .

5691- الحديث سبق برقم: **5583** فراجعه .

5692- الحديث سبق برقم: **5452,5400** فراجعه .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ، وَلِأَهْلِ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ

کہ حضور ﷺ نے اہل مدینہ کے لیے ذوالحلیفہ کو میقات مقرر کیا اور شام والوں کے لیے جحفہ میقات مقرر کیا اور نجد والوں کے لیے قرن مقرر کیا۔ اہل یمن کے لیے یلملم مقرر کیا۔

5693 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلًا سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ، عَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ، فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ حَتَّى يَبْدُو صَلَاحُهَا

حضرت زید بن جبیر سے روایت ہے کہ میں نے ایک آدمی سے سنا کہ اُنہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پھلوں کی بیع کے متعلق پوچھا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے پھلوں کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک کہ وہ پک جائیں۔

5694 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، أَخُو الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ يَعْنِي ابْنَ زِيَادٍ، عَنْ لَيْثٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو مُحَمَّدٍ، قَالَ: رَمَقْتُ ابْنَ عُمَرَ شَهْرًا فَسَمِعْتُهُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ، قَبْلَ صَلَاةِ الصُّبْحِ يَقْرَأُ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ قَالَ: فَذَكَرْتُ لَهُ ذَلِكَ فَقَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا أَوْ خَمْسَةً وَعِشْرِينَ يَوْمًا يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الصُّبْحِ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ وَقَالَ: إِنَّ إِحْدَاهُمَا تَعْدِلُ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ وَالْأُخْرَى بِرُبُعِ الْقُرْآنِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ تَعْدِلُ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ، وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ تَعْدِلُ بِرُبُعِ الْقُرْآنِ

حضرت ابو محمد فرماتے ہیں میں ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک ماہ تک ٹھہرا رہا۔ میں نے آپ کو ایک ماہ یا پچیس دن فجر کی دوسنتوں میں قل یا ایھا الکفرون اور قل ہو اللہ احد پڑھتے ہوئے دیکھا۔ اور آپ نے فرمایا: ان میں سے ایک کا تہائی قرآن پڑھنے کے برابر ثواب ہے' دوسری کا چوتھائی قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔ یعنی پہلی قل ہو اللہ احد تہائی قرآن کے برابر اور دوسری الکفرون چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔

5695 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

5693- الحديث سبق برقم: 5585 فراجعه .

5694- أخرجه أحمد جلد2صفحه24 رقم الحديث: 4673 وجلد2صفحه58 رقم الحديث: 5215 .

5695- الحديث سبق برقم: 5415 فراجعه .

حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَاصِمِ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ بِمِنًى عَنِ الصَّلَاةِ هَا هُنَا، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ أَبِي بَكْرٍ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ عُمَرَ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ عُثْمَانَ صَدْرًا مِنْ خِلَافَتِهِ رَكْعَتَيْنِ، إِذَا صَلَّيْنَا مَعَهُمْ صَلَّيْنَا كَمَا يُصَلُّونَ، وَإِذَا صَلَّيْنَا وَحْدَنَا صَلَّيْنَا

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا منیٰ میں یہاں نماز پڑھنے کے متعلق؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ دو رکعتیں پڑھی تھیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شروع خلافت میں دو رکعت پڑھیں' جب ہم ان کے ساتھ نماز پڑھتے تھے ہم نماز پڑھتے ان کے ساتھ جیسے یہ پڑھتے جب ہم نماز اکیلے پڑھتے تھے تو اپنی پڑھتے تھے (دو رکعت)۔

5696 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ بِشْرٍ السَّكُونِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ، عَنْ رِيَاحِ بْنِ عَبِيدَةَ، عَنْ أَسِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ أَخِي عَبْدِ الْمَجِيدِ - وَهُوَ ابْنُ سَوْدَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَبِسْتُ ثَوْبًا حَرِيرًا، فَأَتَيْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عِنْدَ حُجْرَةِ حَفْصَةَ فِي لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ فَسَمِعَ قَعْقَعَةَ الثَّوْبِ، فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ فَقُلْتُ: عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: ارْفَعْ ثَوْبَكَ إِنَّ الَّذِي يَجُرُّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ لَا يَنْظُرُ اللَّهُ إِلَيْهِ قَالَ: وَكَانَ إِزَارِي تِلْكَ اللَّيْلَةَ إِلَى نِصْفِ سَاقِي

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے ریشم کا کپڑا پہنا' میں اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' آپ اس وقت حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے' اندھیری رات میں آپ نے کپڑے کے گھسٹنے کی آواز سنی' آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ میں نے عرض کی: عبداللہ بن عمر! آپ نے فرمایا: اپنا کپڑا اوپر اٹھاؤ! جو لوگ تکبر سے کپڑا لٹکاتے ہیں' اللہ عزوجل ان کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا' میرا تہبند اس رات نصف پنڈلی تک تھا۔

5697 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَهْدِ اللَّهِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ سُرَّ فِي ظِلِّ سَرْحَةٍ سَبْعُونَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ستر نبیوں کو ایسے درخت کے سائے میں خوش کیا جائے گا' جس کو نہ تو نظر انداز کیا جائے گا' نہ کاٹا جائے گا اور نہ اس کے پتے گریں گے۔

5696- الحديث سبق برقم: **5688** فراجعه .

5697- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **273** . وأحمد جلد**2**صفحه**138** رقم الحديث: **6233** .

نَبِيًّا، لَا تُسْرِفُ وَلَا تُجَرِّدُ وَلَا تُعْبَلُ

5698 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ نَاعِمٍ، مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ قَالَ: خَرَجَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ حَاجًّا، حَتَّى إِذَا كَانَ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ أَتَى شَجَرَةً عَرَفَهَا فَجَلَسَ تَحْتَهَا، ثُمَّ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ هَذِهِ الشَّجَرَةِ، إِذْ أَقْبَلَ رَجُلٌ شَابٌّ مِنْ هَذِهِ الشُّعْبَةِ، حَتَّى وَقَفَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي جِئْتُ لِأُجَاهِدَ مَعَكَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَبْتَغِي بِذَلِكَ وَجْهَ اللَّهِ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ، قَالَ: أَبَوَاكَ حَيَّانِ كِلَاهُمَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَارْجِعْ بِرَّهُمَا قَالَ: انْفَتَلَ رَاجِعًا مِنْ حَيْثُ جَاءَ

حضرت نعیم مولی ام سلمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ حج کے لیے نکلے جب مکہ اور مدینہ کے درمیان آئے۔ ایک درخت کے پاس آئے اس کو پہچان کر اس کے نیچے بیٹھے پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس درخت کے نیچے دیکھا تھا۔ اچانک ایک نوجوان آدمی آیا اس گھاٹی سے یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا ہوں تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کروں، اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے اور آخرت کا گھر طلب کرنے کی خاطر۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے ماں باپ زندہ ہیں؟ عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واپس جاؤ اُن کی خدمت کرو۔ راوی نے فرمایا: جہاں سے آیا تھا واپس چلا گیا۔

5699 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ، عَنْ هَارُونَ بْنِ عَنْتَرَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي أَفْطَرْتُ يَوْمًا فِي رَمَضَانَ، قَالَ: مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ وَلَا سَفَرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: بِئْسَ مَا صَنَعْتَ قَالَ: أَجَلْ فَمَا تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: أَعْتِقْ رَقَبَةً قَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا مَلَكْتُ رَقَبَةً قَطُّ، قَالَ: فَصُمْ شَهْرَيْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے رمضان کا روزہ آج کے دن افطار کر لیا ہے بغیر عذر و سفر کے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! تو نے جو کیا بہت بُرا کیا ہے۔ عرض کی: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کوئی حکم دیتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک غلام آزاد کر اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ بھیجا ہے۔ میں کسی غلام کا

5698- الحديث في المقصد العلي برقم: 1001 .

5699- الحديث في المقصد العلي برقم: 520 .

مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ: فَلَا أَسْتَطِيعُ ذَلِكَ، قَالَ: فَأَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا قَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أُشْبِعُ أَهْلِي، قَالَ: فَأُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِكْتَلٍ فِيهِ تَمْرٌ، فَقَالَ: تَصَدَّقْ بِهَذَا عَلَى سِتِّينَ مِسْكِينًا قَالَ: إِلَى مَنْ أَدْفَعُهُ، قَالَ: إِلَى أَفْقَرِ مَنْ تَعْلَمُ قَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا بَيْنَ قُتَرَيْهَا أَهْلُ بَيْتٍ أَحْوَجُ مِنَّا، قَالَ: فَتَصَدَّقْ بِهِ عَلَى عِيَالِكَ

مالک نہیں ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: لگاتار دو ماہ کے روزے رکھ۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا۔ عرض کی: یا رسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے۔ میرے خاندان نے کبھی سیر ہو کر روٹی نہیں کھائی۔ حضور ﷺ کے پاس ایک ٹوکرا لایا گیا اس میں کھجوریں تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ ساٹھ مسکینوں پر صدقہ کر دے۔ عرض کی: میں کس کو دوں؟ فرمایا: جس کو تو محتاج سمجھتا ہے۔ عرض کی: اس کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میرے اہل خانہ سے زیادہ مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیان کوئی محتاج نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو اپنے اہل خانہ پر صدقہ کر۔

6257 - حَدَّثَنَا بِشْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ يَوْمٍ طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ يَوْمُ جُمُعَةٍ، فِيهِ خُلِقَ آدَمُ، وَفِيهِ أُخْرِجَ مِنَ الْجَنَّةِ، وَفِيهِ أُعِيدَ فِيهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہتر دن وہ ہے جس رات میں سورج طلوع ہو، وہ جمعہ کا دن ہے۔ اس دن آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا اس دن جنت سے نکالا گیا اسی دن اس میں داخل کیا جائے گا۔

6258 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، وَأُوتِيتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ، وَبَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُتِيتُ بِمَفَاتِيحِ خَزَائِنِ الْأَرْضِ فَوُضِعَتْ فِي يَدِي

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری رعب کے ساتھ مدد کی گئی ہے۔ مجھے جوامع الکلم دیئے گئے ہیں' سویا ہوا تھا مجھے عرش کے خزانوں کی چابیاں دی گئیں، میرے ہاتھ میں رکھی گئی۔

6256- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6257- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: **854** قال: وحدثني حرملة بن يحيىٰ' أخبرنا ابن وهب' أخبرني يونس' عن ابن شهاب .

6258- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **268** قال: حدثنا عبد الرزاق . قال: حدثنا معمر . ومسلم جلد **2** صفحه **64** قال: حدثنا حاجب بن الوليد .

6259 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الصَّدَقَةِ اللِّقْحَةُ الصَّفِيُّ مِنْحَةً، أَوِ الشَّاةُ الصَّفِيُّ تَغْدُو بِإِنَاءٍ وَتَرُوحُ بِأُخْرَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین صدقہ دودھ دینے والی گائے یا دودھ دینے والی بکری دے دینا، صبح ایک کا دودھ پیے اور شام کو دوسری کا۔

6260 - حَدَّثَنَا بِشْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَا امْرَأَةٌ تُرْضِعُ ابْنَهَا إِذْ مَرَّ بِهَا رَاكِبٌ وَهِيَ تُرْضِعُهُ فَقَالَتِ: اللَّهُمَّ لَا تُمِتِ ابْنِي حَتَّى يَكُونَ مِثْلَ هَذَا الرَّاكِبِ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ لَا تَجْعَلْنِي مِثْلَهُ ثُمَّ رَجَعَ فِي الثَّدْيِ، فَمَرَّ بِامْرَأَةٍ تُجَرُّ وَيَلْعَبُ بِهَا الصِّبْيَانُ فَقَالَتِ: اللَّهُمَّ لَا تَجْعَلِ ابْنِي مِثْلَهَا فَقَالَ: اللَّهُمَّ اجْعَلْنِي مِثْلَهَا، قَالَ: يَقُولُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا الرَّاكِبُ فَإِنَّهُ كَافِرٌ، وَأَمَّا الْمَرْأَةُ فَيَقُولُونَ لَهَا: تَزْنِي، وَتَقُولُ: حَسْبِيَ اللَّهُ، فَيَقُولُونَ لَهَا: تَسْرِقُ، فَتَقُولُ: حَسْبِيَ اللَّهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم ایک ایسی عورت کے پاس سے گزرے وہ اپنے بچے کو دودھ پلا رہی تھی اچانک ایک گزرنے والا گزرا اس حال میں کہ وہ اس بچہ کو دودھ پلا رہی تھی، اس عورت نے کہا: اے اللہ! تو اس میرے بیٹے کو موت نہ دینا جب تک یہ اس سوار کی مثل نہ ہو جائے۔ اس بچہ نے کہا: اے اللہ! تو مجھے اس کی مثل نہ بنانا پھر وہ دودھ پینے لگا۔ ایک آدمی اپنی بیوی کے ساتھ جا رہا تھا' اس عورت کو کھینچ رہا تھا اس کے ساتھ بچے کھیل رہے تھے۔ اس عورت نے کہا: اے اللہ! تو اس بچہ کو اس کی مثل نہ بنانا اس بچہ نے عرض کی: یا اللہ! تو مجھے اس مثل بنانا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہرحال وہ سوار تو کافر تھا لیکن وہ عورت' لوگ اس کو کہتے تھے: تُو نے زنا کیا ہے' وہ کہتی تھی: میرے لیے اللہ کافی ہے، لوگ اس کو کہہ رہے تھے تو چور ہے وہ کہہ رہی تھی میرے لیے اللہ ہی کافی ہے۔

6261 - حَدَّثَنَا بِشْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت اور دوزخ

6259- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6261- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 1137 قال: حدثنا سفيان . قال: حدثنا أبو الزناد . والبخارى جلد 9 صفحه 164 قال: حدثنا عبيد الله بن سعد بن ابراهيم .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَحَاجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ، فَقَالَتِ النَّارُ: أُوثِرْتُ بِالْمُتَكَبِّرِينَ وَالْمُتَجَبِّرِينَ، وَقَالَتِ الْجَنَّةُ: فَمَالِيَ لَا يَدْخُلُنِي إِلَّا ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَسُقَّاطُهُمْ وَعُجَّزُهُمْ، فَقَالَ اللّٰهُ لِلْجَنَّةِ: إِنَّمَا أَنْتِ رَحْمَتِي أَرْحَمُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ، وَقَالَ لِلنَّارِ: إِنَّمَا أَنْتِ عَذَابِي أُعَذِّبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ وَلِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْكُمَا مِلْؤُهَا

کا آپس میں مکالمہ ہوا، دوزخ نے کہا: مجھے ترجیح دی گئی ہے متکبرین جباروں کے ساتھ۔ جنت نے کہا: میرے اندر صرف کمزور لوگ ہوں گے، گرے ہوئے اور عاجز لوگ اللہ عزوجل نے جنت سے کہا: تو میری رحمت ہے کہ میں تیرے اندر داخل کروں گا جس پر چاہوں گا رحم کرنا، دوزخ سے کہا: تو میرے عذاب کی جگہ ہے میں تیرے ذریعے عذاب دوں گا جس کو چاہوں گا بھروں گا تم دونوں میں سے ہر ایک کو۔

6262 - حَدَّثَنَا بِشْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ ابْنِ آدَمَ تَأْكُلُ الْأَرْضُ، إِلَّا عَجْبَ الذَّنَبِ، مِنْهُ خُلِقَ وَفِيهِ يُرَكَّبُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سارے کا سارا آدمی (عام نہ کہ خاص یا کافر و مشرک یا منافق) زمین کھا جائے گی لیکن اس کی ریڑھ کی ہڈی (کو نہیں کھائے گی) اسی سے انسان کو پیدا کیا گیا اور اسی سے دوبارہ جوڑا جائے گا۔

6263 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَتَأْخُذُنَّ كَمَا أَخَذَتِ الْأُمَمُ قَبْلَكُمْ ذِرَاعًا بِذِرَاعٍ، وَشِبْرًا بِشِبْرٍ، وَبَاعًا بِبَاعٍ، حَتَّى لَوْ أَنَّ أَحَدَ أُولَئِكَ دَخَلَ جُحْرَ ضَبٍّ لَدَخَلْتُمُوهُ، قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: اقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمُ الْقُرْآنَ: (كَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوا أَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً) (التوبة: 69) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم ضرور بضرور پہلے گزری ہوئی اُمتوں کے پیچھے چلو گے ہاتھ کے بدلے ہاتھ بالشت کے بدلے بالشت اور گز کے بدلے گز، اگر ان میں سے کوئی گوہ کے میں داخل ہو گیا۔ تم بھی اس میں داخل ہو گے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس کی تائید کے لیے اگر تم چاہو اس آیت کو پڑھ لو: ''كَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ الى آخره''۔ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! جیسے فارس و روم

6262- أخرجه مسلم فی صحيحه رقم الحديث: **2955** قال: حدثنا قتيبة بن سعيد، حدثنا المغيرة يعنى الحزامى عن أبى الزناد، عن الأعرج، عن أبى هريرة .

6263- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **450** قال: حدثنا يزيد . وفى جلد **2** صفحه **527** قال: حدثنا عبد الصمد . قال: حدثنى حماد .

قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَمَا فَعَلَتْ فَارِسُ وَالرُّومُ؟ قَالَ: فَمَا النَّاسُ إِلَّا هُمْ

والوں نے کیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: لوگ صرف وہی ہیں۔

6264 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، وَمُوسَى بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَكْثُرَ الْهَرْجُ ، قَالُوا: وَمَا الْهَرْجُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْقَتْلُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ، قَالُوا: كُلَّ عَامٍ نَقْتُلُ أَلْفًا أَوْ أَلْفَيْنِ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، قَالَ: لَا أَعْنِي ذَاكَ، وَلَكِنْ يَقْتُلُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ، قَالُوا: وَنَحْنُ أَحْيَاءٌ وَنَفْعَلُ؟ قَالَ: يُمِيتُ اللّٰهُ قُلُوبَ أَهْلِ ذَلِكَ الزَّمَانِ كَمَا يُمِيتُ أَبْدَانَهُمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی، یہاں تک کہ قتل بہت زیادہ ہو جائے گا۔ آپ ﷺ نے یہ تین مرتبہ فرمایا' صحابہ کرام فرماتے ہیں: ہم ہر سال ایک ہزار یا دو ہزار مشرکوں کو قتل کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میری مراد یہ نہیں بلکہ قتل سے مراد یہ ہے کہ تم آپس میں قتل و غارت کرو گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم زندہ ہیں، ہم ایسے کریں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اُس زمانے والوں کے دل مردہ ہو جائیں گے جس طرح ان کے بدن مردہ ہو جائیں گے۔

6265 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَالْخَامَةِ مِنَ الزَّرْعِ تَصْفِقُهَا الْأَرْوَاحُ حَتَّى تَهُبَّ لَهَا رِيحٌ فَتَصْرَعَهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن کی مثال خامیتی کی ہے' جو ہواؤں کے تھپیڑے کھاتی ہے حتیٰ کہ ایک تیز ہوا چلے گی جو اسے گرا دے گی۔

6266 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ سَيْحَانَ، حَدَّثَنَا حَلْبَسُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے اپنی بچی کی شادی کرنی ہے کہ میں پسند کرتا ہوں

6264- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **261** قال: حدثنا ابن نمير . وفي جلد **2** صفحه **288** قال: حدثنا اسحاق بن سليمان . وفي جلد **2** صفحه **524** قال: حدثنا محمد بن بكر .

6265- أخرجه البخاري جلد **1** صفحه **358**' جلد **2** صفحه **839** من حديث مالك وشعيب' كلاهما عن أبي الزناد به .

6266- أخرجه البخاري جلد **1** صفحه **493** من حديث شعيب' عن أبي الزناد به .

رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي زَوَّجْتُ ابْنَتِي وَإِنِّي أُحِبُّ أَنْ تُعِينَنِي بِشَيْءٍ، قَالَ: مَا عِنْدِي شَيْءٌ، وَلَكِنْ إِذَا كَانَ غَدًا فَائْتِنِي بِقَارُورَةٍ وَاسِعَةِ الرَّأْسِ وَعُودِ شَجَرَةٍ، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ فِي الْفَوَائِدِ

کہ آپ ﷺ میری مدد کریں کسی شے کے ساتھ۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس وقت میرے پاس کوئی شے نہیں ہے، لیکن جب کل صبح ہو تو ایک کھلے منہ والی شیشی اور درخت کی لکڑی لے کر آنا۔ حدیث فوائد میں ذکر کی ہے۔

6267 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا سَمِعْتُمْ نَهِيقَ الْحِمَارِ، وَنُبَاحَ الْكَلْبِ، وَصَوْتَ دِيكٍ بِاللَّيْلِ، فَتَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ فَإِنَّهُمْ يَرَوْنَ مَا لَا تَرَوْنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم گدھے کی آواز سنو، کتے کا بھونکنا اور رات کے وقت مرغ کی آواز سنو تو اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھو کیونکہ وہ ایسی شی دیکھتے ہیں جو تم نہیں دیکھتے۔

6268 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ جَعْفَرَ بْنَ رَبِيعَةَ، حَدَّثَهُ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجَ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا هَامَ لَا هَامَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ایسا نہیں ہے کہ مقتول کے سر سے پرندہ نکلے اور اس کا بدلہ لینے کے لیے چیخ و پکار کرے۔

6269 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ، وَإِنِ أُتْبِعَ أَحَدُكُمْ عَلَى مَلِيءٍ فَلْيَتْبَعْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مالدار کا ٹال مٹول کرنا ظلم ہے اور اگر تم میں سے کسی ایک کو مجمع عام میں کہے کہ میری جگہ یہ فلاں آدمی دے گا تو تمہارے بھائی کو اس کی بات مان لینی چاہیے۔

6270 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

6267- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6268- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6269- سبق تخريجه راجع الفهرس .

عُقْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَا يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ

نے فرمایا: زانی حالتِ ایمان میں زنا نہیں کرسکتا ہے۔

حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَسْرِقُ السَّارِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ خَمْرًا حِينَ يَشْرَبُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چور چوری کرتے وقت، شرابی شراب پیتے وقت اور زانی زنا کرتے وقت مومن نہیں ہوتے ہیں۔

6271 - قَالَ أَبُو الزِّنَادِ: وَحَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَلَا يَنْتَهِبُ نُهْبَةً يَرْفَعُ الْمُسْلِمُونَ إِلَيْهِ فِيهِ رُءُوسَهُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ

حضرت ابوزناد فرماتے ہیں کہ مجھے ابوسلمہ نے حدیث بیان کی' اُنہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں کا مال اُچک لیتا ہے' لوگ اس کی طرف اپنے سر اُٹھا کر دیکھتے رہ جاتے ہیں' وہ اس وقت مؤمن نہیں ہوتا ہے۔

6272 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَدْرَكَ مِنَ الْفَجْرِ رَكْعَةً قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ فَقَدْ أَدْرَكَ الْفَجْرَ، أَوْ رَكْعَتَيْنِ مِنَ الْعَصْرِ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ فَقَدْ أَدْرَكَ الْعَصْرَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سورج طلوع ہونے سے پہلے فجر کی ایک رکعت پڑھ لی، اس نے فجر کی نماز پالی۔ جس نے عصر کی دو رکعتیں سورج غروب ہونے سے پہلے ادا کر لیں اس نے عصر کی نماز پالی۔

6273 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6271- أخرجه أحمد جلد 2صفحه317 . ومسلم جلد 1صفحه55 قال: حدثنا محمد بن رافع . كلاهما (أحمد بن حنبل' ومحمد بن رافع) عن عبد الرزاق بن همام' قال: حدثنا معمر' عن همام بن منبه' فذكره .

6272- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6273- أخرجه مالك (الموطأ): 117 . وأحمد جلد 2صفحه486 قال: قرأت على عبد الرحمٰن . والبخاری جلد 1 صفحه1678 قال: حدثنا عبد الله بن سلمة .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاةٍ مَا دَامَتِ الصَّلَاةُ تَحْبِسُهُ، وَلَا يَمْنَعُهُ أَنْ يَنْقَلِبَ إِلَى أَهْلِهِ إِلَّا انْتِظَارُهُ الصَّلَاةَ

نے فرمایا: کوئی آدمی تم میں سے مسلسل نماز ہی میں ہوتا ہے، جب تک نماز اس کو روکے رکھتی ہے، اس کو اپنے گھر جانے کی صرف رکاوٹ نماز ہے۔

6274 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ نَزَلَ تَحْتَ شَجَرَةٍ فَلَدَغَتْهُ نَمْلَةٌ فَأَمَرَ بِجَهَازِهِ فَأُخْرِجَ مِنْ تَحْتِهَا، ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَحُرِقَتْ، فَأُوحِيَ إِلَيْهِ إِلَّا نَمْلَةً وَاحِدَةً

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیاء کرام علیہم السلام میں سے ایک نبی ایک درخت کے نیچے اترے، ان کو ایک چیونٹی نے کاٹا، انہوں نے اپنا سامان اٹھانے کا حکم دیا، اس کے نیچے سے بل کو نکالا گیا۔ پھر اُن سب کو جلا دینے کا حکم دیا، اللہ عزوجل نے نبی کی طرف وحی کی کہ کاٹنے والی چیونٹی تو ایک ہی تھی۔

6275 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ذَرُونِي مَا تَرَكْتُكُمْ، فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِسُؤَالِهِمْ وَاخْتِلَافِهِمْ عَلَى أَنْبِيَائِهِمْ، فَمَا نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ فَاجْتَنِبُوهُ، وَمَا أَمَرْتُكُمْ بِهِ فَأْتُوا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے (سوال کرنے کے لحاظ سے) چھوڑے رکھا کرو، جب تک میں تم کو چھوڑے رکھوں، تم سے پہلے امتیں اس لیے ہلاک ہوئی تھیں کہ انہوں نے اپنے انبیاء کرام علیہم السلام سے سوال کیے اور اختلاف کیا۔ جس سے میں نے تم کو منع کیا اس سے رُک جاؤ۔ جس کا حکم دوں اس کو کرو۔

6276 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6274- أخرجه البخاری فی صحیحه رقم الحدیث: **3319** قال: حدثنا اسماعیل بن أبی أویس قال: حدثنی مالك، عن أبی الزناد، عن الأعرج، عن أبی هریرة رضی الله عنه .

6275- أخرجه مسلم فی صحیحه رقم الحدیث: **1337** قال: حدثنی زهیر بن حرب، حدثنا یزید بن هارون، أخبرنا الربیع بن مسلم القرشی، عن محمد بن زیاد، عن أبی هریرة .

6276- أخرجه مالك فی (الموطأ) صفحه **165** . والحمیدی رقم الحدیث: **1113,1111** قال: حدثنا سفیان . وفی جلد**2**صفحه**464** قال: حدثنا عبد الرحمٰن، قال: حدثنا زائدة .

خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ كَمَا تَنَاتَجُ الْإِبِلُ مِنْ بَهِيمَةٍ جَمْعَاءَ، هَلْ تُحِسُّونَ مِنْ جَدْعَاءَ؟، قَالُوا: أَفَرَأَيْتَ مَنْ يَمُوتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ

نے فرمایا: ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے، اس کے ماں باپ اس کو یہودی یا نصرانی بنا دیتے ہیں جیسے کہ اونٹ سے بچے پیدا ہوتے ہیں۔ کیا تم جدعاء سے گمان کرتے ہو؟ عرض کی صحابہ کرام نے: یا رسول اللہ! آپ بتائیں جو مر گئے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ زیادہ جانتا ہے جو انہوں نے کرنا تھا۔

6277 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَجُلًا يَسُوقُ بَدَنَةً قَالَ: ارْكَبْهَا، قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: ارْكَبْهَا، قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: وَيْحَكَ ارْكَبْهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا وہ اونٹ کو پیدل چلا رہا تھا۔ آپ ﷺ نے اس کو فرمایا: اس پر سوار ہو جا۔ اس نے عرض کی: یہ اونٹ قربانی کا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس پر سوار ہو جاؤ۔ اس نے عرض کی: یہ قربانی کا اونٹ ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت تو اس پر سوار ہو جا۔

6278 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جانور کے زخمی کرنے پر تاوان نہیں ہے، کنویں میں گر کر مر جانے والے کا خون ضائع ہے، کان میں مرنے والے کا خون ضائع ہے، زمین میں دفن شدہ خزانے میں خمس ہے۔

6279 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک اپنے

6277- أخرجه البخاری فی صحيحه رقم الحديث: **2754** قال: حدثنا قتيبة بن سعيد، حدثنا أبو عوانة، عن قتادة، عن أنس رضی الله عنه .

6278- أخرجه البخاری فی صحيحه رقم الحديث: **6912** قال: حدثنا عبد الله بن يوسف، حدثنا الليث، حدثنا ابن شهاب، عن سعيد بن المسيب وأبی سلمة بن عبد الرحمٰن عن أبی هريرة .

6279- سبق تخريجه راجع الفهرس .

الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَأَلَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ أَنْ يَضَعَ خَشَبَةً فِي جِدَارِهِ فَلْيَفْعَلْ

بھائی سے اس کی دیوار میں شہتیر (لوہے کا گارڈر وغیرہ) رکھنے کا پوچھے تو اسے چاہیے کہ اجازت دے دے۔

6280 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ الْأَنْصَارَ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ اقْسِمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ إِخْوَانِنَا مِنَ الْمُهَاجِرِينَ الْأَمْوَالَ؟ قَالَ: لَا تُكْفَوْنَ الْمَؤُونَةَ، وَتَقَاسَمُوا الثَّمَرَ، قَالُوا: سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے اور مہاجرین کے درمیان مال تقسیم کریں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں، تم چٹی کے ضامن نہ بنائے جاؤ' پھل باہم تقسیم کرو انہوں نے عرض کی: ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی۔

6281 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَاتَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَجْتَنِبِ الْوَجْهَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں کوئی کسی کو مارے تو چہرے پہ مارنے سے پرہیز کرے۔

6282 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنَّ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ مُؤْمِنٌ وَلَا مُؤْمِنَةٌ إِلَّا وَأَنَا أَوْلَى بِهِ، فَأَيُّكُمْ مَا تَرَكَ دَيْنًا أَوْ ضَيَاعًا فَلْيَدَعْ إِلَيَّ فَأَنَا وَلِيُّهُ، وَأَيُّكُمْ مَا تَرَكَ مَالًا فَلِعَصَبَتِهِ مَا كَانَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! روئے زمین پر کوئی مومن مرد وعورت ہو میں اس کی جان سے زیادہ قریب ہوں۔ جو تم میں سے کوئی قرض چھوڑ جائے، میں اس کو ادا کروں گا میں اس کا ولی ہوں، جو مال چھوڑ جائے وہ اس کے ورثہ کے لیے ہے (تھوڑے یا زیادہ) جب تک وہ ہوں۔

6283 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَنْ تُخْلِفَهُ، فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ أَيُّ الْمُؤْمِنِينَ ضَرَبْتُ، أَوْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! میں نے تجھ سے وعدہ کیا ہے کہ تو ہرگز وعدہ خلافی نہیں کرے گا۔ میں انسان ہوں (بظاہر)

6282- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: **1619** قال: حدثني محمد بن رافع' حدثنا شبابة قال: حدثني ورقاء' عن أبي الزناد' عن الأعرج' عن أبي هريرة .

6283- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: **2601** قال: حدثنا قتيبة بن سعيد حدثنا المغيرة يعني عبد الرحمن الحزامي' عن أبي الزناد' عن الأعرج' عن أبي هريرة .

شَتَمْتُ، أَوْ آذَيْتُ، أَوْ لَعَنْتُ، فَاجْعَلْهَا لَهُ رَحْمَةً، وَزَكَاةً، وَقُرْبَةً تُقَرِّبُهُ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

مومن کو میں نے مارا یا گالی دی یا تکلیف دی یا لعنت کی۔ تو اس کے لیے رحمت بنا دے' اس کے لیے زکوٰۃ اور قربت بنا دے۔ اس کے ساتھ قیامت کے دن وہ تیرا قرب حاصل کر سکے۔

6284 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبْرِدُوا بِالصَّلَاةِ، فَإِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (ظہر) کی نماز ٹھنڈی کر کے پڑھو، بے شک سخت گرمی جہنم کی تپش سے ہے۔

6285 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَقُلْ أَحَدُكُمُ: الْكَرْمَ فَإِنَّمَا الْكَرْمُ الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی کرم کا لفظ (انگور کی بیل کیلئے) نہ کہے، بے شک کرم مسلمان آدمی ہے۔

6286 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَقِيدُ سَوْطِ أَحَدِكُمْ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِمَّا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں تم میں سے کسی کے لیے ایک کوڑے کے برابر جگہ زمین آسمان کے درمیان جتنی جگہ سے بہتر ہے۔

6287 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَبِعْ أَحَدُكُمْ عَلَى بَيْعِ أَخِيهِ، وَلَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی اپنے بھائی کی بیع پر بیع نہ

6284- أخرجه البخاری فی صحیحه رقم الحدیث: **3259** قال: حدثنا محمد بن یوسف' حدثنا سفیان' عن الأعمش' عن ذکوان' عن أبی سعید رضی الله عنه .

6285- أخرجه مسلم فی صحیحه رقم الحدیث: **2247** قال: حدثنا زهیر بن حرب' حدثنا جریر' عن هشام' عن ابن سیرین' عن أبی هریرة .

6286- أخرجه أحمد بن حنبل فی مسنده رقم الحدیث: **27384** قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لقید سوط أحدکم من الجنة خیر مما بین السماء والأرض .

6287- أخرجه أحمد بن حنبل فی مسنده رقم الحدیث: **4708** قال: حدثنا یحیی' عن عبید الله' حدثنی نافع' عن ابن عمر' عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: لا یبع أحدکم علی بیع أخیه ولا یخطب علی خطبة اخیه الا أن یأذن له .

يَخْطُبُ عَلَى خِطْبَةِ أَخِيهِ، حَتَّى يَنْكِحَ أَوْ يَتْرُكَ

کرے نہ اپنے بھائی کی نکاح کے پیغام پر پیغام بھیجے۔ یہاں تک کہ وہ نکاح کرے خود یا اس کو چھوڑ دے۔

6288 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ، وَلَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا أَوْ شُعْبَةً، وَسَلَكَتِ الْأَنْصَارُ وَادِيًا أَوْ شُعْبَةً لَسَلَكْتُ وَادِيَ الْأَنْصَارِ أَوْ شُعْبَةَ الْأَنْصَارِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں ضرور انصار کا آدمی ہوتا اور اگر لوگ ایک وادی یا گھاٹی میں چلیں اور انصار دوسری وادی یا گھاٹی میں تو میں انصار کی وادی یا گھاٹی میں چلوں۔

6289 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ كَنْزُ أَحَدِكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ يَفِرُّ مِنْهُ صَاحِبُهُ، وَيَطْلُبُهُ وَيَقُولُ أَنَا كَنْزُكَ حَتَّى يُلْقِمَهُ إِصْبَعَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا خزانہ قیامت کے دن گنجے سانپ کی شکل میں ہوگا، وہ مالک اس سے بھاگے گا اس کو وہ تلاش کرے گا اور وہ کہے گا میں تیرا خزانہ ہوں، یہاں تک اس کی انگلی چبالے گا۔

6290 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا جَاءَ أَحَدَكُمْ خَادِمُهُ بِطَعَامِهِ قَدْ كَفَاهُ حَرَّهُ وَمُؤْنَتَهُ فَلْيَقْعُدْ: اجْلِسْ فَكُلْ، أَوْ لِيَأْخُذْ لَهُ مِنَ الطَّعَامِ - وَأَشَارَ بِيَدِهِ أَيْ: هَكَذَا وَهَكَذَا- فَلْيَضَعْهَا فِي كَفِّهِ، فَلْيَقُلْ كُلْ هَؤُلَاءِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے پاس تمہارا خادم کھانا لے کر آئے' اس نے گرمی اور مشکلات کے ساتھ کھانا تیار کیا' اس کو مالک کہے: تو بیٹھ اور کھا! یا اس کیلئے کھانا لے لے اور اپنے ہاتھ سے اشارہ کرے کہ یہ اور یہ لے لو' اٹھا کر اس کی ہتھیلی پر رکھے اور کہے: سارا کھالو۔

6291 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَلَقَّوُا الرُّكْبَانَ لِلْبَيْعِ، وَلَا

اسی سند کے ساتھ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آگے جا کر قافلے سے مت ملو تا کہ تم بیع کرو'

6288- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: **7244** حدثنا أبو اليمان' أخبرنا شعيب' حدثنا أبو الزناد' عن الأعرج' عن أبي هريرة .

6289- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده رقم الحديث: **10474** قال: حدثنا علي بن حفص' أخبرنا ورقاء' عن أبي الزناد' عن الأعرج' عن أبي هريرة .

6291- سبق تخريجه راجع الفهرس .

تَنَاجَشُوا، وَلَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ، وَلَا تُصَرُّوا الْإِبِلَ وَالْغَنَمَ، فَمَنِ ابْتَاعَهَا بَعْدَ ذَلِكَ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَعْدَ أَنْ يَحْلُبَهَا، فَإِنْ رَضِيَهَا أَمْسَكَهَا، وَإِنْ سَخِطَهَا رَدَّهَا وَيَرُدُّ مَعَهَا صَاعَ تَمْرٍ

کسی کی بولی پر بولی مت دو' کسی کی بیع پر بیع نہ کرو' اونٹنی اور بکری کا دودھ مت روکو' پس جس نے دودھ روکنے کے بعد اسے خریدا' اسے اختیار ہے' دوبارہ دیکھنے کا بعد اس کے کہ وہ اس کا دودھ نکال چکا ہو' پس اگر اس سے خوش ہوتو اسے روک لے اور اگر راضی نہ ہوتو واپس لوٹا دے لیکن ساتھ ایک صاع کھجور بھی دے۔

6292 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يُكَثِّرَ أَحَدُكُمُ الْمَالَ فَيَفِيضَ حَتَّى يُهِمَّ رَبُّ الْمَالِ مَنْ يُعْطِيهِ، وَحَتَّى يَعْرِضَهُ فَيَقُولُ الَّذِي يَعْرِضُهُ عَلَيْهِ: لَا أَرَبَ لِي فِيهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت نہیں قائم ہوگی۔ یہاں تک کہ تمہارے پاس پیسہ بہت زیادہ ہوگا، وہ سخاوت کرے گا یہاں تک کہ مال کا مالک سوچے گا کہ کس کو دے۔ یہاں تک اگر کسی کو دے' وہ کہے گا اپنے پاس جس کو دے گا، مجھے اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

6293 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يُقْبَضَ الْعِلْمُ، وَيَكْثُرُ الْجَهْلُ، وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ، وَيَتَقَارَبُ الزَّمَانُ، وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ، قَالُوا: وَمَا الْهَرْجُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: هُوَ الْقَتْلُ الْقَتْلُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ علماء اُٹھ جائیں گے۔ جہالت زیادہ ہوگی، فتنے ظاہر ہوں گے، زمانہ قریب ہو جائے گا، قتل زیادہ ہو جائیں گے۔

6294 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْظُرُ اللَّهُ إِلَى الَّذِي يَجُرُّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرے

6292- أخرجه البخاری فی صحيحه رقم الحديث: **1412** مع اختلاف اللفظ فيه قال: حدثنا أبو اليمان' أخبرنا شعيب' حدثنا أبو الزناد' عن عبد الرحمٰن' عن أبی هريرة رضی الله عنه .

6293- أخرجه أحمد بن حنبل فی مسنده رقم الحديث: **10482** قال: حدثنا علی' أخبرنا ورقاء' عن أبی الزناد' عن الأعرج' عن ابی هريرة .

6294- أخرجه أحمد بن حنبل فی مسنده رقم الحديث: **8778** قال: حدثنا بهز' حدثنا حماد' عن محمد' عن أبی هريرة: قال سمعت رسول الله صلی الله عليه وسلم يقول: لا ينظر الله الی الذی يجر ازاره بطرًا .

إِزَارَهُ أَوْ رِدَاءَهُ بَطَرًا

گا جو اپنی چادر یا تہبند کو تکبر سے لٹکاتا ہے۔

6295 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا الْإِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ وَيُتَّقَى بِهِ، فَإِنْ أَمَرَ بِتَقْوَى اللَّهِ وَعَدَلَ، فَإِنَّ لَهُ بِذَلِكَ أَجْرًا، وَإِنْ أَمَرَ بِغَيْرِ ذَلِكَ فَإِنَّ عَلَيْهِ مِنْهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امام ڈھال ہوتا ہے۔ اس کے پیچھے قتال کیا جاتا ہے اور اس کے ذریعے بچا جاتا ہے۔ اگر اللہ سے ڈرنے اور عدل کرنے کا حکم دے اس کے لیے بھی ثواب ہے۔ اگر اس کے علاوہ کا حکم دے۔ اس پر اس کا گناہ کا حصہ ہوگا۔

6296 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّمَا جُعِلَ الْإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَلَا تَخْتَلِفُوا عَلَيْهِ، فَإِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُولُوا: رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوا، وَإِذَا صَلَّى جَالِسًا فَصَلُّوا جُلُوسًا أَجْمَعِينَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امام بنایا ہی اس لیے جاتا ہے کہ تاکہ اس کی اقتداء کی جائے۔ جب وہ اللہ اکبر کہے تو تم بھی اللہ اکبر کہو۔ جب وہ رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو اور جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم بھی ربنا لک الحمد کہو۔ اگر وہ بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھ کر نماز پڑھو۔

6297 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللَّهِ، يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللَّهِ، يَا أُمَّ الزُّبَيْرِ عَمَّةَ مُحَمَّدٍ، يَا فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ، إِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا، اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللَّهِ، سَلَانِي مِنْ مَالِي مَا شِئْتُمَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بنی عبد مناف! اپنی جانوں کو اللہ سے خریدو۔ اے ام زبیر! حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی صاحبہ! اے فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! میں تمہارے لیے اللہ سے کسی شے کا مالک نہیں ہوں، تم بھی اللہ سے اپنی جانوں کو خرید لو، اپنے اپنے اللہ سے سوال کرو۔ مجھ سے میرے مال میں

6295- أخرجه مسلم فی صحيحه رقم الحديث: **1841** قال: حدثنا ابراهيم، عن مسلم، حدثنی زهير بن حرب، حدثنا شبابة، حدثنی ورقاء، عن أبی الزناد، عن الأعرج، عن أبی هريرة .

6296- أخرجه البخاری فی صحيحه رقم الحديث: **734** قال: حدثنا أبو اليمان قال: أخبرنا شعيب، قال: حدثنی أبو الزناد، عن الأعرج، عن أبی هريرة .

6297- أخرجه البخاری فی صحيحه رقم الحديث: **3527** قال: حدثنا أبو اليمان، أخبرنا شعيب، أخبرنا أبو الزناد، عن الأعرج، عن أبی هريرة رضی الله عنه .

سے مانگو جو تم دونوں چاہو۔

6298 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَجْمَرَ أَحَدُكُمْ فَلْيُوتِرْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی پتھر سے استنجا کرے تو وہ طاق سے کرے۔

6299 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غِفَارُ غَفَرَ اللَّهُ لَهَا، وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللَّهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قبیلہ غفار کو اللہ نے بخش دیا۔ قبیلہ اسلم کو اللہ سے سلامت رکھ۔

6300 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَلَائِكَةُ يَتَعَاقَبُونَ فِيكُمْ، مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ وَمَلَائِكَةُ النَّهَارِ، ثُمَّ يَجْتَمِعُونَ فِي صَلَاةِ الْعَصْرِ وَصَلَاةِ الْفَجْرِ، ثُمَّ يَعْرُجُ الَّذِينَ بَاتُوا فِيكُمْ فَيَسْأَلُهُمْ- وَهُوَ أَعْلَمُ- فَيَقُولُ: كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِي؟ فَيَقُولُونَ: أَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ وَتَرَكْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں فرشتے لگاتار آتے ہیں۔ رات اور دن کے فرشتے۔ پھر نماز عصر میں سارے جمع ہوتے ہیں اور نماز فجر میں پھر وہ چلے جاتے ہیں جو تم میں رات گزار چکے ہوتے ہیں۔ اللہ عزوجل ان سے پوچھتا ہے حالانکہ اللہ عزوجل زیادہ جانتا ہے ان سے۔ وہ فرماتا کہ تم نے میرے بندوں کو کس حالت میں چھوڑا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں: ہم ان کے پاس آئے اس وقت وہ نماز پڑھ رہے تھے ہم ان کو چھوڑ کر آئے ہیں تو اس وقت بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے؟

6301 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6298- أخرجه مسلم فی صحيحه رقم الحديث: **239** قال: حدثنا اسحاق بن ابراهيم ومحمد بن رافع قال ابن رافع: حدثنا عبد الرزاق، أخبرنا ابن جريج .

6299- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6300- أخرجه البخاری فی صحيحه رقم الحديث: **3223** حدثنا أبو اليمان، أخبرنا شعيب، حدثنا أبو الزناد، عن الأعرج، عن أبی هريرة رضی الله عنه .

6301- وأخرجه النسائی فی الصغری مع اختلاف اللفظ: **823** قال: أخبرنا قتيبة، عن مالك، عن أبی الزناد، عن الأعرج، عن أبی هريرة .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى بِالنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ، فَإِنَّ فِيهِمُ السَّقِيمَ وَالضَّعِيفَ وَذَا الْحَاجَةِ، وَإِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ وَحْدَهُ فَلْيُطِلْ مَا شَاءَ

نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی لوگوں کو نماز پڑھائے وہ مختصر پڑھائے کیونکہ جماعت میں بیمار' کمزور اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔ جب تم میں سے کوئی اکیلا نماز پڑھے تو جتنی چاہے لمبی کرے۔

6302 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَدْرَكَ سَجْدَةً مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ، أَوْ صَلَاةِ الصُّبْحِ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ أَدْرَكَ الصَّلَاةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے عصر کی نماز کا ایک سجدہ (ایک رکعت) سورج کے غروب ہونے سے پہلے پالیا' یا صبح کی نماز کی ایک رکعت طلوعِ آفتاب سے پہلے پالی تو اُس نے پوری نماز پالی۔

6303 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلَى قَافِيَةِ رَأْسِ أَحَدِكُمْ ثَلَاثَ عُقَدٍ، فِي كُلِّ عُقْدَةٍ يَضْرِبُ مَكَانَهَا عَلَيْكَ لَيْلٌ طَوِيلٌ فَارْقُدْ؛ فَإِنِ اسْتَيْقَظَ فَذَكَرَ رَبَّهُ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَإِنْ تَوَضَّأَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَإِنْ صَلَّى انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَأَصْبَحَ نَشِيطَ النَّفْسِ، طَيِّبَ النَّفْسِ، وَإِنْ لَمْ يَفْعَلْ أَصْبَحَ خَبِيثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ

اسی سند کے ساتھ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ایک کے سر کی گدی والی طرف شیطان تین گرہیں لگاتا ہے' ہر گرہ اپنی جگہ لگا کر کہتا ہے: تجھ پر رات لمبی ہے' پس سو جا (لمبی تان کر)۔ پس اگر وہ جاگے تو اپنے رب کا ذکر کرے' تو ایک گرہ کھل جاتی ہے' پس اگر وضو کرے تو دوسری کھل جاتی ہے اور اگر نماز پڑھے تو تیسری بھی کھل جاتی ہے' پس وہ چستی اور پاکی کی حالت میں صبح کرتا ہے اور اگر یہ کام نہ کرے تو صبح کرتا ہے' اس حال میں کہ وہ خبیث النفس اور سست ہوتا ہے۔

6304 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6302- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6303- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6304- مر طرف الحديث الأول في الحديث رقم: **6294** أما طرفه الثاني أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: **2088** قال: حدثنا قتيبة بن سعيد' حدثنا المغيرة يعني الحزامي عن أبي الزناد' عن الأعرج' عن أبي هريرة .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَى رَجُلٍ يَجُرُّ إِزَارَهُ بَطَرًا ، قَالَ: وَبَيْنَمَا رَجُلٌ يَتَبَخْتَرُ يَمْشِي فِي بُرْدَيْهِ قَدْ أَعْجَبَتْهُ نَفْسُهُ فَخَسَفَ اللّٰهُ بِهِ الْأَرْضَ ، فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِيهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

نے فرمایا: اللہ عزوجل اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا جو اپنی چادر یا تہبند کو تکبر سے لٹکاتا ہے۔ فرمایا: ایک آدمی تھا وہ اپنی دو چادریں پہن کر چل رہا تھا اور اپنے آپ کو بڑا سمجھ رہا تھا۔ اللہ عزوجل نے اس کو زمین میں دھنسا دیا' وہ قیامت تک زمین میں دھنستا رہے گا۔

6305 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَرَوْنَ قِبْلَتِي هَا هُنَا؟ وَاللّٰهِ مَا يَخْفَى عَلَيَّ خُشُوعُكُمْ وَلَا رُكُوعُكُمْ، وَإِنِّي لَأَرَاكُمْ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میرا قبلہ یہاں دیکھتے ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم! تمہارا خشوع اور تمہارے رکوع مجھ پر پوشیدہ نہیں ہیں میں تم کو اپنی پیٹھ کے پیچھے سے دیکھتا ہوں۔

6306 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُولُوا الْكَرْمَ، إِنَّمَا الْكَرْمُ الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی کرم نہ کہے، انگور کو، بے شک کرم تو مسلمان آدمی ہے۔

6307 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْمِسْكِينُ بِهَذَا الطَّوَّافِ الَّذِي يَطُوفُ عَلَى النَّاسِ تَرُدُّهُ اللُّقْمَةُ وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ ، قَالُوا: فَمَا الْمِسْكِينُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الَّذِي لَا يَجِدُ غِنًى يُغْنِيهِ وَلَا يُفْطَنُ لَهُ فَيُتَصَدَّقُ عَلَيْهِ، وَلَا يَقُومُ فَيَسْأَلُ النَّاسَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسکین وہ نہیں ہے جو لوگوں پر چکر لگائے اس کو ایک لقمہ' ایک کھجور اور دو کھجوریں دی جائیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! مسکین کون ہے؟ فرمایا جو نہ پائے ایسی غنیٰ کو جو اس کو غنی کرے' نہ وہ اظہار کرے کہ اس پر صدقہ کیا جائے، اور نہ کھڑا ہو کر لوگوں سے سوال کرے۔

6305- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: **418** قال: حدثنا عبد الله بن يوسف' قال: أخبرنا مالك' عن أبي الزناد' عن الأعرج' عن أبي هريرة .

6306- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6307- وأخرجه النسائي في الصغرىٰ رقم الحديث: **2572** قال: أخبرنا قتيبة' عن مالك' عن أبي الزناد' عن الأعرج' عن أبي هريرة .

6308 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ بِحَطَبٍ فَيُحْتَطَبَ، ثُمَّ آمُرُ بِالصَّلَاةِ فَيُؤَذَّنُ بِهَا، ثُمَّ آمُرُ رَجُلًا فَيُصَلِّي بِالنَّاسِ، ثُمَّ أُخَالِفُ إِلَى رِجَالٍ فَأُحَرِّقُ عَلَيْهِمْ بُيُوتَهُمْ، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَوْ يَعْلَمُ أَحَدُكُمْ أَنَّهُ يَجِدُ عَظْمًا سَمِينًا أَوْ مِرْمَاتَيْنِ حَسَنَتَيْنِ، لَشَهِدَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے میں نے ارادہ کیا کہ میں حکم دوں لکڑی اکٹھی کرنے کا' پس وہ کی جائے' پھر نماز کا حکم دوں اس کے لیے اذان دی جائے، پھر میں حکم دوں کسی آدمی کو وہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔ پھر جو لوگ پیچھے رہ جائیں میں ان کے گھر جلا دوں۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، اگر لوگ جان لیں کہ موٹی ہڈی یا جانور کے دو اچھے کُھر ملیں گے تو ضرور نماز عشاء میں شریک ہوں۔

6309 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: إِذَا أَحَبَّ الْعَبْدُ لِقَائِي أَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ، وَإِذَا كَرِهَ لِقَائِي كَرِهْتُ لِقَاءَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ جب بندہ میرے ساتھ ملاقات کو پسند کرتا ہے میں بھی اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہوں۔ جب مجھ سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے تو میں بھی اس سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہوں۔

6310 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَأْسُ الْكُفْرِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ، وَالْفَخْرُ وَالْخُيَلَاءُ فِي أَهْلِ الْخَيْلِ، وَالْوَبَرِ وَالْفَدَّادِينَ أَهْلُ الْوَبَرِ، وَالسَّكِينَةُ فِي أَهْلِ الْغَنَمِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کفر کا سر مشرق کی جانب ہے۔ فخر و تکبر گھوڑوں والوں اور دیہاتیوں اور کرخت آواز والوں میں ہے، سکون بکری والوں میں ہے۔

6311 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6308- وأخرجه النسائي في الصغرى رقم الحديث: **848** قال: أخبرنا قتيبة' عن مالك' عن أبي الزناد' عن الأعرج' عن أبي هريرة .

6309- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده رقم الحديث: **27230** .

6310- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: **3301** .

6311- سبق تخريجه راجع الفهرس .

وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّمَا الْإِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ، فَإِنْ هُوَ اتَّقَى وَعَدَلَ كَانَ لَهُ بِذَلِكَ أَجْرٌ، وَإِنْ أَمَرَ بِغَيْرِهِ فَإِنَّ عَلَيْهِ مِنْهُ، وَإِنَّمَا الْإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ

نے فرمایا: امام ڈھال کی مانند ہوتا ہے۔ اس کے پیچھے قتال کیا جاتا ہے اور اس کے ذریعے بچا جاتا ہے وہ اس سے ڈرتا ہے۔ اگر اللہ کے تقویٰ اور عدل کا حکم دے اس کے لیے بھی ثواب ہے۔ اگر اس کے علاوہ کا حکم دے۔ اس پر اس کا گناہ کا حصہ ہوگا۔

6312 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَلَائِكَةُ يَتَعَاقَبُونَ فِيكُمْ، مَلَائِكَةٌ بِاللَّيْلِ وَمَلَائِكَةٌ بِالنَّهَارِ، وَيَجْتَمِعُونَ فِي صَلَاةِ الْعَصْرِ وَصَلَاةِ الْفَجْرِ، ثُمَّ يَعْرُجُ إِلَيْهِ الَّذِينَ بَاتُوا فِيكُمْ، فَيَسْأَلُهُمْ - وَهُوَ أَعْلَمُ - فَيَقُولُ: كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِي؟ فَيَقُولُونَ: تَرَكْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ وَأَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تم میں فرشتے لگاتار آتے ہیں۔ رات اور دن کے فرشتے۔ پھر نماز عصر میں سب ایک ساتھ جمع ہوتے ہیں۔ اور نماز فجر میں پھر وہ چلے جاتے ہیں جو تمہارے اندر رات گزار چکے ہوتے ہیں۔ اللہ عزوجل ان سے پوچھتا ہے۔ حالانکہ اللہ عزوجل زیادہ جانتا ہے ان سے۔ وہ فرماتا کہ تم نے میرے بندوں کو کس حالت میں چھوڑا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں ہم ان کے پاس آئے تو اُس وقت وہ نماز پڑھ رہے تھے ہم ان کو چھوڑ کر آئے ہیں تو اس وقت بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے؟

6313 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي أَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ

وَقَالَ: يَمِينُ اللَّهِ مَلْأَى لَا يَغِيضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّ اللَّيْلِ وَسَحَّ النَّهَارِ، أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ؟ فَإِنَّهُ لَمْ يَغِضْ مَا فِي يَمِينِهِ، وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ، وَبِيَدِهِ الْأُخْرَى الْمِيزَانُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر مجھے اپنی امت پہ مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں ضرور مسواک کا حکم دیتا (ہر نماز کے لیے)۔

فرمایا: اللہ کے دست قدرت بھرا ہوا ہے، وہ خرچہ کرنے سے خالی نہیں ہوتا ہے۔ دن رات خرچ کیا۔ تم کیا دیکھتے نہیں ہو وہ خرچ کر رہا ہے جب سے اس نے زمین و آسمان بنائے ہیں؟ وہ کم نہیں ہوا جو اس کے

6312- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6313- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: 887 قال: حدثنا عبد الله ابن يوسف، قال: أخبرنا مالك، عن أبي الزناد، عن الأعرج، عن أبي هريرة رضي الله عنه .

يَخْفِضُ وَيَرْفَعُ

دست قدرت میں ہے۔ اس کا عرش پانی پر ہے۔ اس کے دوسرے دست قدرت میں میزان ہے۔ وہ اس کو جھکاتا ہے اور بلند کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆